जीवन की अलग अलग मंज़िलों पर हमें अपने अन्दर की कोई न कोई ऐसी अच्छी या बुरी शक्ति रास्ता बताती रहती है जो हमारे सब कामों पर क़ाबू रखती है. कभी प्रेम हमें अन्धा करके आगे ले चलता है, कभी किसी महान शक्ति की भक्ति के कारन हम अपने को पूरी तरह उसके हाथ में दे देते हैं, और कभी घृणा और ग़ुस्से की ज़बर्दस्त प्रवृत्तियों से हर काम में हम प्रभावित रहते हैं. आज जो चीज़ दुनिया पर छाई हुई है वह है डर. अमरीका में जो ज़बर्दस्त शक्ति अमरीका की विदेश नीति का संचालन कर रही है वह है रूस का डर. दूसरों को मिटाने वाली चीज़ों पर वह बिना सोचे समझे धन गंवा रहे हैं. अमरीकी पूंजीपतियों की अनन्त धनलालसा तक को इस डर ने एक बार दबा दिया है.

हर किसी के साथ "बेरोक और मनमानी तिजारत" के पिटे पिटाए सिद्धान्त पर अमरीका ने अमल किया और उसी का नाम "आज़ादी" रखा. अमरीका की आर्थिक व्यवस्था का आधार ही इस पर है कि नतीजों की चिन्ता किये बिना दूसरों से बेरोक जायज़ नाजायज़ फ़ायदा उठाया जावे और उन्हें जिस तरह हो सके चूसा जावे. जब तक रूस मार्क्स-वादी प्रोग्राम लेकर दुनिया के सामने नहीं आया और उसने "समाजिक न्याय" क़ायम करने की तरफ़ दुनिया को मोड़ने की कोशिश नहीं की तब तक इस मामले में अमरीका की मौज थी. रूस की नई विचारधारा का ज़ोर विरोधी शक्तियों को ख़तम करने पर था. इससे पहले दुनिया ग़रीब-चूस पूंजीपतियों या जोंकशाहों के रहम करम पर थी. अब एक ताक़त पैदा हो गई जिसने अपनी ज़रूरत की हर चीज़ को मनमानी शर्तों पर दूसरों से हासिल करने के पूंजीपतियों के अधिकार को चैलेंज दिया. सब से बड़ी बात यह हुई कि दुनिया को "उलट पलट करने वाली" इस नई विचारधारा ने 'सोवियत कम्युनिज़्म' के रूप में अमली जामा पहन लिया. यह नए ढंग की सामाजिक व्यवस्था रूस की सीमाओं को पार कर चारों तरफ़ फैलने लगी. एक के बाद दूसरे देशों ने इसे अपनाया. अंगरेज़ कूटनीति की शतरंज के पुराने खिलाड़ी थे. जब उन्होंने इस शक्ति को बढ़ते देखा तो इस नई नाव के पाल से हवा निकाल देने के लिये और अपने यहां के मज़दूरों की तसल्ली के लिये उन्होंने इस प्रोग्राम

ڈرکی چھایا اور آشا کی ایک کرن

ڈاکٹر جے . سی . کمارپا

جیون کی الگ الگ منزلوں پر ہمیں اپنے اندر کی کوئی نہ کوئی ایسی اچھی یا بری شکتی راستہ بتاتی رہتی ہے جو ہمارے سب کاموں پر قابو رکھتی ہے . کبھی پریم ہمیں اندھا کرکے آگے لے چلتا ہے' کبھی کسی مہان شکتی کی بھکتی کے کارن ہم اپنے کو پوری طرح اُس کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں' اور کبھی گھرنا اور غصے کی زبردست پرورتیوں سے ہر کام میں ہم پربھاوت رہتے ہیں. آج جو چیز دنیا پرچھائی ہوئی ہے وہ ہے ڈر . امریکہ میں جو زبردست شکتی امریکہ کی ودیش نیتی کا سنچالن کر رہی ہے وہ ہے روس کا ڈر . دوسروں کو مٹانے والی چیزوں پر وہ بنا سوچے سمجھے دھن گنوا رہے ہیں . امریکی پونجی پتیوں کی اننت دھن لالسا تک کو اِس ڈر نے ایک بار دبا دیا ہے .

ہر کسی کے ساتھ "بےروک اور من مانی تجارت" کے پٹے پٹائے سدھانت پر امریکہ نے عمل کیا اور اُسی کا نام "آزادی" رکھا . امریکہ کی آرتھک ویوستھا کا آدھار ہی اُس پر ہے کہ نتیجوں کی چنتا کئے بنا دوسروں سے بےروک جائز ناجائز فائدہ اُٹھایا جاوے اور اُنہیں جس طرح ہوسکے چوسا جاوے . جب تک روس مارکس وادی پروگرام لے کر دنیا کے سامنے نہیں آیا اور اُس نے "سماجک نیائے" قائم کرنے کی طرف دنیا کو موڑنے کی کوشش نہیں کی تب تک اِس معاملے میں امریکہ کی موج تھی . روس کی نئی وچار دھارا کا زور ورودھی شکتیوں کو ختم کرنے پر تھا . اِس سے پہلے دنیا غریب چوس پونجی پتیوں یا جونک شاہوں کے رحم کرم پر تھی . اب ایک طاقت پیدا ہوگئی جس نے اپنی ضرورت کی ہر چیز کو من مانی شرطوں پر دوسروں سے حاصل کرنے کے پونجی پتیوں کے ادھیکار کو چیلنج دیا . سب سے بڑی بات یہ ہوئی کہ دنیا کو "اُلٹ پلٹ کردینے والی" اِس نئی وچار دھارا نے سوویت کمیونزم کے روپ میں عملی جامہ پہن لیا . یہ نئے ڈھنگ کی سماجک ویوستھا روس کی سیماؤں کو پار کر چاروں طرف پھیلنے لگی . ایک کے بعد دوسرے دیشوں نے اِسے اپنایا . انگریز کوٹ نیتی کے شطرنج کے پرانے کھلاڑی تھے . جب اُنہوں نے اِس شکتی کو بڑھتے دیکھا تو اِس نئی ناؤ کے پال سے ہوا نکال دینے کے لئے اور اپنے یہاں کے مزدوروں کی تسلی کے لئے اُنہوں نے اِس پروگرام

इंजील में लिखा है :—

"ईश्वर ने आदमी को अपनी ही सूरत पर बनाया."

उपनिषद् में लिखा है :—

"यह जीव ब्रह्म ही है कोई ग़ैर नहीं."

क़ुरआन में लिखा है :—

"खुद अल्लाह की फ़ितरत पर आदमी की फ़ितरत बनाई गई है."

आज से लगभग तीस बरस पहले जब हमारे अंगरेज़ हाकिमों की चालों और हमारी अपनी नादानी के कारण देश में हिन्दू मुसलिम झगड़े जगह जगह हो रहे थे उस समय एक सच्चे दिलवाले मुसलमान शायर ने एक बड़ी सुन्दर नज़्म हिन्दुओं, मुसलमानों और सब के लिये लिखी थी. हमारी राय है कि हर हिन्दुस्तानी स्कूल और कालेज की पढ़ाई की किताबों में यह प्यारी और सच्ची नज़्म होनी चाहिये और देश के सब बच्चों को याद कराई जानी चाहिये. वह नज़्म यह है :—

तुम राम कहो या रहीम कहो, दोनों की ग़रज़ अल्लाह से है,
तुम इश्क़ कहो या प्रेम कहो, मतलब तो उसी की चाह से है.
तुम धर्म कहो या दीन कहो, मक़सद तो उसी की राह से है,
तुम सालिक हो या योगी हो, मंशा तो दिले आगाह से है.
क्यों लड़ता है मूरख बन्दे, यह तेरी ख़ाम ख़याली है,
है पेड़ की जड़ तो एक वही, हर मज़हब एक एक डाली है !

बनवाओ शिवाला या मसजिद, है ईंट वही चूना है वही,
मेमार वही मज़दूर वही, मिट्टी है वही गारा है वही.
तकबीर का जो कुछ मतलब है, नाक़ूस का भी मशा है वही,
तुम जिनको नमाज़ें कहते हो, हिन्दू के लिये पूजा है वही.
फिर लड़ने से क्या हासिल है, ज़ीफ़हम हो तुम नादान नहीं,
जो भाई पे दौड़े ग़ुर्रा कर वह हो सकता इनसान नहीं !

क्या क़त्ल व ग़ारत ख़ूँरेज़ी, तारीफ़ यही ईमान की है ?
क्या आपस में लड़कर मरना, तालीम यही क़ुरआन की है ?
इन्साफ़ करो तफ़सीर यही, क्या वेदों के फ़रमान की है ?
क्या सचमुच यह ख़ूख़ारी ही, आला ख़सलत इन्सान की है ?
तुम ऐसे बुरे आमाल पे अपने, कुछ तो ख़ुदा से शर्म करो !
पत्थर जो बना रक्खा तुमने, इस दिल को ज़रा तो नर्म करो !

انجیل میں لکھا ہے :—

"ایشور نے آدمی کو اپنی ہی صورت پر بنایا ."

اپنشد میں لکھا ہے :—

"یہ جیو برہمہ ہی ہے کوئی غیر نہیں ."

قرآن میں لکھا ہے :—

"خود اللہ کی فطرت پر آدمی کی فطرت بنائی گئی ہے ."

آج سے لگ بھگ تیس برس پہلے جب ہمارے انگریز حاکموں کی چالوں اور ہماری اپنی نادانی کے کارن دیش میں ہندو مسلم جھگڑے جگہ جگہ ہو رہے تھے اُس سمے ایک سچے دل والے مسلمان شاعر نے ایک بڑی سندر نظم ہندوؤں، مسلمانوں اور سب کے لئے لکھی تھی . ہماری رائے ہے کہ ہر ہندوستانی اسکول اور کالج کی پڑھائی کی کتابوں میں یہ پیاری اور سچی نظم ہونی چاہئے اور دیش کے سب بچوں کو یاد کرائی جانی چاہئے . وہ نظم یہ ہے :—

تم رام کہو یا رحیم کہو، دونوں کی غرض اللہ سے ہے،
تم عشق کہو یا پریم کہو، مطلب تو اُسی کی چاہ سے ہے .
تم دھرم کہو یا دین کہو، مقصد تو اُسی کی راہ سے ہے،
تم سالک ہو یا یوگی ہو، منشا تو دلِ آگاہ سے ہے
کیوں لڑتا ہے مورکھ بندے، یہ تیری خام خیالی ہے،
ہے پیڑ کی جڑ تو ایک وہی، ہر مذہب ایک ایک ڈالی ہے !

بنواؤ شوالہ یا مسجد ہے اینٹ وہی چونا ہے وہی،
معمار وہی مزدور وہی، مٹی ہے وہی گارا ہے وہی .
تکبیر کا جو کچھ مطلب ہے، ناقوس کا بھی منشا ہے وہی،
تم جن کو نمازیں کہتے ہو، ہے ہندو کے لئے پوجا ہے وہی .
پھر لڑنے سے کیا حاصل ہے، ذی فہم ہو تم نادان نہیں،
جو بھائی پہ دوڑے غرا کر وہ ہوسکتا انسان نہیں !

کیا قتل و غارت خونریزی، تعریف یہی ایمان کی ہے ؟
کیا آپس میں لڑ کر مرنا، تعلیم یہی قرآن کی ہے ؟
انصاف کرو تفسیر یہی، کیا ویدوں کے فرمان کی ہے ؟
کیا سچ مچ یہ خونخواری ہی، اعلیٰ خصلت انسان کی ہے ؟
تم ایسے برے اعمال پہ اپنے، کچھ تو خدا سے شرم کرو !
پتھر جو بنا رکھا تم نے، اِس دل کو ذرا تو نرم کرو !

मेमार = राज, तकबीर = अल्लाहो अकबर, नाक़ूस = शंख, ज़ीफ़हम = समझदार, तफ़सीर = भाष्य, आलाख़सलत = अच्छी आदत, आमाल = काम.

यानी—रूह के लिये न कोई हिन्दू है न कोई मुस्लिम, न कोई तुर्क न कोई अरब, न कोई ईरानी और न कोई ईसाई, न कोई नस्ल, न कोई जात और न कोई फिरक़ा. रूह के लिये बस समझ है और नेकी.

हमारा धर्म या मज़हब हमारे चेहरों पर उस मुस्कराहट की शकल में दिखाई देना चाहिये जो दूसरों के दिलों को जीत ले. हमारे बदन पर वह सुन्दर गहने की तरह चमकना चाहिये. मज़हब का असर यह होना चाहिये कि हमारा अपना दिल खुशी से भरा हुआ हो और हमें देखते ही आस पास के सब लोगों के दिल खुशी से भर जावें. यह नहीं होना चाहिये कि धर्म मज़हब के नाम पर हमारी नाक भौं चढ़ी हुई हो और जो हमें देखे हम से बचकर भागे. धर्म या मज़हब दूसरों को डराने वाला हथियार नहीं होना चाहिये. उससे न हमारे अन्दर डर या बेरहमी पैदा हो और न हम देखकर दूसरों के अन्दर डर या बेरहमी पैदा हो. मज़हब दिल की चीज़ है. दिल ही में उसकी खास जगह होनी चाहिये. सब की सेवा, प्रेम और नेकी उसके रूप होने चाहियें. मज़हब माथे पर या चेहरे पर साइनबोर्डों या नाम-पट्टियों की तरह दिखावे के लिये नहीं होना चाहिये. सिर पर, होंठों पर या ठोड़ी पर बाल रखने या काटने के तरह तरह के ढंगों या अलग अलग तरह के छापों, बिल्लों या कपड़ों में मज़हब का वह दिखावा नहीं होना चाहिये जिस से केवल अपना इश्तहार हो और एक दूसरे से जुदाई और अधिक चमके. प्रकृति यानी क़ुदरत हर नए पैदा हुए बच्चे के चेहरे पर इन्सानियत बल्कि उलूहियत (ब्रह्मत्व) की मुहर लगाकर पैदा करती है. कोई बच्चा हिन्दू, मुस्लिम, पारसी या ईसाई निशानी लेकर पैदा नहीं होता. यह अलग अलग निशान बाद में हम लोग गढ़ कर हर बच्चे पर चिपका देते हैं. हो सकता है कि किसी खास ज़माने में, खास हालत में और खास जगहों पर इनकी ज़रूरत और इनसे फ़ायदा रहा हो. पर आज इन चीज़ों पर ज़िद करना अदूरदर्शिता यानी कोताह-अन्देशी भी है और सब की बरबादी का कारण भी.

मुहम्मद साहब ने कहा है :—

'जितने बच्चे पैदा होते हैं वह सब केवल एक उसी अल्लाह को तसलीम करते हुए पैदा होते हैं."

महाभारत में लिखा है :—

"ब्रह्म ने शुरू में इस सारी दुनिया को बनाया था इसलिये सब जानदार उसी ब्रह्म की औलाद हैं."

मुहम्मद साहब की मशहूर हदीस है :—

"इसमें कोई शक नहीं कि अल्लाह ने आदम को अपनी सूरत पर बनाया है. हर इन्सान की सूरत रहमान की ही सूरत है."

یعنی—روح کے لئے نہ کوئی ھندو ھے نہ کوئی مسلم' نہ کوئی ترک نہ کوئی عرب' نہ کوئی ایرانی اور نہ کوئی عیسائی' نہ کوئی نسل' نہ کوئی جات اور نہ کوئی فرقہ ۔ روح کے لئے بس سمجھ ھے اور نیکی ۔

ھمارا دھرم یا مذھب ھمارے چہروں پر اُس مسکراھٹ کی شکل میں دکھائی دینا چاھئے جو دوسروں کے دلوں کو جیت لے ۔ ھمارے بدن پر وہ سندر گہنے کی طرح چمکنا چاھئے ۔ مذھب کا اثر یہ ھونا چاھئے کہ ھمارا اپنا دل خوشی سے بھرا ھوا ھو اور ھمیں دیکھتے ھی آس پاس کے سب لوگوں کے دل خوشی سے بھر جاویں ۔ یہ نہیں ھونا چاھئے کہ دھرم مذھب کے نام پر ھماری ناک بھوں چڑھی ھوئی ھو اور جو ھمیں دیکھے ھم سے بچ کر بھاگے ۔ دھرم یا مذھب دوسروں کو ڈرانے والا ھتیار نہیں ھونا چاھئے۔ اُس سے نہ ھمارے اندر ڈر یا بےرحمی پیدا ھو اور نہ ھمیں دیکھ کر دوسروں کے اندر ڈر یا بےرحمی پیدا ھو ۔ مذھب دل کی چیز ھے ۔ دل ھی میں اُس کی خاص جگہ ھونی چاھئے ۔ سب کی سیوا' پریم اور نیکی اُس کے روپ ھونے چاھئیں ۔ مذھب ماتھے پر یا چہرے پر سائن بورڈوں یا نام پٹیوں کی طرح دکھاوے کے لئے نہیں ھونا چاھئے ۔ سر پر' ھونٹھوں پر یا ٹھوڑی پر' بال رکھنے یا کٹانے کے طرح طرح کے ڈھنگوں یا الگ الگ طرح کے چھاپوں' بلوں یا کپڑوں میں مذھب کا وہ دکھاوا نہیں ھونا چاھئے جس سے کیول اپنا اشتہار ھو اور ایک دوسرے سے جدائی اور ادھک چمکے ۔ پرکرتی یعنی قدرت ھر نئے پیدا ھوئے بچے کے چہرے پر اِنسانیت بلکہ الوھیت (برھمتو) کی مہر لگا کر پیدا کرتی ھے ۔ کوئی بچہ ھندو' مسلم' پارسی یا عیسائی نشانی لے کر پیدا نہیں ھوتا ۔ یہ الگ الگ نشان بعد میں ھم لوگ گڑھ کر ھر بچے پر چپکا دیتے ھیں ۔ ھو سکتا ھے کہ کسی خاص زمانے میں' خاص حالت میں اور خاص جگہوں پر اِن کی ضرورت اور اِن سے فائدہ رھا ھو ۔ پر آج اِن چیزوں پر ضد کرنا ادوردرشتا یعنی کوتاہ اندیشی بھی ھے اور سب کی بربادی کا کارن بھی ۔

محمد صاحب نے کہا ھے :—

"جتنے بچے پیدا ھوتے ھیں وہ سب کیول اُسی ایک اللہ کو تسلیم کرتے ھوئے پیدا ھوتے ھیں ۔"

مہابھارت میں لکھا ھے :—

"برھمہ نے شروع میں اِس ساری دنیا کو بنایا تھا اِس لئے سب جاندار اُسی برھمہ کی اولاد ھیں ۔"

محمد صاحب کی مشہور حدیث ھے :—

"اِس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ نے آدم کو اپنی صورت پر بنایا ھے ۔ ھر انسان کی صورت رحمان کی صورت ھے ۔"

सनातन धर्म' यानी उसी पुराने 'इसलाम' का एक नया रूप होगा जिसे वेदों में 'सनातन धर्म' और क़ुरान में 'दीनुल-क़ैयमा' कहा गया है. अन्दर की रूह वही पुरानी और ऊपर की शकल ज़माने की ज़रूरत के अनुसार नई. उस नए मज़हब में साइन्स और मज़हब दोनों मिलकर एक हो जायेंगे. साइन्स फिर मज़हबी साइन्स होगी और मज़हब साइन्सी मज़हब होगा. जड़ और चेतन, रूह और माद्दा फिर एक ही हक़ीक़त के दो पहलू दिखाई देंगे. तब जाकर हम इन्सानी ज़िन्दगी की एकता और भरपूरता का आनन्द ले सकेंगे. यह एक बुनियादी सचाई है जिसे दुनिया के सब लोगों को और ख़ासकर हिन्दुस्तान के हिन्दुओं और मुसलमानों को अच्छी तरह समझ लेना है.

श्री कृष्ण ने गीता में कहा है :—

"ऐ पार्थ (यानी अर्जुन !) दुनिया में लोग चारों तरफ़ से जितने रास्तों पर चलते हैं वह सब रास्ते आख़ीर में मुझ तक ही पहुंच जाते हैं."

मुहम्मद साहब की एक हदीस है :—

'दुनिया में जितनी रूहें हैं अल्लाह तक पहुंचने के उतने ही रास्ते हैं.'

इन्जील में लिखा है :—

"न कोई यहूदी है न कोई यूनानी, न कोई ग़ुलाम है न कोई आज़ाद, न कोई पुरुष है न कोई स्त्री, ईसा मसीह में तुम सब एक हो."

शंकराचार्य ने लिखा है :—

"आत्मा का न कोई वर्ण है, न कोई उसकी जात है, न कोई उसका आश्रम, आचार या धर्म है. वह एक ही है. वही सब में है. वही शिव है. वही मैं हूं."

हकीम सनाई ने कहा है :—

"रूह की ज़िन्दगी अक़्ल और इल्म से है, रूह में न कोई पारसी है और न कोई ताज़ी."

इसी ख़याल को मौलाना जलालुद्दीन रूमी ने इस तरह कहा है :—

"रूह बा अक़्ल अस्त बा इल्म अस्त या
रूह रा बा ताज़ी ओ तुरकी चे कार."

दुनिया भर के मुसलमान मौलाना रूम को बड़ी इज़्ज़त की निगाह से देखते हैं. उनकी ख़ास किताब मसनवी 'पहलवी यानी फ़ारसी ज़बान में क़ुरआन' कही जाती है. हमारे देश के मशहूर शायर सर मुहम्मद इक़बाल ने मौलाना रूम का ज़िक्र करते हुए कहा है :—"उन्होंने पहलवी हरफ़ों में क़ुरान लिख डाला." हम मौलाना रूम के शब्दों को थोड़ा सा बदल कर कह सकते हैं :—

"रूह रा बा हिन्दुओ मुस्लिम चे कार."

سناتن دھرم' یعنی اُسی پرانے 'اسلام' کا ایک نیا روپ ہوگا جسے ویدوں میں 'سناتن دھرم' اور قرآن میں 'دین القیمہ' کہا گیا ہے . اندر کی روح وہی پرانی اور اوپر کی شکل زمانے کی ضرورت کے انوسار نئی . اُس نئے مذہب میں سائنس اور مذہب دونوں ملکر ایک ہوجائینگے . سائنس پھر مذہبی سائنس ہوگی اور مذہب سائنسی مذہب ہوگا . جڑ اور چیتن' روح اور مادہ پھر ایک ہی حقیقت کے دو پہلو دکھائی دینگے . تب جاکر ہم انسانی زندگی کی ایکتا اور بھرپورتا کا آنند لے سکینگے . یہ ایک بنیادی سچائی ہے جسے دنیا کے سب لوگوں کو اور خاص کر ہندستان کے ہندؤں اور مسلمانوں کو اچھی طرح سمجھ لینا ہے .

شری کرشن نے گیتا میں کہا ہے :—

" اے پارتھ (یعنی ارجن !) دنیا میں لوگ چاروں طرف سے جتنے راستوں پر چلتے ہیں وہ سب راستے آخیر میں مجھ تک ہی پہنچ جاتے ہیں ."

محمد صاحب کی ایک حدیث ہے :—

" دنیا میں جتنی روحیں ہیں اللہ تک پہنچنے کے اتنے ہی راستے ہیں ."

انجیل میں لکھا ہے :—

" نہ کوئی یہودی ہے نہ کوئی یونانی نہ کوئی غلام ہے' نہ کوئی آزاد . نہ کوئی پرش ہے نہ کوئی استری . عیسی مسیح میں تم سب ایک ہو ."

شنکراچاریہ نے لکھا ہے :—

" آتما کا نہ کوئی ورن ہے' نہ کوئی اُس کی جات ہے' نہ کوئی اُس کا آشرم' آچار یا دھرم ہے . وہ ایک ہی ہے . وہی سب میں ہے . وہی شو ہے . وہی میں ہوں ."

حکیم سنائی نے کہا ہے :—

" روح کی زندگی عقل اور علم سے ہے' روح میں نہ کوئی پارسی ہے اور نہ کوئی تازی ."

اسی خیال کو مولانا جلال الدین رومی نے اس طرح کہا ہے :—

" روح با عقل است با علم است یار
روح را با تازی و ترکی چہ کار ."

دنیا بھر کے مسلمان مولانا روم کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں . اُن کی خاص کتاب مثنوی 'پہلوی یعنی فارسی زبان میں قرآن' کہی جاتی ہے . ہمارے دیش کے مشہور شاعر سر محمد اقبال نے مولانا روم کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے :— " اُنھوں نے پہلوی حرفوں میں قرآن لکھ ڈالا ." ہم مولانا روم کے شبدوں کو تھوڑا سا بدل کر کہہ سکتے ہیں :—

" روح را با ہندو و مسلم چہ کار ."

अफ़ग़ानिस्तान, ईरान, तुरकी, अरब, मिस्र और अफ़रीका को अपनी छाती से लगाए हुए है. यहूदी धर्म और ईसाई धर्म के मानने वाले फ़िलस्तीन और यूरप को भी वह साथ लिये हुए है. इसके एक कन्धे पर बौद्ध तिब्बत है तो दूसरे कंधे पर मुसलिम तुरकिस्तान. ज़रतुश्ती धर्म के मानने वाले पारसी अब दुनिया में बहुत ही कम रह गए हैं और जो रह गए हैं उनमें से अधिकतर तेरह सौ बरस से इसी देश के दक्खिन पच्छिम को अपना घर बनाए हुए हैं. ज़रतुश्ती धर्म की किताब "गाथाएं" वेद ही की एक शाख़ है और ऐसी भाषा में लिखी हुई है जो वैदिक संस्कृत का एक दूसरा रूप है. हिन्दुस्तान के दक्खिन में हिन्दुस्तानी यहूदियों की भी एक बहुत अच्छी बस्ती है जिसकी आबादी अब कई हज़ार रह गई है. जहां तक ईसाई धर्म का सम्बन्ध है कहा जाता है कि हज़रत ईसा के परलोक सिधारने के थोड़े ही दिनों बाद उनके बारह मशहूर चेलों में से एक सेन्ट टामस ख़ुद हिन्दुस्तान आए थे और उन्होंने इस देश के दक्खिन पूर्वी किनारे पर ईसाई धर्म का बीज बोया था. आज हिन्दुस्तान की ईसाई आबादी पौन करोड़ के लगभग है. मुट्ठी भर ऐसे लोगों को छोड़ कर, जो कहीं बाहर जाकर बस गए हैं, बाक़ी हिन्दुओं, जैनियों और सिक्खों का दुनिया में हिन्दुस्तान के सिवा और कोई घर है ही नहीं. यह देश सात करोड़ से ऊपर मुसलमानों की जन्म भूमि है. बौद्ध धर्म यहीं पैदा हुआ और उसके शुरू के सब तीर्थ इसी देश में हैं. कनफ़्यूशियस धर्म, ताओ धर्म और शिन्तो धर्म तीनों बौद्ध धर्म के अन्दर मिलकर लगभग उसी में समा गए हैं.

बनारस के पास सारनाथ में, जहां महात्मा बुद्ध ने आज से ढाई हज़ार बरस पहले अपने धर्म का उपदेश देना शुरू किया था, पिछले कुछ बरसों के अन्दर पुराने अशोक स्तूप के पास एक बहुत बड़ा नया बौद्ध मन्दिर तामीर किया गया है. जापानी चित्रकारों ने उसकी दीवारों को चित्रों से सजाया है. एक और बड़ा मन्दिर वहां पर ही एक चीनी सज्जन ने बनवाया है. भारत के हिन्दू और बरमा के बौद्ध दोनों ने वहां धर्मशालाएं बनवाई हैं जहां सब जाकर ठहर सकते हैं. इस तरह की और भी धर्मशालाएं बनती जा रही हैं. बौद्ध भिक्खुओं और विद्यार्थियों की एक पूरी बस्ती वहां आबाद हो गई है और बढ़ती जा रही है. बनारस में, जो हिन्दू धर्म का ख़ास गहवारा है, पुराने हिन्दू मन्दिरों के साथ साथ बहुत सी मुस्लिम मसजिदें, जैन मन्दिर, ईसाई गिरजे और सिख संगत पास पास मौजूद हैं. इस तरह दुनिया के सब मज़हब इस देश के अन्दर एक जगह जमा हैं. मालूम होता है कि एक नए आलमगीर वैज्ञानिक यानी साइन्सी मज़हब को जन्म देना और रूप देना भी हिन्दुस्तान ही के लिये बदा है. वह नया धर्म उसी पुराने 'सत्य

افغانستان' ایران' ترکی' عرب' مصر اور افریقہ کو اپنی چھاتی سے لگائے ہوئے ھے. یہودی دھرم اور عیسائی دھرم کے ماننے والے فلسطین اور یورپ کو بھی وہ ساتھ لئے ہوئے ھے. اِس کے ایک کندھے پر بودھ تبت ھے تو دوسرے کندھے پر مسلم ترکستان. زرتشتی دھرم کے ماننے والے پارسی اب دنیا میں بہت ھی کم رہ گئے ھیں اور جو رہ گئے ھیں اُن میں سے ادھکتر تیرہ سو برس سے اِسی دیش کے دکھن پچھم کو اپنا گھر بنائے ہوئے ھیں. زرتشتی دھرم کی کتاب "گاتھائیں" وید ھی کی ایک شاخ ھے اور ایسی بھاشا میں لکھی ہوئی ھے جو ویدک سنسکرت کا ایک دوسرا روپ ھے. ھندستان کے دکھن میں ھندستانی یہودیوں کی بھی ایک بہت اچھی بستی ھے جس کی آبادی اب کئی ہزار رہ گئی ھے. جہاں تک عیسائی دھرم کا سمبندھ ھے کہا جاتا ھے کہ حضرت عیسیٰ کے پرلوک سدھارنے کے تھوڑے ھی دنوں بعد اُن کے بارہ مشہور چیلوں میں سے ایک سینٹ ٹامس خود ھندستان آئے تھے اور اُنھوں نے اِس دیش کے دکھن پوربی کنارے پر عیسائی دھرم کا بیج بویا تھا. آج ھندستان کی عیسائی آبادی پون کروڑ کے لگ بھگ ھے. مٹھی بھر ایسے لوگوں کو چھوڑکر' جو کہیں باھر جاکر بس گئے ھیں' باقی ھندؤں' جینیوں اور سکھوں کا دنیا میں ھندستان کے سوا اور کوئی گھر ھے ھی نہیں. یہ دیش سات کروڑ سے اُوپر مسلمانوں کی جنم بھومی ھے. بودھ دھرم یہیں پیدا ہوا اور اُس کے شروع کے سب تیرتھ اِسی دیش میں ھیں. کنفیوشیس دھرم' تاؤ دھرم اور شنتو دھرم تینوں بودھ دھرم کے اندر ملکر لگ بھگ اُسی میں سما گئے ھیں.

بنارس کے پاس سارناتھ میں' جہاں مہاتما بدھ نے آج سے ڈھائی ہزار برس پہلے اپنے دھرم کا اُپدیش دینا شروع کیا تھا' پچھلے کچھ برسوں کے اندر پرانے اشوک استوپ کے پاس ایک بہت بڑا نیا بودھ مندر تعمیر کیا گیا ھے. جاپانی چترکاروں نے اُس کی دیواروں کو چتروں سے سجایا ھے. ایک اور بڑا مندر وھاں پر ھی ایک چینی سجن نے بنوایا ھے. بھارت کے ھندو اور برما کے بودھ دونوں نے وھاں دھرمشالائیں بنوائی ھیں جہاں سب جاکر ٹھہر سکتے ھیں. اِس طرح کی اور بھی دھرم شالائیں بنتی جارھی ھیں. بودھ بھکشوؤں اور ودیارتھیوں کی ایک پوری بستی وھاں آباد ھوگئی ھے اور بڑھتی جارھی ھے. بنارس میں' جو ھندو دھرم کا خاص گہوارا ھے' پرانے ھندو مندروں کے ساتھ ساتھ بہت سی مسلم مسجدیں' جین مندر' عیسائی گرجے اور سکھ سنگت پاس پاس موجود ھیں. اِس طرح دنیا کے سب مذھب اِس دیش کے اندر ایک جگہ جمع ھیں. معلوم ھوتا ھے کہ ایک نئے عالمگیر ویگیانک یعنی سائنسی مذھب کو جنم دینا اور روپ دینا بھی ھندستان ھی کے لئے بدا ھے. یہ نیا دھرم اُسی پرانے 'ستیہ

की राजनीति और अर्थनीति के नाम पर लड़ाइयां उस समय की मज़हब के नाम पर लड़ाइयों से कहीं ज़्यादा ख़ौफ़नाक हैं. इन लड़ाई झगड़ों के अन्दर अन्दर एक दूसरे से नफ़रतों की जो आग धधक रही है वह वैसी की वैसी ही है. आजकल की इन लड़ाइयों में एक तरफ़ हद दरजे धन का लोभ, दूसरों को नेस्त नाबूद कर देने की तैयारी और जिस्मानी ऐश की वह चाह है जो देश भक्ति और क़ौम-परस्ती का जामा पहने हुए है. और अपने को 'इन्डिविजुअलइज़्म' यानी व्यक्तिवाद कहती है. और दूसरी तरफ़ वह साम्यवाद (कम्यूनिज़्म) या समाजवाद (सोशलइज़्म) है जो दुनिया के धन दौलत में सब के साथ मिलकर बराबर का हिस्सा बटाना चाहता है. इस निगाह से इस साम्यवाद या समाजवाद की जड़ें सचमुच रूहानी और धार्मिक हैं. लेकिन अभी तक उसे खुद अपने इस रूप का ठीक ठीक पता नहीं है. अभी तक वह अंधेरे में टटोल रहा है, तजुर्बे कर रहा है और ग़ल्तियां कर रहा है. इन ग़ल्तियों का कारण यह है कि अभी तक उसकी निगाहें ग़लत तरफ़ हैं. उसे अभी तक सच्चे और टिकाऊ समाज संगठन का भेद नहीं मिला. वह यह नहीं समझा कि राजनीति (पालिटिक्स) की जड़ें अर्थनीति (इकोनॉमिक्स) में होती हैं, अर्थनीति की जड़ें हमारे घरेलू रहन सहन में होती हैं, इस घरेलू रहन सहन की जड़ें हमारे दिल के भावों और दिमाग़ के विचारों और आदर्शों में होती हैं, और इन सब की जड़ें दर्शन शास्त्र यानी ज़िन्दगी के फ़लसफ़े में होती हैं. और यह दर्शन शास्त्र जब पक्का और पूरा होता है तो यही रूहानी मज़हब यानी उस अनन्त जीवन की अध्यात्म विद्या होता है जिसके अन्दर सब साइन्सें, सब विद्याएं और सब हुनर समा जाते हैं.

लेकिन हिन्दुस्तान के अन्दर मज़हबी और ग़ैर मज़हबी, दीनी और दुनियावी, साम्प्रदायिक, राजनैतिक और आर्थिक सब तरह के झगड़े और सब तरह की समस्याएं एक दूसरे में गुथी हुई हैं. मालूम होता है हिन्दुस्तान के लिये ही यह बदा है कि वह इन सब समस्याओं के लिये या तो एक ऐसा हल निकाले जिस से यह सब हल हो जावें और या इस कोशिश में मिट जावे. आज दुनिया में जितने बड़े बड़े मज़हब ज़िन्दा हैं वह सब एशिया ही में ही पैदा हुए. पूरब और पच्छिम का, नए ज़माने और पुराने ज़माने का, एशिया एक ख़ास संगम है. सन 1930 और सन 1931 ईसवी के दिसम्बर-जनवरी में हिन्दुस्तान के अन्दर बनारस में पहली कुल एशियाई एजूकेशन कान्फ़रेन्स हुई थी. यह देश एशिया के ठीक बीचों बीच है. यह अपने एक हाथ से बौद्ध धर्म, शिन्तो धर्म, ताओ धर्म और कनफ़्यूशियस धर्म के मानने वाले बरमा, चीन और जापान को अपने साथ चिपटाए हुए है और दूसरे हाथ से इस्लाम धर्म के मानने वाले

کی راج نیتی اور ارتھ نیتی کے نام پر لڑائیاں اُس سمے کی مذہب کے نام پر لڑائیوں سے کہیں زیادہ خوفناک ہیں . اِن لڑائی جھگڑوں کے اندر اندر ایک دوسرے سے نفرتوں کی جو آگ دھدھک رہی ہے وہ ویسی کی ویسی ہی ہے. آجکل کی ان لڑائیوں میں ایک طرف حد درجے دھن کا لوبھ' دوسروں کو نیست نابود کر دینے کی تیاری اور جسمانی عیش کی وہ چاہ ہے جو دیش بھکتی اور قوم پرستی کا جامہ پہنے ہوئے ہے اور اپنے کو 'انڈیویجیولزم' یعنی ویکتی واد کہتی ہے . اور دوسری طرف وہ سامیہ واد (کمیونزم) یا سماج واد (سوشلزم) ہے جو دنیا کے دھن دولت میں سب کے ساتھ ملکر برابر کا حصہ بٹانا چاہتا ہے . اِس نگاہ سے اِس سامیہ واد یا سماج واد کی جڑیں سچ مچ روحانی اور دھارمک ہیں . لیکن ابھی تک اُسے خود اپنے اِس روپ کا ٹھیک ٹھیک پتہ نہیں ہے . ابھی تک وہ اندھیرے میں ٹٹول رہا ہے' تجربے کر رہا ہے اور غلطیاں کر رہا ہے . اِن غلطیوں کا کارن یہ ہے کہ ابھی تک اُس کی نگاہیں غلط طرف ہیں . اُسے ابھی تک سچے اور ٹکاؤ سماج سنگٹھن کا بھید نہیں ملا . وہ یہ نہیں سمجھا کہ راج نیتی (پالٹکس) کی جڑیں ارتھ نیتی (ایکونومکس) میں ہوتی ہیں' ارتھ نیتی کی جڑیں ہمارے گھریلو رہن سہن میں ہوتی ہیں' اِس گھریلو رہن سہن کی جڑیں ہمارے دل کے بھاؤں اور دماغ کے وچاروں اور آدرشوں میں ہوتی ہیں' اور ان سب کی جڑیں درشن شاستر یعنی زندگی کے فلسفے میں ہوتی ہیں . اور یہ درشن شاستر جب پکا اور پورا ہوتا ہے تو یہی روحانی مذہب یعنی اُس اننت جیون کی ادھیاتم ودیا ہوتا ہے جس کے اندر سب سائنسیں' سب ودیائیں اور سب ہنر سما جاتے ہیں .

لیکن ہندستان کے اندر مذہبی' اور غیر مذہبی دینی اور دنیاوی' سامپردائک' راج نیتک اور آرتھک سب طرح کے جھگڑے اور سب طرح کی سمسیائیں ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہیں. معلوم ہوتا ہے ہندستان کے لئے ہی یہ بدا ہے کہ وہ ان سب سمسیاؤں کے لئے یا تو ایک ایسا حل نکالے جس سے یہ سب حل ہوجاویں اور یا اِس کوشش میں مٹ جاوے . آج دنیا میں جتنے بڑے بڑے مذہب زندہ ہیں وہ سب ایشیا ہی میں پیدا ہوئے . پورب اور پچھم کا' نئے زمانے اور پرانے زمانے کا' ایشیا ایک خاص سنگم ہے. سن 1930 اور سن 1931 عیسوی کے دسمبر جنوری میں ہندستان کے اندر بنارس میں پہلی کل ایشیائی ایجوکیشن کانفرنس ہوئی تھی . یہ دیش ایشیا کے ٹھیک بیچوں بیچ ہے . یہ اپنے ایک ہاتھ سے بودھ دھرم' شنتو دھرم' تاؤ دھرم اور کنفیوشس دھرم کے ماننے والے برما' چین اور جاپان کو اپنے ساتھ چپٹائے ہوئے ہے اور دوسرے ہاتھ سے اسلام دھرم کے ماننے والے

बनावट जरूरी हैं. रंज और खुशी, नफरत और प्रेम, मग़रूर शैतान और रहमदिल ईश्वर का बेटा. इसी तरह पारसी धर्म में अहरमन और स्पीतम, देवता और दैत्य, सुर और असुर, पापात्मा और पुन्यात्मा, शैतान और फ़रिश्ते, ज़िन्दगी और मौत, अपना और पराया, यह सब दुनिया में लाज़िम मलज़ूम हैं. एक के साथ दूसरे का होना ज़रूरी है. इसी उसूल पर मज़हब भी अपने ऊंचे मुक़ाम से नीचे गिरता है. असली और ज़रूरी बातों से हट कर वह बनावटी और ग़ैर ज़रूरी चीज़ों में फंस जाता है. यहां तक कि गन्दे अंध-बिश्वास और ज़ालिमाना रीति रिवाज उसमें दाख़िल हो जाते हैं. लोगों के दिलों को मिलाने के बजाय वह उन्हें और फाड़ने लगता है. धरती पर अमन क़ायम करने और लोगों में एक दूसरे से प्रेम पैदा करने की जगह मज़हब एक दूसरे को क़त्ल करने और तकलीफ़ पहुंचाने पर उतर आता है. कुछ दिनों तक यही होता रहता है. फिर हालत पलटती है. आदमी का दिल बदलता है. उसमें पछतावा जागता है. मज़हब में सुधार होता है. रूह वही रहती है पर ऊपर का रूप या जिस्म बदल जाता है. इनसान फिर से पैदा होता है. वह ऊपर उठता है, आदम गुनाह करता है, असीरी यानी बन्धन में पड़ता है, अहंकार की बेड़ियां अपने ऊपर लेता है, ख़ुदी, गुस्सा और शहवत के क़ाबू में आजाता है, और यह सब इसीलिये होता है कि अपनी इस छोटी ख़ुदी को मार कर वह फिर ऊपर उठे और निजात यानी मोक्ष हासिल करे. इसी को फ़ना फ़िल्लाह होजाना यानी ब्रह्म निर्वाण कहते हैं. तब रूह को वह रुतबा हासिल होता है, वह शान्ति प्राप्त होती है जो सुख और दुख, नफ़रत और प्रेम जैसी हर तरह की दुई से अलग और ऊपर है.

जहां तक हमें दुनिया का, ख़ास कर बीच के ज़माने का, इतिहास मालूम है वहां तक पूरब में और पच्छिम में दोनों जगह मज़हब के नाम पर लड़ाई झगड़े होते रहे हैं. ईसाइयों और मुसलमानों के बीच सलीबी लड़ाइयों (क्रूसेड्स) के ज़माने में और उसके बाद और ख़ुद ईसाई धर्म के अन्दर अलग अलग सम्प्रदायों के बीच उन मज़हबी कचहरियों ने, जो 'इनक्वीज़ीशन' कहलाती थीं, केवल धार्मिक मतभेद के कारण लाखों इनसानों को मौत के घाट उतार दिया या ज़िन्दा जला दिया. मज़हब के नाम पर वह सब कारनामे याद करके आदमी कांप उठता है. यूरप में अब कुछ दिनों से कैथलिक, प्रोटेस्टेन्ट झगड़े नहीं हो रहे हैं. लेकिन यूरप अभी तक उन झगड़ों से पूरी तरह आज़ाद भी नहीं है. सन 1921 ई० में आज़ाद आयरिश हुकूमत (आयरिश फ़्री स्टेट) के इंगलैन्ड से टूट कर अलग होजाने का कारण एक बड़े दरजे तक यही मज़हबी फ़रक़ था. इंगलैन्ड प्रोटेस्टेन्ट है और आयरलैन्ड कैथलिक. सारे यूरप के अन्दर वह बुराई पहले धार्मिक या साम्प्रदायिक थी तो अब राजनैतिक और आर्थिक है, और आजकल

بناوٹ ضروری ہیں ۔ رنج اور خوشی، نفرت اور پریم، مغرور شیطان اور رحمدل ایشور کا بیٹا ۔ اسی طرح پارسی دھرم میں اہرمن اور اسپیتم، دیوتا اور دیتیہ، سر اور اسر، پاپ آتما اور پن آتما، شیطان اور فرشتے، زندگی اور موت، اپنا اور پرایا، یہ سب دنیا میں لازم ملزوم ہیں ۔ ایک کے ساتھ دوسرے کا ہونا ضروری ہے ۔ اسی اصول پر مذہب بھی اپنے اونچے مقام سے نیچے گرتا ہے ۔ اصلی اور ضروری باتوں سے ہٹ کر وہ بناوٹی اور غیر ضروری چیزوں میں پھنس جاتا ہے ۔ یہاں تک کہ گندے اندھ وشواس اور ظالمانہ ریت رواج اس میں داخل ہو جاتے ہیں ۔ لوگوں کے دلوں کو ملانے کے بجائے وہ انہیں اور پھاڑنے لگتا ہے ۔ دھرتی پر امن قائم کرنے اور لوگوں میں ایک دوسرے سے پریم پیدا کرنے کی جگہ مذہب ایک دوسرے کو قتل کرنے اور تکلیف پہونچانے پر اتر آتا ہے ۔ کچھ دنوں تک یہی ہوتا رہتا ہے ۔ پھر حالت پلٹتی ہے ۔ آدمی کا دل بدلتا ہے ۔ اس میں پچھتاوا جاگتا ہے ۔ مذہب میں سدھار ہوتا ہے ۔ روح وہی رہتی ہے پر اوپر کا روپ یا جسم بدل جاتا ہے. انسان پھر سے پیدا ہوتا ہے وہ اوپر اٹھتا ہے ۔ آدم گناہ کرتا ہے، اسیری یعنی بندھن میں پڑتا ہے، اہنکار کی بیڑیاں اپنے اوپر لیتا ہے، خودی، غصہ اور شہوت کے قابو میں آ جاتا ہے اور یہ سب اسی لئے ہوتا ہے کہ اپنی اس چھوٹی خودی کو مار کر وہ پھر اوپر اٹھے اور نجات یعنی موکش حاصل کرے ۔ اسی کو فنا فی اللہ ہو جانا یعنی برہمہ نروان کہتے ہیں ۔ تب روح کو وہ رتبہ حاصل ہوتا ہے، وہ شانتی پراپت ہوتی ہے جو سکھ اور دکھ، نفرت اور پریم جیسی ہر طرح کی دوئی سے الگ اور اوپر ہے ۔

جہاں تک ہمیں دنیا کا، خاص کر بیچ کے زمانے کا، اتہاس معلوم ہے وہاں تک پورب میں اور پچھم میں دونوں جگہ مذہب کے نام پر لڑائی جھگڑے ہوتے رہے ہیں ۔ عیسائیوں اور مسلمانوں کے بیچ سلیبی لڑائیوں (کروسیڈس) کے زمانے میں اور اس کے بعد اور خود عیسائی دھرم کے اندر الگ الگ سمپردایوں کے بیچ ان مذہبی کچہریوں نے، جو انکوئیزیشن کہلاتی تھیں ۔ کیول دھارمک مت بھید کے کارن لاکھوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا یا زندہ جلا دیا ۔ مذہب کے نام پر وہ سب کارنامے یاد کر کے آدمی کانپ اٹھتا ہے ۔ یورپ میں اب کچھ دنوں سے کیتھلک، پروٹسٹنٹ جھگڑے نہیں ہو رہے ہیں ۔ لیکن یورپ ابھی تک ان جھگڑوں سے پوری طرح آزاد بھی نہیں ہے. سن 1921 عیسوی میں آزاد آئرش حکومت (آئرش فری سٹیٹ) کے انگلینڈ سے ٹوٹ کر الگ ہو جانے کا کارن ایک بڑے درجے تک یہی مذہبی فرق تھا، انگلینڈ پروٹسٹنٹ ہے اور آئرلینڈ کیتھلک ۔ سارے یورپ کے اندر وہ برائی پہلے دھارمک یا سامپردائک تھی تو اب راجنیتک اور آرتھک ہے اور آجکل

ये दोनों जानवर उस स्थान के कुछ आदिम जातियों के कुल-देवता थे. लेकिन वे लोग जो वहां के ज़मींदार थे अपने को परम्परागत क्षत्रिय श्रेनी का कहते थे और उन्होंने नया "जाति" सूचक शब्द भी अपना लिया. ठीक इसी तरह बङ्गाल की पूर्वी पहाड़ियों में टिपरा और मनीपूर के राजवंश हैं, जो अपने को क्षत्रिय कहते हैं और आजकल राजपूतों से ही अपना नाता गोता रखते हैं. इसी सबब आज के हिन्दुस्तान में राजपूत और क्षत्रिय (बोलने में छत्री) एक ही माइनों में इस्तेमाल होते हैं.

یه دونوں جانور اُس استهان کے کچھ آدم جاتیوں کے کل دیوتا تھے . لیکن وے لوگ جو وهاں کے زمیندار تھے اپنے کو پرمپراگت چھتریه شرینی کا کہتے تھے اور انہوں نے نیا "جاتی" سوچک شبد بھی اپنا لیا . ٹھیک اِسی طرح بنگال کی پوروی پہاڑیوں میں ٹپرا اور منی پور کے راج ونش هیں' جو اپنے کو چھتریه کہتے هیں اور آجکل راجپوتوں سے هی اپنا ناتا گوتا رکھتے هیں . اسی سبب آج کے هندستان میں راجپوت اور چھتریه (بولنے میں چھتری) ایک هی معنوں میں استعمال هوتے هیں

अमन और प्रेम का एक ही रास्ता

امن اور پریم کا ایک هی راسته

डाक्टर भगवानदास

(ڈاکٹر بھگوان داس)

धर्म या मजहब की एक ही ग़रज़ है और वह यह है कि लोगों के दिलों को एक दूसरे के साथ और अल्लाह के साथ मिलाया जावे. धर्म का कमाल यानी पूरापन इस बात के समझ लेने में है कि एक ही आत्मा सब के अन्दर है और वही अल्लाह है, और इसीलिये सब की सेवा ही अल्लाह की इबादत है.

इन्जील में लिखा है :—"पूरे दिल के साथ ईश्वर से प्रेम करो और अपनी ही तरह अपने पड़ोसी से प्रेम करो." इसमें यह शामिल है कि अपने अन्दर मौजूद आत्मा ही परम आत्मा यानी ईश्वर है.

पर यह सारी कायनात यानी सृष्टि दुई पर क़ायम है और दो-दो विरोधी चीज़ों से बनी है. वजूद की सुई बराबर दोनों तरफ़ के दो सिरों के बीच में चक्कर काटती रहती है. इसीलिये हमें अनेक में एक यानी कसरत में वहदत की झलक मिलती रहती है. इसी को 'वहदत दर ज़ात' यानी परम तत्व में एकता और 'कसरत दर सिफ़ात' यानी गुणों और धर्मों में अनेकता कहते हैं. हक़ीक़त एक है और उसके गुण यानी सिफ़ात अनगिनत हैं. ऊपरी धर्म बहुत से हैं, धर्मी एक है. अनेकता के अन्दर बिगाड़ का होना भी लाज़िमी है. व्यापकता और हक़ीक़त को चमकाने के लिये ख़ुदी और

دھرم یا مذهب کی ایک هی غرض هے اور وہ یه هے که لوگوں کے دلوں کو ایک دوسرے کے ساتھ اور اللہ کے ساتھ ملایا جاوے . دھرم کا کمال یعنی پوراپن اِس بات کے سمجھ لینے میں هے که ایک هی آتما سب کے اندر هے اور وهی اللہ هے' اور اِسی لئے سب کی سیوا هی اللہ کی عبادت هے .

اِنجیل میں لکھا هے :—" پورے دل کے ساتھ ایشور سے پریم کرو اور اپنی هی طرح اپنے پڑوسی سے پریم کرو ." اِس میں یه شامل هے که اپنے اندر موجود آتما هی پرم آتما یعنی ایشور هے .

پر یه ساری کائنات یعنی سرشٹی دوئی پر قائم هے اور دو دو ورودھی چیزوں سے بنی هے . وجود کی سوئی برابر دونوں طرف کے دو سروں کے بیچ میں چکر کاٹتی رهتی هے . اِسی لئے همیں انیک میں ایک یعنی کثرت میں وحدت کی جھلک ملتی رهتی هے . اِسی کو 'وحدت در ذات' یعنی پرم تتو میں ایکتا اور 'کثرت در صفات' یعنی گنوں اور دھرموں میں انیکتا کہتے هیں . حقیقت ایک هے اور اُس کے گن یعنی صفات اَنگنت هیں . اُوپری دھرم بہت سے هیں' دھرمی ایک هے . انیکتا کے اندر بگاڑ کا هونا بھی لازمی هے . ویاپکتا اور حقیقت کو چمکانے کے لئے خودی اور

ब्राह्मणों ने ब्राह्मणवाद के नाम पर तमाम लड़ाकू जातियों को एक नये क्षत्रिय वर्ण में शामिल करने के लिये शुद्धि आन्दोलन चलाया, क्योंकि उन्हें अपने काम के लिये मददगारों की जरूरत थी. इसलिये जब तक ब्राह्मणवादी धर्म का बोलबाला रहा, जितने भी विदेशी या आदिम निवासी थे सभी क्षत्री वर्ण में शामिल कर लिये गये और उनके लिये नई नई वंशावलियां बना ली गईं. इस तरह उन नये क्षत्रियों ने अपनी जाति को पश्चिमी और मध्य भारत की सरहदों तक महदूद रखा. श्री वैद्य ने खुद इस बात को माना है कि पंजाब राजपूत क़बीलों की फ़ेहरिस्त से अलग था, क्योंकि इस पर मुसलमानों का क़ब्ज़ा हो चुका था, या ऐसा भी हो सकता है कि उस समय बौद्ध राजे उस सूबे में राज कर रहे थे. वहां कोई न कोई ऐसी अड़चन जरूर रही होगी, जिससे पंजाब के नये क्षत्रिय इस संगठन आन्दोलन में शामिल न हो सके. पूरब में मगध और बंगाल में बौद्ध पालों का उस समय राज था,※ इसलिये यह आन्दोलन उन प्रदेशों में न घुस सका. दक्षिण में राजू और बल्लाल पहिले से ही उस पद तक पहुंच चुके थे. इस प्रकार इस क्षेत्र में रहने वाली लड़ाकू लोगों की शासक श्रेणी क्षत्रिय बन गई और उन्हें "राजपूत" का नया नाम मिला. इसी कारन गुर्जर, जाट और अहीर जनता, जो कि शासक श्रेनी में नहीं थी, क्षत्रिय वर्न में शामिल न हो सकी, हालांकि इनसानी नस्ल के जानकार आलिम इनमें और राजपूतों में बहुत नज़दीकीपन पाते हैं.

जब राजपूत नाम बाइज़्ज़त हो गया और राजपूतों की बहादुरी के सबब उस नाम में बड़प्पन और इज़्ज़त होने लगी तो दूसरे लोगों ने भी, जो धीरे-धीरे क्षत्रिय वर्न में शामिल होना चाहते थे, अपने नाम के आगे राजपूत लफ़्ज़ जोड़ लिया. इस प्रकार छोटा नागपूर में हम नाग-वंशी और गो-वंशी राजपूतों को पाते हैं. ये लोग अपने को सांप (नाग) और गाय (गो)* के वंश का कहते हैं. यह साफ़ है कि

براھمنوں نے براھمن واد کے نام پر تمام لڑاکو جاتیوں کو ایک نئے چھتریہ ورن میں شامل کرنے کے لئے شدھی آندولن چلایا' کیونکہ انھیں اپنے کام کے لئے مددگاروں کی ضرورت تھی . اِس لئے جب تک براھمن‌وادی دھرم کا بول بالا رہا' جتنے بھی ودیشی یا آدم نواسی تھے سبھی چھتری ورن میں شامل کر لئے گئے اور اِن کے لئے نئی نئی ونشاولیاں بنا لی گئیں . اس طرح اُن نئے چھتریوں نے اپنی جاتی کو پچھمی اور مدھیہ بھارت کی سرحدوں تک محدود رکھا . شری ویدیہ نے خود اس بات کو مانا ھے کہ پنجاب راجپوت قبیلوں کی فہرست سے الگ تھا' کیونکہ اِس پر مسلمانوں کا قبضہ ھو چکا تھا' یا ایسا بھی ھو سکتا ھے کہ اُس سمے بودھ راجے اس صوبے میں راج کر رھے تھے . وھاں کوئی نہ کوئی ایسی اڑچن ضرور رھی‌ھوگی جس سے پنجاب کے نئے چھتری اِس سنگٹھن آندولن میں شامل نہ ھو سکے . پورب میں مگدھ اور بنگال میں بودھ پالوں کا اُس سمے راج تھا.※ اِس لئے یہ آندولن اُن پردیشوں میں نہ گھس سکا . دکھن میں راجو اور بلال پہلے سے ھی اِس پد پر پہونچ چکے تھے . اِس پرکار اِس چھیتر میں رھنے والی لڑاکو لوگوں کی شاسک شرینی چھتری بن گئی اور اِنھیں " راجپوت " کا نیا نام ملا . اِسی کارن گرجر' جاٹ اور اھیر جنتا' جو کہ شاسک شرینی میں نہیں تھی' چھتریہ ورن میں شامل نہ ھوسکی' حالانکہ انسانی نسل کے جانکار عالم اِن میں اور راجپوتوں میں بہت نزدیکی‌پن پاتے ھیں .

جب راجپوت نام باعزت ھوگیا اور راجپوتوں کی بہادری کے سبب اُس نام میں بڑپن اور عزت ھونے لگی تو دوسرے لوگوں نے بھی' جو دھیرے دھیرے چھتری‌ورن میں شامل ھونا چاھتے تھے' اپنے نام کے آگے راجپوت لفظ جوڑ لیا . اس پرکار چھوٹا ناگپور میں ھم ناگ ونشی اور گوونشی راجپوتوں کو پاتے ھیں . یہ لوگ اپنے کو سانپ (ناگ) گائے (گئو) * کے ونش کا کہتے ھیں . یہ صاف ھے کہ

※—पञ्जाब के मैदानों के राजपूतों के जाति नाम, जो ज़्यादातर मुसलमान हो गये हैं, वही हैं जोकि राजपूताना और गंगा के द्वाबे के राजपूतों के हैं. इसका मतलब यह हुआ कि इन जगहों से लोग पञ्जाब में चले आये थे. इस सूबे की पूरबी पहाड़ियों के राजपूत राजपूताना के राजपूतों से नीची श्रेनी के समझे जाते हैं. यानी वे दूसरी जाति के हैं. उनकी जाति का ठीक ठीक पता अभी तक नहीं चला है, क्योंकि अभी तक उनकी खोज नहीं हो पायी है. इबेटसन कहता है कि इस स्थान का राजपूत शब्द पेशे का सूचक है (P. 362).

※ پنجاب کے میدانوں کے راجپوتوں کے جاتی نام' جو زیادہ‌تر مسلمان ھو گئے ھیں' وھی ھیں جو کہ راجپوتانہ اور گنگا کے دوآبے کے راجپوتوں کے ھیں . اِسکا مطلب یہ ھوا کہ اِن جگہوں سے لوگ پنجاب میں چلے آئے تھے . اِس صوبے کی پوربی پہاڑیوں کے راجپوت راجپوتانہ راجپوتوں سے نیچے شرینی کے سمجھے جاتے ھیں . یعنی وہ دوسری جاتی کے ھیں . اُن کی جاتی کا ٹھیک ٹھیک پتہ ابھی تک نہیں چلا ھے' کیونکہ ابھی تک اُن کا کھوج نہیں ھو پایا ھے. ابیٹسن کہتا ھے کہ اِس استھان کا راجپوت شبد پیشے کا سوچک ھے (P. 362).

*—Risley—Tribes and castes of Bengal—Ethnographic glossary, Vol I. PP. 184—185.

हुए हिन्दुस्तान में बसे, वे पूरी तरह से हिन्दुस्तानी हो गये. क्षत्रिय राजाओं से उन लोगों के विवाहों से यह बात साफ़ हो जाती है कि उनके भी शासक क्षत्रिय राजाओं के बराबरी के हुआ करते थे. इसलिये अगर वे ब्राह्मणों द्वारा संपादित धार्मिक शुद्धि-क्रिया के बाद क्षत्रिय वर्ण की हैसियत से हिन्दुओं में शामिल कर लिये गये, तो हमें ताज्जुब नहीं होना चाहिये.

इन तमाम बातों पर विचार कर लेने के बाद, यह कहा जा सकता है कि ऐसा हो सकता है कि शक, हूण और दूसरे विदेशी जो कि हिन्दुस्तान में बस गये, वे हिन्दू व्यवस्था के भीतर शामिल कर लिये गये और जिस जिस वर्ण में गये उसी में विभिन्न टुकड़ियों की हैसियत से समा गये.† ब्राह्मण धर्माचार्यों ने उसूली नुक़्ते नज़र से उन्हें शूद्र की श्रेणी में रखा था,s लेकिन हम तो उन्हें ब्राह्मण और क्षत्रिय राजाओं के यहां शादी करते हुए पाते हैं! इस प्रकार कट्टरपन्थी ब्राह्मणों द्वारा बनाये हुए काग़ज़ी धार्मिक नियमों और जीवन के व्यवहार में हम अन्तर पाते हैं.

इन बातों को देखकर यह मुमकिन मालूम पड़ता है कि

ہن ہندستان میں بسے' وے پوری طرح سے ہندستانی ہوگئے چھتریہ راجاؤں سے اُن لوگوں کے ویواہوں سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ اِن کے بھی شاسک چھتریہ راجاؤں کے برابری کے ہوا کرتے تھے . اِس لئے اگر وے براہمنوں دوارا سمپادت دھارمک شدھ کریا کے بعد چھتریہ ورن کی حیثیت سے ہندؤں میں شامل کر لئے گئے' تو ہمیں تعجب نہیں ہونا چاہئے .

اِن تمام باتوں پر وچار کر لینے کے بعد' یہ کہا جاسکتا ہے کہ ایسا ہوسکتا ہے کہ شک' ہن اور دوسرے ودیشی جو کہ ہندستان میں بس گئے' وے ہندو ویوستھا کے بھیتر شامل کر لئے گئے اور جس جس ورن میں گئے اِسی میں وبھن ٹکڑیوں کی حیثیت سے سما گئے .† براہمن دھرما چاریوں نے اصولی نقطۂ نظر سے انہیں شودر کی شرینی میں رکھا تھا' s لیکن ہم تو انہیں براہمن اور چھتریہ راجاؤں کے یہاں شادی کرتے ہوئے پاتے ہیں ! اِس پرکار کٹر پنتھی دوارا بنائے ہوئے کاغذی دھارمک نیموں اور جیون کے ویوہار میں ہم انتر پاتے ہیں .

اِن باتوں کو دیکھ کر یہ ممکن معلوم پڑتا ہے کہ

†—विष्णु पुराण में [4 | 3 | 18—21] उन विदेशियो की चर्चा है जो अयोध्या में बस गये और क्षत्रिय बन गये और जिन्होंने ब्राह्मणों से ब्राह्मन्यवादी पूजा विधियां संपादित करवाईं. (Bd iii, 48, 29-47, J. R. A. S. 1919 pp. 358—6) बाद में सगर ने, तालजंघ हैहयों को हराया और आयोध्या को फिर से जीता (Bd. iii, 48-49,10) उन्होंने विदेशी क़बीलों को ख़त्म करने का पक्का इरादा कर लिया लेकिन इनकी प्रार्थना पर वशिष्ठ मध्यस्थ बने और सगर ने उनकी जान बख़्श दी. लेकिन सगर ने धार्मिक और राजनीतिक नज़र से उन्हें नीचे गिराया." (Pargiter, pp. 269-270)

† وشنو پران میں [21—18-3-1] اُن ودیشیوں کی چرچا ہے جو ایودھیا میں بس گئے اور چھتریہ بن گئے اور جنہوں نے براہمنوں سے براہمنیہ وادی پوجا ودھیاں سمپادت کروائیں .(Bd iii, 48, 29-47, J. R. A .S. '919 pp. 358—6) بعد میں سگر نے' تال جنگھ ہیہیوں کو ہرایا اور ایودھیا کو پھر سے جیتا (Bd. iii, 48, 49, 10) اُنہوں نے ودیشی قبیلوں کو ختم کرنے کا پکا اِرادہ کر لیا . لیکن اِن کی پرارتھنا پر وششٹھ مدھیستھ بنے اور سگر نے اُن کی جان بخش دی. لیکن سگر نے دھارمک اور راجنیتک نظر سے اُنہیں نیچے گرایا ." (Pargiter, pp 269-270)

श्रीजायसवाल ने भी बनारस के सिदियन क्षत्रप बनसफर के उन वंशजों की चर्चा की है, जो बुन्देलखन्ड में रहते थे. वे कहते हैं, "उनको नीच कुल का समझा जाता था. वे राजपूत घरानों में मुश्किल से शादी कर पाते थे और आज भी वे नीची श्रेणी के समझे जाते हैं. उन्हीं के नाम से बुन्देलखन्ड में बनाफरी बोली बोली जाती है. "History of India" in J. B. O R. S. Vol. XIX मध्य भारत में एक राजपूत जाति बनफाड़ है, जो लेखक की खोजों के अनुसार राजपूतों से अन्तर-विवाह मुश्किल से कर पाते थे। महोबा के मध्यकालीन राजपूत वीर—आल्हा और ऊदल बनाफर राजपूत थे लेकिन उनका नीचा स्थान किन्हीं और वजहों से है.

شری جیسوال نے بھی بنارس کے سدین چھترپ بنسپھر کے اُن ونشجوں کی چرچا کی ہے' جو بندیلکھنڈ میں رہتے تھے . وہ کہتے ہیں' "اُن کو نیچ کل کا سمجھا جاتا تھا . وے راجپوت گھرانوں میں مشکل سے شادی کر پاتے تھے اور آج بھی وے نیچی شرینی کے سمجھے جاتے ہیں . اُنہیں کے نام سے بندیلکھنڈ میں بناپھری بولی جاتی ہے . "History of India " in J. B. O. R. S. Vol. XIX مدھیہ بھارت میں ایک راجپوت جاتی بن پھوڑ ہے' جو لیکھک کی کھوجوں کے انوسار راجپوتوں سے انتر وواہ مشکل سے کر پاتے تھے . مہوبا کے مدھیہ کالین راجپوت ویر—آلہا اور اودل بناپھر راجپوت تھے . لیکن اُن کا نیچا استھان کنہیں اور وجہوں سے ہے .

s—Vide Manu X—43-44, Patanjali 2. 4. 10.

पुराने क्षत्रियों से बिलकुल अलग कर देता है.* तमाशा यह है कि ये तमाम नये क्षत्रिय अपने नाम के आगे सिंह (बोलने में सिंघ) शब्द को जोड़ते हैं. इसलिये क्षत्रप रुद्र सिंह और उनके सजातीय लोगों के राजपूत सिंहों के पूर्वज होने में कोई आश्चर्य की बात नहीं है.

अब हम कुछ राजपूतों के "हूण" संसर्ग के सवाल पर विचार करेंगे. जैसा कि पहिले कहा जा चुका है टाड ने ही पहिले यह बताया कि राजपूतों में "हूण" नाम का एक क़बीला है. लेकिन श्री वैद्य इस बात को यह कह कर काट देते हैं कि राजपूत क़बीलों की सूची में "हूण" नहीं "हूल" है.❀ आगे वे कहते हैं, "मुसलमानों के विरुद्ध हूणों और हूलों का नाम आता है (देखो Tod's Rajasthan by Crooke, Vol. 1, P. 290) हूल हूण से अलग क्षत्रियों में एक क़बीला था.S आगे फिर वे कहते हैं, "कुमार पाल चरित में (इसकी रचना चन्द्र गहरवाला ने 1080-1130 ईसवी में की थी) क्षत्रियों के कुछ राजकुलों की सूची में हूण भी हैं.† रासो की सूची में इसे हूल कहा गया है."‡ आगे चलकर वे कहते हैं, "लेखों से क्षत्रिय राजाओं का हूण राजकुमारियों से ब्याह होने का पता चलता है.☫ ग्यारहवीं सदी में कलचुरियों के शासक कर्णदेव ने हूण राजकुमारी अवल्ला देवी से शादी की (विक्रम देव चरित).

इस तरह सन् 530 ईसवी में पश्चिमी भारत से यशोधर्मन द्वारा मिहिरकुल के हरा दिये जाने और निकाल दिये जाने के बाद भी हूणों की मौजूदगी का पता चलता है. 9-10 सदियों में हम बंगाल के पाल राजाओं के भाड़े के सिपाहियों के रूप में हूणों का नाम पाते हैं.*

ऐसा लगता है कि वे हिन्दुस्तान भर में घूमते रहते थे और विभिन्न राजाओं के यहां फ़ौजों में काम किया करते थे. इन रचनाओं में यह बात तो मान ही ली गई है कि जो

پرانے چھتریوں سے بالکل الگ کر دیتا ھے .* تماشہ یہ ھے کہ یہ تمام نئے چھتریہ اپنے نام کے آگے سنہ (بولنے میں سنگھ) شبد کو جوڑتے ھیں . اس لئے چھترپ رودر سنگھ اور اُن کے سجاتیہ لوگوں کے راجپوت سنگھوں کے پوروج ھونے میں کوئی آشچریہ کی بات نہیں ھے .

اب ھم کچھ راجپوتوں کے " ھن " سنسرگ کے سوال پر بچار کریں گے . جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ھے ٹاڈ نے ھی پہلے یہ بتایا کہ راجپوتوں میں " ھن " نام کا ایک قبیلہ ھے . لیکن شری ویدیہ اس بات کو یہ کہکر کاٹ دیتے ھیں کہ راجپوت قبیلے کی سوچی میں " ھن " نہیں " ھول " ھے . ❀ آگے وے کہتے ھیں' مسلمانوں کے وِرودھ ھنوں اور ھولوں کا نام آتا ھے . (دیکھو Tod's Rajasthan by Crooke, Vol. 1, P.290) ھول ھن سے الگ چھتریوں میں ایک قبیلہ تھا . S آگے پھر وے کہتے ھیں' " کمار پال چرت میں (اِس کی رچنا چندر گھر والا نے 1008-1130 عیسوی میں کی تھی) چھتریوں کے کچھ راج کلوں کی سوچی میں ھن بھی ھیں .† راسو کی سوچی میں اِسے ھول کہا گیا ھے ." ‡ آگے چل کر وے کہتے ھیں' " لیکھوں سے چھتریہ راجاؤں کا ھن راج کماریوں سے بیاہ ھونے کا پتہ چلتا ھے. ☫ گیارھویں صدی میں کل چریوں کے شاسک کرن دیو نے ھن راج کماری اولا دیوی سے شادی کی (وکرم دیو چرت) .

اِس طرح سن 530 عیسوی میں پچھمی بھارت سے یشو دھرمن دوارا مہرکل کے ھرا دیئے جانے اور نکال دیئے جانے کے بعد بھی ھنوں کی موجودگی کا پتہ چلتا ھے . 9-10 صدیوں میں ھم بنگال کے پال راجاؤں کے بھاڑے کے سپاھیوں کے روپ میں ھن کا نام پاتے ھیں .*

ایسا لگتا ھے کہ وے ھندستان بھر میں گھومتے رھتے تھے اور وبھن راجاؤں کے یہاں فوجوں میں کام کیا کرتے تھے . اِن رچناؤں میں یہ بات تو مان ھی لی گئی ھے کہ جو

---

*—उत्तर बंगाल के कोंच क़बीले ने हिन्दू होने के बाद राजवंशी-शासक कुलों से सम्बन्धित नाम धारण कर लिया. आजकल वे अपने को क्षत्रिय कहते हैं. राजन्य शब्द प्राचीन और राजपूत वर्तमान इतिहास के शब्द हैं. इसलिये उन्हें नये शब्द की जरूरत थी. सच तो यह है कि इस नये नाम का वही अर्थ है जो कि दूसरे शब्दों का है.

* اُتر بنگال کے کونچ قبیلے نے ھندو ھونے کے بعد راج ونشی شاسک کلوں سے سمبندھت نام دھارن کر لیا . آجکل وے اپنے کو چھتریہ کہتے ھیں . راجنیہ شبد پراچین اور راجپوت ورتمان اِتہاس کے شبد ھیں . اِس لئے اُنہیں نئے شبد کی ضرورت تھی . سچ تو یہ کہ اِس نئے نام کا وھی ارتھ ھے جو کہ دوسرے شبدوں کا ھے .

❀—Vaidya, Vol. IV, 23-26.

S—Ibid.

†—मल्लिनाथ, कालिदास के रघुवंशम् की टीका के चौदहवें अध्याय में इन्हें क्षत्रिय बताते हैं.

† ملی ناتھ' کالی داس کے رگھوونشم کی ٹیکا کے چودھویں ادھیائے میں اِنھیں چھتریہ بتاتے ھیں .

‡ Vaidya. Vol. 111, P. 37.

☫—Ibid Vol. 11, P. 26.

*—Vide Pala inscriptions published in Epigraphica Indica.

हमेशा कहता है कि वर्ण गुणों के अनुसार बनते हैं (गीता). वर्ण की बुनियाद कर्म है, इसलिये हिन्दू समाज में ऐसी कोई चीज़ नहीं है, जिससे कि परम्परागत वर्णों में एक नया दल समाज के लिये किये हुये कर्म के आधार पर तैयार किया जाये.

अब हम राजपूतों के विदेशी होने के सवाल पर आते हैं. हमने कहा है कि मानवतत्व वेत्ता यह नहीं मानते कि राजपूतों का निकास सिथियनों से हुआ. लेकिन हम यह देखते हैं कि ब्राह्मनों ने पश्चिमी भारत में दूसरी जातियों के लोगों को क्षत्री बनाया था और इन क्षत्रियों के खानदानी पार्थियन या शक हिन्दू नाम के थे.‡ इस कुल के आखरी लोग रुद्र सिंह तीसरे थे. खन्डहरों की खोजों से पता चलता है कि शकों और बहुत से यवनों ने ब्राह्मन्यवाद स्वीकार कर लिया था.* यह साफ़ है कि शक क्षत्रियों ने ब्राह्मन्यवाद स्वीकार कर लिया क्योंकि ब्राह्मण राजा पुलमई ने चस्तन के पोते क्षत्रप रुद्र दामां की लड़की से शादी की.† इतिहास बताता है कि चन्द्रगुप्त दूसरे ने 388 ईसवी में इस शाही खानदान को खत्म किया. लेकिन इसका अर्थ यह नहीं कि दो सौ बरसों से जितने भी शक इस साम्राज्य में रहते थे सभी खत्म कर दिये गये. इतिहास भी इसकी गवाही नहीं देता. रुद्र सिंह तीसरे तो ज़रूर खत्म कर दिये गये, लेकिन बहुत से पुराने बसने वालों के सिंह नामधारी ब्राह्मण वंशज रह गये थे. उसी शक साम्राज्य की सीमा के ठीक भीतर वह यज्ञ हुआ था. फिर बाद में हम देखते हैं कि गुर्जर प्रतिहारों ने भी अपनी राजधानी उसी ख़ित्ते में बनाई. तो यह कोई आश्चर्य की बात नहीं होगी कि ब्राह्मणों ने, जैनों और बौद्धों के खिलाफ़ अपने लिये लड़ने वालों को कट्टर हिन्दू व्यवस्था के दूसरे वर्ण में पहुंचाने के लिये एक आधार के रूप में मज़हबी इजाज़त दे दी ! इसलिये यह कोई नामुमकिन बात नहीं है कि बहुत से शक और गुर्जर क़बीले की शासक श्रेणी के लोग क्षत्रिय बन गये और उन्हें "राजपूत" की नई उपाधि मिली. यह नया नाम उन्हें

کہتا ہے کہ ورن گنوں کے انوسار بنتے ہیں (گیتا) . ورن کی بنیاد کرم ہے' اس لئے ہندو سماج میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے' جس سے کہ پرمپراگت ورنوں میں ایک نیا دل سماج کے لئے کئے ہوئے کرم کے آدھار پر تیار کیا جائے .

اب ہم راجپوتوں کے ودیشی ہونے کے سوال پر آتے ہیں . ہم نے کہا ہے کہ مانو تتو ویتا یہ نہیں مانتے کہ راجپوتوں کا نکاس سدھیوں سے ہوا. لیکن ہم یہ دیکھتے ہیں کہ براہمنوں نے پچھمی بھارت میں دوسری جاتیوں کے لوگوں کو چھتری بنایا تھا اور ان چھتریوں کے خاندانی پارتھین یا شک ہندو نام کے تھے .‡ اِس کل کے آخری لوگ رودر سنگھ تیسرے تھے . کھنڈروں کی کھوجوں سے پتہ چلتا ہے کہ شکوں اور بہت سے یونوں نے براہمن واد سویکار کر لیا تھا .* یہ صاف ہے کہ شک چھتریوں نے براہمن واد سویکار کر لیا کیونکہ براہمن راجا پل مئی نے چستن کے پوتے چھترپ رودر داماں کی لڑکی سے شادی کی .† اتہاس بتاتا ہے کہ چندرگپت دوسرے نے 388 عیسوی میں اِس شاہی خاندان کو ختم کیا . لیکن اِس کا ارتھ یہ نہیں کہ دو سو برسوں سے جتنے بھی شک اِس سامراجیہ میں رہتے تھے سبھی ختم کر دیئے گئے . اتہاس بھی اِس کی گواہی نہیں دیتا. رودر سنگھ تیسرے تو ضرور ختم کر دیئے گئے' لیکن بہت سے پرانے بسنے والوں کے سنگھ نام دھاری براہمن ونشج رہ گئے تھے . اُسی شک سامراجیہ کی سیما کے ٹھیک بھیتر وہ یگیہ ہوا تھا . پھر بعد میں ہم دیکھتے ہیں کہ گرجر پرتیہاروں نے بھی اپنی راجدھانی اُسی خطے میں بنائی . تو یہ کوئی اشچریہ کی بات نہیں ہوگی کہ براہمنوں نے' جینوں اور بدھوں کے خلاف اپنے لئے لڑنے والوں کو' کٹر ہندو ویوستھا کے دوسرے ورن میں پہنچانے کے لئے ایک آدھار کے روپ میں مذہبی اجازت دے دی ! اس لئے یہ کوئی ناممکن بات نہیں ہے کہ بہت سے شک اور گرجر قبیلے کی شاسک شرینی کے لوگ چھتریہ بن گئے اور انہیں "راجپوت" کی نئی اپادھی ملی. یہ نیا نام انہیں

---

‡—H. C. Rai Chaudhari: Political History of ancient India, pp. 389, 388-389.

*—देखिये—हेलेनिस्टिक राज्य के हेलेनिस्टिक राजदूत-जिसने कि अपना नाम "परम भागवत हेलियोदोरा" रखा था—का बनाया गौरोरा स्तम्भ

(دیکھئے—ہلینسٹک راجیہ کے ہلینسٹک راجدوت جس نے کہ اپنا نام "پرم بھاگوت ہیلیودورا" رکھا تھا—کا بنایا گوروا استمبھ)

Vincent Smith, Early History of India;—also vide Ep. Indica Vol. VIII 'The Inscriptions in the Caves of Nasik' No. 10, 15, 18.

†—H. C. Rai Chaudhari ap, cit, pp. 339, 388-389.

है. B जो इस धरा धाम पर उस समय अवतरित हुआ जब सूर्य कुल लुप्त हो गया. C कहा जाता है कि परमार वशिष्ठ मुनि के क्रोध से पैदा हुये. D चहुमान या चौहान राजा सामन्त 'बिज्योलिया' के अभिलेख में वत्स गोत्र के विप्र अथवा ब्राह्मण कहे गये हैं. E आबू पहाड़ के लूंगित देव अभिलेख में यह कहा गया है कि सूर्य कुल और चन्द्र कुल खत्म हो जाने पर वत्स ऋषि ने एक फ़ौजी जाति का निर्माण किया—यह था चहुमान कुल ! F इन लेखों से यह साफ़ मालूम होता है कि प्राचीन क्षत्रिय वर्ण के अन्दर मध्य युग में नई भर्ती हुई है. इस तरह यह साफ़ है कि पुराने ज़माने में एक 'संगठन' और शुद्धि आन्दोलन ज़रूर हुआ, जिससे क्षत्रिय राजाओं की एक नई धारा निकली, जिन्हें राजपूत कहते हैं. फिर इब्बेट्सन, फुलकियन स्टेट्स गज़ेटियर (Phulkian States Gazetteer) से एक उद्धरण देते हैं, जिसमें कहा गया है कि "चन्द्रवंश की मुख्तलिफ़ शाखायें—बड़ गूजर (बड़ गूजर), कछवाहे, शेखावट, खांप* एक ही जगह से निकले हैं. फिर उन्हीं महाशय ने मि० विल्सन का हवाला दिया है, जो कहते हैं कि राजपूतों की गूजर, बड़ गूजर जाति अक्सर साथ ही पाई जाती है, इससे यह मालूम पड़ता है कि बड़ गूजरों का सम्बन्ध गूजरों से वही है, जो खानज़ादों का मेयों से है, और जो ज़्यादातर राजपूतों का जाटों से है."‡ यानी शासक श्रेणी में पहुंच जाने के कारण ये आम जनता से अलग हो गये और उनसे किसी प्रकार का सम्बन्ध नहीं मानते. और भी, पंजाब में नाभा में, विभिन्न गूजर जातियां अपने को अस्पष्ट तौर से राजपूत कुल का कहती हैं.§

इस प्रकार मुख्तलिफ़ जांच पड़ताल करने वाले इसी नतीजे पर पहुंचते हैं कि गुर्जरों (आजकल के गूजर) और मुख्तलिफ़ राजपूत जातियों में नसली ताल्लुक़ है. इसलिये ब्राह्मणों द्वारा यज्ञ के ज़रिये शुद्धि और शुद्ध वर्गों का परम्परागत क्षत्रिय वर्ण में शामिल होना मनगढ़न्त कहानी नहीं है, ख़ास तौर से जब हम यह देखते हैं कि हिन्दू समाज आज के हिन्दुस्तान में विभिन्न स्थानों पर वही काम कर रहा है.❀ हिन्दू धर्म

هے. B جو اِس دھرا دھام پر اُس سمے اوترت ہوا جب سوریہ کل لپت ہو گیا. C کہا جاتا هے کہ پرمار وششٹھ منی کے کرودھ سے پیدا ہوئے. D چہومان یا چوہان راجہ سامنت 'بجولیا' کے ابھیلیکھ میں وتس گوتر کے وپر اتھوا براهمن کہے گئے هیں. E آبو پہاڑ کے لونگت دیو کے ابھیلیکھ میں یہ کہا گیا هے کہ سوریہ کل اور چندر کل نشٹ ہوجانے پر وتس رشی نے ایک فوجی جاتی کا نرمان کیا—یہ تھا چوهومان کل! F اِن لیکھوں سے یہ صاف معلوم ہوتا هے کہ پراچین چھتری ورن کے اندر مدھیہ یگ میں نئی بھرتی ہوئی هے. اِس طرح یہ صاف هے کہ پرانے زمانے میں ایک 'سنگٹھن' اور شدھی آندولن ضرور ہوا جس سے چھتریہ راجاؤں کی ایک نئی دھارا نکلی' جنھیں راجپوت کہتے هیں. ابیٹسن' پلکین اسٹیٹس گزیٹیر (Pulkian States Gazetteer) سے ایک ادھرن دیتے هیں' جس میں کہا گیا هے کہ "چندر ونش کی مختلف شاکھائیں—بڑ گوجر (بڑ گوجر)' کچھواہے' شیکھاوت' کھانپ* ایک ہی جگہ سے نکلے هیں. پھر اُنھوں مہاشے نے مسٹر ولسن کا حوالہ دیا هے' جو کہتے هیں کہ راجپوتوں کی گوجر' بڑگوجر جاتی اکثر ساتھ ہی پائی جاتی هے' اِس سے یہ معلوم پڑتا هے کہ بڑگوجروں کا سمبندھ گوجروں سے وہی هے' جو خانزادوں کا میوں سے هے' اور جو زیادہ تر راجپوتوں کا جاٹوں سے هے."‡ یعنی شاسک شرینی میں پہونچ جانے کے کارن یہ عام جنتا سے الگ ہوگئے اور اُن سے کسی پرکار کا سمبندھ نہیں مانتے. اور بھی' پنجاب میں نابھا میں' وبھن گوجر جاتیاں اپنے کو اسپشٹ طور سے راجپوت کل کا کہتی هیں.§

اِس پرکار مختلف جانچ پڑتال کرنے والے اِسی نتیجے پر پہونچتے هیں کہ گرجروں (آجکل کے گوجر) اور مختلف راجپوت جاتیوں میں نسلی تعلق هے. اِس لئے براهمنوں دوارا یگیہ کے ذریعے شدھی اور شدھ ورگوں کا پرمپراگت چھتریہ ورن میں شامل ہونا من گڑھنت کہانی نہیں هے' خاص طور سے جب هم یہ دیکھتے هیں کہ هندو سماج آج کے هندستان میں وبھن استھانوں پر وہی کام کر رہا هے.‡ هندو دھرم همیشہ

B—Ep. Ind. Vol. XII PP. 10 FF.
C—Indian antiquary Vol. XVIV P. 11.
D—Ep. Ind. Vol. IX, No. 2 P. 11.
E—I. R. A. S. B. Vol. Lv Pt i 1, P. 4'.
F—Ep. Ind. Vol IX No. 44-D-p.F.

*—"पंजाब और सीमा प्रांत की जातियों और क़बीलों का कोश." परलोकवासी सर डी० इबेटसन के पंजाब की मर्दुमशुमारी की रिपोर्ट के आधार पर.

* "پنجاب اور سیما پرانت کی جاتیوں اور قبیلوں کا کوش." پرلوک واسی سر ڈی. ابیٹسن کے پنجاب کی مردم شماری کی رپورٹ کے آدھار پر.

‡—Ibid. PP. 310, 312. §—Ibid.

❀—यहां हमें बौद्धदार्शनिक आर्यदेव की बात याद आ जाती है कि ब्राह्मण तो किसी को भी क्षत्रिय में बदल देते हैं.

❀ یہاں همیں بودھ دارشنک آریہ دیو کی بات یاد آجاتی کہ براهمن تو کسی کو بھی چھتریہ میں بدل دیتے هیں.

"जीवन के उस चक्र को जो ईश्वर ने चला दिया है जो आदमी ठीक ठीक चलने में मदद नहीं देता यानी दूसरों के साथ नेकी नहीं करता, हे अर्जुन ! वह पाप करता है और उसका जीना बेकार है.

बौद्ध ग्रन्थ धम्मपद में लिखा है:—

"जो आदमी विद्वानों की सी बातें बहुत करता है, पर दूसरों के साथ नेकी नहीं करता वह उस नासमझ आदमी की तरह है जो दूसरे की गायों को बार बार गिनता है, लेकिन जिसे एक घूंट दूध भी पीने को नहीं मिलता."

मनुस्मृति में लिखा है :—

"नेक काम करना ही सब से बड़ा धर्म है. सब वेदों और स्मृतियों की यही तालीम है. इसलिये समझदार आदमी को चाहिये कि अपने को ठीक रखते हुए हमेशा नेक काम करता रहे. जो ब्राह्मन नेक कामों से हटा हुआ है उसे वेद नहीं बचा सकते, और जो नेक काम करता रहता है उसे जीवन के सब अच्छे फल मिलते हैं."

महाभारत में लिखा है :—

"वह पढ़ने वाले और पढ़ाने वाले और सब लोग जो बड़ी बड़ी किताबों के केवल शब्द पढ़ते रहते हैं और उन्हीं पर बहस करते रहते हैं वह सब एक बुरी आदत में फंसे हुए और मूर्ख हैं. पंडित वही है जो दूसरों के साथ नेकी करता है."

सूफ़ी कहता है कि :—

"चाहे तुमने कितना भी इल्म पढ़ा हो अगर तुम्हारे काम नेक नहीं हैं तो तुम जाहिल हो. तब तुम एक ऐसे जानवर की तरह हो जिस पर किताबों का बोझ लदा हुआ है, पर जो न सच्चाई को जानता है और न कुछ समझता है."

ہندو کتاب نرکت میں لکھا ھے :—

"جس آدمی کو سب وید زبانی یاد ھیں پر جو اُن کے آرتھوں کو نہیں جانتا وہ ایک لکڑی کے کندے کی طرح ھے جس پر بوجھ لدا ھوا ھے . اور جو آرتھ کو بھی جانتا ھے اور اپنے اُس گیان کے انوسار نیک کام کرتا ھے وہ اُن پاپوں سے بچتا ھوا جو آتما کو باندھتے اور نیچے گھسیٹتے ھیں سورگ کو پراپت کرتا ھے."

وششٹھ سمرتی میں لکھا ھے :—

"سب ویدوں کو اُن کے چھیوں انگوں سمیت یدی کوئی آدمی بڑی محنت کے ساتھ بھی پڑھ لے پر اُس کے کام اچھے نہ ھوں تو وید اُسے نہیں بچاسکتے . مرنے کے سمے وید اُسے اِس طرح چھوڑکر چلے جائینگے جس طرح چڑیا کے بچے بڑے ھونے پر گھونسلے کو چھوڑکر چلے جاتے ھیں ."

گیتا میں لکھا ھے :—

"جیون کے اُس چکر کو جو ایشور نے چلا دیا ھے جو آدمی ٹھیک ٹھیک چلنے میں مدد نہیں دیتا یعنی دوسروں کے ساتھ نیکی نہیں کرتا، ھے آرجن ! وہ پاپ کرتا ھے اور اُس کا جینا بے کار ھے ."

بودھ گرنتھ دھم پد میں لکھا ھے :—

"جو آدمی ودوانوں کی سی باتیں بہت کرتا ھے، پر دوسروں کے ساتھ نیکی نہیں کرتا وہ اُس ناسمجھ آدمی کی طرح ھے جو دوسرے کی گایوں کو بار بار گنتا ھے، لیکن جسے ایک گھونٹ دودھ بھی پینے کو نہیں ملتا ."

منوسمرتی میں لکھا ھے :—

"نیک کام کرنا ھی سب سے بڑا دھرم ھے . سب ویدوں اور سمرتیوں کی یہی تعلیم ھے ، اِس لئے سمجھدار آدمی کو چاھئے کہ اپنے کو ٹھیک رکھتے ھوئے ھمیشہ نیک کام کرتا رھے. جو براھمن نیک کاموں سے ھٹا ھوا ھے اُسے وید نہیں بچاسکتے، اور جو نیک کام کرتا رھتا ھے اُسے جیون کے سب اچھے پھل ملتے ھیں ."

مہابھارت میں لکھا ھے :—

"وہ پڑھنے والے اور پڑھانے والے اور سب لوگ جو بڑی بڑی کتابوں کے کیول شبد پڑھتے رھتے ھیں اور اُنھیں پر بحث کرتے رھتے ھیں وہ سب ایک بری عادت میں پھنسے ھوئے اور مورکھ ھیں . پنڈت وھی ھے جو دوسروں کے ساتھ نیکی کرتا ھے ."

صوفی کہتا ھے کہ :—

"چاھے تم نے کتنا بھی علم پڑھا ھو اگر تمھارے کام نیک نہیں ھیں تو تم جاھل ھو . تب تم ایک ایسے جانور کی طرح ھو جس پر کتابوں کا بوجھ لدا ھوا ھے، پر جو نہ سچائی کو جانتا ھے اور نہ کچھ سمجھتا ھے ."

जो शब्द भी मेरे मुंह से निकले वही उसका नाम है, जो कुछ भी मैं सुनूं वही सुमिरन यानी उसकी याद है, जो कुछ मैं खाऊं पियूं वह सब उसी की पूजा यानी इबादत है, घर और जंगल दोनों को मैं एक बराबर देखता हूं, दुई का ख़्याल ही मैंने अपने दिल से निकाल दिया है.

पुराने मिस्री धर्म में मौत के देवता को 'औसीरस' कहा गया है. हिन्दुओं में उसे यमराज कहते हैं. क़ुरआन में अल्लाह के उसी रूप का नाम अल्क़ाबिज़ है. जो रूहें बेगुनाह और पाक होती हैं उन्हें भी मौत के बाद औसीरस नाम से पुकारा जाता है. प्राचीन मिस्र की मशहूर किताब 'बुक आफ़ दी डेड' में लिखा है :—

"औसीरस को जाने दो. तुम देख रहे हो कि वह बेगुनाह है......वह ज़मीन पर सच्चाई से रहा, उसने सच्चा ही खाना खाया......इसीलिये ईश्वर ने उसका स्वागत किया......उसने अल्लाह के भूकों को खाना खिलाया, अल्लाह के प्यासों को पानी पिलाया और अल्लाह के नंगो को कपड़ा पहनाया."

'पात्रेदानम' यानी हक़दार को दान देना, 'अन्नदानम' यानी भूकों को खाना खिलाना, 'विद्यादानम्' यानी बेपढ़ों को पढ़ाना, इन तीनों कामों की भारत के धर्म ग्रन्थों में बार बार तारीफ़ की गई है और यह सब के लिये फ़र्ज़ बताए गए हैं.

अल्लाह के इश्क़ यानी भक्ति का आनन्द लेना और अपने आप को ईश्वर के अर्पण कर देना ही काफ़ी नहीं है. जो आदमी ख़ुद आज़ाद हो गया हो उसका यह भी फ़र्ज़ है कि वह उन लोगों के लिये जो अभी तक ग़ुलाम हैं यानी तरह तरह की दुनियवी इच्छाओं की बेड़ियों मे जकड़े हुए हैं उनके लिये ख़ादिम की तरह काम करे. उसे अपने रात दिन के कामों में इस बात को समझना और इस पर अमल करना चाहिये कि सारी मानव जाति बल्कि सब जानदार एक ही बहुत बड़ी बिरादरी हैं जिसका कोई अन्त नहीं. सच्चा ज्ञान और सच्ची भक्ति दोनों पति पत्नि की तरह हैं. पर यदि इन दोनों से अच्छे कामों यानी नेक आमाल के बच्चे पैदा न हों तो यह दोनों निकम्मे और बांझ हैं. धार्मिक विश्वास और साइन्सी अक़्ल बिना नेक कामों के निकम्मे ही नहीं बुरे हैं. नेक काम ही आदमी के धार्मिक विश्वास के गवाह होते हैं. आदमी के दिल का अक़ीदा वही है जिस के अनुसार वह काम करता है. असली विश्वास शब्दों से साबित नहीं होता कामों से साबित होता है. विश्वास का सबूत शहीदों का ख़ून होता है, वही विश्वास का असल बीज होता है.

इन्जील में लिखा है :—

"तुम उन्हें उनके फलों यानी कामों से पहचानोगे."

جو شبد بھی میرے منھ سے نکلے وھی اُس کا نام ھے' جو کچھ بھی میں سنوں وھی سمرن یعنی اُس کی یاد ھے' جو کچھ بھی میں کھاؤں پیوں وہ سب اُسی کی پوجا یعنی عبادت ھے' گھر اور جنگل دونوں کو میں ایک برابر دیکھتا ھوں' دوئی کا خیال ھی میں نے اپنے دل سے نکال دیا ھے ۔

پرانے مصری دھرم میں موت کے دیوتا کو 'آوسیرس' کہا گیا ھے ۔ ھندؤں میں اُسے یمراج کہتے ھیں ۔ قرآن میں اللہ کے اُسی روپ کا نام القابض ھے ۔ جو روحیں بےگناہ اور پاک ھوتی ھیں اُنھیں بھی موت کے بعد اوسیرس نام سے پکارا جاتا ھے ۔ پراچین مصر کی مشہور کتاب 'بک آف دی ڈیڈ' میں لکھا ھے :—

"اوسیرس کو جانے دو. تم دیکھ رھے ھو کہ وہ بےگناہ ھے...... وہ زمین پر سچائی سے رہا' اُس نے سچا ہی کھانا کھایا...... اِسیلئے ایشور نے اُس کا سواگت کیا......اُس نے اللہ کے بھوکوں کو کھانا کھلایا' اللہ کے پیاسوں کو پانی پلایا اور اللہ کے ننگوں کو کپڑا پہنایا ."

'پاترے دانم' یعنی حقدار کو دان دینا' 'ان دانم' یعنی بھوکوں کو کھانا کھلانا' 'ودیا دانم' یعنی بےپڑھوں کو پڑھانا' اِن تینوں کاموں کی بھارت کے دھرم گرنتھوں میں بار بار تعریف کی گئی ھے اور یہ سب کے لئے فرض بتائے گئے ھیں ۔

اللہ کے عشق یعنی بھکتی کا آنند لینا اور اپنے آپ کو ایشور کے ارپن کردینا ھی کافی نہیں ھے ۔ جو آدمی خود آزاد ھوگیا ھو اُس کا یہ بھی فرض ھے کہ وہ اُن لوگوں کے لئے جو ابھی تک غلام ھیں یعنی طرح طرح کی دنیوی اِچھاؤں کی بیڑیوں میں جکڑے ھوئے ھیں اُن کے لئے خادم کی طرح کام کرے ۔ اُسے اپنے رات دن کے کاموں میں اِس بات کو سمجھنا اور اِس پر عمل کرنا چاھئے کہ ساری مانو جاتی بلکہ سب جاندار ایک ھی بہت بڑی برادری ھیں جس کا کوئی انت نہیں ۔ سچا گیان اور سچی بھکتی دونوں پتی پتنی کی طرح ھیں ۔ پر یدی اِن دونوں سے اچھے کاموں یعنی نیک اعمال کے بچے پیدا نہ ھوں تو یہ دونوں نکمے اور بانجھ ھیں. دھارمک وشواس اور سائنسی عقل بنا نیک کاموں کے نکمے ھی نہیں برے ھیں ۔ نیک کام ھی آدمی کے دھارمک وشواس کے گواہ ھوتے ھیں ۔ آدمی کے دل کا عقیدہ وھی ھے جس کے انوسار وہ کام کرتا ھے. اصلی وشواس شبدوں سے ثابت نہیں ھوتا کاموں سے ثابت ھوتا ھے ۔ وشواس کا ثبوت شہیدوں کا خون ھوتا ھے' وھی وشواس کا اصل بیج ھوتا ھے.

اِنجیل میں لکھا ھے :—

"تم انھیں اُن کے پھلوں یعنی کاموں سے پہچانو گے ."

बचालूंगा, तू फ़िक्र मत कर, हे अर्जुन ! अच्छी तरह समझ ले कि मेरा भक्त कभी नष्ट नहीं होता."

"तू जो कुछ करे, जो कुछ खावे, जो कुछ आहुति दे, जो कुछ दान दे, जो कुछ तपस्या करे, ऐ अर्जुन ! सब मुझे अर्पण कर."

इन्जील में लिखा है :—

"ऐ वह सब लोगो जो थक गए हो और जिन के दिलों पर चिन्ताओं का बोझ है, मेरे पास आओ. मैं तुम्हें आराम पहुंचाऊंगा......पूरे दिल से ईश्वर से प्रेम करो......हम जियें तो ईश्वर के लिये और मरें तो ईश्वर के लिये, इसलिये हम चाहे जियें और चाहे मरें हम ईश्वर के हैं......तुम चाहे खाओ और चाहे पियो और चाहे कुछ भी काम करो, जो करो सब ईश्वर के लिये और उसी की शान के लिये करो."

हज़रत ईसा ने कहा है कि :—

"ऐ वह लोगो जिन पर मेरे पिता की बरकतें हैं, ईश्वर के राज के वारिस बनो......क्योंकि जब मैं भूका था तुम ने मुझे खाना दिया, जब मैं प्यासा था तुम ने मुझे पानी दिया......मैं नंगा था और तुमने मुझे कपड़े पहनाए." (मत्ती की इन्जील)

चीन के मशहूर महात्मा लाओ-त्से ने लिखा है :—

"ताओ यानी धर्म का रास्ता यही है कि हम अपने लिये या अपने को सामने रखकर कोई काम न करें, हम जो काम करें उनमें नतीजों की चिन्ता न करें, खावें और सवाद की फ़िक्र न करें, छोटी चीज़ को बड़ी और बड़ी को छोटी समझें, और कोई हमें नुक़सान पहुंचावे तो उसका बदला नेकी से दें" (लाओ-त्से-किंग)

पारसी धर्म की किताब गाथा में लिखा है :—

"ऐ मज़दा यानी ईश्वर ! ज़रतुश्त अपना तन और अपनी आत्मा तुझे अर्पण करता है......नेक काम करने वाला जो कुछ भी करता है, ऐ ईश्वर ! सब तेरे ही लिये करता है."

कबीर साहब ने इस हालत को "सहज समाधि" कहा है और इसे इन शब्दों में बयान किया है :—

"जहं जहं डोलौं सो परिकरमा, जो कछु करौं सो सेवा
जब सोवौं तब करौं दन्डवत, पूजौं और न देवा
कहौं सो नाम सुनौं सो सुमिरन खावौं पियौं सो पूजा
गिरह उजाड़ एक सम लेखौं भाव मिटावौं दूजा."

यानी—मैं जहां जहां भी चलूं वही भगवान की परिक्रमा यानी तवाफ़ है, मैं जो कुछ भी करूं वही ईश्वर की सेवा यानी ख़िदमत है, मैं जब भी सोऊं मेरा सोना उसकी दंडवत यानी सिजदा है, मैं किसी और देवी देवता को नहीं पूजता.

بچا لوں گا' تو فکر مت کر' ہے آرجن ! اچھی طرح سمجھ لے کہ میرا بھگت کبھی نشٹ نہیں ہوتا ."

"تو جو کچھ کرے' جو کچھ کھاوے' جو کچھ آہوتی دے' جو کچھ دان دے' جو کچھ تپسیا کرے' اے آرجن ! سب مجھے آرپن کر ."

اِنجیل میں لکھا ہے :—

"اے وہ سب لوگو جو تھک گئے ہو اور جن کے دلوں پر چنتاؤں کا بوجھ ہے' میرے پاس آؤ . میں تمہیں آرام پہونچاؤنگا .....پورے دل سے ایشور سے پریم کرو .... ہم جئیں تو ایشور کے لئے اور مریں تو ایشور کے لئے' اِس لئے ہم چاہے جئیں اور چاہے مریں ہم ایشور کے ہیں..... تم چاہے کھاؤ اور چاہے پیو اور چاہے کچھ بھی کام کرو جو کرو سب ایشور کے لئے اور اُسی کی شان کے لئے کرو ."

حضرت عیسیٰ نے کہا ہے کہ :—

"اے وہ لوگو جن پر میرے پتا کی برکتیں ہیں' ایشور کے راج کے وارث بنو.....کیونکہ جب میں بھوکا تھا تم نے مجھے کھانا دیا' جب میں پیاسا تھا تم نے مجھے پانی دیا.....میں ننگا تھا اور تم نے مجھے کپڑے پہنائے ." (متی کی اِنجیل)

چین کے مشہور مہاتما لاؤ - تسے نے لکھا ہے :—

"تاؤ یعنی دھرم کا راستہ یہی ہے کہ ہم اپنے لئے یا اپنے کو سامنے رکھ کر کوئی کام نہ کریں' ہم جو کام کریں اُن میں نتیجوں کی چنتا نہ کریں' کھاویں اور سواد کی فکر نہ کریں' چھوٹی چیز کو بڑی اور بڑی کو چھوٹی سمجھیں' اور کوئی ہمیں نقصان پہونچاوے تو اُس کا بدلا نیکی سے دیں ." (لاؤتسے کنگ)

پارسی دھرم کی کتاب گاتھا میں لکھا ہے :—

"اے مزدہ یعنی ایشور ! زرتشت اپنا تن اور اپنی آتما تجھے ارپن کرتا ہے.....نیک کام کرنے والا جو کچھ بھی کرتا ہے' اے ایشور ! سب تیرے ہی لئے کرتا ہے ."

کبیر صاحب نے اِس حالت کو "سہج سمادھی" کہا ہے اور اِسے اِن شبدوں میں بیان کیا ہے :—

"جہیں جہیں ڈولوں سو پریکرما جو کچھو کروں سو سیوا
جب سوؤں تب کروں دنڈوت پوجوں اور نہ دیوا
کہوں سو نام سنوں سو سمرن کھاؤں پیؤں سو پوجا
گرہ اُجاڑ ایک سم لیکھوں بھاؤ مٹاؤں دوجا."

یعنی—میں جہاں بھی جہاں چلوں وہی بھگوان کی پریکرما یعنی طواف ہے' میں جو کچھ بھی کروں وہی ایشور کی سیوا یعنی خدمت ہے' میں جب بھی سوؤں میرا سونا اُس کی ڈنڈوت یعنی سجدہ ہے' میں کسی اور دیوی دیوتا کو نہیں پوجتا .

"हज़ारों काबों से एक दिल बेहतर है"

डाक्टर भगवानदास

इससे पहले के एक लेख में हम कह चुके हैं कि अलग अलग धर्मों की ख़ास ख़ास किताबों को अगर हम असल ज़बान में एक दूसरे से मिलाकर पढ़ें तो हमें उन सब के अन्दर एक ही से विचार और एक ही प्रीतम का प्यारा मुखड़ा दिखाई देगा. बुतपरस्ती आदमी की आत्मा पर बेड़ियों का काम करती है. पर बुत परस्ती से भी अधिक ख़तरनाक बेड़ियां वेद परस्ती, क़ुरआन-परस्ती और इंजील-परस्ती हैं. धर्म के मामले में मेरा तेरा और अहंकार यानी ख़ुदी वैसी ही बुरी और ख़तरनाक हैं जैसी हमारे आए दिन के बरताव में.

इस ख़ुदी से ऊपर उठने का एक तरीक़ा दुनिया के बड़े से बड़े महापुरुषों ने हमें यह बताया है कि हम सब काम उस रूहेकुल यानी परम-आत्मा के नाम पर उसी की राह में और उसी को अर्पण करके करें जो सब के अन्दर है. यह मानकर करें कि जो कुछ हम कर रहे हैं उसी की मरज़ी है, उसी की आज्ञा है. तब ही हज़रत ईसा का यह वाक्य—"ईश्वर ! तेरी इच्छा पूरी हो, मेरी नहीं" धीरे धीरे हमारे जीवन का आवश्यक अंग बन सकता है. केवल इसी तरह हम अपनी आत्मा को उस परमआत्मा के साथ मिलाकर एक कर सकेंगे. और यह एकता हमारे प्रेम, हमारी इबादत और हमारे सब छोटे बड़े कामों में चमक उठेगी. तब ही हमारे अन्दर हक़ का ज़हूर होगा.

क़ुरआन में लिखा है कि :—

"ग़रीबों, यतीमों और क़ैदियों को केवल अल्लाह के लिये और उसी की मुहब्बत के नाम पर खाना दो. अपने लिये किसी तरह का इनाम या बदला न चाहो, शुक्रिये की भी इच्छा न करो."

और लिखा है कि :—

"मेरी सब दुआएं, मेरी क़ुरबानियां, मेरा जीवन और मेरी मौत सब उसी अल्लाह के लिये हैं जो सब दुनियाओं का मालिक है."

"हम पूरे दिल से उसी अल्लाह पर भरोसा करते हैं, वही हमारी सब से अच्छी पनाह, हमारा आश्रय है."

गीता में ईश्वर ने कहा है :—

"मुझमें अपने मन को लगा, मुझ से प्रेम कर, मेरे ही लिये क़ुरबानी कर, मुझे नमस्कार कर, मैं तुझे सब पापों से

"ھزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ھے"

ڈاکٹر بھگوان داس

اِس سے پہلے کے ایک لیکھ میں ہم کہہ چکے ھیں کہ الگ الگ دھرموں کی خاص خاص کتابوں کو اگر ہم اصل زبان میں ایک دوسرے سے ملاکر پڑھیں تو ھمیں اُن سب کے اندر ایک ھی سے وچار اور ایک ھی پریتم کا پیارا مکھڑا دکھائی دے گا. بت پرستی آدمی کی آتما پر بیڑیوں کا کام کرتی ھے. پر بت پرستی سے بھی ادھک خطرناک بیڑیاں وید پرستی، قرآن پرستی، اور اِنجیل پرستی ھیں. دھرم کے معاملے میں میرا تیرا اور اھنکار یعنی خودی ویسی ھی بری اور خطرناک ھیں جیسی ھمارے آئے دن کے برتاؤ میں.

اِس خودی سے اوپر اُٹھنے کا ایک طریقہ دنیا کے بڑے سے بڑے مہاپرشوں نے ھمیں یہ بتایا ھے کہ ھم سب کام اُس روح کل یعنی پرم آتما کے نام پر اُسی کی راہ میں اور اُسی کو ارپن کرکے کریں جو سب کے اندر ھے. یہ مان کر کریں کہ جو کچھ ھم کر رھے ھیں اُسی کی مرضی ھے، اُسی کی آگیاں ھے. تب ھی حضرت عیسیٰ کا یہ واکیہ—"ایشور! تیری اچھا پوری ھو، میری نہیں" دھیرے دھیرے ھمارے جیون کا آوشیک انگ بن سکتا ھے. کیول اِسی طرح ھم اپنی آتما کو اُس پرم آتما کے ساتھ ملاکر ایک کرسکیں گے. اور یہ ایکتا ھمارے پریم، ھماری عبادت اور ھمارے سب چھوٹے بڑے کاموں میں چمک اُٹھے گی. تب ھی ھمارے اندر حق کا ظہور ھوگا.

قرآن میں لکھا ھے کہ :—

"غریبوں، یتیموں اور قیدیوں کو کیول اللہ کے لئے اور اُسی کی محبت کے نام پر کھانا دو. اپنے لئے کسی طرح کا انعام یا بدلا نہ چاھو، شکریہ کی بھی اِچھا نہ کرو."

اور لکھا ھے کہ :—

"میری سب دعائیں، میری قربانیاں، میرا جیون اور میری موت سب اُسی اللہ کے لئے ھیں جو سب دنیاؤں کا مالک ھے."

"ھم پورے دل سے اُسی اللہ پر بھروسہ کرتے ھیں، وھی ھماری سب سے اچھی پناہ، ھمارا آشرے ھے."

گیتا میں ایشور نے کہا ھے :—

"مجھ میں اپنے من کو لگا، مجھ سے پریم کر، میرے ھی لئے قربانی کر، مجھے نمسکار کر، میں تجھے سب پاپوں سے

मार्च 1955 مارچ

नया हिन्द نیا ہند

जिल्द 19 جلد नम्बर 3 نمبر

मार्च 1955 مارچ

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी ہندستانی کلچر سوسائٹی
145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद 145، مٹھی گنج، الٰہ آباد

NAYA HIND

Monthly Journal of the Hindustani Culture Society

Annual Subscription

Inland Rs. 6/-
Foreign Rs. 10/-
Single Copy As. /10/- only

नया हिन्द

इस नम्बर के ख़ास लेख

"हज़ारों काबों से एक दिल बेहतर है"

—डाक्टर भगवानदास

वेदान्त और तसव्वुफ़

—विश्वम्भरनाथ पांडे

जज़िया : इतिहास और असलियत

—श्री हमीद हसन

आजकल की कुछ छोटी चीनी कहानिया

—अनुवाद—मुजीब रिज़वी

मोहम्मद साहब का जानवरों से प्रेम

—श्री मुजीब रिज़वी

اس نمبر کے خاص لیکھ

"ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے"

—ڈاکٹر بھگوان داس

ویدانت اور تصوف

—وشومبھر ناتھ پانڈے

جزیہ : اِتہاس اور اصلیت

—شری حمید حسن

آجکل کی کچھ چھوٹی چینی کہانیاں

انوواد—مجیب رضوی

محمد صاحب کا جانوروں سے پریم

—شری مجیب رضوی

इसके अलावा

اس کے علاوہ

कहानी, स्केच, समालोचना, हमारी राय आदि

کہانی، اسکیچ، سمالوچنا، ہماری رائے آدی

...नी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद

हिन्दी घर

कलचर पर हर तरह की किताबें मिलने का एक बड़ा केन्द्र—पाठक हिन्दी, उर्दू, अंग्रेज़ी की अपनी मन-पसन्द किताबों के लिये हमें लिखें।

हमारी नई किताबें

महात्मा गान्धी की वसीयत

(हिन्दी और उर्दू में)
लेखक—गान्धीवाद के माने जाने
विद्वान : श्री मंज़र अली सोख्ता
सफ़े 225, क़ीमत दो रुपया

—:o:—

गान्धी बाबा

(बच्चों के लिये बहुत दिलचस्प किताब)
लेखिका—क़ुदसिया ज़ैदी
भूमिका—पन्डित जवाहरलाल नेहरू
मोटा कागज़, मोटा टाइप, बहुत-सी रंगीन तसवीरें
दाम दो रुपया

—:o:—

पंडित सुन्दरलाल जी की लिखी किताबें

गीता और क़ुरान

275 सफ़े, दाम ढाई रुपया

हिन्दू मुसलिम एकता

100 सफ़े, दाम बारह आने

महात्मा गान्धी के बलिदान से सबक़

क़ीमत बारह आने

पंजाब हमें क्या सिखाता है

क़ीमत चार आने

बंगाल और उससे सबक़

क़ीमत दो आने

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी

145 मुट्ठीगंज इलाहाबाद

ہندی گھر

کلچر پر ہر طرح کی کتابیں ملنے کا ایک بڑا کیندر—پاٹھک ہندی اردو، انگریزی کی من پسند کتابوں کے لئے ہمیں لکھیں۔

ہماری نئی کتابیں

مہاتما گاندھی کی وصیت

(ہندی اور اردو میں)
لیکھک—گاندھی واد کے مانے جانے
ودوان: شری منظر علی سوختہ
صفحے 225 قیمت دو روپیہ

—:o:—

گاندھی بابا

(بچوں کے لئے بہت دلچسپ کتاب)
لیکھکا—قدسیہ زیدی
بھومکا—پنڈت جواہر لال نہرو
موٹا کاغذ، موٹا ٹائپ، بہت سی رنگین تصویریں
دام دو روپیہ

—:o:—

پنڈت سندرلال جی کی لکھی کتابیں

گیتا اور قران

275 صفحے، دام ڈھائی روپیہ

ہندو مسلم ایکتا

100 صفحے دام بارہ آنے

مہاتما گاندھی کے بلیدان سے سبق

قیمت بارہ آنے

پنجاب ہمیں کیا سکھاتا ہے

قیمت چار آنے

بنگال اور اس سے سبق

قیمت دو آنے۔

ہندستانی کلچر سوسائٹی

145، مٹھی گنج الہ آباد

Printed and Published by Suresh Ramabhai, at the Naya Hind Press, 145, Muthiganj, Allahabad.

हमारे यहां मिलने वाली कुछ और किताबें — ہمارے یہاں ملنے والی کچھ اور کتابیں

नोट—यह किताबें सिर्फ हिन्दी में हैं।

नाम किताब	लेखक	दाम			لیکھک	نام کتاب
1. शेर ओ शायरी	श्री अयोध्या प्रसाद गोयलीय	8	0	0	شری ایودھیا پرساد گوئلیی	شعر و شاعری .1
2. शेर ओ सुखन	,,	8	0	0	,,	شعر و سخن .2
3. गहरे पानी पैठ	,,	2	8	0	,,	گہرے پانی پیٹھ .3
4. हमारे आराध्य	श्री बनारसीदास चतुर्वेदी	3	0	0	شری بنارسی داس چترویدی	ہمارے آرادھیہ .4
5 संस्मरण	,,	3	0	0	,,	سنسمرن .5
6. दो हजार वर्ष पुरानी कहानियां	श्री जगदीशचन्द्र जैन	3	0	0	شری جگدیش چندر جین	دو ہزار ورش پرانی کہانیاں .6
7. ज्ञान गंगा	श्री नारायण प्रसाद जैन	6	0	0	شری نارائن پرساد جین	گیان گنگا .7
8. पथ चिन्ह	श्री शान्ति प्रिय द्विवेदी	2	0	0	شری شانتی پریہ دویدی	پتھ چنہہ .8
9 पंथ प्रदीप	शान्ति, एम. ए.	2	0	0	شانتی ایم . اے	پنتھ پردیپ 9
10. आकाश के तारे धरती के फूल	श्री कन्हैयालाल मिश्र प्रभाकर	2	0	0	شری کنہیالال مشر پربھاکر	آکاش کے تارے دھرتی کے پھول .10
11. मुक्ति दूत	श्री वीरेन्द्र कुमार जैन एम ए.	[illegible]	0	0	شری ویریندر کمار جین ایم . اے	مکتی دوت .11
12. मिलन यामिनी	श्री बच्चन	4	0	0	شری بچن	ملن یامنی .12
13. रजत रश्मि	डाक्टर रामकुमार वर्मा	2	8	0	ڈاکٹر رام کمار ورما	رجت رشمی .13
14. मेरे बापू	श्री तन्मय बुखारिया	2	8	0	شری تنمے بکھاریا	میرے باپو .14
15. विश्व संघ की ओर	पंडित सुन्दरलाल भगवानदास केला	3	0	0	پنڈت سندرلال، بھگوان داس کیلا	وشو سنگھ کی اور .15
16. भारतीय अर्थशास्त्र	श्री भगवानदास केला		0	0	شری بھگوان داس کیلا	بھارتیہ ارتھ شاستر .16
17. भारतीय शासन	,,	3	0	0	,,	بھارتیہ شاسن .17
18. नागरिक शास्त्र	,,	2	4	0	,,	ناگرک شاستر .18
19. साम्राज्य और उनका पतन	,,	2	8	0	,,	سامراج اور اُن کا پتن .19
20. भारतीय स्वाधीनता आन्दोलन	,,	1	4	0	,,	بھارتیہ سوادھینتا آندولن .20
21. सर्वोदय अर्थ व्यवस्था	,,	1	8	0	,,	سرووَدیہ ارتھ ویوستھا .21
22. हमारी आदिम जातियां	श्री भगवानदास केला और श्री अखिल विनय	3	8	0	شری بھگوان داس کیلا اور شری اکھل ونے	ہماری آدم جاتیاں .22
23. अर्थशास्त्र शब्दावली	श्री दया शंकर दुबे, एम. ए. एल एल. बी गजाधर प्रसाद, अम्बिष्ट, भगवानदास केला	2	0	0	شری دیا شنکر دوبے ایم . اے . ایل ایل . بی . گجادھر پرساد، امبشٹ، بھگوان داس کیلا	ارتھ شاستر شبداولی .23
24. नागरिक शिक्षा	भगवानदास केला श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	شری بھگوان داس کیلا دیا شنکر دوبے	ناگرک شکشا .24
25. राष्ट्र मंडल शासन	श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	دیا شنکر دوبے	راشٹر منڈل شاسن .25
26. [illegible]	महात्मा भगवानदीन	3	0	0	مہاتما بھگوان دین	[illegible] .26
27. [illegible] की हिम्मत !	,,	1	0	0	,,	[illegible] کی ہمت .27
28. [illegible]	,,	0	8	0	,,	[illegible] .28
29. [illegible]	,,	1	0	0	,,	[illegible] .29

मिलने का पता—

मैनेजर 'नया हिन्द'

[illegible]

के बाहर रहने की पूरी आजादी हो. इस विधान के मुताबिक़ विश्व राज्य के मातहत सिर्फ़ एक जल, स्थल और हवाई सेना होगी. मुख़्तलिफ़ देशों की भीतरी सुरक्षा के लिये पुलिस के छोटे छोटे दस्ते भी रहेंगे लेकिन उनके हथियार मामूली दरजे के होंगे. विश्व राज्य राजनैतिक इकाई के आदर्श पर चलेगा. जब तक हमारा मक़सद जंग को रोकना है तब तक यह बात मामूली है कि सेना की इकाई एक देश की है अथवा देशों के समूह की है, या विश्व व्यापी संघ की है. उसका ख़ास मक़सद संसार को भावी महायुद्ध से बचाना होगा.

सवाल उठ सकता है कि क्या इस सरकार के मनमाना करने का ख़तरा है ? हां, है लेकिन भावी युद्ध के ख़तरे के सामने इस ख़तरे की कोई क़ीमत नहीं है. ऐटम बम के ख़तरे के आगे विश्व सरकार की मनमानी का ख़तरा कोई बड़ा ख़तरा नहीं रहता. अगर समझौते से इस तरह की विश्व सरकार बन जाती है तो वह दुनिया के लिये बहुत ही फ़ायदेमन्द साबित होगी. वरना हर जंग से एक ख़ास मुल्क ताक़तवर बन जाता है और वह अपनी हैवानी ताक़त से दुनिया की एक बड़ी आबादी को अपनी मरज़ी के मुताबिक़ चलने को मजबूर करता है. आज मानव समस्याओं को विश्व सरकार के ही ज़रिये हल किया जा सकता है. यह तसल्ली की बात है कि विचारवान लोग विश्व सरकार की योजना को मानव तरक़्क़ी का आला मकसद मानते हैं.

बहुत से लोग विश्व सरकार के ऊपर उसकी अन्तर-राष्ट्रीय सैनिक इकाई के ऊपर इस नुक़्तेनज़र से एतराज़ कर सकते हैं कि भविश्य में उसके फ़ासिस्त बन जाने का ख़तरा है. बेशक यह ख़तरा है ही, लेकिन अगर इसमें ख़तरा है तो यह उस ख़तरे के सामने कुछ भी नहीं है जो अन्तर-राष्ट्रीय अराजकता क़ायम रहने से पैदा होगा.

किन्तु विश्व राज्य की स्थापना तभी मुमकिन हो सकती है जब मुख़्तलिफ़ मुल्क अपना क़ौमी ग़ुरूर, अपने लोभ, अपने शक को जीत सकें. अगर दुनिया के मुल्क ऐसा करने मे कामयाब नहीं होते तो मानव इतिहास में वैज्ञानिक युग का दौर बहुत छोटा समझा जायेगा और मानव को फिर से अपने आदिम युग के पुरखों के समान कन्द मूल फल खा कर गुफाओं में रहना पड़ेगा.

इस समय इनसान तरक़्क़ी और बरबादी के चौराहे पर खड़ा है. उसे दो में से एक रास्ता चुनना है—महान सुख का रास्ता या भयंकर सर्वनाश का रास्ता. यह उसके ऊपर है कि वह कौन सा रास्ता चुने !

—विश्वम्भरनाथ पांडे

کے باہر رہنے کی پوری آزادی ہو۔ اِس ودھان کے مطابق وشو راجیہ کے ماتحت صرف ایک جل، استھل اور ہوائی سینا ہوگی۔ مختلف دیشوں کی بھیتری سورکشا کے لئے پولس کے چھوٹے چھوٹے دستے بھی رہینگے، لیکن اُن کے ہتھیار معمولی درجے کے ہونگے۔ وشو راجیہ راجنیتک اِکائی کے آدرش پر چلے گا۔ جب تک ہمارا مقصد جنگ کو روکنا ہے تب تک یہ بات معمولی ہے کہ سینا کی اکائی ایک دیش کی ہے، اتھوا دیشوں کے سموہ کی ہے یا وشو ویاپی سنگھ کی ہے۔ اُس کا خاص مقصد سنسار کو بھاوی مہا یدھ سے بچانا ہوگا۔

سوال اُٹھ سکتا ہے کہ کیا اِس سرکار کے منمانا کرنے کا خطرہ ہے؟ ہاں، ہے لیکن بھاوی یدھ کے خطرے کے سامنے اِس خطرے کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ ایٹم بم کے خطرے کے آگے وشو سرکار کی منمانی کا خطرہ کوئی بڑا خطرہ نہیں رہتا۔ اگر سمجھوتے سے اِس طرح کی وشو سرکار بن جاتی ہے تو وہ دنیا کے لئے بہت ہی فائدے مند ثابت ہوگی۔ ورنہ ہر جنگ سے ایک خاص ملک طاقتور بن جاتا ہے اور وہ اپنی حیوانی طاقت سے دنیا کی ایک بڑی آبادی کو اپنی مرضی کے مطابق چلنے کو مجبور کرتا ہے۔ آج مانو سمسیاؤں کو وشو سرکار کے ہی ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ یہ تسلی کی بات ہے کہ وچاروان لوگ وشو سرکار کی یوجنا کو مانو ترقی کا اعلیٰ مقصد مانتے ہیں۔

بہت سے لوگ وشو سرکار کے اوپر اور اُس کی انترراشٹریہ سینک اکائی کے اوپر اِس نقطہ نظر سے اعتراض کر سکتے ہیں کہ بھوشیہ میں اُس کے فاسسٹ بن جانے کا خطرہ ہے۔ بیشک یہ خطرہ ہے ہی، لیکن اگر اِس میں خطرہ ہے تو یہ اُس خطرے کے سامنے کچھ بھی نہیں ہے جو انترراشٹریہ اراجکتا قائم رہنے سے پیدا ہوگا۔

کنتو وشو راجیہ کی استھاپنا تبھی ممکن ہو سکتی ہے جب مختلف ملک اپنا قومی غرور، اپنے لوبھ، اپنے شک کو جیت سکیں۔ اگر دنیا کے ملک ایسا کرنے میں کامیاب نہیں ہوتے تو مانو اتہاس میں ویگیانک یگ کا دور بہت چھوٹا سمجھا جائیگا اور مانو کو پھر سے اپنے آدِم یگ کے پُرکھوں کے سمان کند مول پھل کھا کر گپھاؤں میں رہنا پڑیگا۔

اِس سمے انسان ترقی اور بربادی کے چوراہے پر کھڑا ہے۔ اُسے دو میں سے ایک راستہ چننا ہے—مہان سکھ کا راستہ یا بھینکر سروناش کا راستہ۔ یہ اُس کے اوپر ہے کہ وہ کون سا راستہ چنے!

—وشومبھر ناتھ پانڈے

की गई, लेकिन किसी संतोशजनक नतीजे पर नहीं पहुंचे. आज राजनितिज्ञों के मुरझाये चेहरे इसे क़ुबूल कर रहे हैं कि जंग को रोकने के लिये अबतक कोई तरीक़ा नहीं निकाला जा सका. इनसानी भूलों और बेवक़ूफ़ियों का जो लम्बा लेखा जोखा उनके सामने है उसे देखते हुये वह निश्चित रूप से कह सकते हैं कि तीसरी जंग होकर ही रहेगी. हां, यह दूसरी बात है कि वह कब हो. महान शक्तियों के बीच युद्ध रोकने की काग़ज़ी योजना तैयार कर देना बहुत आसान है. यह बड़े दुख की बात है कि दुनिया की राजनीति आज जिन लोगों के हाथों मे है, वे मर जाना पसन्द करेंगे लेकिन अक़्ल के साथ जीना पसन्द नहीं करेंगे. विश्व शान्ति के रास्ते में आज सब से बड़ी रुकावट राष्ट्रीयता साबित हो रही है और इस रुकावट को ऐटम बम का ख़तरा भी ख़त्म नहीं कर पाया.

तीसरा महायुद्ध ऐटम बम को लेकर लड़ा जाता है तो संसार में जो कुछ भी क़ीमती है, वह सब बरबाद हो जायेगा. संगठित सरकारें भी सम्भवत: क़ायम न रह सकेंगी. वैज्ञानिक और वैज्ञानिकों की अनुसंधान शालाएं सब से पहले बरबाद की जायेंगी और अन्त में ऐटम बम बनाने वाला या किसी प्रकार का वैज्ञानिक युद्ध लड़ने वाला कोई इनसान जीवित न बच पायेगा. इस तीसरे महायुद्ध के बाद सम्भवत: कुछ सदियों तक हमें असभ्य, लेकिन मुक़ाबलेतन कहीं ज़्यादा शान्तिपूर्न ज़िन्दगी बिताने का मौक़ा मिले.

प्रोफ़ेसर अलबर्ट आइनस्टीन ने अपने एक बयान में हाल में कहा है : अगर ऐटम बम की लड़ाई हुई तो दुनिया के दो-तिहाई इनसान काल के गाल में चले जायेंगे. ऐसी हालत में एक ही तरीक़ा है जो दुनिया को सर्वनाश से बचा सकता है और वह है विश्व सरकार की स्थापना. संसार के सभी देशों को और ख़ासकर अमरीका, सोवियत यूनियन और इंगलैंड को अपनी सैनिक व्यवस्था और अस्त्र शस्त्र और अपनी सेनाएं इस विश्व राज्य के सुपुर्द कर देनी होंगी. जिन देशों के पास अणु बम बनाने का भेद है उन्हें यह भेद भी इस अखिल विश्व सरकार के हवाले कर देना होगा. सोवियत यूनियन, अमरीका और भारत के एक एक प्रतिनिधि लेकर एक विधान परिषद बनाई जा सकती है. भारत का प्रतिनिधि इसलिये ज़रूरी है कि भारत शान्ति का अखंड उपासक है. इन तीनों देशों के विचार धाराओं के समन्वय से ही विश्व सरकार का सर्वमान्य विधान बन सकता है. जब ये तीन बड़े देश क़ाबिल सहायकों की मदद से इस तरह विश्व सरकार का विधान बना लें तब इन छोटे छोटे मुल्कों को शामिल होने का न्योता दें. शामिल करने में उनके ऊपर किसी तरह का दबाव न डाला जाये. अगर वे न शामिल होना चाहें तब भी अपने को पूरी तरह सुरक्षित और हर सुविधा का अधिकारी समझें. उन्हें विश्व सरकार

کی گئی، لیکن کسی سنتوش‌جنک نتیجے پر نہیں پہونچے. آج راجنیتگیوں کے مرجھائے چہرے اِسے قبول کر رہے ہیں کہ جنگ کو روکنے کے لئے اب تک کوئی طریقہ نہیں نکالا جا سکا . اِنسانی بھولوں اور بیوقوفیوں کا جو لمبا لیکھا جوکھا اُن کے سامنے ہے اُسے دیکھتے ہوئے وے نشچت روپ سے کہ سکتے ہیں کہ تیسری جنگ ہو کر ہی رہے گی . ہاں، یہ دوسری بات ہے کہ وہ کب ہو . مہان شکتیوں کے بیچ یدھ روکنے کی کاغذی یوجنا تیار کر دینا بہت آسان ہے . یہ بڑے دکھ کی بات ہے کہ دنیا کی راجنیتی آج جن لوگوں کے ہاتھوں میں ہے، وے مر جانا پسند کرینگے لیکن عقل کے ساتھ جینا پسند نہیں کرینگے . وشو شانتی کے راستے میں آج سب سے بڑی رکاوٹ راشٹریتا ثابت ہو رہی ہے اور اِس رکاوٹ کو ایٹم بم کا خطرہ بھی ختم نہیں کر پایا .

تیسرا مہایدھ ایٹم بم کو لے کر لڑا جاتا ہے تو سنسار میں جو کچھ بھی قیمتی ہے، وہ سب برباد ہو جائے گا . سنگٹھت سرکاریں بھی سمبھوتہ قائم نہ رہ سکینگی . ویگیانک اور ویگیانکوں کی انوسندھان شالائیں سب سے پہلے برباد کی جائینگی اور انت میں ایٹم بم بنانے والا یا کسی پرکار کا ویگیانک یدھ لڑنے والا کوئی اِنسان جیوت نہ بچ پائے گا . اِس تیسرے مہایدھ کے بعد سمبھوتہ کچھ صدیوں تک ہمیں اسبھیہ، لیکن مقابلےتن کہیں زیادہ شانتی پورن زندگی بتانے کا موقعہ ملے .

پروفیسر البرٹ آئن اسٹین نے اپنے ایک بیان میں حال میں کہا ہے : اگر ایٹم بم کی لڑائی ہوئی تو دنیا کے دو - تہائی انسان کال کے گال میں چلے جائینگے . ایسی حالت میں ایک ہی طریقہ ہے جو دنیا کو سروناش سے بچا سکتا ہے اور وہ ہے وشو سرکار کی استھاپنا . سنسار کے سبھی دیشوں کو اور خاص کر امریکہ، سوویت یونین اور اِنگلینڈ کو اپنی سینک ویوستھا اور استر شستر اور اپنی سینائیں اِس وشو راجیہ کے سپرد کر دینی ہونگی . جن دیشوں کے پاس انو بم بنانے کا بھید ہے اُنہیں یہ بھید بھی اِس اکھل وشو سرکار کے حوالے کر دینا ہوگا . سوویت یونین، امریکہ اور بھارت کے ایک ایک پرتیندھی لے کر ایک ودھان پریشد بنائی جا سکتی ہے . بھارت کا پرتیندھی اِس لئے ضروری ہے کہ بھارت شانتی کا اکھنڈ اُپاسک ہے . اِن تینوں دیشوں کے وچار دھاراؤں کے سمنوے سے ہی وشو سرکار کا سرو مانیہ ودھان بن سکتا ہے . جب یہ تین بڑے دیش قابل سہائکوں کی مدد سے اِس طرح وشو سرکار کا ودھان بنا لیں تب اِن چھوٹے چھوٹے ملکوں کو شامل ہونے کا نیوتا دیں . شامل کرنے میں اُن کے اُوپر کسی طرح کا دباؤ نہ ڈالا جائے . اگر وے نہ شامل ہونا چاہیں تب بھی اپنے کو پوری طرح سورکشت اور ہر سویدھا کا ادھیکاری سمجھیں . اُنہیں وشو سرکار

आज हर मुल्क के विचारवान व्यक्ति तीसरी जंग के भयंकर नतीजों से पूरी तरह वाक़िफ़ हो चुके हैं. ऐटम और हाइड्रोजन बम क़यामत की शक्ल में सारी दुनिया की ओर देख रहे हैं लेकिन दुनिया को इससे बचाने के लिये जितने शीघ्र हमें अपने राजनैतिक ढांचे में तब्दीली करना चाहिये उतने शीघ्र हम वह तब्दीली नहीं कर रहे हैं. इस सम्बन्ध में आज तरह तरह के सुझाव लोगों के सामने पेश किये जा रहे हैं. कुछ लोग यह कहते हैं कि एक इस तरह का समझौता होना चाहिये कि जिन देशों के पास ऐटम और हाइड्रोजन बम हैं वे युद्ध के समय उनका इस्तेमाल न करें लेकिन क्या यह मुमकिन है ! क्या अमरीका ने नाटो ताक़तों को ऐटम बम नहीं दे दिया है ? जिस समय महायुद्ध शुरू होगा इन बमों का इस्तेमाल करने का लालच लोग रोक न सकेंगे. एक दूसरा सुझाव है कि इन बमों को अधिक से अधिक भयंकर बनाने के बारे में जो वैज्ञानिक छानबीन जारी है उन्हें रोक दिया जाय लेकिन क्या यह मुमकिन है ? यह एक निश्चित सत्य है कि हिरोशिमा और नागासाकी के ऊपर जो ऐटम बम फेंके गये थे उनसे पच्चीस हज़ार गुना ज़्यादा ख़तरनाक बम बनाये जा चुके हैं और कोई भी अन्तर्राष्ट्रीय समझौता इन भयंकर बमों की तैयारी को नहीं रोक सकता.

कुछ लोगों को यह उम्मीद है कि भविष्य में युद्ध को इसलिये रोका जा सकेगा कि लोगों का ख़्याल है कि इन बमों से संसार की तहज़ीब और कल्चर का नाश हो जायगा. लेकिन हमारा पिछला तजरुबा हम में कोई ऐसी उम्मीद पैदा नहीं करता. बारूद की ईजाद से लेकर ऐटम बम की ईजाद तक जब जब भी नये नये ख़ौफ़नाक अस्त्र शस्त्र बने कुछ न कुछ नासमझ आदमियों ने इसलिये उनका स्वागत किया कि इससे युद्ध की सम्भावना कम हो जायगी, लेकिन क्या कभी इन भोले आदमियो की उम्मीद सच साबित हुई ? इस के विपरीत युद्ध में अधिक से अधिक भयंकरता ही आती गई.

कुछ लोगों की राय है कि युद्ध को रोकने की सिर्फ़ एक ही तरकीब हो सकती है और वह यह कि कोई एक दल बेहद ताक़तवर हो जाये.लेकिन क्या यह ऐटम बम के ज़माने में मुमकिन है ? अभी कुछ दिन पहले अमरीका को इस बात का दावा था कि उसके पास हाइड्रोजन बमों का एक ज़ख़ीरा है लेकिन अभी सुप्रीम सोवियत पार्लिमेन्ट मे फ़ारेन मिनिस्टर मोलोतोव ने ऐलान किया कि रूस के पास अमरीका के मुक़ाबले में हाइड्रोजन बम का कहीं बड़ा ज़ख़ीरा है.

दूसरे महायुद्ध की समाप्ति के बाद यू. एन. ओ. ने जंग को रोकने की काफ़ी कोशिशें की हैं. कई बार विदेश मन्त्रियों का सम्मेलन किया गया. स्थाई समझौतों पर बहस

آج ہر ملک کے وچاروان ویکتی تیسری جنگ کے بھینکر نتیجوں سے پوری طرح واقف ہوچکے ہیں . ایٹم اور ہائیڈروجن بم قیامت کی شکل میں ساری دنیا کی اور دیکھ رہے ہیں لیکن دنیا کو اِس سے بچانے کے لئے جتنے شیگھر ہمیں اپنے راجنیتک ڈھانچے میں تبدیلی کرنا چاہئے اُتنے شیگھر ہم وہ تبدیلی نہیں کررہے ہیں . اِس سمبندھ میں آج طرح طرح کے سجھاؤ لوگوں کے سامنے پیش کئے جا رہے ہیں . کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اِس طرح کا ایک سمجھوتہ ہونا چاہئے کہ جن دیشوں کے پاس ایٹم اور ہائیڈروجن بم ہیں وے یدھ کے سمے اُن کا استعمال نہ کریں لیکن کیا یہ ممکن ہے ؟ کیا امریکہ نے ناٹو طاقتوں کا ایٹم بم نہیں دے دیا ہے ؟ جس سمے مہایدھ شروع ہوگا اِن بموں کا استعمال کرنے کا لالچ لوگ روک نہ سکیں گے . ایک دوسرا سجھاؤ ہے کہ اِن بموں کو ادھک بھینکر بنانے کے بارے میں جو ویگیانک چھان بین جاری ہے اُنھیں روک دیا جائے . لیکن کیا یہ ممکن ہے ؟ یہ ایک نشچت ستیہ ہے کہ ہیروشما اور ناگا ساکی کے اُوپر جو ایٹم بم پھینکے گئے تھے اُن سے پچیس ہزار گنا زیادہ خطرناک بم بنائے جا چکے ہیں اور کوئی بھی انتر راشٹریہ سمجھوتہ اِن بھینکر بموں کی تیاری کو نہیں روک سکتا .

کچھ لوگوں کو یہ اُمید ہے کہ بھوشیہ میں یدھ کو اِس لئے روکا جا سکیگا کہ لوگوں کا خیال ہے کہ اِن بموں سے سنسار کی تہذیب اور کلچر کا ناش ہو جائیگا . لیکن ہمارا پچھلا تجربہ ہم میں ایسی اُمید پیدا نہیں کرتا . بارود کی اِیجاد سے لیکر ایٹم بم کی اِیجاد تک جب بھی نئے نئے خوفناک استر شستر بنے کچھ نہ کچھ ناسمجھ آدمیوں نے اِس لئے اُن کا سواگت کیا کہ اِس سے یدھ کی سمبھاونا کم ہو جائیگی' لیکن کیا کبھی اِن بھولے آدمیوں کی اُمید سچ ثابت ہوئی ؟ اِس کے وپریت یدھ میں ادھک سے ادھک بھینکرتا ہی آتی گئی .

کچھ لوگوں کی رائے ہے کہ یدھ کو روکنے کی صرف ایک ہی ترکیب ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ کوئی ایک دل بےحد طاقتور ہو جائے . لیکن کیا یہ ایٹم بم کے زمانے میں ممکن ہے ؟ ابھی کچھ دن پہلے امریکہ کو اِس بات کا دعویٰ تھا کہ اس کے پاس ہائیڈروجن بموں کا ایک ذخیرہ ہے' لیکن ابھی سوپریم سوویت پارلیمینٹ میں فارین منسٹر مولوتوف نے اعلان کیا کہ روس کے پاس امریکہ کے مقابلے میں ہائیڈروجن بم کا کہیں بڑا ذخیرہ ہے .

دوسرے مہایدھ کی سماپتی کے بعد یو. این. او. نے جنگ کو روکنے کی کافی کوششیں کی ہیں . کئی بار ودیش منتریوں کا سمیلن کیا . استھائی سمجھوتوں پر بحث

ने वालों के लिये अथवा हजारों बेगुनाह नागरिकों के वध करने वालों के लिये कोई सजा नहीं है. विचार जगत में इस झूठे दर्शन सिद्धान्त को हमें पराजित करना है. इतिहास के दौर में नात्सीवाद या फासिस्तवाद कोई यकबयक घटना नहीं है. यदि ऐसा होता तो, हिटलर, मुसोलनी और तोजो की मौत पर हम शान्तिमय जीवन की आशा कर सकते थे. सचाई यह है कि जब तक दुनिया में जंग को मजहबी फ़र्ज़ समझा जायगा, तब तक शान्ति का क़ायम होना मुमकिन नहीं दिखाई देता.

दूसरी जंग के ख़त्म होते ही, दूरन्देशों ने तीसरी लड़ाई की आवाजें सुननी शुरू कर दी थीं. पहले यह आवाज हल्की थी, फिर धीरे धीरे इसकी तेजी से आसमान गूंज उठा और घने काले बादलों की छाया बढ़ती जा रही है. आज दुनिया का हर शख्स अपने दिल में यह सोचता है कि क्या सचमुच तीसरी लड़ाई के नगाड़े बजने वाले हैं. यू. एन. ओ. के ऊपर अब भी सारी दुनिया को कुछ न कुछ आशा बंधी हुई है. इसीलिये भारत जैसे देश जो उससे निराश हो चुके हैं, फिर भी उसका पल्ला थामे हुये हैं. डूबती हुई दुनिया के लिये तिनका भी एक सहारा बन सकता है. यह भी आशा लगी है कि संसार के देशों के बीच में एशिया और अफ्रीका के देशों को एक बाइज्जत जगह मिलेगी और दुनिया से साम्राज्यवाद का खात्मा होगा और साम्राज्यवाद के मिटते ही लड़ाई का लालच भी मिट जायगा. लेकिन जैसी हालत इस समय है और जिस तरह बड़ी ताक़तें अपनी सैनिक तैयारियां कर रही हैं और जिस ढर्रे पर चल रही है और जिस तरह वहां युद्ध देवता की पूजा हो रही है उससे एक ही नतीजा समझ में आता है कि तीसरा महायुद्ध भी कुछ समय के लिये टल सकता है, लेकिन देर सवेर तीसरे महायुद्ध के बादल बिना बरसे छूटेंगे नहीं.

इस विचारधारा के लोगों का कहना है कि दुनिया को स्थायी शान्ति की स्थापना को दृष्टि में रखते हुये यह ऐलान करना ही पड़ेगा, कि जंग एक हैवानी और ज़ालिमाना वहशत है. आसमान के सातों परदों पर उसका इतिहास खून और आग से लिखा गया है. मानव सभ्यता के लिये एक अपमान है. जंग का मतलब घायलों की कराहें, बमबारी से घायल मासूम औरतों और बच्चों की चीखें और बरसों के बाद जंग के खात्मे पर हजारों सैनिकों और जवानों का अंधे, लूले, लंगड़े और फेफड़ों से खून थूकते हुये, पागलखानों की दीवारों से सर टकराते हुये दिखाई देना. आज मासूम इन्सानियत की आत्मा को साम्राज्यवादी राजनीतिज्ञों के बन्धन से छूटकर इस बात का ऐलान करना होगा कि दुनिया के सब जुर्मों में युद्ध एक सबसे खौफ़नाक जुर्म है.

دینے والوں کے لئے اتھوا ہزاروں بے گناہ ناگرکوں کے ودھ کرنے والوں کے لئے کوئی سزا نہیں ہے۔ وچار جگت میں اس جھوٹے درشن سدھانت کو ہمیں پراجت کرنا ہے۔ اتیہاس کے دور میں ناتسیواد یا فاسستواد کوئی یک بیک گھٹنا نہیں ہے۔ یدی ایسا ہوتا تو، ہٹلر، مسولنی اور توجو کی موت پر ہم شانتی مے جیون کی آشا کرسکتے تھے۔ سچائی یہ ہے کہ جب تک دنیا میں جنگ کو مذہبی فرض سمجھا جائیگا، تب تک شانتی کا قائم ہونا ممکن نہیں دکھائی دیتا۔

دوسری جنگ کے ختم ہوتے ہی، دور اندیشوں نے تیسری لڑائی کی آوازیں سننی شروع کردی تھیں۔ پہلے یہ آواز ہلکی تھی، پھر دھیرے دھیرے اس کی تیزی سے آسمان گونج اٹھا اور گھنے کالے بادلوں کی چھایا بڑھتی جا رہی ہے۔ آج دنیا کا ہر شخص اپنے دل میں یہ سوچتا ہے کی کیا سچ مچ تیسری لڑائی کے نگاڑے بجنے والے ہیں۔ یو۔ این۔ او۔ کے اوپر اب بھی ساری دنیا کو کچھ نہ کچھ آشا بندھی ہوئی ہے۔ اسی لئے بھارت جیسے دیش جو اس سے نراش ہوچکے ہیں، پھر بھی اس کا پلہ تھامے ہوئے ہیں۔ ڈوبتی ہوئی دنیا کے لئے تنکا بھی ایک سہارا بن سکتا ہے۔ یہ بھی آشا لگی ہے کہ سنسار کے دیشوں کے بیچ میں ایشیا اور افریقہ کے دیشوں کو ایک باعزت جگہ ملیگی اور دنیا سے سامراجیہواد کا خاتمہ ہوگا اور سامراجیہواد کے مٹتے ہی لڑائی کا لالچ بھی مٹ جائیگا۔ لیکن جیسی حالت اس سمے ہے اور جس طرح بڑی طاقتیں اپنی سینک تیاریاں کر رہی ہے اور جس ڈھرے پر چل رہی ہیں اور جس طرح وہاں یدھ دیوتا کی پوجا ہو رہی ہے اس سے ایک ہی نتیجہ سمجھ میں آتا ہے کہ تیسرا مہایدھ بھی کچھ سمے کے لئے ٹل سکتا ہے، لیکن دیر سویر تیسرے مہایدھ کے بادل بنا برسے چھٹینگے نہیں۔

اس وچار دھارا کے لوگوں کا کہنا ہے کہ دنیا کو استھائی شانتی کی استھاپنا کو درشٹی میں رکھتے ہوئے یہ اعلان کرنا ہی پڑیگا کہ جنگ ایک حیوانی اور ظالمانہ وحشت ہے۔ آسمان کے ساتوں پردوں پر اس کا اتیہاس خون اور آگ سے لکھا گیا ہے۔ مانو سبھیتا کے لئے ایک اپمان ہے۔ جنگ کا مطلب ہے گھائلوں کی کراہیں، بمباری سے گھائل معصوم عورتوں اور بچوں کی چیخیں اور برسوں کے بعد جنگ کے خاتمے پر ہزاروں سینکوں اور جوانوں کا اندھے، لولے، لنگڑے اور پھیپھڑوں سے خون تھوکتے ہوئے پاگل خانوں کی دیواروں سے سر ٹکراتے ہوئے دکھائی دینا۔ آج معصوم انسانیت کی آتما کو سامراجیہوادی راجنیتگیوں کے بندھن سے چھوٹکر اس بات کا اعلان کرنا ہوگا کہ دنیا کے سب جرموں میں یدھ ایک سب سے خوفناک جرم ہے۔

जिसमें किसी बाहर वाले को दख़ल देने का किसी तरह का कोई हक़ नहीं है.

(3) अमरीकी सरकार को चाहिये कि अपना जहाज़ी बेड़ा और अपनी फ़ौजें फ़ौरन फ़ारमूसा से हटा ले ताकि चीन की सरकार और वहां की जनता आज़ादी के साथ बिना किसी तरह की बाहर की मदाख़लत के अपने घरेलू झगड़े को जिस तरह चाहे तै कर सके.

हमें पूरा विश्वास है कि हिन्दुस्तान की जनता बिना भेद भाव के इन दोनों सवालों पर जब और जहां मौक़ा होगा अपनी साफ़ साफ़ आवाज़ ऊंची करेगी. एक यह कि जहां तक मुमकिन हो जंग न हो, और अगर हो भी तो उस में ऐटमी हथियारों का इस्तेमाल न होने पावे, और दूसरी यह कि अमरीका की सरकार फ़ारमूसा से अपनी फ़ौजों को हटा ले और आइन्दा कोई किसी दूसरे के घरेलू मामले में दख़ल न दे.

6. 2. 55 — सुन्दरलाल

جس میں کسی باہر والے کو دخل دینے کا کسی طرح کا کوئی حق نہیں ہے.

(3) امریکی سرکار کو چاہئے کہ اپنا جہازی بیڑا اور اپنی فوجیں فوراً فارموسا سے ہٹا لے تاکہ چین کی سرکار اور وہاں کی جنتا آزادی کے ساتھ بنا کسی طرح کی باہر کی مداخلت کے اپنے گھریلو جھگڑے کو جس طرح چاہے طے کر سکے.

ہمیں پورا وشواس ہے کہ ہندستان کی جنتا بنا بھید بھاؤ کے ان دونوں سوالوں پر جب اور جہاں موقعہ ہوگا اپنی صاف صاف آواز اونچی کرے گی. ایک یہ کہ جہاں تک ممکن ہو جنگ نہ ہو اور اگر ہو تو اس میں ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال نہ ہونے پاوے اور دوسری یہ کہ امریکہ کی سرکار فارموسا سے اپنی فوجوں کو ہٹالے اور آئندہ کوئی کسی دوسرے کے گھریلو معاملے میں دخل نہ دے.

— سندرلال 6. 2. '55

ऐटम बम और विश्व सरकार

यूनाइटेड नेशन्स की असेम्बली विश्व शान्ति के लिये जो कोशिशें कर रही है उसके नतीजों के बारे में दुनिया के विचारवान लोगों के दिलों में एक संदेह सा पैदा हो गया है. मित्र राष्ट्रों के युद्ध में जीतने की जितनी सम्भावना थी उससे कहीं कम आज शान्ति की सम्भावना दिखाई दे रही है. दुनिया के हित चिन्तकों को युद्ध के नतीजे की जितनी चिन्ता न थी उतनी उन्हें शान्ति के नतीजे की चिन्ता हो उठी है. आज की अन्तर्राष्ट्रीय राजनीति के तीनों प्रधान केन्द्रों—वाशिंगटन, लन्दन और मास्को—मे यह शुबहे की भावना व्याप्त है. एक दूसरे की तरफ़ संदेह होने के सबब आज दुनिया के बड़े बड़े मुल्क सिर से पैर तक अपने को हथियार से लाद रहे हैं. उनके दिल एक दूसरे की तरफ़ ख़ौफ़नाक शुबहे और नफ़रत से भर गये हैं. दुनिया के सभी मर्द, औरत और बच्चों को एक भयंकर आफ़त अपने सामने दिखाई दे रही है. अंधी शान, बड़प्पन के झूठे अभिमान और आर्थिक हानि के भय ने लगभग हर मुल्क के शासकों के दिमाग़ में घर कर लिया है. जीवन का ऐसा दर्शन, जो विजय और अधिकार में भेद को बढ़ाता है, जो युद्ध को धर्म बना देता है, जो डकैती को सैनिक पोशाक में सजाकर उसे देशभक्त कहता है और जो क़त्ल और ज़ुल्म को पवित्र और उदार कर्त्तव्य बताता है, इस समय उन्नति कर रहा है. आज उन लोगों के लिये तो क़ानूनी शिकंजे हैं जो किसी व्यक्ति के घर में आग लगा दें या किसी व्यक्ति को क़त्ल कर दें, लेकिन शहर के शहर जला

ایٹم بم اور وشو سرکار

یونائیٹڈ نیشنس کی اسمبلی وشو شانتی کے لئے جو کوششیں کر رہی ہے اس کے نتیجوں کے بارے میں دنیا کے وچاروان لوگوں کے دلوں میں ایک سندیہ سا پیدا ہوگیا ہے. متر راشٹروں کے یدھ میں جیتنے کی جتنی سمبھاونا تھی اس سے کہیں کم آج شانتی کی سمبھاونا دکھائی دے رہی ہے. دنیا کے ہت چنتکوں کو یدھ کے نتیجے کی جتنی چنتا نہ تھی اتنی انہیں شانتی کے نتیجے کی چنتا ہو اٹھی ہے. آج کی انتر راشٹریہ راجنیتی کے تینوں پردھان کیندروں—واشنگٹن، لندن اور ماسکو—میں یہ شبہے کی بھاونا ویاپت ہے. ایک دوسرے کی طرف سندیہ ہونے کے سبب آج دنیا کے بڑے بڑے ملک سر سے پیر تک اپنے کو ہتھیار سے لاد رہے ہیں. ان کے دل ایک دوسرے کی طرف خوفناک شبہے اور نفرت سے بھر گئے ہیں. دنیا کے سبھی مرد، عورت اور بچوں کو ایک بھینکر آفت اپنے سامنے دکھائی دے رہی ہے. اندھی شان، بڑپن کے جھوٹے ابھیمان اور آرتھک ہانی کے بھے نے لگ بھگ ہر ملک کے شاسکوں کے دماغ میں گھر کر لیا ہے. جیون کا ایسا درشن، جو وجے اور ادھیکار میں بھید کو بڑھاتا ہے، جو یدھ کو دھرم بنا دیتا ہے، جو ڈکیتی کو سینک پوشاک میں سجاکر اسے دیش بھکت کہتا ہے اور جو قتل اور ظلم کو پوتر اور اُدار کرتویہ بتاتا ہے، اس سمے اُنتی کر رہا ہے. آج ان لوگوں کے لئے تو قانونی شکنجے ہیں جو کسی ویکتی کے گھر میں آگ لگادیں یا کسی ویکتی کو قتل کردیں، لیکن شہر کے شہر جلا

कहलाती थीं पूरी हमदर्दी रखती थी. एक एक गांव ने इस आज़ाद चीन फ़ौज का स्वागत किया और उसका साथ दिया. तीन बरस की उस आज़ादी की जंग की तारीख़ दुनिया भर के देश भक्तों के लिये ग़ौर से पढ़ने की चीज़ है. पीछे हटते हटते च्यांग-काई-शेक और उसकी बची खुची फ़ौज ने फ़ारमूसा के टापू में पनाह ली. अमरीकी जल सेना वहां देशघातक च्यांग-काई-शेक की रक्षा और सहायता के लिये पहुंच गई. माओ-त्से-तुंग की फ़ौज के पास अभी इतनी जल सेना नहीं थी कि वह हाथ के हाथ फ़ारमूसा को भी च्यांग-काई-शेक से छुड़ा ले. उन्हें चीन के बाक़ी देश को भी फिर से आबाद करना था. इन छै बरस के अन्दर जिस तरह माओ-त्से-तुंग और उनकी सरकार ने अपने से पहले के वीरान और ग़ुलाम चीन को आज़ाद और फिर से आबाद करके ख़ुशहाल बनाया है उसकी कहानी अब दुनिया भर में फैल चुकी है. लेकिन इस तमाम समय में नए चीन की सरकार बराबर यह महसूस करती रही कि ग़ैरों के हाथों में फ़ारमूसा चीन की छाती पर हमेशा के लिये एक ख़ंजर की तरह है. हाल में उन्होंने एक एक कर फ़ारमूसा के आस पास के टापुओं पर क़ब्ज़ा करना शुरू कर दिया. कई छोटे बड़े टापू वह ले भी चुके हैं. पर वह ख़ाहमख़ाह अमरीका से लड़ना नहीं चाहते. इसलिये उन्होंने अमरीका से मांग की है कि वह अपनी फ़ौजें फ़ारमूसा और उसके आस पास से हटा ले. अमरीकी सरकार इससे इन्कार कर रही है. मामला ठीक इस समय यहीं पर अटका हुआ है. ठीक आज के दिन फ़ारमूसा दुनिया भर में सब से बड़ी ख़तरे की जगह दिखाई देता है. कल क्या होगा कौन जाने. हम ऊपर कह चुके हैं कि हमें अच्छे से अच्छे नतीजों की आशा रखते हुए बुरे से बुरे नतीजों के लिये तैयार रहना चाहिये. हमें यह भी अच्छी तरह समझ लेना चाहिये कि फ़ारमूसा में अमरीकी जहाज़ी बेड़े और अमरीकी फ़ौजों का रहना केवल नए चीन ही की छाती पर नहीं भारत की छाती पर और सारे एशिया की छाती के ऊपर एक ख़ंजर की तरह है. एक की ग़ुलामी में हम सबकी ग़ुलामी और एक की आज़ादी में हम सबकी आज़ादी है. ख़ासकर इस मामले में अपने पुराने और प्यारे पड़ोसी चीन की ग़ुलामी में हमारी ग़ुलामी और चीन की आज़ादी में हमारी आज़ादी है. यह शब्द हम बहुत तोल कर और पूरी ज़िम्मेदारी के साथ चारों तरफ़ के हालात को देखकर कह रहे हैं.

फ़ारमूसा के मामले में हमारी स्थिति बिल्कुल साफ़ है और वह यह है :—

(1) फ़ारमूसा और उसके आस पास के सब टापू चीन का हिस्सा हैं, चीनी क़ौमी जिस्म के अंग हैं.

(2) नए चीन की सरकार और च्यांग-काई-शेक के गिरोह के बीच का झगड़ा चीन का एक घरेलू झगड़ा है

کہلاتی تھیں پوری ہمدردی رکھتی تھی. ایک ایک گاؤں نے اِس آزاد چین فوج کا سواگت کیا اور اُس کا ساتھ دیا . تین برس کی اُس آزادی کی جنگ کی تاریخ دنیا بھر کے دیش بھکتوں کے لئے غور سے پڑھنے کی چیز ھے . پیچھے ھٹتے ھٹتے چیانگ - کائی - شیک اور اُس کی بچی کھچی فوج نے فارموسا کے ٹاپو میں پناہ لی . امریکی جل سینا یہاں دیش گھاتک چیانگ - کائی - شیک کی رکشا اور سہائتا کے لئے پہنچ گئی . ماؤ تسے تنگ کی فوج کے پاس ابھی اتنی جل سینا نہیں تھی کہ وہ ھاتھ کے ھاتھ فارموسا کو بھی چیانگ - کائی - شیک سے چھڑا لے . اُنہیں چین کے باقی دیش کو بھی پھر سے آباد کرنا تھا . اِن چھ برس کے اندر جس طرح ماؤ - تسے - تنگ اور اُن کی سرکار نے اپنے سے پہلے کے ویران اور غلام چین کو آزاد اور پھر سے آباد کر کے خوشحال بنایا ھے اُس کی کہانی اب دنیا بھر میں پھیل چکی ھے . لیکن اِس تمام سمے میں نئے چین کی سرکار برابر یہ محسوس کرتی رھی کہ غیروں کے ھاتھوں میں فارموسا چین کی چھاتی پر ھمیشہ کے لئے ایک خنجر کی طرح ھے . حال میں اُنہوں نے ایک ایک کر فارموسا کے آس پاس کے ٹاپوؤں پر قبضہ کرنا شروع کر دیا . کئی چھوٹے بڑے ٹاپو وہ لے بھی چکے ھیں . پر وہ خواہمخواہ امریکہ سے لڑنا نہیں چاھتے . اس لئے اُنہوں نے امریکہ سے مانگ کی ھے کہ وہ اپنی فوجیں فارموسا اور اُس کے آس پاس سے ھٹا لے . امریکی سرکار اِس سے اِنکار کر رھی ھے . معاملہ ٹھیک اِس سمے یہیں پر اٹکا ھوا ھے . ٹھیک آج کے دن فارموسا دنیا بھر میں سب سے بڑی خطرے کی جگہ دکھائی دیتا ھے . کل کیا ھوگا کون جانے . ھم اوپر کہ چکے ھے کہ ھمیں اچھے سے اچھے نتیجوں کی آشا رکھتے ھوئے برے سے برے نتیجوں کے لئے تیار رھنا چاھئے . ھمیں یہ بھی اچھی طرح سمجھ لینا چاھئے کہ فارموسا میں امریکی جہازی بیڑے اور امریکی فوجوں کا رھنا کیول نئے چین ھی کی چھاتی پر نہیں بھارت کی چھاتی پر اور سارے ایشیا کی چھاتی کے اوپر ایک خنجر کی طرح ھے . ایک کی غلامی میں ھم سب کی غلامی اور ایک کی آزادی میں ھم سب کی آزادی ھے. خاص کر اس معاملے میں اپنے پرانے اور پیارے پڑوسی چین کی غلامی میں ھماری غلامی اور چین کی آزادی میں ھماری آزادی ھے . یہ شبد ھم بہت تول کر اور پوری ذمہ داری کے ساتھ چاروں طرف کے حالات کو دیکھکر کہ رھے ھیں .

فارموسا کے معاملے میں ھماری اِستھتی بالکل صاف ھے اور وہ یہ ھے :—

(1) فارموسا اور اُس کے آس پاس کے سب ٹاپو چین کا حصہ ھیں، چینی قومی جسم کے انگ ھیں .

(2) نئے چین کی سرکار اور چیانگ - کائی - شیک کے گروہ کے بیچ کا جھگڑا چین کا ایک گھریلو جھگڑا ھے .

एक मवाद कभी जरमनों को जरमनों से और पच्छिमी यूरोप के लोगों को पूरबी यूरोप के लोगों से लड़ाने की सोचता है, कभी इन्डोचाइना में फ़साद खड़े करता है, कभी कोई बहाना लेकर ब्रिटिश ग्युगाइना के लोगों की आज़ादी छीनना चाहता है, कभी गोटेमाला के धन पर क़ब्ज़ा करना चाहता है, कभी दक्खिन कोरिया को उत्तर कोरिया से लड़ाकर उत्तर कोरिया की कानों को हथियाना चाहता है, कभी फ़ारमोसा को चीन से अलग करके देशघातक च्यांग-काई-शेक की आड़ में जब मौक़ा मिल सके चीन को फिर से ग़ुलाम बनाने की सोचता है, कभी गिलगिट में अपने फ़ौजी अड्डे बनाना चाहता है, कभी अफ़रीक़ा में वहां के पुराने असली बाशिन्दों को अपने ढोर चराने के लिये जिन्दा रखकर उस महाद्वीप की धन सम्पत्ति को हमेशा के लिये अपने क़ाबू मे करना चाहता है वग़ैरह वग़ैरह. ज़ाहिर है कि यह मवाद कहीं भी फोड़े की शकल में नमूदार हो और कहीं भी फूटे, जब तक पूरी दुनिया का जिस्म इस मवाद से पाक नहीं होता, तब तक दुनिया का कोई मुल्क और किसी मुल्क की जनता इस ख़तरे से बची नहीं कही जासकती. अपनी ताक़त को बढ़ाने का ख़ास ज़रिया इन लोगों के लिये जंग है. दुनिया दो बड़ी बड़ी जंगों की बरबादी को देख चुकी है. तीसरी जंग से जो बरबादी हो सकती है उसका गुमान करके भी दिल कांप उठता है, इसीलिये ज़रूरत है कि दुनिया के सब मुल्कों की जनता मिलकर जहांतक मुमकिन हो सके जंग न होने दे, और अगर सारी कोशिश करने पर भी जंग हो ही जावे तो अपने दिलों को उस मुसीबत का सामना करने के लिये मज़बूत कर ले. वियना की सभा में चीनी नुमाइन्दे ने बड़ी सुन्दरता के साथ कहा था कि—हमारी स्थिति तीन बातों में है. पहली तह कि हम जंग नहीं चाहते, दूसरी यह कि हम जंग से नहीं डरते, तीसरी यह कि हम सबका मिलकर रहना है.

ठीक इस समय जब हम यह नोट लिख रहे हैं इनसानी क़ौम के जिस्म के इस ज़हरीले मवाद का सब से अधिक ज़ोर हमारी उत्तर पूरबी सीमा के उस पार फ़ारमूसा के टापू पर दिखाई देता है. चीनी लोग फ़ारमूसा का 'ताइवान' कहते हैं. फ़ारमूसा और उसके आस पास के सब टापू चीन का अंग हैं. सन 1946 से लेकर 1949 तक तीन बरस जब माओ-त्से-तुंग के अधीन चीन की कम्युनिस्ट फ़ौज और च्यांग-काई-शेक की फ़ौज में जंग रही अमरीका की सरकार ने ज़बरदस्ती हर तरह से च्यांग-काई-शेक को मदद दी. बावजूद इस मदद के च्यांग-काई-शेक की फ़ौजें बराबर हारती और पीछे हटती चली गईं. कारन बिलकुल साफ़ था. च्यांग-काई-शेक की फ़ौजों ने विदेशियों के साथ मिलकर मुल्क को वीरान कर रखा था. देश की सारी जनता उन कम्युनिस्ट फ़ौजों के साथ जो "आज़ाद चीन फ़ौज"

ایک مواد کبھی جرمنوں کو جرمنوں سے اور پچھمی یورپ کے لوگوں کو پوربی یورپ کے لوگوں سے لڑانے کی سوچتا ہے، کبھی انڈوچائنا میں فساد کھڑے کرتا ہے، کبھی کوئی بہانا لے کر برٹش گیوگائنا کے لوگوں کی آزادی چھیننا چاہتا ہے، کبھی گوٹے مالا کے دھن پر قبضہ کرنا چاہتا ہے، کبھی دکھن کوریا کو اتر کوریا سے لڑا کر اتر کوریا کی کانوں کو ہتھیانا چاہتا ہے، کبھی فارموسا کو چین سے الگ کر کے دیش گھاتک چیانگ - کائی - شیک کی آڑ میں جب موقعہ مل سکے چین کو پھر سے غلام بنانے کی سوچتا ہے، کبھی گلگٹ میں اپنے فوجی اڈے بنانا چاہتا ہے، کبھی افریقہ میں وہاں کے پرانے اصلی باشندوں کو اپنے ڈھور چرانے کے لئے زندہ رکھ کر اس مہادیپ کی دھن سمپتی کو ہمیشہ کے لئے اپنے قابو میں کرنا چاہتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ظاہر ہے کہ یہ مواد کہیں بھی پھوڑے کی شکل میں نمودار ہو اور کہیں بھی پھوٹے، جب تک پوری دنیا کا جسم اس مواد سے پاک نہیں ہوتا، تب تک دنیا کا کوئی ملک اور کسی ملک کی جنتا اس خطرے سے بچی نہیں کہی جا سکتی۔ اپنی طاقت کو بڑھانے کا خاص ذریعہ ان لوگوں کے لئے جنگ ہے۔ دنیا دو بڑی بڑی جنگوں کی بربادی کو دیکھ چکی ہے۔ تیسری جنگ سے جو بربادی ہو سکتی ہے اس کا گمان کر کے بھی دل کانپ اٹھتا ہے، اسی لئے ضرورت ہے کہ دنیا کے سب ملکوں کی جنتا ملکر جہاں تک ممکن ہو سکے جنگ نہ ہونے دے، اور اگر ساری کوشش کرنے پر بھی جنگ ہو ہی جاوے تو اپنے دلوں کو اس مصیبت کا سامنا کرنے کے لئے مضبوط کر لے۔ وئینا کی سبھا میں چینی نمائندے نے بڑی سندرتا کے ساتھ کہا تھا کہ — ہماری استھتی تین باتوں میں ہے۔ پہلی یہ کہ ہم جنگ نہیں چاہتے، دوسری یہ کہ ہم جنگ سے نہیں ڈرتے، تیسری یہ کہ ہم سب کو ملکر رہنا ہے۔

ٹھیک اس سمے جب ہم یہ نوٹ لکھ رہے ہیں انسانی قوم کے جسم کے اس زہریلے مواد کا سب سے ادھک زور ہماری اتر پوربی سیما کے اس پار فارموسا کے ٹاپو پر دکھائی دیتا ہے۔ چینی لوگ فارموسا کو 'تائیوان' کہتے ہیں۔ فارموسا اور اس کے آس پاس کے سب ٹاپو چین کا انگ ہیں۔ سن 1946 سے لے کر سن 1949 تک تین برس جب ماؤ-تسے-تنگ کے ادھین چین کی کمیونسٹ فوج اور چیانگ - کائی - شیک کی فوج میں جنگ رہی امریکہ کی سرکار نے زبردستی ہر طرح سے چیانگ - کائی - شیک کو مدد دی۔ باوجود اس مدد کے چیانگ - کائی - شیک کی فوجیں برابر ہارتی اور پیچھے ہٹتی چلی گئیں۔ کارن بالکل صاف تھا۔ چیانگ - کائی - شیک کی فوجوں نے ودیشیوں کے ساتھ ملکر ملک کو ویران کر رکھا تھا۔ دیش کی ساری جنتا ان کمیونسٹ فوجوں کے ساتھ جو "آزاد چین فوج"

हमारे सामने काम यह है कि जो मुसीबतें, जो तबाही और जो बरबादी ऐटमी जंग से पैदा हो सकती हैं उनसे दुनिया को बचाया जावे और दुनिया की सब क़ौमों को अपनी अपनी आज़ाद ज़िन्दगी बसर करने, अपने अपने देश के धन दौलत को बढ़ाने और मिलकर सबकी सलामती और सबकी ख़ुशहाली में एक दूसरे को मदद देने का पूरा पूरा मौक़ा दिया जावे."

सभा ने एक ख़ास अपील यूरोप की जनता के नाम जारी की जिसमें जरमनी के दो टुकड़े किये जाने, पच्छिम जरमनी के ग़ैरों के हाथों हथियारबन्द किये जाने और ऐटमी हथियारों के इस्तेमाल का कड़ा विरोध किया गया, और साफ़ ऐलान कर दिया गया कि "यूरोप के लोग इस गुनाह को हरगिज़ होने नहीं देंगे." इस अपील में यह भी साफ़ कह दिया गया है कि ख़ुद पच्छिम जरमनी की जनता इस तरह हथियारों से लैस किये जाने के ख़िलाफ़ है और जरमनी के दोनों हिस्सों की आम जनता मिलना चाहती है और फिर से अपने सारे मुल्क को एक करके दुनिया के सारे मुल्कों की जनता के साथ शान्ति से रहना चाहती है.

पच्छिमी यूरोप को जंग से ख़तरा

इंगलैंड, फ़्रांस, बेलजियम और हालैंड की जनता और एक दरजे तक इन चारों देशों की सरकारें भी जहां तक हो सके जंग से और ख़ासकर ऐटमी जंग से बचना चाह रही हैं. इसकी वजह साफ़ है. 3 जनवरी सन 1955 के इंगलैंड के अख़बार "लन्दन टाइम्स" में एक लेख में निकला था :—

"इंगलैंड के उद्योग धन्दों के बड़े से बड़े केन्द्र सब एक दूसरे के पास पास हैं. इन सब बड़े बड़े केन्द्रों को बिलकुल मिटा देने के लिये पांच या अधिक से अधिक दस बम बिलकुल काफ़ी होंगे. इनके साथ साथ इंगलैंड की आधी आबादी ख़तम हो जाएगी. फ़्रांस के बड़े बड़े केन्द्रों और बेलजियम और हालैंड के बड़े बड़े केन्द्रों को ख़तम कर देने के लिये इस से भी कम बमों की ज़रूरत पड़ेगी. बाक़ी बचे हुए लोगों के दिलों और दिमाग़ों पर इस आफ़त का जो असर होगा वह अलग रहा."

फ़ारमूसा

साम्राज प्रेमी दल को जब यूरोप वालों को यूरोप वालों से लड़ाना और यूरोप में आग लगाना भी इतना आसान दिखाई न दिया तो मालूम होता है निगाहें फिर एक बार एशिया की तरफ़ गईं. सच्ची बात यह है कि मानव समाज के शरीर में साम्राज प्रेम का यह एक ही ज़हरीला मवाद है जो कभी एक जगह फोड़े की शकल में दिखाई देता है और कभी दूसरी जगह फूटता हुआ नज़र आता है. यही

ہمارے سامنے کام یہ ہے کہ جو مصیبتیں' جو تباہی اور جو بربادی ایٹمی جنگ سے پیدا ہوسکتی ہیں اُن سے دنیا کو بچایا جاوے اور دنیا کی سب قوموں کو اپنی اپنی آزاد زندگی بسر کرنے' اپنے اپنے دیش کے دھن دولت کو بڑھانے اور ملکر سب کی سلامتی اور سب کی خوشحالی میں ایک دوسرے کو مدد دینے کا پورا پورا موقع دیا جاوے."

سبھا نے ایک خاص اپیل یورپ کی جنتا کے نام جاری کی جس میں جرمنی کے دو ٹکڑے کئے جانے' پچھم جرمنی کے غیروں کے ہاتھوں ہتیار بند کئے جانے اور ایٹمی ہتیاروں کے استعمال کا کڑا وِرودھ کیا گیا' اور صاف اعلان کر دیا گیا کہ "یورپ کے لوگ اِس گناہ کو ہرگز ہونے نہیں دینگے." اِس اپیل میں یہ بھی صاف کہ دیا گیا ہے کہ خود پچھم جرمنی کی جنتا اِس طرح ہتیاروں سے لیس کئے جانے کے خلاف ہے اور جرمنی کے دونوں حصوں کی عام جنتا ملنا چاہتی ہے اور پھر سے اپنے سارے ملک کو ایک کر کے دنیا کے سارے ملکوں کی جنتا کے ساتھ شانتی سے رہنا چاہتی ہے .

تھا؟ اگر تھا تو یہ سوچ کر کچھ سنتوش ھوتا ھے کہ اگرچہ بودھ دھرم کے دھارمک پہلو کو براھمنوں کے کرم کانڈ اور روڑھیوں کے جنگل میں چاروں طرف سے ڈھک دیا تھا پھر بھی راجنیتک چھیتر میں بودھ دھرم کی جڑیں دور دور تک گہری پہونچ گئی ہیں . بودھ دھرم نے ھندو سماج میں اِنسانیت پیدا کی . بودھ دھرم نے بھارتیہ راج نیتی سے کوتیلہ کی کودھی کو اِس طرح باھر کر دیا' جس طرح کسی کا بھوت جھاڑا جاتا ھے . لیکن راج نیتی میں کوتیلہ بار بار پیدا ھوتے رہتے ھیں اور دکھائی دیتے رہتے ھیں . یورپ میں کوتیلہ نے میشیہ ویلی کے روپ میں جنم لیا' وگیان کے سوکشم پروں کے اوپر اِسی بھاؤنا نے پھر سے ایشیا مں پرویش کیا . کوتلیہ کی بھاؤنا پھر ھمارے راجنیتک جیون پر قابو حاصل کر رہی ھے اور کرے گی' جب تک کہ بدھ جیسی ھی کوئی مہان آتما آ کر ھماری اُس سے رکشا نہ کرے .

ग्रामोद्योग और विश्वशान्ति

श्री सुरेशराम भाई

विज्ञान ने इस धरती को एक परिवार बना दिया है. बहत्तर घंटे के अन्दर हम किसी सिरे से दूसरे सिरे तक पहुंच सकते हैं. लेकिन फिर भी आपस में एक दूसरे का डर बना है. शायद इतिहास भर में दुनिया में कभी भी इतना डर नहीं छाया हुआ था जितना कि आज है. बड़ी अजीब बात है. विज्ञान ने एक से एक बढ़कर करामातें दिखाई हैं. खाना, कपड़ा और जीवन के दूसरे साधन जितने आज हासिल हैं उतने कभी नहीं थे. फिर भी इतना डर ! इतनी बे ऐतबारी ! यही सबब है कि सभी देशों में ज़ोरों से हथियार बढ़ाये जा रहे हैं. जितना बड़ा देश उतनी बड़ी हथियारबन्दी. जो छोटे देश हैं वह भी ज़रूरत से ज़्यादा हथियार रखने की तमन्ना रखते हैं. अगर ख़ुद हथियार बना नहीं पाते तो दूसरे देशों से मांगते हैं. इस तरह दुनिया बड़े बड़े गुटों में बंट गई है. सभी छोटे बड़े राष्ट्र इन दो में से एक गुट में शामिल हो गये हैं. हां, कुछ हिन्दुस्तान जैसे भी हैं जो इनसे अलग रहकर एक तीसरा हलक़ा बनाना चाहते हैं जो लड़ाई से दूर रहे. लेकिन हिन्दुस्तान में भी दूसरे देशों की तरह हथियारबन्दी बढ़

گرامودیوگ اور وشوشانتی

شری سریش رام بھائی

وگیان نے اِس دھرتی کو ایک پریوار بنا دیا ھے . بہتر گھنٹے کے اندر ھم کسی سرے سے دوسرے سرے تک پہونچ سکتے ھیں . لیکن پھر بھی آپس میں ایک دوسرے کا ڈر بنا ھے . شاید اِتہاس بھر میں دنیا میں کبھی بھی اتنا ڈر نہیں چھایا ھوا تھا جتنا کہ آج ھے . بڑی عجیب بات ھے . وگیان نے ایک سے ایک بڑھکر کراماتیں دکھائی ھیں . کھانا' کپڑا اور جیون کے دوسرے سادھن جتنے آج حاصل ھیں اُتنے کبھی نہیں تھے . پھر بھی اتنا ڈر ! اتنی بےاعتباری ! یہی سبب ھے کہ سبھی دیشوں میں زوروں سے ھتیار بڑھائے جا رہے ھیں . جتنا بڑا دیش اُتنی بڑی ھتیار بندی . جو چھوٹے دیش ھیں وہ بھی ضرورت سے زیادہ ھتیار رکھنے کی تمنا رکھتے ھیں . اگر خود ھتیار بنا نہیں پاتے تو دوسرے دیشوں سے مانگتے ھیں . اِس طرح دنیا بڑے بڑے گٹوں میں بنٹ گئی ھے . سبھی چھوٹے بڑے راشٹر اِن دو میں سے ایک گٹ میں شامل ھوگئے ھیں . ھاں' کچھ ھندستان جیسے بھی ھیں جو اِن سے الگ رہ کر ایک تیسرا حلقہ بنانا چاھتے ھیں جو لڑائی سے دور رھے . لیکن ھندستان میں بھی دوسرے دیشوں کی طرح ھتیار بندی بڑھ

समय से दिखाई देना शुरू हो गया. इन चीज़ों के होते हुये फ़ाहियान की पुस्तक में हिन्दू धर्म और बौद्ध धर्म के कोई आपसी झगड़े दिखाई नहीं देते तो क्या आश्चर्य है. क्योंकि उस समय तक बौद्ध धर्म इतना बदल गया था कि वह हिन्दू धर्म ही का एक ऐसा विचित्र और अप्राकृतिक रूप रह गया था जिसे देखकर हिन्दू धर्म के पुनरुद्धार के समय में भी ब्राह्मण लोग हंसते थे और नफ़रत दिखाते थे.

अन्धविश्वासों का जो घना जंगल शुरू के बोधिवृक्ष के चारों तरफ़ उग खड़ा हुआ था, उससे बाहर निकलकर उस स्वतन्त्र वायुमन्डल में प्रवेश करना, जिसका ख़ाका फ़ाहियान ने खींचा है, बड़ा सुखद मालूम होता है. गुप्त सम्राटों के ज़माने में राजनैतिक जीवन की जो सब से ख़ास चीज़ मालूम होती है आज़ादी थी. फ़ाहियान का अपना बयान इतना चमकता हुआ है कि उसे उसी के शब्दों मे देना ठीक होगा. वह लिखता है—"लोग सुखी और ख़ुशहाल हैं. न किसी की रजिस्ट्री होती है और न राज की तरफ़ से किसी तरह की रोक थाम है. सिर्फ़ जो लोग राजा की ज़मीन जोतते हैं वे जो कुछ उस ज़मीन से मुनाफ़ा कमाते है उस पर लगान अदा कर देते हैं. जो जाना चाहते हैं जा सकते हैं. जो ठहरना चाहें ठहर सकते हैं. राजा की तरफ़ से किसी को शारीरिक दन्ड नहीं दिया जाता. मुजरिमो पर उनके जुर्म के अनुसार केवल जुर्माना ले लिया जाता है, यहां तक कि राज के ख़िलाफ़ बग़ावत करने वाले से भी. अगर वह दूसरी बार वही जुर्म करे तब सिर्फ़ दाहिना हाथ काट लिया जाता है. देश भर में कोई किसी जानदार की हिंसा नहीं करता, न कोई शराब पीता है, न कोई प्याज़ या लहसुन खाता है. लेकिन चांडालों को बस्ती से अलग रखा जाता है. चांडाल एक तरह के पतित लोग होते हैं." वास्तव में वह एक आदर्श सामाजिक व्यवस्था थी, जिसमे एक मात्र कलंक की चीज़ चांडालो का अस्तित्व था. इस शान और क़रीब क़रीब आदर्श शासन की उस फ़ौलादी स्वेच्छा शासन के साथ तुलना करनी चाहिये जिसका कौटिल्य ने समर्थन किया है. इस तरह की तुलना से हमें समाजवाद और व्यक्तिवाद का वह भेद जो युगों से चला आ रहा है साफ़ दिखाई देने लगता है. कौटिल्य एक ऐसे समाज का चित्र हमारे सामने पेश करता है "जनता को पीस देने वाली नौकरशाही के प्राणनाशक फ़ौलादी पंजे के अन्दर जिसका दम घुट रहा था." पांच सदियां गुज़र जाने के बाद एक ऐसी शासन पद्धति देखने को मिलती है जहां ज़्यादा से ज़्यादा राजनैतिक क्षमता और उसके साथ व्यक्ति की स्वतन्त्रता में कम से कम हस्तक्षेप दोनों मिले हुये दिखाई देते हैं. क्या वह बौद्ध धर्म जो राजर्षि अशोक ने इतनी दया के साथ दुनिया के सामने रखा इस तब्दीली की वजह नहीं

سمے سے دکھائی دینا شروع ہوگیا۔ ان چیزوں کے ہوتے ہوئے فاھیان کی پستک میں ہندو دھرم اور بودھ دھرم کے کوئی آپسی جھگڑے دکھائی نہیں دیتے تو کیا آشچریہ ہے۔ کیونکہ اُس سمے تک بودھ دھرم اتنا بدل گیا تھا کہ وہ ہندو دھرم ہی کا ایک ایسا وچتر اور اپراکرتک روپ رہ گیا تھا جسے دیکھکر ہندو دھرم کے پنرودھار کے سمے میں بھی براہمن لوگ ہنستے تھے اور نفرت دکھاتے تھے۔

اندھ وشواسوں کا جو گھنا جنگل شروع کے بودھی ورکش کے چاروں طرف اُگ کھڑا ہوا تھا، اُس سے باہر نکل کر اُس سوتنتر وایومنڈل میں پرویش کرنا، جسکا خاکہ فاھیان نے کھینچا ہے، بڑا سوکھد معلوم ہوتا ہے۔ گپت سمراٹوں کے زمانے میں راجنیتک جیون کی جو سب سے خاص چیز معلوم ہوتی ہے آزادی تھی۔ فاھیان کا اپنا بیان اتنا چمکتا ہوا ہے کہ اُسے اُسی کے شبدوں میں دینا ٹھیک ہوگا۔ وہ لکھتا ہے — "لوگ سکھی اور خوشحال ہیں۔ نہ کسی کی رجسٹری ہوتی ہے اور نہ راج کی طرف سے کسی طرح کی روک تھام ہے۔ صرف جو لوگ راجہ کی زمین جوتتے ہیں وے جو کچھ اُس زمین سے منافع کماتے ہیں اس پر لگان ادا کر دیتے ہیں۔ جو جانا چاہتے ہیں جا سکتے ہیں۔ جو ٹھہرنا چاہیں ٹھہر سکتے ہیں۔ راجہ کی طرف سے کسی کو شاریرک دنڈ نہیں دیا جاتا۔ مجرموں پر اُن کے جرم کے انوسار کیول جرمانہ لے لیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ راج کے خلاف بغاوت کرنے والے سے بھی۔ اگر وہ دوسری بار وہی جرم کرے تب صرف داہنا ہاتھ کاٹ لیا جاتا ہے۔ دیش بھر میں کوئی کسی جاندار کی ہنسا نہیں کرتا، نہ کوئی شراب پیتا ہے، نہ کوئی پیاز یا لہسن کھاتا ہے۔ لیکن چانڈالوں کو بستی سے الگ رکھا جاتا ہے۔ چانڈال ایک طرح کے پتت لوگ ہوتے ہیں۔" واستو میں وہ ایک آدرش سماجک ویوستھا تھی، جس میں ایک ماتر کلنک کی چیز چانڈالوں کا استتو تھا۔ اِس شان اور قریب قریب آدرش شاسن کی اُس فولادی سوِیچھا شاسن کے ساتھ تُلنا کرنی چاہئے جس کا کوٹلیہ نے سمرتھن کیا ہے۔ اِس طرح کی تُلنا سے ہمیں سماجواد اور ویکتی واد کا وہ بھید جو یگوں سے چلا آ رہا ہے صاف دکھائی دینے لگتا ہے۔ کوٹلیہ ایک ایسے سماج کا چتر ہمارے سامنے پیش کرتا ہے "جنتا کو پیس دینے والی نوکر شاہی کے پران ناشک فولادی پنجے کے اندر جس کا دم گھٹ رہا تھا۔" پانچ صدیاں گذر جانے کے بعد ایک ایسی شاسن پدھتی دیکھنے کو ملتی ہے جہاں زیادہ سے زیادہ راجنیتک چھمتا اور اُس کے ساتھ ویکتی کی سوتنترتا میں کم سے کم ہستکشیپ دونوں ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ کیا وہ بودھ دھرم جو راجرشی اشوک نے اِسی دیا کے ساتھ دنیا کے سامنے رکھا اِس تبدیلی کی وجہ نہیں

इस तरह के धार्मिक साम्राज्य का रहस्य जानने के लिये भी हमें दूर जाने की जरूरत नहीं है. फ़ाहियान के अपने बयानों से ही हमें इसका पता चल जाता है. बौद्ध धर्म के अन्दर यह चीज़ क़ुदरती और मौलिक थी. भगवान बुद्ध ने जो सब से बड़ा काम किया वह यही था कि उन्होंने अपने भीतरी ज्ञान की नई मदिरा को हिन्दू धर्म की पुरानी बोतलों में डाला. लेकिन यह मदिरा इतनी तेज़ थी, इसका असर इतना जादू भरा था कि उसने अन्ध विश्वासों और रूढ़ियों के उस सब रहे सहे कचरे को जो सदियों के ब्राह्मण-प्रभुत्व ने उन बोतलों में जमा कर दिया था बाहर निकाल कर फेंक दिया. दूसरे शब्दों में बुद्ध ने हिन्दू धर्म का बहैसियत एक धर्म के विरोध नहीं किया, बल्कि ब्राह्मणों ने जिस धर्म को अपना पेशा बना रखा था उसका विरोध किया. ब्राह्मणों ने भी इसका बदला लिया. धीरे धीरे उन्होंने बौद्ध धर्म पर वार किया. उसे अपने क़ाबू में किया, उसके अन्दर मूर्ति पूजा और उसके साथ चलने वाली भावना को दाख़िल कराया, बौद्ध धर्म के शुद्ध प्रारम्भिक तेज को रूढ़ियों के बादल से ढक दिया, उसे इतनी चतुराई के साथ तोड़ा और मरोड़ा कि फ़ाहियान के समय का बौद्ध धर्म सनातन हिन्दू धर्म के सब बाह्याडम्बरों से घिरा हुआ दिखाई देता था, यहां तक कि स्वयं बुद्ध भगवान हिन्दू देवताओं में से एक दिखाई देने लगते हैं जिन्हें ब्रह्मा ने अपना सन्देश देकर दुनिया में भेजा था. बौद्ध धर्म का रूप कहां से कहां पहुंचा. समय ने उससे किस तरह बदला लिया. बुद्ध ने बिलकुल साफ़ साफ़ शब्दों में—"जादू टोने, शकुन परीक्षा, फलित, देवताओं के नाम पर बलि, जन्तर मन्तर" जैसी चीजों की ज़बरदस्त मनाही की थी. लेकिन फ़ाहियान जिस बौद्ध धर्म का हमें हाल सुनाता है उसमें यह सब चमत्कार भरे हुये हैं. स्वयं बौद्ध के पद चिन्हों के, उनकी खोपड़ी की, उनके दांतों की, उनके पीकदान की, उनके दन्ड कमन्डल की, सबकी पूजा होती थी. जहां कहीं बुद्ध भगवान ने अपने गीले कपड़े सुखाये या अपने केश मुंडवाये या पैर के नाख़ून कटवाये वहीं एक स्तूप खड़ा हो गया. चीनी भाशा में तक्षशिला का अर्थ "सिर मुंडवाना" है. तक्षशिला का नाम तक्षशिला इसलिये पड़ा क्योंकि कहा जाता था कि वहां पर बुद्ध ने एक भूखे बाघ को आहार पहुचाने के लिये अपना शरीर दे दिया था ! बुद्ध भगवान अपनी माता को, जो मर चुकी थीं, अपना धर्म समझाने के लिये तीन महीने स्वर्ग में जाकर रहे थे. जब वहां से उतरे तो पहले पहल कपिशा में क़दम रखा; इसलिये वह एक तीर्थ बन गया. अयोध्या के बाहर एक जगह है जहां बुद्ध भगवान ने दतून करके उसे ज़मीन में गाड़ दिया था और वह दतून उसी क्षण एक दस फ़ुट ऊंचा दरख़्त बन गई. बनारस में बुद्ध ने जिन लोगों को अपना धर्म समझाया, उसमें से पांच सौ अन्धों को उसी

اِس طرح کے دھارمک سامراجیہ کا رھسیہ جاننے کے لئے بھی ھمیں دور جانے کی ضرورت نہیں ھے۔ فاھیان کے اپنے بیانوں سے ھی ھمیں اِس کا پتہ چل جاتا ھے۔ بودھ دھرم کے اندر یہ چیز قدرتی اور مولک تھی۔ بھگوان بدھ نے جو سب سے بڑا کام کیا وہ یہی تھا کہ اُنھوں نے اپنے بھیتری گیان کی نئی مدرا کو ھندو دھرم کی پرانی بوتلوں میں ڈالا۔ لیکن یہ مدرا اتنی تیز تھی، اِس کا اثر اتنا جادو بھرا تھا کہ اِس نے اندھ وشواسوں اور روڑھیوں کے اُس سب رھے سہے کچرے کو جو صدیوں کے براھمن - پربھتو نے اِن بوتلوں میں جمع کر دیا تھا باھر نکال کر پھینک دیا۔ دوسرے شبدوں میں بدھ نے ھندو دھرم کا بحیثیت ایک دھرم کے وورودھ نہیں کیا، بلکہ براھمنوں نے جس دھرم کو اپنا پیشہ بنا رکھا تھا اُس کا وورودھ کیا۔ براھمنوں نے بھی اِس کا بدلہ لیا۔ دھیرے دھیرے اُنھوں نے بودھ دھرم پر وار کیا۔ اُسے اپنے قابو میں کیا، اُس کے اندر مورتی پوجا اور اُس کے ساتھ چلنے والی بھاؤنا کو داخل کرایا، بودھ دھرم کے شدھ پرارمبھک تیج کو روڑھیوں کے بادل سے ڈھک دیا، اُسے اتنی چترائی کے ساتھ توڑا اور مروڑا کہ فاھیان کے سمے کا بودھ دھرم سناتن ھندو دھرم کے سب واھیہ آڈمبروں سے گھرا ھوا دکھائی دیتا تھا، یہاں تک کہ سوَیم بدھ بھگوان ھندو دیوتاؤں میں سے ایک دکھائی دینے لگتے ھیں جنھیں برھما نے اپنا سندیش دےکر دنیا میں بھیجا تھا۔ بودھ دھرم کا روپ کہاں سے کہاں پہنچا۔ سمے نے اُس سے کس طرح بدلہ لیا۔ بدھ نے بالکل صاف صاف شبدوں میں—"جادو ٹونے، شکن، پریکشا، پھلت، دیوتاؤں کے نام پر بلی، جنتر منتر" جیسی چیزوں کی زبردست مناھی کی تھی۔ لیکن فاھیان جس بودھ دھرم کا ھمیں حال سناتا ھے اُس میں یہ سب چمتکار بھرے ھوئے ھیں۔ سوَیم بدھ کے پد چنھوں کے، اُن کی کھوپڑی کی، اُن کے دانتوں کی، اُن کے پیکدان کی، اُن کے ڈنڈ کمنڈل کی، سب کی پوجا ھوتی تھی۔ جہاں کہیں بدھ بھگوان نے اپنے گیلے کپڑے سکھائے یا اپنے کیش منڈوائے یا پیر کے ناخون کٹوائے وھیں ایک استوپ کھڑا ھو گیا۔ چینی بھاشا میں تکشلا کا ارتھ "سر منڈوانا" ھے۔ تکشلا کا نام تکشلا اِس لئے پڑا کیونکہ کہا جاتا تھا کہ وھاں پر بدھ نے ایک بھوکے باگھ کو آھار پہنچانے کے لئے اپنا شریر دے دیا تھا! بدھ بھگوان اپنی ماتا کو، جو مر چکی تھیں، اپنا دھرم سمجھانے کے لئے تین مہینے سورگ میں جا کر رھے تھے۔ جب وھاں سے اترے تو پہلے پہل کپیشا میں قدم رکھا؛ اِس لئے وہ ایک تیرتھ بن گیا۔ ایودھیا کے باھر ایک جگہ ھے جہاں بدھ بھگوان نے دتون کر کے اُسے زمین میں گاڑ دیا تھا اور وہ دتون اُسی چھن ایک دس فٹ اونچا درخت بن گئی۔ بنارس میں بدھ نے جن لوگوں کو اپنا دھرم سمجھایا، اُس میں سے پانچ سو اندھوں کو اُسی

का आचार-व्यवहार और बौद्ध धर्म का जनता पर सुन्दर प्रभाव था. अगर आचार-व्यवहार से मनुश्य योग्य और उत्तम होता है, तो इन चीजों ने जरूर ही पुरातन भारत के भिक्खुओं और सन्यासियों को क़ाबिल और उत्तम बनाया था. फ़ाहियान लिखता है—"गोमति के विहार में भिक्खुओं का आचार व्यवहार बहुत गम्भीर रहता है. वे अपनी पूजा और ध्यान में मग्न रहते हैं. वे निश्चित क्रम के मुताबिक़ व्यवस्था के साथ बैठते हैं. वे जरा भी शोरगुल नहीं करते. ज्यादातर वक़्त मौन रहते हैं. वे अपने भिक्षापात्र को नहीं भरते न परोसने वालों से ज्यादा खाना मांगते हैं. जब किसी चीज की जरूरत होती है तो हाथ के इशारे से मांगते हैं." राजाओं का आचार-व्यहावर, उनके तौर तरीक़े उस जमाने में उतने ही निर्दोष समझे जाते थे, जितने साधुओं और भिक्खुओं के. फ़ाहियान को यह देखकर बड़ी ही तसल्ली हुई कि राजा लोग साधुओं और भिक्खुओं की बड़ी इज्जत करते थे. "जब ये लोग बौद्ध भिक्खुओं को कोई चीज भेंट करते हैं, तो अपने मुकुट सर से उतार लेते हैं और जब उन्हें खाना खिलाते हैं, तो अपने बाल बच्चों और खास खास दरबारियों समेत सामने खड़े रहते हैं. खाना हो चुकने के बाद वे जमीन पर ख़ुद फ़र्श बिछा कर प्रधान भिक्खु की तरफ़ मुंह करके बैठ जाते हैं. इन लोगों के सामने वे चौकियों या किसी ऊंची चीज पर बैठने का साहस नहीं कर सकते." बौद्धकाल का यह बयान इसलिये और भी महत्व का है क्योंकि फ़ाहियान गुप्त साम्राज्य के समय भारत आया था. अङ्गरेज इतिहासकार बड़े ख़ुश होकर उस काल को—"हिन्दू प्रतिक्रिया का समय कहते हैं." कम से कम जहां तक फ़ाहियान के लिखे हुये बयानों का सम्बन्ध है न हमें किसी प्रतिक्रिया की कोई निशानी मिलती है और न बौद्ध धर्मावलम्बियों को किसी तरह की तकलीफ़ें दिये जाने का जिक्र मिलता है." फ़ाहियान यह भी साफ़ लिखता है कि उन दिनों अयोध्या में और उसके आस पास कट्टर हिन्दू धर्म के मानने वाले मौजूद थे. एक जगह उसने लिखा है कि—"यहां पर 96 अबौद्ध सम्प्रदायों के लोग मौजूद हैं जो सब के सब भौतिक संसार (माद्दी दुनिया) को सत्य मानते हैं." लेकिन एक ऐसे ईश्वर की कल्पना जो एक ख़ास सम्प्रदाय के लोगों से बाहर दूसरी सम्प्रदायों के इष्ट-देवों को ईर्षा की दृष्टि से देखता हो, जिसे अङ्गरेजी मे "A jealous god" कहते हैं, इस तरह की कोई कल्पना ही वास्तव में पाश्चात्य कल्पना है. इस तरह की कोई कल्पना या मजहबी तंगनजरी हमें समुद्रगुप्त और विक्रमादित्य के उन शासनकालों में भी बिलकुल दिखाई नहीं देती, जिन शासनकालों में हमें उत्तर भारत के अन्दर हिन्दू कला और हिन्दू संस्कृति का आश्चर्यजनक पुनरुद्धार देखने को मिलता है.

کا اچار ویوہار اور بودھ دھرم کا جنتا پر سندر پربھاؤ تھا۔ اگر آچار ویوہار سے منشیہ یوگیہ اور اُتم ہوتا ہے، تو ان چیزوں نے ضرور ہی پراتن بھارت کے بھکشوؤں اور سنیاسیوں کو قابل اور اُتم بنایا تھا۔ فاهیان لکھتا ہے—"گومتی کے وہار میں بھکشوؤں کا اچار ویوہار بہت گمبھیر رہتا ہے۔ وے اپنی پوجا اور دھیان میں مگن رہتے ہیں۔ وے نشچت کرم کے مطابق ویوستھا کے ساتھ بیٹھتے ہیں۔ وے ذرا بھی شور غل نہیں کرتے۔ زیادہ تر وقت مون رہتے ہیں۔ وے اپنے بھکشاپاتر کو نہیں بھرتے، نہ پروسنے والوں سے زیادہ کھانا مانگتے ہیں۔" جب کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے تو ہاتھ کے اشارے سے مانگتے ہیں۔" راجاؤں کا آچار ویوہار، ان کے طور طریقے اس زمانے میں اتنے ہی نردوش سمجھے جاتے تھے جتنے سادھوؤں اور بھکشوؤں کے۔ فاهیان کو یہ دیکھ کر بڑی ہی تسلی ہوئی کہ راجا لوگ سادھوؤں اور بھکشوؤں کی بڑی عزت کرتے تھے۔ "جب یہ لوگ بودھ بھکشوؤں کو کوئی چیز بھینٹ کرتے ہیں، تو اپنے مکٹ سر سے اتار لیتے ہیں اور جب انہیں کھانا کھلاتے ہیں، تو اپنے بال بچوں اور خاص خاص درباریوں سمیت سامنے کھڑے رہتے ہیں۔ کھانا ہو چکنے کے بعد وے زمین پر خود فرش بچھا کر پردھان بھکشو کی طرف منھ کر کے بیٹھ جاتے ہیں۔ ان لوگوں کے سامنے وے چوکیوں یا کسی اونچی چیز پر بیٹھنے کا ساہس نہیں کر سکتے۔" بودھ کال کا یہ بیان اس لئے اور بھی مہتو کا ہے کیونکہ فاهیان گپت سامراجیہ کے سمے بھارت آیا تھا۔ انگریز اتہاسکار بڑے خوش ہو کر اُس کال کو—"ہندو پرتیکریا کا سمے کہتے ہیں۔" کم سے کم جہاں تک فاهیان کے لکھے ہوئے بیانوں کا سمبندھ ہے نہ ہمیں کسی پرتیکریا کی کوئی نشانی ملتی ہے اور نہ بودھ دھرماولمبیوں کو کسی طرح کی تکلیفیں دئیے جانے کا ذکر ملتا ہے۔" فاهیان یہ بھی صاف لکھتا ہے کہ ان دنوں ایودھیا میں اور اُس کے آس پاس کٹر ہندو دھرم کے ماننے والے موجود تھے۔ ایک جگہ اُس نے لکھا ہے کہ—"یہاں پر 96 ابودھ سمپردایوں کے لوگ موجود ہیں جو سب کے سب بھوتک سنسار (مادی دنیا) کو ستیہ مانتے ہیں۔" لیکن ایسے ایشور کی کلپنا جو ایک خاص سمپردائے کے لوگوں سے باہر دوسری سمپردایوں کے اشٹ دیوں کو ایرشا کی درشٹی سے دیکھتا ہو، جسے انگریزی میں "A jealous god" کہتے ہیں، اس طرح کی کوئی کلپنا ہی واستو میں پاشچاتیہ کلپنا ہے۔ اس طرح کی کوئی کلپنا یا مذہبی تنگ نظری ہمیں سمدر گپت اور وکرمادتیہ کے ان شاسن کالوں میں بھی بالکل دکھائی نہیں دیتی، جن شاسن کالوں میں ہمیں اتر بھارت کے اندر ہندو کلا اور ہندو سنسکرتی کا آشچریہ جنک پنرودھار دیکھنے کو ملتا ہے۔

सूखी हड्डियों के अलावा कोई रास्ता दिखाने वाला न मिलता;" चाहे हिन्दुकुश पहाड़ की बरफ़ीली चोटियां होतीं "जहां अगला क़दम रखने की जगह न होती और आंखों में अंधेरा छा जाता," और चाहे समुद्र की लहरें होतीं "जो गरजती हुई, उठकर एक दूसरे से टकरातीं और फेन छोड़तीं, जिन में बड़े बड़े घड़ियाल और समुद्री जीव-जन्तु किलोलें करते." इन सब आफ़तों में फ़ाहियान के सामने एक ही मक़सद होता कि ज्ञान की मशाल को और धर्म की सच्ची भावना को उसे अपने देश "बाहरी दुनिया" में यानी चीन ले जाना है. "उसकी आत्मा की भीतरी ज्योति ही उदास घड़ियों में उसे ढारस बंधाती और उसे रास्ता दिखाती थी."

फ़ाहियान के लिये चीन वास्तव में "बाहरी दुनिया" था. भारत में बौद्ध धर्म का जो गौरव था और जो प्रतिमा थी उसकी तुलना में चीन बाहरी दुनिया ही था. अफ़ग़ानिस्तान से लेकर गंगा के दहाने तक, जहां फ़ाहियान दो बरस तक बौद्ध सूत्रों का अध्ययन और बौद्ध मूर्तियों का देखांकन करता रहा, सारा देश बौद्ध मठों और विहारों के जाल से गुंथा पड़ा था. बौद्ध धर्म के कुछ पुराने केन्द्र (मरकज़) ज़रूर फीके पड़ गये थे. मिसाल के तौर पर बुद्ध की जन्मभूमि कपिलवस्तु के सम्बन्ध में फ़ाहियान लिखता है—"कपिलवस्तु में न राजा रह गया है न जनता. सारी नगरी खंडहर और वीरान हो गई है, महज़ कुछ पुजारी और क़रीब दस परिवार वहां रहते हैं. रास्ते में शेर और जंगली हाथियों के हमले का ख़ौफ़ रहता है." फ़ाहियान लिखता है—"कपिलवस्तु जाने वाले यात्रियों को ख़तरे से बहुत बचकर जाना चाहिये." कुशीनगर, जहां भगवान बुद्ध निर्वान को प्राप्त हुये, इसी तरह वीरान पड़ा था. ऐसा मालूम होता है कि अशोक के बाद की सदियों में बौद्ध धर्म धीरे धीरे अपनी जन्मभूमि छोड़कर अधिक उत्तर में केन्द्रीभूत हो गया था. अफ़ग़ानिस्तान में उस समय कम से कम तीन हज़ार बौद्ध भिक्खु रहे होंगे. सरहद में बन्नू का ज़िला बौद्ध धर्म का केन्द्र था, जहां बौद्ध मठों और विहारों में हज़ारों बौद्ध भिक्खु और सन्यासी रहते थे. ये सब के सब 'हीनयान के मानने वाले थे. ख़ुतन में 'गोमति' नाम का एक बहुत बड़ा विहार था. पेशावर में सम्राट कनिष्क का एक पगोडा (बुद्ध-मन्दिर) था जो "चार सौ फ़ुट ऊंचा था जिसमें तरह तरह के बेल बूटे पच्चीकारी और सुनहला काम बना हुआ था." यह पगोडा यात्रियों के लिये बड़ा दिल खींचने वाली चीज़ थी. फ़ाहियान के मुताबिक़—"दुनिया के सब पगोडाओं में पेशावर का यह पगोडा सब में बड़ा और सब में आलीशान है." लेकिन जिस चीज़ ने फ़ाहियान को सब से अधिक खींचा वह यह मठ, विहार और मन्दिर नहीं थे बल्कि बौद्ध भिक्खुओं का ऊंचे दरजे

سوکھی ہڈیوں کے علاوہ کوئی راستہ دکھانے والا نہ ملتا؛" چاہے ہندوکش پہاڑ کی برفیلی چوٹیاں ہوتیں "جہاں اگلا قدم رکھنے کی جگہ نہ ہوتی اور آنکھوں میں اندھیرا چھا جاتا" اور چاہے سمدر کی لہریں ہوتیں "جو گرجتی ہوئی اُٹھ کر ایک دوسرے سے ٹکراتیں اور پھین چھوڑتیں' جن میں بڑے بڑے گھڑیال اور سمدری جیو جنتو کاولیں کرتے." ان سب آفتوں میں فاہیان کے سامنے ایک ہی مقصد ہوتا کی گیان کی مشعل کو اور دھرم کی سچی بھاونا کو اُسے اپنے دیش "باہری دنیا" میں یعنی چین لے جانا ہے. "اُس کی آتما کی بھیتری جیوتی ہی اداس گھڑیوں میں اُسے ڈھارس بندھاتی اور راستہ دکھاتی تھی."

فاہیان کے لئے چین واستو میں "باہری دنیا" تھا. بھارت میں بودھ دھرم کا جو گورو تھا اور جو پرتما تھی اُس کی تولنا میں چین باہری دنیا ہی تھا. افغانستان سے لےکر گنگا کے دہانے تک' جہاں فاہیان دو برس تک بودھ سوتروں کا ادھین اور بودھ مورتیوں کا دیکھانکن کرتا رہا' سارا دیش بودھ مٹھوں اور وہاروں کے جال سے گوندھا پڑا تھا. بودھ دھرم کے کچھ پرانے کیندر (مرکز) ضرور پھیکے پڑگئے تھے. مثال کے طور پر بدھ کی جنم بھومی کپل وستو کے سمبندھ میں فاہیان لکھتا ہے—"کپل وستو میں نہ راجہ رہ گیا ہے نہ جنتا. ساری نگری کھنڈر اور ویران ہوگئی ہے' محض کچھ پجاری اور قریب دس پریوار وہاں رہتے ہیں. راستے میں شیر اور جنگلی ہاتھیوں کے حملے کا خوف رہتا ہے." فاہیان لکھتا ہے—"کپل وستو جانے والے یاتریوں کو خطرے سے بہت بچ کر جانا چاہئے." کوشی نگر جہاں بھگوان بدھ نروان کو پراپت ہوئے اِسی طرح ویران پڑا تھا. ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اشوک کے بعد کی صدیوں میں بودھ دھرم دھیرے دھیرے اپنی جنم بھومی چھوڑکر ادھک اُتر میں کیندری بھوت ہوگیا تھا. افغانستان میں اُس سمے کم سے کم تین ہزار بودھ بھکھو رہے ہونگے. سرحد میں بنو کا ضلع بودھ دھرم کا کیندر تھا' جہاں بودھ مٹھوں اور وہاروں میں ہزاروں بودھ بھکھو اور سنیاسی رہتے تھے. یہ سب کے سب 'ہینیان' کے ماننے والے تھے. ختن میں 'گومتی' نامک ایک بہت بڑا وہار تھا. پیشاور میں سمراٹ کنشک کا ایک پگودا (بودھ مندر) تھا جو "چار سو فٹ اُونچا تھا جس میں طرح طرح کے بیل بوٹے' پچی کاری اور سنہلا کام بنا ہوا تھا." یہ پگودا یاتریوں کے لئے بڑا دل کھینچنے والی چیز تھی. فاہیان کے مطابق—"دنیا کے سب پگوداؤں میں پیشاور کا یہ پگودا سب میں بڑا اور سب میں عالیشان ہے." لیکن جس چیز نے فاہیان کو سب میں ادھک کھینچا وہ یہ مٹھ' وہار اور مندر نہیں تھے بلکہ بودھ بھکھوؤں کا اُونچے درجے

जो वह अपनी उस पुरातन (क़दीम) यात्रा में बांस की पत्तियों और रेशम पर लिखकर छोड़ गया है, जिसकी उस यात्रा के सामने आज की बग़ैर रुके अटलांटिक की हवाई यात्रा फीकी और मामूली मालूम होती है. फ़ाहियान की वह यात्रा हमें आज की अपनी जल्दबाज़ी की उपयोगिता पर सोचने को मजबूर करती है.

फ़ाहियान के यात्रा बनन से ऐसा मालूम होता है कि यात्रा के शुरू में उसके साथ कुछ थोड़े से साथी भी थे. कम से कम उनका कारा शहर तक साथ रहा. कारा शहर रूसी तुर्किस्तान के पास कहीं रहा होगा. वहां के बाशिन्दे "तबियतों के ख़ूंख़ार और अजनबियों के तरफ़ अपने बर्ताव में इतने कमीने" थे कि फ़ाहियान के तीन साथियों ने वापस चीन लौट जाने का फ़ैसला किया. हुइ-चिंग नाम का एक चौथा साथी 'सफ़ेद कोह' की बरफ़ीली चोटियों पर फ़ाहियान के हाथों में ही मौत का शिकार हुआ. वहां इतनी ठन्ड थी "कि दांत कटकटाते थे और सारा बदन थर थर कांपता था." सिर्फ़ एक साथी फ़ाहियान के साथ भारत पहुंचा; लेकिन यहां आकर जो उसने बौद्ध धर्म की शान देखी और उसकी तुलना में उसे अपने देश मे बौद्ध धर्म की हालत इतनी हेच मालूम हुई कि उसने भारत में रहकर ही निर्वान हासिल करने की साधना का फ़ैसला किया. फ़ाहियान के सामने एक महान मिशन था. बड़ी से बड़ी आफ़तें और बड़े से बड़े आकर्षन उसे अपने मक़सद से डिगा न सकते थे. उसे तो वापस चीन पहुंच कर अपने देश में बौद्ध धम की बुनियादों को मज़बूत करना था. उसके रास्ते में ज़बरदस्त रुकावटें थीं. यात्रा के शुरू मे ही गोबी के हज़ारों मील लम्बे चौड़े रेगिस्तान को पार करने का सवाल था. फ़ाहियान लिखता है—"गोबी के रेगिस्तान में न आसमान में परिन्दे थे न धरती पर जानवर. गरम गरम हवा चारों ओर भूत की तरह भनभनाती फिरती थी, जिसके मुक़ाबले के मानी थे—मौत !"

उत्तर भारत के बरफ़ीले पहाड़ गोबी के रेगिस्तान से कुछ कम ख़तरनाक न थे, बारहों महीने, सर्दी और गर्मी में जिनकी चोटियां फ़ुटों बरफ़ से ढकी रहती हैं. फ़ाहियान का ऐसा विश्वास था कि उन चोटियो पर—"ख़ौफ़नाक जन्तु रहते हैं जो ज़रा से छेड़ने पर ज़हरीली हवा की फुंकार मारते हैं और जिनके नथनों से बारिश, बरफ़ और पत्थर बरसने लगते हैं." फ़ाहियान लिखता है—"इन जन्तुओं से दस हज़ार आदमियों में से कहीं एक बचकर निकल पाता है." फ़ाहियान बचकर निकल आया, लेकिन वह ऐसा वैसा यात्री तो नहीं था. उसके दिल में विश्वास की एक ऐसी ज़बर्दस्त आग थी जो पहाड़ों को हिला सकती थी, चाहे पथहीन रेगिस्तान होता—"जहां भूले भटके यात्रियों की

جو وہ اپنی اُس پراتن (قدیم) یاترا میں بانس کی پتیوں اور ریشم پر لکھ کر چھوڑ گیا ہے، جس کی اُس یاترا کے سامنے آج کی بغیر رکے اٹلانٹک کی ہوائی یاترا پھیکی اور معمولی معلوم ہوتی ہے. فاهیان کی وہ یاترا ہمیں آج کی اپنی جلدبازی کی اُپیوگتا پر سوچنے کو مجبور کرتی ہے.

فاهیان کی یاترا ورنن سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یاترا کے شروع میں اُس کے ساتھ کچھ تھوڑے سے ساتھی بھی تھے. کم سے کم اُن کا کارا شہر تک ساتھ رہا. کارا شہر روسی ترکستان کے پاس کہیں رہا ہوگا. وہاں کے باشندے "طبیعتوں کے خونخوار اور اجنبیوں کے طرف اپنے برتاؤ میں اتنے کمینے" تھے کہ فاهیان کے تین ساتھیوں نے واپس چین لوٹ جانے کا فیصلہ کیا. ہوئی چنگ نام کا ایک چوتھا ساتھی 'سفید کوہ' کی برفیلی چوٹیوں پر فاهیان کے ہاتھوں میں ہی موت کا شکار ہوا. وہاں اتنی ٹھنڈ تھی "کہ دانت کٹ کٹاتے تھے اور سارا بدن تھرتھر کانپتا تھا." صرف ایک ساتھی فاهیان کے ساتھ بھارت پہونچا؛ لیکن یہاں آکر جو اس نے بودھ دھرم کی شان دیکھی اور اُس کی تولنا میں اُسے اپنے دیش میں بودھ دھرم کی حالت اتنی ہیچ معلوم ہوئی کہ اُس نے بھارت میں رہ کر ہی نروان حاصل کرنے کی سادھنا کا فیصلہ کیا. فاهیان کے سامنے ایک مہان مشن تھا. بڑی سے بڑی آفتیں اور بڑے سے بڑے آکرشن اُسے اپنے مقصد سے ڈگا نہ سکتے تھے. اُسے تو واپس چین پہونچ کر اپنے دیش میں بودھ دھرم کی بنیادوں کو مضبوط کرنا تھا. اس کے راستے میں زبردست رکاوٹیں تھیں. یاترا کے شروع میں ہی گوبی کے ہزاروں میل لمبے چوڑے ریگستان کو پار کرنے کا سوال تھا. فاهیان لکھتا ہے—"گوبی کے ریگستان میں نہ آسمان میں پرندے تھے نہ دھرتی پر جانور. گرم گرم ہوا چاروں اور بھوت کی طرح بھنبھناتی پھرتی تھی، جس کے مقابلے کے معنی تھے—موت!"

اتر بھارت کے برفیلے پہاڑ گوبی کے ریگستان سے کچھ کم خطرناک نہ تھے، بارہوں مہینے، سردی اور گرمی میں جن کی چوٹیاں فٹوں برف سے ڈھکی رہتی ہیں. فاهیان کا ایسا وشواس تھا کہ اُن چوٹیوں پر—"خوفناک جنتو رہتے ہیں جو ذرا سے چھیڑنے پر زہریلی ہوا کی پھنکار مارتے ہیں اور جن کے نتھنوں سے بارش، برف اور پتھر برسنے لگتے ہیں." فاهیان لکھتا ہے—"اِن جنتوؤں سے دس ہزار آدمیوں میں سے کہیں ایک بچ کر نکل پاتا ہے." فاهیان بچ کر نکل آیا، لیکن وہ ایسا ویسا یاتری تو نہیں تھا. اس کے دل میں وشواس کی ایک ایسی زبردست آگ تھی جو پہاڑوں کو ہلا سکتی تھی، چاہے پتھہین ریگستان ہوتا—"جہاں بھولے بھٹکے یاتریوں کی

फ़ाहियान की भारत यात्रा

श्री के० पी० एस० मेनन, आइ० सी० एस०

भाप और पेट्रोल से चलने वाली सवारियों के जमाने में आज बेचारे घोड़े की कोई क़द्र ही नहीं रह गई. रेलवे ट्रेन और मोटरकार भी अब पुरानी पड़ने लगीं. हवाई उड़ान का अब जमाना आ गया है. पलक मारते सैकड़ों मील की दूरी नाप ली जाती है. इस तेज रफ़्तार जमाने में जब हम महान चीनी यात्री फ़ाहियान की यात्रा के वर्क़ उलटते हैं तो हमें हैरत होती है कि दस हजार मील की यात्रा, और वह भी पैदल, कैसे पूरी की गई होगी ! फ़ाहियान चौथी सदी का एक मशहूर चीनी बौद्ध भिक्षु था. उसकी भारत-यात्रा की वजह चीनी बौद्धों के लिये यहां से बौद्ध धर्म ग्रन्थों का ले जाना था. उसकी महान यात्रा ज्ञान की खोज और सत्य की शोध में थी. मध्य चीन से वह पैदल रवाना हुआ. गोबी के ख़ौफ़नाक रेगिस्तान और हिन्दुकुश की बर्फ़ीली पर्वत-श्रेनियों को पार करता हुआ वह पैदल बङ्गाल की खाड़ी तक आया और वहां से जहाज द्वारा लंका और जावा की यात्रा करते हुये वह वापस चीन पहुंचा. उसकी समुद्र-यात्रा पैदल यात्रा से भी कहीं ज्यादा ख़तरनाक साबित हुई. फ़ाहियान की इस यात्रा में 15 बरस लगे, जिनमें से 9 बरस चलने में बीते और बाक़ी पढ़ने में. वह अपनी यात्रा में कम से कम तीस मुल्कों के बीच से होकर गुजरा. वह अपनी यात्रा की सख़्ती और अकेलेपन के बारे में लिखता है—"यात्रा में हमें सिर्फ़ अपनी ही परछाईं दिखाई देती थी और जिसे देखकर हमारा दिल उदासी से भर जाता था." अपने देश की टीस उसके इन शब्दों से जाहिर होती है—"जब मैंने लंका में देखा कि एक व्यापारी रेशमी चीनी पंखा भगवान बुद्ध की प्रतिमा पर भेंट चढ़ा रहा है, तो मेरा दिल भर आया और मेरी आंखें आंसुओं से भर गईं." अगर फ़ाहियान आज इस बीसवीं सदी में पैदा हुआ होता, तो उसने अपनी यात्रा और ही तरह से की होती. वह नाश्ता करने के बाद अपने घर चांगान से हवाई जहाज से रवाना हुआ होता, आसाम के किसी हवाई अड्डे पर उसने दोपहर को भोजन किया होता और रात के खाने के वक़्त कलकत्ते पहुंच गया होता. उसने अमरीकन तरीक़े से अपनी भारत-यात्रा पर एक पुस्तक भी लिखी होती जिसे हम 'माडर्न यात्रा' वर्नन कह सकते थे. लेकिन उसका यह वर्नन उस वर्नन से कितना भिन्न होता

فاهیان کی بھارت یاترا

شری کے . پی . ایس . مینن، آئی . سی . ایس .

بھاپ اور پیٹرول سے چلنے والی سواریوں کے زمانے میں آج بیچارے گھوڑے کی کوئی قدر ھی نہیں رہ گئی . ریلوے ٹرین اور موٹرکار بھی اب پرانی پڑنے لگیں . ھوائی اُڑان کا اب زمانہ آگیا ھے . پلک مارتے سیکڑوں میل کی دوری ناپ لی جاتی ھے. اِس تیز رفتار زمانے میں جب ھم مہان چینی یاتری فاهیان کی یاترا کے ورق اُلٹتے ھیں تو ھمیں حیرت ھوتی ھے کہ دس ھزار میل کی یاترا، اور وہ بھی پیدل، کیسے پوری کی گئی ھوگی! فاهیان چوتھی صدی کا مشہور چینی بودھ بھکشو تھا . اس کی بھارت یاترا کی وجہ چینی بودھوں کے لئے یہاں سے بودھ دھرم گرنتھوں کا لے جانا تھا . اُس کی مہان یاترا گیان کی کھوج اور ستیہ کی شودھ میں تھی . مدھیہ چین سے وہ پیدل روانہ ھوا . گوبی کے خوفناک ریگستان اور ھندوکش کی برفیلی پربت شرینیوں کو پار کرتا ھوا وہ پیدل بنگال کی کھاڑی تک آیا اور وھاں سے جہاز دوارا لنکا اور جاوا کی یاترا کرتے ھوئے وہ واپس چین پہونچا . اُس کی سمندر یاترا پیدل یاترا سے بھی کہیں زیادہ خطرناک ثابت ھوئی . فاهیان کی اِس یاترا میں 15 برس لگے، جن میں سے 9 برس چلنے میں بیتے اور باقی پڑھنے میں . وہ اپنی یاترا میں کم سے کم تیس ملکوں کے بیچ سے ھوکر گذرا . وہ اپنی یاترا کی سختی اور اکیلے پن کے بارے میں لکھتا ھے—"یاترا میں ھمیں صرف اپنی ھی پرچھائیں دکھائی دیتی تھی اور جسے دیکھ کر ھمارا دل اُداسی سے بھر جاتا تھا ." اپنے دیش کی ٹیس اس کے اِن شبدوں سے ظاھر ھوتی ھے— "جب میں نے لنکا میں دیکھا کہ ایک ویاپاری ریشمی چینی پنکھا بھگوان بودھ کی پرتیما پر بھینٹ چڑھا رھا ھے، تو میرا دل بھر آیا اور میری آنکھیں آنسوں سے بھر گئیں ." اگر فاهیان آج اِس بیسویں صدی میں پیدا ھوا ھوتا، تو اُس نے اپنی یاترا اور ھی طرح سے کی ھوتی . وہ ناشتہ کرنے کے بعد اپنے گھر چانگان سے ھوائی جہاز سے روانہ ھوا ھوتا، آسام کے کسی ھوائی اڈے پر اُس نے دوپہر کو بھوجن کیا ھوتا اور رات کے کھانے کے وقت کلکتے پہونچ گیا ھوتا. اُس نے امریکن طریقے سے اپنی بھارت یاترا پر ایک پستک بھی لکھی ھوتی جسے ھم 'ماڈرن یاترا' ورنن کہہ سکتے تھے . لیکن اُس کا یہ ورنن اُس ورنن سے کتنا بھن ھوتا

रहा हूं. मेरा घोड़ा कुछ इस अन्दाज़ से चलता और मुड़ता था कि मानों उसे पता था कि मुझे कहां जाना है. धीरे धीरे धुएं का एक गुबार नज़र आने लगा. उसके बाद धीमे पड़ते हुए अंगारों की लौ मुझे दिखाई दी. मैंने देखा कि एक शख़्स अलाव के पास लेटा है. हालांकि मुझे उसकी शक्ल नहीं दिखाई दे रही थी फिर भी मुझे विश्वास था कि यही हमारा शिकार है. बड़ी सतर्कता से मैंने आगे बढ़ना शुरू किया. जब अलाव सिर्फ़ सौ गज़ रह गया तो मैंने देखा कि वह शख़्स आग की ओर पैर किये ज़मीन पर दाहिनी करवट लेटा है. उसका घोड़ा पास ही खड़ा था. मैं कह रहा हूं कि मैंने उस शख़्स को देखा पर वास्तव में मैं सपना देख रहा था. सपने में ही घोड़े से उतर कर मैं उस शख़्स की ओर पैदल दबे पांव बढ़ा. फिर मुझे यह ख़याल हुआ कि कहीं आहट पा कर वह भाग न जाय. मैंने राइफ़ल सम्हाली और उसे निशाना बना कर घोड़ा दबाया. 'धांय' की आवाज़ चारों ओर गूंज गई. मैं चौंक पड़ा और मेरा सपना टूट गया. तब से मैं ख़ुद हैरान हूं कि मैं कैसे यहां आ पहुंचा."

"बात अभी मैंने ख़त्म ही की थी कि मेरे साथियों की निगाहें ठन्डे पड़ते हुये अलाव की ओर गईं. आंखों के सामने सचमुच एक आग की ढेरी जल रही थी और धीमी पड़ती हुई ज्वाला की बुझती लौ में वहां सचमुच एक आदमी की आकृति लेटी हुई दिखाई दे रही थी. साथियों ने फुरती से आगे बढ़कर उसे घेर लिया. लेकिन आहट पाकर भी वह आदमी टस से मस नहीं हुआ. राइफ़लें सम्हाले लोग उसके बिलकुल पास जाकर खड़े हो गये. उस व्यक्ति की छाती पर कुछ काला सा धब्बा दिखाई दे रहा था. लोगों ने जब फीकी पड़ती हुई चांदनी की तरफ़ उसका मुंह किया तो उन्हें मालूम हुआ कि वह बेजान है. उसके दिल पर बुलेट ने जो प्रवेश मार्ग खुला छोड़ दिया था उसी से लाल झरने की रवानी के साथ उसके प्रान बह चुके थे.

"मैं उस शख़्स को पहचानता नहीं था लेकिन मेरे दूसरे साथी उस गोरे मुजरिम से पूरी तरह वाक़िफ़ थे. और जैसी मुझे उम्मीद थी दरअस्ल उस शख़्स की खोपड़ी मेरे वैज्ञानिक प्रयोगों में बहुत कारगर साबित हुई."

ग़ुलाम और आज़ाद में यही फ़र्क़ है कि ग़ुलाम मरने के लिये जीता है और आज़ाद जीने के लिये मरता है, ग़ुलाम की ज़िन्दगी मौत के बराबर है मगर आज़ाद की मौत भी ज़िन्दगी है.

—अज्ञात

رہا ہوں. میرا گھوڑا کچھ اس انداز سے چلتا اور مڑتا تھا کہ مانو اسے پتہ تھا کہ مجھے کہاں جانا ہے . دھیرے دھیرے دھوئیں کا ایک غبار نظر آنے لگا. اس کے بعد دھیمے پڑتے ہوئے انگاروں کی لو مجھے دکھائی دی . میں نے دیکھا کہ ایک شخص الاؤ کے پاس لیٹا ہے . حالانکہ مجھے اس کی شکل نہیں دکھائی دے رہی تھی پھر بھی مجھے وشواس تھا کہ یہی ہمارا شکار ہے . بڑی سترکتا سے میں نے آگے بڑھنا شروع کیا . جب الاؤ صرف سو گز رہ گیا تو میں نے دیکھا کہ وہ شخص آگ کی اور پیر کئے زمین پر داہنی کروٹ لیٹا ہے . اس کا گھوڑا پاس ہی کھڑا تھا . میں کہہ رہا ہوں کہ میں نے اس شخص کو دیکھا پر واستو میں میں سپنا دیکھ رہا تھا . سپنے میں ہی گھوڑے سے اتر کر میں اس شخص کی اور پیدل دبے پاؤں بڑھا . پھر مجھے یہ خیال ہوا کہ کہیں آہٹ پا کر وہ بھاگ نہ جائے . میں نے رائفل سنبھالی اور اسے نشانہ بنا کر گھوڑا دبایا . ' دھائیں ' کی آواز چاروں اور گونج گئی . میں چونک پڑا اور میرا سپنا ٹوٹ گیا . تب سے میں خود حیران ہوں کہ میں کیسے یہاں آ پہونچا ."

" بات ابھی میں نے ختم ہی کی تھی کہ میرے ساتھیوں کی نگاہیں ٹھنڈے پڑتے ہوئے الاؤ کی اور گئیں . آنکھوں کے سامنے سچ مچ ایک آگ کی ڈھیری جل رہی تھی اور دھیمی پڑتی ہوئی جوالا کی بجھتی لو میں وہاں سچ مچ ایک آدمی کی آکرتی لیٹی ہوئی دکھائی دے رہی تھی . ساتھیوں نے پھرتی سے آگے بڑھکر اسے گھیر لیا . لیکن آہٹ پا کر بھی وہ آدمی ٹس سے مس نہیں ہوا . رائفلیں سنبھالے لوگ اس کے بالکل پاس جا کر کھڑے ہوگئے . اس ویکتی کی چھاتی پر کچھ کالا سا دھبہ دکھائی دے رہا تھا . لوگوں نے جب پھیکی پڑتی ہوئی چاندنی کی طرف اس کا منھ کیا تو انہیں معلوم ہوا کہ وہ بےجان ہے . اس کے دل پر بولیٹ نے جو پرویش مارگ کھلا چھوڑ دیا تھا اسی سے لال جھرنے کی روانی کے ساتھ اس کے پران بہہ چکے تھے ."

' میں اس شخص کو پہچانتا نہیں تھا لیکن میرے دوسرے ساتھی اس گورے مجرم سے پوری طرح واقف تھے . اور جیسی مجھے امید تھی دراصل اس شخص کی کھوپڑی میرے ویگیانک پریوگوں میں بہت کارگر ثابت ہوئی ."

غلام اور آزاد میں یہی فرق ہے کہ غلام مرنے کے لئے جیتا ہے اور آزاد جینے کے لئے مرتا ہے' غلام کی زندگی موت کے برابر ہے مگر آزاد کی موت بھی زندگی ہے .

—اگیات

"नाच समारोह में मेरे इस तरह उल जलूल दाखिल होने से महिलाओं को खासी दिली चोट पहुंची. बाद में मुझे बताया गया कि कई महिलायें चीख पड़ीं और एक या दो को तो ग़श आ गया. लोकाचार के विरुद्ध मेरा आचरन देखकर साथी हैरत में थे. उनका कुछ समय तो महिलाओं की ज़ख्मी भावनाओं को शान्त करने में गया और उसके बाद उन्हें मेरी फ़िक्र हुई. इतने में किसी ने घोड़े की टाप सुनी. मेरे साथी फ़ौरन अस्तबल की ओर लपके. उन्हें मामला नाज़ुक मालूम होने लगा.

"और मेरा कहीं पता न था. अस्तबल का दरवाज़ा खुला हुआ था. न वहां मेरा घोड़ा था, न उसकी ज़ीन और न लगाम. साथियों ने जल्दी जल्दी अपने अपने घोड़े कसे. उन्हें परेशानी यह थी कि मुझे खोजने वे किधर जाते. माना मैं राइफ़ल से लैस था फिर भी आस्ट्रेलिया की घनी झाड़ियों की भूल भुलइयों में फंसकर निकल सकना मज़ाक़ न था. मेरी मुमकिन बदक़िस्मती की कल्पना करके साथी फ़िक्र से भर उठे.

"चतुर्दशी का चांद चारों ओर अपनी ज्योत्स्ना बिखेर रहा था. हवा ज्यों ही क़ुदरत का दुपट्टा उड़ाने की कोशिश करती बादल के दो एक टुकड़े चांद के सामने इस तरह आ जाते मानो क़ुदरत शर्मा कर खिड़कियों पर पर्दे डाल रही हो. अगर और दूसरा मौक़ा होता तो यह घुड़सैर ख़ासी मज़ेदार रहती; किन्तु इस बेसिर पैर की ढूंढ़ खोज से साथियों को बेहद परेशानी थी. वे परेशान से थे कि अचानक उन्हें पास ही से कहीं राइफ़ल छूटने की आवाज़ सुनाई दी. आवाज़ को अन्दाज़ करके घोड़े के मुंह उन्होंने उधर ही फेर दिये. एड़ लगी और घोड़े हवा में तैरने लगे. थोड़ी दूर पर उन्हें हलका धुंआ आसमान की ओर उठता हुआ दिखाई दिया. साथी उसी ओर बढ़े. थोड़ी दूर और चलकर उन्हें बुझती हुई आग की फीकी लौ दरख़्तों के झुरमुट में आंख मिचौनी खेलती दिखाई दी. साथियों ने सतर्क होकर आगे बढ़ना शुरू किया. इतने में मैं उन्हें नंगे पैर अपने सफ़ेद स्लीपिंग सूट में खड़ा दिखाई दिया. मेरा घोड़ा भी पास ही खड़ा था. मेरी आंखें चौपट खुली हुई थीं और मेरी राइफ़ल से धुएं की आख़री सांसें निकल रही थीं. आग की ढेरी और मुझमें क़रीब 60 गज़ का फ़ासला था.

"साथियों ने मुझे घेर कर एक साथ सवाल करने शुरू कर दिये. जो कुछ मैं जानता था मैंने उन्हें सुनाना शुरू कर दिया—'रात जल्दी ही मैं सोने चला गया था. दिन भर का थका था इसलिये नींद ने फ़ौरन ही मुझे अपने दामन में समेट लिया. इसके बाद मैंने एक सपना देखना शुरू किया. दिमाग़ उसी गोरे के ख़याल से भरा हुआ था. सपने में मैंने देखा कि चांदनी रात में मैं घोड़े पर उसका पीछा कर

" ناچ سماروہ میں میرے اِس طرح اُول جلول داخل ہونے سے مہلاؤں کو خاصی دلی چوٹ پہونچی ۔ بعد میں مجھے بتایا گیا کہ کئی مہلائیں چیخ پڑیں اور ایک یا دو کو تو غش آ گیا ۔ لوکاچار کے وِرودھ میرا آچرن دیکھکر ساتھی حیرت میں تھے ۔ اُن کا کچھ سمے تو مہلاؤں کی زخمی بھاؤناؤں کو شانت کرنے میں گیا اور اُسکے بعد انہیں میری فکر ہوئی ۔ اتنے میں کسی نے گھوڑے کی ٹاپ سنی ۔ میرے ساتھی فوراً اصطبل کی اور لپکے ۔ اِنہیں معاملہ نازک معلوم ہونے لگا ۔

" اور میرا کہیں پتہ نہیں تھا ۔ اصطبل کا دروازہ کھلا ہوا تھا ۔ نہ وہاں میرا گھوڑا تھا' نہ اُس کی زین اور نہ لگام ۔ ساتھیوں نے جلدی جلدی اپنے اپنے گھوڑے کسے ۔ اِنہیں پریشانی یہ تھی کہ مجھے کھوجنے وے کدھر جاتے ۔ مانا میں رائفل سے لیس تھا پھر بھی آسٹریلیا کی گھنی جھاڑیوں کی بھول بھلیوں میں پھنس کر نکل سکنا مذاق نہ تھا ۔ میری ممکن بدقسمتی کی کلپنا کر کے ساتھی فکر سے بھر اُٹھے ۔

" چتردشی کا چاند چاروں اور اپنی جیوتسنا بکھیر رہا تھا ۔ ہوا جیوں ہی قدرت کا دوپٹہ اڑانے کی کوشش کرتی بادل کے دو ایک ٹکڑے چاند کے سامنے اِس طرح آ جاتے مانو قدرت شرما کر کھڑکیوں پر پردے ڈال رہی ہو ۔ اگر اور دوسرا موقع ہوتا تو یہ گھوڑ سیر خاصی مزیدار رہتی' کنتو اِس بے سر پیر کی ڈھونڈھ کھوج سے ساتھیوں کو بے حد پریشانی تھی ۔ وے پریشان سے تھے کہ اچانک انہیں پاس ہی سے کہیں رائفل چھوٹنے کی آواز سنائی دی ۔ آواز کو انداز کر کے گھوڑے کے منھ انہوں نے ادھر ہی پھیر دیئے ۔ ایڑ لگی اور گھوڑے ہوا میں تیرنے لگے ۔ تھوڑی دور پر انہیں ہلکا دھواں آسمان کی اور اٹھتا ہوا دکھائی دیا ۔ ساتھی اُسی اور بڑھے ۔ تھوڑی دور اور چل کر انہیں بجھتی ہوئی آگ کی پھیکی لو درختوں کے جھرمٹ میں آنکھ مچولی کھیلتی دکھائی دی ۔ ساتھیوں نے سترک ہو کر آگے بڑھنا شروع کیا ۔ اتنے میں میں انہیں ننگے پیر اپنے سفید سلیپنگ سوٹ میں کھڑا دکھائی دیا ۔ میرا گھوڑا بھی پاس ہی کھڑا تھا ۔ میری آنکھیں بالکل کھلی ہوئی تھیں اور میری رائفل سے دھوئیں کی آخری سانسیں نکل رہی تھیں ۔ آگ کی ڈھیری اور مجھ میں قریب 60 گز کا فاصلہ تھا ۔

" ساتھیوں نے مجھے گھیر کر ایک ساتھ سوال کرنے شروع کر دیئے ۔ جو کچھ میں جانتا تھا میں نے انہیں سنانا شروع کر دیا —' رات جلدی ہی میں سونے چلا گیا تھا ۔ دن بھر کا تھکا تھا اس لئے نیند نے فوراً ہی مجھے اپنے دامن میں سمیٹ لیا ۔ اس کے بعد میں نے ایک سپنا دیکھنا شروع کیا ۔ دماغ اُسی گورے کے خیال سے بھرا ہوا تھا ۔ سپنے میں میں نے دیکھا کہ چاندنی رات میں میں گھوڑے پر اس کا پیچھا کر

परेशान हो गई और आम लोगों के दिल दहल गये. इस पर कुछ बहादुर और साहसी लोगों ने फ़ैसला किया कि एक दल संगठित करके इस नाहनजार गोरे को, जिन्दा या मुर्दा, किसी तरह पकड़ कर लाया जाय. मेरे दिल में उस अंग्रेज की खोपड़ी पाने का कोई खास लालच न था; हालांकि अनुसन्धान में ऐसी खोपड़ी बड़ी क़ीमती और काम की साबित हो सकती थी. इसलिये कुछ तो दिल बहलाव के ख्याल से और कुछ वैज्ञानिक प्रयोग के उद्देश्य से मैं भी स्वयंसेवकों के इस दल में भरती हो गया.

"और वह गोरा भी खासा मुजरिम था. उसने हमें खूब ही छकाया. बाल बाल वह हमारे पंजे से बचकर निकल जाता. वहां के जंगलों और पहाड़ों से वह पूरी तरह वाक़िफ़ था. घुड़सवारी और निशानेबाजी में सचमुच उसका कोई सानी न था. अजब कैफ़ियत थी उसकी—यह आया और वह गया और हम मुंह ताकते रह जाते थे. वह सारी कहानी सुनाकर मैं तुम्हें बेज़ार न करूंगा. उस मानव नाटक के अन्तिम दृश्य का ही जिक्र करूंगा.

"ज्यों ही हमें उसके पते की सूचना मिलती हम फ़ौरन उसकी तलाश में रवाना होते. हफ्तों हमने एक दिन से ज्यादा किसी जगह आराम नहीं किया. जिस शहर में हम ठहरते वहां के धनी मानी हमारी दावतें करते और अपने बढ़िया घोड़े हमारे हवाले कर देते. पीछा करते हुये एक दिन हम ऐलिसस्प्रिंग नामक एक पहाड़ी नगर में पहुंचे. नगर के मेयर की आलीशान कोठी के सामने हमारे घोड़े रुके. कोठी के भीतर किसी सिलसिले में मेहमानों की ख़ातिर तवाजो हो रही थी. हालांकि हम लोग काफ़ी तादाद में थे फिर भी घर की मालकिन ने दिल से हमारा स्वागत किया. रात के भोजन के बाद नाच और संगीत का समां बंधा. मुझे खुद नाच से कोई शौक़ नहीं. मेरी सारी जिन्दगी प्रकृति की उपासना में ही बीती है और मैंने क़ुदरत के खुले सफ़े पढ़ने में ही उम्र काटी है. गृहस्वामी से छुट्टी लेकर मैं सोने चला गया. सारा दिन घोड़े की पीठ पर ही कटा था. जैसे ही लेटा, गहरी नींद तारी हो गई.

"इसके बाद जो कुछ मैंने अपने साथियों से सुना, वही तुम्हें सुना रहा हूं. लोग नाच रंग और शराब में डूबे हुए थे. पियानो की मधुर गति बिठोवन के एक गीत पर ताल भर रही थी. नवयुवक और युवतियां कमर में हाथ डाले कोरस दुहरा रहे थे कि सहसा स्लीपिंग ड्रेस में ही मैं उस मजमे में हाथ में राइफल लिये दाखिल हुआ और कमरे से निकल मकान के पीछे अस्तबल की ओर गया. सर मेरा पीछे की ओर झुका हुआ था और आंखें उस तरह खुली हुई थीं कि मानो पास की चीज़ों से बेख़बर मैं बहुत दूर ग़ैब की कोई चीज़ देख रहा हूं.

پریشان ہوگئی اور عام لوگوں کے دل دہل گئے۔ اس پر کچھ بہادر اور ساھسی لوگوں نے فیصلہ کیا کہ ایک دل سنگٹھت کر کے اِس ناھنجار گورے کو، زندہ یا مردہ، کسی طرح پکڑ کر لایا جائے۔ میرے دل میں اُس انگریز کی کھوپڑی پانے کا کوئی خاص لالچ نہ تھا، حالانکہ انوسندھان میں ایسی کھوپڑی بڑی قیمتی اور کام کی ثابت ہو سکتی تھی۔ اِس لئے کچھ تو دل بہلاؤ کے خیال سے اور کچھ وگیانک پریوگ کے اُدیش سے میں بھی سویم سیوکوں کے اِس دل میں بھرتی ہوگیا۔

" اور وہ گورا بھی خاصہ مجرم تھا۔ اِس نے ہمیں خوب ہی چھکایا۔ بال بال وہ ہمارے پنجے سے بچ کر نکل جاتا۔ وہاں کے جنگلوں اور پہاڑوں سے وہ پوری طرح واقف تھا۔ گھوڑ سواری اور نشانہ بازی میں سچ مچ اس کا کوئی ثانی نہ تھا۔ عجب کیفیت تھی اس کی — یہ آیا اور وہ گیا اور ہم منہ تاکتے رہ جاتے تھے۔ وہ ساری کہانی سنا کر میں تمہیں بیزار نہ کروں گا۔ اُس مانو ناٹک کے انتم درشیہ کا ہی ذکر کرونگا۔

" جیوں ہی ہمیں اُن کے پتہ کی سوچنا ملتی ہم فوراً اُس کی تلاش میں روانہ ہوتے۔ ہفتوں ہم نے ایک دن سے زیادہ کسی جگہ آرام نہیں کیا۔ جس شہر میں ہم ٹھہرتے وہاں کے دھنی مانی ہماری دعوتیں کرتے اور اپنے بڑھیا گھوڑے ہمارے حوالے کر دیتے۔ پیچھا کرتے ہوئے ایک دن ہم ایلس اسپرنگ نامک ایک پہاڑی نگر میں پہونچے۔ نگر کے میئر کی عالیشان کوٹھی کے سامنے ہمارے گھوڑے رکے۔ کوٹھی کے بھیتر کسی سلسلے میں مہمانوں کی خاطر تواضع ہو رہی تھی۔ حالانکہ ہم لوگ کافی تعداد میں تھے پھر بھی گھر کی مالکن نے دل سے ہمارا سواگت کیا۔ رات کے بھوجن کے بعد ناچ اور سنگیت کا سماں بندھا۔ مجھے خود ناچ سے کوئی شوق نہیں۔ میری ساری زندگی پرکرتی کی اُپاسنا میں ہی بیتی ہے اور میں نے قدرت کے کھلے صفحے پڑھنے میں ہی عمر کاٹی ہے۔ گرہ سوامی سے چھٹی لے کر میں سونے چلا گیا۔ سارا دن گھوڑے کی پیٹھ پر ہی کٹا تھا۔ جیسے ہی لیٹا، گہری نیند طاری ہو گئی۔

" اس کے بعد جو کچھ میں نے اپنے ساتھیوں سے سنا، وہی تمہیں سنا رہا ہوں۔ لوگ ناچ رنگ اور شراب میں ڈوبے ہوئے تھے۔ پیانو کی مدھر گتی بتھوون کے ایک گیت پر تال بھر رہی تھی۔ نویوک اور یوتیاں کمر میں ہاتھ ڈالے کورس دہرا رہے تھے کہ سہسا سیلپنگ ڈریس میں ہی میں اِس مجمع میں ہاتھ میں رائفل لئے داخل ہوا اور کمرے سے نکل مکان کے پیچھے اصطبل کی اور گیا۔ سر میرا پیچھے کی اور جھکا ہوا تھا اور آنکھیں اس طرح کھلی ہوئی تھیں کہ مانو پاس کی چیزوں سے بےخبر میں بہت دور غیب کی کوئی چیز دیکھ رہا ہوں۔

काले कुनबे रहते थे. कभी कभी अपवाद की तरह अन्धड़ और तूफ़ान नाशाइस्तगी बरतने लगते थे वरना पूरे बरस भर मन्द मन्द वायु झील के जल को गुदगुदी करती रहती थी. लहरें जलवायु को गलबांही देने के लिये भुजायें फैलाती थीं तो वायु बल खाती हुई किनारे की ओर सघन कुंजों में भाग जाती थी. झील का नीला जल किनारे के चारों ओर पीली पीली रेत के फैलाव में ऐसा लगता था मानो पुखराज के बीचों बीच किसी ने नीलम जड़ दिया हो. झील के एक किनारे गहरे लाल पत्थर की पहाड़ियां धब्बों की तरह फैली हुई थीं और इन पहाड़ियों के पास कास के सफ़ेद घने उगे फूल ऐसे लगते थे मानो क़ुदरत के महावर लगे पैरों में पायज़ेब पड़ी हों. सूर्य की पहली किरनों के मंजुल प्रभात में हज़ारों जलचर तट की रेत पर संख, सीपी और घोंघों का कवच पहने इस तरह फिरते थे मानों झील की रानी के बाडीगार्ड पैरेड कर रहे हों.

"झील के चारों ओर फैले हुये हरे भरे जंगल झील से कुछ कम सुहावने न थे. शोभनीय वृक्ष, कुसुमित झाड़ियां, फूलों के भार से लदी लतायें और नाज़ुक फ़र्न अपने बिखरे हुये रूप में भी बेहद सुन्दर लगते थे. मैगनोलिया के सफ़ेद फूल सुनहले रङ्ग के बड़े बड़े सूरजमुखी, ख़ुशबू से तर मेरोज़ा, तारिकाओं की तरह खिली हुई यूथिका और मनहर नील गुम्फा आस्ट्रेलिया के इस मर्मस्थल को मदविभोर किये रहते थे. हवा के ज़र्रे ज़र्रे में ख़ुशबू समाई रहती थी. इन सघन कुंजों के पीछे बादाम और अख़रोट, सेब और नाशपाती, नारियल और साबूदाने के दरख़्त बेतरतीब खड़े हुये थे और इनसे परे छोटी छोटी पहाड़ियां धावड़ा, सागवन और शीशम के दरख़्तों का भार लादे बोझिल पड़ी हुई थीं.

"जाने कैसे क़ुदरत का यह मनोरम प्राणस्थल सुबह के टूटे हुये सपने की तरह यकायक मिट गया. दानव रेगिस्तान सारी हरियाली निगल कर तीन हज़ार मील के फैलाव की यह अटूट जल राशि पी गया. इस रेगिस्तान की छान बीन करते हुये मुझे कई आश्चर्यजनक तजरुबे हुये. अपनी इसी खोज में आबादी से क़रीब एक हज़ार मील दूर मैं एक दुर्घटना में फंस गया. एक बीहड़ और ख़तरनाक पहाड़ी से उतरते हुये खड्ड में गिर कर मैंने अपनी दोनों टांगें तोड़ लीं. बदक़िस्मती से मैं बिलकुल अकेला था. मुझे अपना खाना भी जुटाना पड़ता और अपनी टूटी टांगों को भी अपने पीछे घसीटना पड़ता. ख़ुदा जाने कैसे सारा रास्ता तय करके मैं वापस आबादी में पहुंचा. पूरी तरह ठीक होने में मुझे महीनों लग गये. अच्छा होकर जी बहलाने के लिये मैं सामाजिक राग रंग में लग गया.

"इसी सबब एक गोरे मुजरिम के कारनामों से आस्ट्रेलिया में तहलका मचा हुआ था. सरकार और पुलिस दोनों

جانے بنے رہتے تھے ۔ کبھی کبھی اپواد کی طرح آندھی اور طوفان ناشائستگی برتنے لگتے تھے ورنہ پورے برس بھر مند مند وایو جھیل کے جل کو گدگدی کرتی رہتی تھی ۔ لہریں جل وایو کو گل باہیں دینے کے لئے بھجائیں پھیلاتی تھیں تو وایو بل کھاتی ہوئی کنارے کی اور سگھن کنجوں میں بھاگ جاتی تھی ۔ جھیل کا نیلا جل کنارے کے چاروں اور پیلی پیلی ریت کے پھیلاؤ میں ایسا لگتا تھا مانو پکھراج کے بیچوں بیچ کسی نے نیلم جڑ دیا ہو ۔ جھیل کے ایک کنارے گہرے لال پتھر کی پہاڑیاں دھبوں کی طرح پھیلی ہوئی تھیں اور ان پہاڑیوں کے پاس کاس کے سفید گھنے اُگے پھول ایسے لگتے تھے مانو قدرت کے مہاور لگے پیروں میں پائزیب پڑی ہوں ۔ سوریہ کی پہلی کرنوں کے منجل پربھات میں ہزاروں جلچر تٹ کی ریت پر سنکھ، سیپی اور گھونگھوں کا کوچ پہنے اس طرح پھرتے ہیں مانو جھیل کی رانی کے باڈی گارڈ پریڈ کر رہے ہوں ۔

"جھیل کے چاروں اور پھیلے ہوئے ہرے بھرے جنگل جھیل سے کچھ کم سہاونے نہ تھے ۔ شوبھنیہ ورکچھ، کسمت جھاڑیاں، پھولوں کے بھار سے لدی لتائیں اور نازک فرم اپنے بکھرے ہوئے روپ میں بھی بیحد سندر لگتے تھے ۔ میگنولیا کے سفید پھول سنہلے رنگ کے بڑے بڑے سورج مکھی، خوشبو سے تر میروزا، تاریکاؤں کی طرح کھلی ہوئی یوتھیکا اور منہر نیل گمفا آسٹریلیا کے اس مرم استھل کو مد وبھور کئے رہتے تھے ۔ ہوا کے ذرے ذرے میں خوشبو سمائی رہتی تھی ۔ ان سگھن کنجوں کے پیچھے بادام اور اخروٹ، سیب اور ناشپاتی، ناریل اور سابودانے کے درخت بےترتیب کھڑے ہوئے تھے اور ان سے پرے چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں، گھاؤڑا، ساگون اور شیشم کے درختوں کا بھار لادے بوجھل پڑی ہوئی تھیں ۔

"جانے کیسے قدرت کا یہ منورم پران استھل صبح کے ٹوٹے ہوئے سپنے کی طرح یکایک مٹ گیا ۔ دانو ریگستان ساری ہریالی نگل کر تین ہزار میل کے پھیلاؤ کی یہ اٹوٹ جل راشی پی گیا ۔ اس ریگستان کی چھان بین کرتے ہوئے مجھے کئی آشچریجنک تجربے ہوئے ۔ اپنی اسی کھوج میں آبادی سے قریب ایک ہزار میل دور میں ایک درگھٹنا میں پھنس گیا ۔ ایک بیہڑ اور خطرناک پہاڑی سے اُترتے ہوئے کھڈ میں گر کر میں نے اپنی دونوں ٹانگیں توڑلیں ۔ بدقسمتی سے میں بالکل اکیلا تھا ۔ مجھے اپنا کھانا بھی جٹانا پڑتا اور اپنی ٹوٹی ٹانگوں کو بھی اپنے پیچھے گھسیٹنا پڑتا ۔ خدا جانے کیسے سارا راستہ طے کرکے میں واپس آبادی میں پہونچا ۔ پوری طرح ٹھیک ہونے میں مجھے مہینوں لگ گئے ۔ اچھا ہوکر جی بہلانے کے لئے میں سماجک راگ رنگ میں لگ گیا ۔

"اسی سبب ایک گورے مجرم کے کارناموں سے آسٹریلیا میں تہلکہ مچا ہوا تھا ۔ سرکار اور پولس دونوں

और पापुआ की जातियों का मूल निकास मैलेनेशिया के टापुओं से हुआ है और असल में दक्खिनी समुद्र की सारी जातियों का मूल सोता उसी तरह एक है जिस तरह यूरोप और एशिया में फैली हुई आर्य जातियों का.

इसी सिलसिले में प्रोफ़ैसर अकसर अपनी स्पेन यात्रा का भी ज़िक्र करते थे. वहां कादिज़ में एक स्पेनिअर्ड की खोपड़ी ने उन्हें बेहद लुभाया था. विकसित खोपड़ियों को जीवित देह से जुदा देखने की ख्वाहिश के पीछे प्रोफ़ैसर की कोई कापालिक भावना न थी. वह तो मानव जाति शास्त्र के विशेषज्ञ थे और कौन जाने किसी आदिम काल में कापालिकों के बलिगृह में ही इस शास्त्र की नींव पड़ी हो. उस स्पेनिअर्ड की तन्दुरुस्ती दिनों दिन बिगड़ती जा रही थी. प्रोफ़ैसर के पास इतना वक़्त न था कि वह ज़्यादा दिनों तक वहां ठहर सकते! वह इस परेशानी में थे कि मौत की धीमी चाल को उसके प्राणों में किस तरह तेज़ किया जाय. प्रोफ़ैसर को पता चला कि उस खोपड़ी के मालिक का एक ऐयाश और दुराचारी भतीजा है. प्रोफ़ैसर ने उसके साथ अपनी दोस्ती बढ़ाई और बातों बातों में उसे समझाया कि उसके चचा की हालत बहुत नाज़ुक है और उसके बचने की कोई उम्मीद नहीं है. अपने बारे में उन्होंने उसे बताया कि वे इनसानों की भलाई के लिये वैज्ञानिक छानबीन में लगे हुये हैं. भतीजे के साथ यह सौदा तय हुआ कि चचा के मरने पर उसे चार सौ रुपये दिये जायंगे और इसके एवज़ में भतीजा अपने चचा की खोपड़ी प्रोफ़ैसर के हवाले कर देगा. इस सौदे के बाद एक दिन सुना गया कि चचा की अचानक मौत हो गई. वादे के मुताबिक़ भतीजे को सारी रक़म चुका दी गई. मगर वह, जो भतीजा था, ज़िन्दगी में उसके कोई उसूल ही न थे. रक़म लेकर उसने प्रोफ़ैसर को अंगूठा दिखाया और अपने चचा को दफ़ना दिया.

किस तरह अपनी रक़म की पाई पाई प्रोफ़ैसर ने उससे वसूल कर ली यह भी एक दिलचस्प क़िस्सा है. मगर इस समय मैं एक दूसरी ही घटना तुम्हें सुनाने बैठा था. प्रोफ़ैसर की ही यह कही हुई है और उन्हीं के शब्दों में तुम्हें ज्यों की त्यों मैं इसे सुना रहा हूं—

"मैं उस समय उन बची खुची जातियों का पता लगाने में मसरूफ़ था जो मिटती जा रही हैं. आज आस्ट्रेलिया के ठीक मर्मस्थल में हज़ारों मील लम्बा चौड़ा रेगिस्तान है. लेकिन किसी ज़माने में यही तीन हज़ार मील के फैलाव में मीठे पानी की एक बेहद खुशनुमा झील थी. उसके चारों ओर लाखों पेड़ थे जिन पर करोड़ों परिन्द कलरव करते रहते थे. ऊपर साफ़ नीला आसमान का चंदोवा तना रहता था और सूर्य भगवान दिन में 16-घन्टे अपनी किरनों के ताने

اور پاپوآ کی جاتیوں کا مول نکاس میلےنیشیا کے ٹاپوؤں سے ہوا ہے اور اصل میں دکھنی سمدر کی ساری جاتیوں کا مول سوتا اسی طرح ایک ہے جس طرح یورپ اور ایشیا میں پھیلی ہوئی آریہ جاتیوں کا۔

اِسی سلسلے میں پروفیسر اکثر اپنی اسپین یاترا کا بھی ذکر کرتے تھے۔ وہاں کادز میں ایک اسپینیرڈ کی کھوپڑی نے انہیں بیحد لبھایا تھا۔ وکست کھوپڑیوں کو جیوت دیہہ سے جدا دیکھنے کی خواہش کے پیچھے پروفیسر کی کوئی کاپالک بھاؤنا نہ تھی۔ وہ تو مانو جاتی شاستر کے وشیشگیہ تھے اور کون جانے کسی آدم کال میں کپالکوں کے بیلگرہ میں ہی اِس شاستر کی نیو پڑی ہو۔ اُس اسپینیرڈ کی تندرستی دنوں دن بگڑتی جارہی تھی۔ پروفیسر کے پاس اتنا وقت نہ تھا کہ وہ زیادہ دنوں تک وہاں ٹھہر سکتے! وہ اِس پریشانی میں تھے کہ موت کی دھیمی چال کو اُس کے پرانوں میں کس طرح تیز کیا جائے۔ پروفیسر کو پتہ چلا کہ اس کھوپڑی کے مالک کا ایک عیاش اور دوراچاری بھتیجا ہے۔ پروفیسر نے اُس کے ساتھ اپنی دوستی بڑھائی اور باتوں باتوں میں اُسے سمجھایا کہ اُس کے چچا کی حالت بہت نازک ہے اور اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں ہے۔ اپنے بارے میں انہوں نے اُسے بتایا کہ وے انسانوں کی بھلائی کے لئے ویگیانک چھان بین میں لگے ہوئے ہیں۔ بھتیجے کے ساتھ یہ سودا طے ہوا کہ چچا کے مرنے پر اسے چار سو روپئے دیئے جائینگے اور اس کے عیوض میں بھتیجا اپنے چچا کی کھوپڑی پروفیسر کے حوالے کردےگا۔ اس سودے کے بعد ایک دن سنا گیا کہ چچا کی اچانک موت ہوگئی۔ وعدے کے مطابق بھتیجے کو ساری رقم چکادی گئی۔ مگر وہ، جو بھتیجا تھا، زندگی میں اس کے کوئی اصول ہی نہ تھے۔ رقم لیکر اس نے پروفیسر کو انگوٹھا دکھایا اور اپنے چچا کو دفنا دیا۔

کس طرح اپنی رقم کی پائی پائی پروفیسر نے اُس سے وصول کرلی یہ بھی ایک دلچسپ قصہ ہے۔ مگر اس سمے میں ایک دوسری ہی کہانی تمہیں سنانے بیٹھا تھا۔ پروفیسر کی ہی یہ کہی ہوئی ہے اور انہیں کے شبدوں میں تمہیں جیوں کی تیوں میں اِسے سنا رہا ہوں—

"میں اس سمے اُن بچی کھچی جاتیوں کا پتہ لگانے میں مصروف تھا جو مٹتی جارہی ہیں۔ آج آسٹریلیا کے ٹھیک مرمستھل میں ہزاروں میل لمبا چوڑا ریگستان ہے۔ لیکن کسی زمانے میں یہیں تین ہزار میل کے پھیلاؤ میں میٹھے پانی کی ایک بیحد خوشنما جھیل تھی۔ اُس کے چاروں اور لاکھوں پیڑ تھے جن پر کروڑوں پرند کلرو کرتے رہتے تھے اوپر صاف نیلے آسمان کا چندوہا تنا رہتا تھا اور سوریہ بھگوان دن میں 16 گھنٹے اپنی کرنوں کے تانے

महज़ क़यास

विश्वम्भरनाथ पांडे

जो वाक़या मैं तुम्हें सुनाने जा रहा हूं उसकी सच्चाई का मैं ज़िम्मा नहीं लेता. न यह मेरी गढ़ी हुई है और न मैंने इसे सीधा इसके गढ़ने वाले से ही सुना है. मुमकिन है यह गंगा-जमुनी बनकर मेरे पास पहुंची हो. इसके मूल रचयिता एक वैज्ञानिक थे जो अपने गम्भीर अनुसन्धानों के बीच जी बहलाने के लिये कभी कभी गप भाड़ लिया करते थे. क़ुदरत के सनातन तत्व सदा ही उनकी आंखों के सामने रहते थे और इसलिये उनके यह छोटे मोटे गप जीवन की अटपटी यात्रा के महज़ विराम चिह्न थे. उनकी कल्पना रोमांस के तारों को छू कर, अचरज भरे राग और ऐसे ऐसे असर पैदा करती थी जो सम्भावना (मुमकिनात) से परे होते थे.

लोग प्रोफ़ैसर को ख़ब्ती समझते; लेकिन अपने क़िस्म के ख़ब्तियों में भी प्रोफ़ैसर का दरजा बहुत ऊंचा था. कहां के वे असली रहने वाले हैं, इसका किसी को पता न था. और उससे कुछ पूछना भी फ़िज़ूल था. उनके जवाब सत्य-असत्य की विभाजक रेखा पर झूमते हुये उतरते थे. उनके चारों ओर सन्देह की लकीर बराबर बढ़ती ही जाती थी. कैसे, कहां से, और क्यों आस्ट्रेलिया में आकर वे रहे, इस पर बीते हुये ज़माने की गहरी परत पड़ चुकी थी. हां, यह बात सभी जानते थे कि प्रोफ़ैसर मानव जाति शास्त्र (anthropology) के विशेषज्ञ थे.

اس طرح وہ سندر اور سنجیدہ ریت رواج جو آدمی کے دل کو دنیا سے کھینچ کر ایک اللہ میں لگا دینے کے لئے بنائے گئے تھے وہی رواج ایک دوسرے کے خلاف تلواریں کھینچنے کا کارن بن جاتے ہیں اور آدمی کو آدمی سے قتل کرواتے ہیں جبکہ ہر مذہب میں اور اُن مذہبوں میں بھی جو سب سے ادھک کٹر سمجھے جاتے ہیں' مذہب کے معاملے میں ہر طرح کی زبردستی کو صاف صاف شبدوں میں منع کیا گیا ہے ۔

قرآن میں صاف لکھا ہے :—

"لااکراہ فی الدین"

یعنی دین کے معاملے میں کسی کے ساتھ کسی طرح کی زبردستی نہیں ہونی چاہئے ۔

قرآن میں لکھا ہے :—"تمہارا دین تمہارے لئے اور میرا دین میرے لئے ۔"

قرآن میں ایمان والوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ—

"لوگوں کو اپنے رب کے راستے پر لاؤ' سمجھداری کے شبدوں کے ساتھ اور نرم اور میٹھی باتوں کے ساتھ ۔"

قرآن میں یہ چیز بھی صاف صاف اور بار بار کہی گئی ہے کہ—

ہر قوم کے لئے ہم نے الگ الگ شرع اور منہاج یعنی الگ الگ ریت رواج بنا دیئے ہیں جن پر چل کر وہ اللہ تک پہونچ سکتے ہیں ۔ اللہ اگر چاہتا تو سب کو ایک اُمت یعنی ایک قوم بنا دیتا ۔ پر اُس نے ایسا نہیں کیا ۔ اس لئے سب لوگوں کو چاہئے کہ جو راستہ اُنہیں بتا دیا گیا ہے اُسی پر چلیں اور نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کریں ۔ کوئی دوسرے پر ہنسے نہیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جس پر تم ہنس رہے ہو وہ تم سے اچھا ہو ۔"

شبدوں کی مایا اپار ہے ۔ شبدوں اور طرح طرح کے نعروں سے بڑے بڑے نیک کام بھی ہو جاتے ہیں اور بڑے بڑے گناہ یعنی پاپ بھی ۔ بڑے بڑے بلوے' دنگے' فساد اور جنگ شبدوں سے ہی ہوتے ہیں ۔ غلط نعروں سے قوموں کی قومیں پیڑھیوں تک دھوکے میں پڑی رہتی ہیں اور ایک دوسرے کو اور

शब्द और अर्थ

डाक्टर भगवानदास

पिछले एक लेख में हम दिखा चुके हैं कि ज्ञान यानी मार्फ़त के रास्ते पर चलने वालों की राह में सब से बड़ा खतरा यह होता है कि वह अपने छोटे से आपे को यानी अपनी निजी आत्मा को ही असल आत्मा समझ बैठते हैं और यह भूल जाते हैं कि यह उनकी आत्मा एक छोटी सी आत्मा है, केवल एक धोका है. और असल आत्मा यानी असली आपा वही सर्व आत्मा यानी रूहे कुल है जो घट घट के अन्दर और सब के अन्दर है. इसी तरह जो लोग भक्ति यानी इश्क़ के रास्ते पर चलते हैं उन से सब से बड़ी ग़लती यह होती है कि वह अपने से बाहर किसी एक पीर, मुर्शिद, गुरु, आचार्य, पोप, या किसी एक छोटे से देवी देवता को ही परम आत्मा या कुल मालिक समझ बैठते हैं. बेअन्त या अनन्त को हर सीमित यानी महदूद वजूद के अन्दर देखने की कोशिश करना बिल्कुल ठीक और सराहनीय है लेकिन महदूद को बेहद या बेअन्त समझ बैठना ग़लती और धोका है. इसी तरह जो लोग कर्मकान्ड की राह पर चलते हैं यानी जो शरअ और मिनहाज पर चलकर अपने दीनी फ़र्ज़ को पूरा करना चाहते हैं उनसे सबसे बड़ी ग़लती यह होती है कि वह अक्सर अपनी खास तरह की रस्मों, अपनी खास पूजा विधि, अपने संस्कारों और अपने रीत रिवाजों को ही सबके लिये सब जगह और सब हालतों में ठीक और ज़रूरी मान बैठते हैं. वह अपने रीत रिवाजों से इस बुरी तरह चिपकते हैं कि उन्हें अपने ही रिवाज ठीक और सबके रिवाज ग़लत दिखाई देने लगते हैं. असलियत से भटक कर वह नाम रूप में फंस जाते हैं.

ग़ौर से देखा जाये तो इन तीनों रास्तों की यह तीनों तरह की ग़लतियां एक ही जड़ से पैदा होती हैं. वह जड़ है हमारे अन्दर की ख़ुदी, हमारा अहंकार. यह अहंकार ही सब शैतानों का बादशाह है. हमारी यह तीनों तरह की ग़लतियां इसी के तीन रूप हैं. ज़बरदस्ती दूसरों को अपने मज़हब में लाना, अन्धी तबलीग़ और अन्धी शुद्धि दूसरी तरह के रीत रिवाजों के मानने वालों को हैरिटिक, काफ़िर या मलेच्छ कहकर मार डालना, या ज़िन्दा जला देना और धर्म मज़हब के नाम पर जंग हमारे अन्दर की इसी शैतानियत के नतीजे हैं. हम अगर समझें तो धर्म और युद्ध यानी मज़हब और जंग इनमें कोई वास्ता ही नहीं हो सकता. यह एक दूसरे के वैसे ही विरुद्ध होते हैं जैसे सच और

شبد اور ارتھ

ڈاکٹر بھگوان داس

پچھلے ایک لیکھ میں ہم دکھا چکے ھیں کہ گیان یعنی معرفت کے راستے پر چلنے والوں کی راہ میں سب سے بڑا خطرہ یہ ھوتا ھے کہ وہ اپنے چھوٹے سے آپے کو یعنی اپنی نجی آتما کو ھی اصل آتما سمجھ بیٹھتے ھیں اور یہ بھول جاتے ھیں کہ یہ اُن کی آتما ایک چھوٹی سی آتما ھے' کیول ایک دھوکا ھے. اور اصل آتما یعنی اصلی آپا وھی سروآتما یعنی روح کل ھے جو گھٹ گھٹ کے اندر اور سب کے اندر ھے . اسی طرح جو لوگ بھکتی یعنی عشق کے راستے پر چلتے ھیں اُن سے سب سے بڑی غلطی یہ ھوتی ھے کہ وہ اپنے سے باھر کسی ایک پیر' مرشد' گرو' آچاریہ' پوپ' یا کسی ایک چھوٹے سے دیوی دیوتا کو ھی پرم آتما یا کل مالک سمجھ بیٹھتے ھیں . بےانت یا اننت کو ھر سیمت یعنی محدود وجود کے اندر دیکھنے کی کوشش کرنا بالکل ٹھیک اور سراھنیہ ھے لیکن محدود کو بےحد یا بےانت سمجھ بیٹھنا غلطی اور دھوکا ھے . اسی طرح جو لوگ کرم‌کانڈ کی راہ پر چلتے ھیں یعنی جو شرع اور منہاج پر چل‌کر اپنے دینی فرض کو پورا کرنا چاھتے ھیں اُن سے سب سے بڑی غلطی یہ ھوتی ھے کہ وہ اکثر اپنی خاص طرح کی رسموں' اپنی خاص پوجا ودھی' اپنے سنسکاروں اور اپنے ریت‌رواجوں کو ھی سب کے لئے سب جگہ اور سب حالتوں میں ٹھیک اور ضروری مان بیٹھتے ھیں . وہ اپنے ریت‌رواجوں سے اس بری طرح چپکتے ھیں کہ انھیں اپنے ھی رواج ٹھیک اور سب کے رواج غلط دکھائی دینے لگتے ھیں. اصلیت سے بھٹک‌کر وہ نام روپ میں پھنس جاتے ھیں .

غور سے دیکھا جائے تو اِن تینوں راستوں کی یہ تینوں طرح کی غلطیاں ایک ھی جڑ سے پیدا ھوتی ھیں . وہ جڑ ھے ھمارے اندر کی خودی' ھمارا اھنکار . یہ اھنکار ھی سب شیطانوں کا بادشاہ ھے . ھماری یہ تینوں طرح کی غلطیاں اسی کے تین روپ ھیں . زبردستی دوسروں کو اپنے مذھب میں لانا' اندھی تبلیغ اور اندھی شدھی' دوسری طرح کے ریت‌رواجوں کے ماننے والوں کو ھیریٹک' کافر یا ملیچھ کہہ کر مار ڈالنا' یا زندہ جلا دینا اور دھرم مذھب کے نام پر جنگ ھمارے اندر کی اسی شیطانیت کے نتیجے ھیں . ھم اگر سمجھیں تو دھرم اور یدھ یعنی مذھب اور جنگ ان میں کوئی واسطہ ھی نہیں ھوسکتا . یہ ایک دوسرے کے ویسے ھی وردھ ھوتے ھیں جیسے سچ اور

मुरदा रूढ़ियों और कर्मकान्ड से घबरा कर हाफ़िज़ ने कहा है—

फ़ाश मी गोयमो अज़ गुफ़्तए ख़ुद दिल शादम
बन्दए इश्क़मो अज़ हर्दो जहां आज़ादम
नेस्त बर लौहे दिलम जुज़ अलिफ़े क़ामते यार
चे कुनम हर्फ़े दिगर याद नदाद उस्तादम

यानी—मैं साफ़ साफ़ कहता हूं और अपनी बात के कहने से मेरा दिल ख़ुश है, मैं इश्क़ का बन्दा हूं और दोनों जहान से आज़ाद हूं, मेरे दिल की तख़्ती पर सिवाय मेरे प्रियतम के चिन्ह रूप 'अलिफ़'* के और कोई अक्षर लिखा हुआ नहीं है, मैं क्या करूं मेरे उस्ताद ने और कोई अक्षर सिखाया ही नहीं !

इस तरह की कविताओं का अनेक बार ख़ास ख़ास सुनने वालों के दिलों पर चमत्कारिक असर हुआ है. कभी कभी केवल एक शेर सुनकर लोगों की मौतें भी हो गई हैं† और जिन लोगों पर इन लोगों के असर हुये हैं वे हमेशा कोई कमज़ोर दिल या कमज़ोर दिमाग़ के इनसान भी न थे. मैं केवल एक मिसाल दूंगा. ईरान के मशहूर सन्त शेख़ अली हज़ीम ने अपने जीवन चरित्र में लिखा है—

"एक दिन रात को मैं कुछ दोस्तों के साथ बाग़ में बैठा हुआ था. अचानक मुझे गहरा 'हाल' आ गया. सारी रात मेरी उसी में गुज़र गई. उस हालत को बयान कर सकना नामुमकिन है. वह हालत क़रीब क़रीब मौत की हालत से मिलती हुई थी. मेरी यह हालत उन दोस्तों में से एक के मुंह से यह शेर सुनकर हुई थी—

"इमशब बेया ता दर चमन साज़ेम पुर पैमाना रा
तू शमो गुल रा दाग़ कुन, मन बुलबुलो परवाना रा

यानी—"ऐ मेरे प्रीतम (परमात्मा) आज की रात आ ताकि बाग़ में चलकर हम प्रेम के पैमाने को लबालब भर सकें, तू शमा और गुल को जला डाल और मैं बुलबुल और परवाने को शर्मा दूं."

---

* स्वामी रामतीर्थ एक उर्दू मासिक पत्रिका निकाला करते थे जिसका नाम 'अलिफ़' था और जिसके टाइटल पेज पर लिखा रहता था—'इक्को अलिफ़ तेरे दरकार', यानी सिवाय एक अलिफ़ के तुझे किसी की ज़रूरत नहीं है.

—सम्पादक

† इलाहाबाद के मशहूर सूफ़ी मौलाना मोहम्मद हुसैन की मौत अजमेर में उर्स के मौक़े पर क़व्वाली का एक शेर सुनते सुनते ही हुई थी.

—सम्पादक

مردہ روڑھیوں اور کرم کانڈ سے گھبرا کر حافظ نے کہا ھے—

فاش می گویم و از گفتۂ خود دل شادم
بندۂ عشقم و از ہر دو جہاں آزادم
نیست بر لوح دلم جز الف قامت یار
چہ کنم حرف دگر یاد نداد استادم

یعنی—میں صاف صاف کہتا ھوں اور اپنی بات کے کہنے سے میرا دل خوش ھے، میں عشق کا بندہ ھوں اور دونوں جہان سے آزاد ھوں، میرے دل کی تختی پر سوائے میرے پریتم کے چنھ روپ " الف " * کے اور کوئی اکشر لکھا ھوا نہیں ھے، میں کیا کروں میرے استاد نے اور کوئی اکشر سکھایا ھی نہیں !

" اِس طرح کی کویتاؤں کا انیک بار خاص خاص سننے والوں کے دلوں پر چمتکارک اثر ھوا ھے . کبھی کبھی کیول ایک شعر سن کر لوگوں کی موتیں بھی ھوگئی ھیں † اور جن لوگوں پر اِن لوگوں کے اثر ھوئے ھیں وے ھمیشہ کوئی کمزور دل یا کمزور دماغ کے اِنسان بھی نہ تھے . میں کیول ایک مثال دونگا . ایران کے مشہور سنت شیخ علی حزیم نے اپنے جیون چرتر میں لکھا ھے—

" ایک دن رات کو میں کچھ دوستوں کے ساتھ باغ میں بیٹھا ھوا تھا . اچانک مجھے گہرا " حال " آ گیا . ساری رات میری اُسی میں گذر گئی . اُس حالت کو بیان کر سکنا ناممکن ھے . وہ حالت قریب قریب موت کی حالت سے ملتی ھوئی تھی . میری یہ حالت اُن دوستوں میں سے ایک کے منہ سے یہ شعر سن کر ھوئی تھی—

اِمشب بیا تا در چمن سازیم پر پیمانہ را
تو شمع و گل را داغ کن من بلبل و پروانہ را

یعنی—" اے میرے پریتم (پرماتما) آج کی رات آ تاکہ باغ میں چل کر ھم پریم کے پیمانہ کو لبالب بھر سکیں، تو شمع اور گل کو جلا ڈال اور میں بلبل اور پروانے کو شرما دوں . "

---

* سوامی رام تیرتھ ایک اردو ماسک پترکا نکالا کرتے تھے جس کا نام " الف " تھا اور جس کے ٹائٹل پیج پر لکھا رھتا تھا—" اِکو الف تیرے درکار " یعنی سوائے ایک الف کے تجھے کسی کی ضرورت نہیں ھے .

—سمپادک .

† الہ آباد کے مشہور صوفی مولانا محمد حسین کی موت اجمیر میں عرس کے موقع پر قوالی کا ایک شعر سنتے سنتے ھی ھوئی تھی .

—سمپادک .

यानी—कारीगर अपने कारख़ाने के अन्दर छुपा हुआ है, तू कारख़ाने के अन्दर जा तो तू उसे साफ़ साफ़ देख लेगा !

हकीम सनाई का उपदेश है—

'तलब' ऐ आशिक़ाने ख़ुश रफ़्तार !
तलब ऐ *शाहिदाने शीरींकार !
दर जहां शाहिदे व मा फ़ारिग़ !
दर क़दह जरएं व मा हुशियार !
ख़ेज़ ता जा-बरूए बेनिशीनम,
बादे ईं ख़ाकतूदए ग़द्दार !
पसब जारोबे 'ला' फ़रो रूबम,
कौकब अज़ सक़्फ़े गुम्बदे दव्वार !
ता ज ख़ुद बिशनवद न अज़ मनो तो
'लेमनल मुल्को !' वाहिद उल क़हहार

अर्थात्—ऐ नेक चलन प्रेमियो, ढूंढ़ो ! ऐ मीठे स्वर वाले प्रीतमो, ख़ुशी मनाओ ! हमारा प्रीतम इसी जहान में मौजूद है और हमारे दिल सूने पड़े हैं ! प्याले में शराब का घूंट मौजूद है, और हमारा होश क़ायम है ! उठो और अपने मुंह के पानी (अहम भाव) से ख़ाक के इस ग़द्दार ढेर (पृथ्वी) को दबा दो ! 'नेस्ती' (ईश्वर के अतिरिक्त और कुछ है ही नहीं) की झाड़ू लेकर, आसमान के इस घूमने वाले गुम्बद की छत से सब तारों को बुहार फेंको ! ताकि वह एकमेवाद्वितीयम, सर्वशक्तिमान परमेश्वर ख़ुद अपने कानों से यह आवाज़ सुने—'इस सबका मालिक कौन है ?'❋ मेरे और तुम्हारे कानों से नहीं !

ईरान का मशहूर सन्त कवि हाफ़िज़ इन शब्दों में मृत्यु का आह्वान करता है—

ख़ुर्रम आं रोज़ कज़ीं मंज़िले वीरां बेरवम
राहते जां तलबम वज़ पए जानां बेरवम
ब हवादारिये ऊ ज़र्रा सिफ़त रक़्स कुनम
न लबे चश्मए ख़ुर्शीदे दरख़शां बेरवम

यानी—मुबारिक वह दिन होगा जिस दिन मैं इस उजड़ी हुई सराय से जाऊंगा, उस दिन मैं रूहानी सुख की खोज करता हुआ अपने प्रीतम को ढूंढूंगा. हवा के अन्दर एक ज़र्रे की तरह नाचता हुआ, मैं उस चमकते हुए सूर्य के प्रेम की रोशनी में नाचता हुआ, अपने उस प्रीतम तक जा पहुंचूंगा !

❋ आख़री लाइन में क़ुरान के इस वाक्य की ओर इशारा है कि प्रलय के बाद जब सब सृष्टि मिट जायगी तो ग़ैब से आवाज़ आयेगी—'इस सबका मालिक कौन है.

—लेखक.

یعنی—کاریگر اپنے کارخانہ کے اندر چھپا ہوا ہے، تو کارخانے کے اندر جا، تو تو اُسے صاف صاف دیکھ لیگا !

حکیم صنائی کا اُپدیش ہے—

'طلب' اے عاشقان خوش رفتار !
طلب اے شاہدان شیریں کار !
در جہاں شاہدے و ما فارغ !
در قدح جرئے و ما هشیار !
خیز تا را بروئے بنشینم،
باد ایں خاک تودۂ غدار
پسب جاروب 'لا' فرو روبم،
کوکب از شق گمبد دوار
تا ز خود بشنود نہ از من و تو
'لمن الملکو !' واحد القہار

ارتھات—اے نیک چلن پریمیو، ڈھونڈھو ! اے میٹھے سور والے پریتمو، خوشی مناؤ ! ہمارا پریتم اِسی جہان میں موجود ہے اور ہمارے دل سونے پڑے ہیں ! پیالے میں شراب کا گھونٹ موجود ہے، اور ہمارا ہوش قائم ہے ! اُٹھو اور اپنے منہ کے پانی (اہم بھاؤ) سے خاک کے اِس غدار ڈھیر (پرتھوی) کو دبا دو ! 'نیستی' (ایشور کے اترکت اور کچھ ہے ہی نہیں) کی جھاڑو لے کر، آسمان کے اِس گھومنے والے گمبد کی چھت سے سب تاروں کو بہار پھینکو ! تاکہ وہ ایکمیوادوتیئیم، سروشکتیمان پرمیشور خود اپنے کانوں سے یہ آواز سنے—'اِس سب کا مالک کون ہے ؟'❋ میرے اور تمہارے کانوں سے نہیں !

ایران کا مشہور سنت کوی حافظ اِن سب شبدوں میں مرتیو کا آھوان کرتا ہے—

خرم آں روز کزیں منزل ویراں بروم
راحت جاں طلبم و ز پئے جاناں بروم
با هوا داریِ او ذرہ صفت رقص کنم
تہ لب چشمۂ خورشید درخشاں بروم

یعنی—مبارک وہ دن ہوگا جس دن میں اِس اُجڑی ہوئی سرائے سے جاؤں گا، اُس دن میں روحانی سکھ کی کھوج کرتا ہوا اپنے پریتم کو ڈھونڈھوں گا . ہوا کے اندر ایک ذرہ کی طرح ناچتا ہوا، میں اُس چمکتے ہوئے سوریہ کے پریم کی روشنی میں ناچتا ہوا، اپنے اُس پریتم تک جا پہونچونگا !

❋ آخری لائن میں قرآن کے اِس واکیہ کی اور اِشارہ ہے کہ پرلے کے بعد جب سب سرشٹی مٹ جائے گی تو غیب سے آواز آئیگی—'اِس سب کا مالک کون ہے.

—لیکھک .

मौलाना जलालुद्दीन रूमी जब अपनी सत्ता और कीर्ति के शिखर पर थे, उस समय उन्होंने सूफ़ियों के शब्दों में "दुनिया को लात मार दी थी." हकीम सनाई की बाबत लिखा है कि ग़ज़नी के बादशाह सुलतान बहराम शाह ने हकीम सनाई की क़ाबलियत और धार्मिकता का क़ायल होकर अपनी बहिन से उनकी शादी करनी चाही और उसके साथ उन्हें बहुतसा धन, ख़िताब और दरबार में ऊंचा ओहदा देना चाहा. हकीम सनाई छोटी उम्र में ही दुनिया छोड़ चुके थे. उन्होंने सुलतान की इस तजवीज़ का जवाब दिया—

मन न मरदे ज़नो ज़रो जाहम
बाख़ुदा गर कुनम बगर ख़ाहम
गर तु ताजम देही व एहसानम
बा सरे तो के ताज नस्तानम

यानी—मैं वह मर्द नहीं हूं कि स्त्री से या धन से, या पदवी से कोई सम्बन्ध रखूं! ख़ुदा की क़सम! मुझे इनमें से किसी की ज़रूरत नहीं है, अगर तुम मुझे अपना ताज भी दे दो और मुझ पर अहसान करो, तो तुम्हारे सर की क़सम मैं हरगिज़ न लूंगा.

एक ख़ास बात यह है कि इस तरह के कवियों ने कभी भी किसी दुनयवी आदमी की तारीफ़ या निन्दा में कविता नहीं लिखी. इनकी कवितायें दार्शनिक विचारों और रूहानी तजरुबों का एक ख़ज़ाना हैं. जिस तरह संगीत को समझने के लिये आदमी को अपना कान सिधाना पड़ता है इसी तरह इन सूफ़ी कवियों को समझने और उनका पूरा आनन्द लेने के लिये मनुश्य को अपनी रूह और अपने दिल को ख़ास तरह से साधना पड़ता है.

हज़रत अली ने एक जगह लिखा है—

दवाओका फ़ीका व मा तशअरू
व दाओका मिनका व मा तब्सेरू
व तज़अमू अन्नका जिर्मुन सग़ीरो
व फ़ीकन तवा आलमन-उल-अकबरू
व अन्त किताब-उल-मुबीन-उल-लज़ी
बे अहरुफ़ेही यज़हर-उल मुज़मरू

यानी—ऐ इनसान! तेरा इलाज तेरे ही अन्दर है और तुझे नहीं मालूम! तेरी बीमारी की जड़ें तेरे ही अन्दर हैं और तुझे दिखाई नहीं देतीं! और क्या तू यह समझता है कि तू इस दुनिया में एक छोटी सी चीज़ है? लेकिन तेरे अन्दर ये महान दुनिया लिपटी हुई पड़ी है. तू एक खुली हुई किताब है, जिसके अक्षरों को पढ़कर सब छुपे हुये रहस्य खुल जाते हैं!

मौलाना जलालुद्दीन रूमी ने कहा है—

कारकुन दर कारगह बाशद निहां
तू बिरो दर कारगह बीनश अयां!

مولانا جلال الدین رومی جب اپنی ستتا اور کیرتی کے شکھر پر تھے، اُس سمے اُنھوں نے صوفیوں کے شبدوں میں "دنیا کو لات مار دی تھی." حکیم صناعی کی بابت لکھا ھے کہ غزنی کے بادشاہ سلطان بہرام شاہ نے حکیم صناعی کی قابلیت اور دھارمکتا کا قایل ھوکر اپنی بہن سے ان کی شادی کرنی چاہی اور اُس کے ساتھ اُنھیں بہت سا دھن، خطاب اور دربار میں اُونچا عہدہ دینا چاھا. حکیم صناعی چھوٹی عمر میں ھی دنیا چھوڑ چکے تھے. اُنھوں نے سلطان کی اِس تجویز کا جواب دیا—

من نہ مردے زن و زر و جاھم
با خدا گر کنم وگر خواھم
گر تو تاجم دھی و احسانم
با سر تو کے تاج نستانم

یعنی—میں وہ مرد نہیں ھوں کہ استری سے یا دھن سے، یا پدوی سے کوئی سمبندھ رکھوں! خدا کی قسم! مجھے اِن میں سے کسی کی ضرورت نہیں ھے، اگر تم مجھے اپنا تاج بھی دے دو اور مجھ پر احسان کرو، تو تمھارے سر کی قسم میں ھرگز نہ لونگا.

ایک خاص بات یہ ھے کہ اِس طرح کے کویوں نے کبھی بھی کسی دنیوی آدمی کی تعریف یا نندا میں کویتا نہیں لکھی. ان کی کویتائیں دارشنک وچاروں اور روحانی تجربوں کا ایک خزانہ ھیں. جس طرح سنگیت کو سمجھنے کے لئے آدمی کو اپنا کان سدھانا پڑتا ھے اِسی طرح ان صوفی کویوں کو سمجھنے اور اُن کا پورا آنند لینے کے لئے منشیہ کو اپنی روح اور اپنے دل کو خاص طرح سے سادھنا پڑتا ھے.

حضرت علی نے ایک جگہ لکھا ھے—

دواؤکی فیکا و ماتشعر
دواؤکی منکا و ما تبصر
وتزعم انکی جرمل صغیر
وفیا تواعالم الکبر
وانت کتاب المبین الذی
بہ آہ روفیہی یظھرالل مضمر

یعنی—اے اِنسان! تیرا علاج تیرے ھی اندر ھے اور تجھے نہیں معلوم! تیری بیماری کی جڑیں تیرے ھی اندر ھیں اور تجھے دکھائی نہیں دیتیں! اور کیا تو یہ سمجھتا ھے کہ تو اِس دنیا میں ایک چھوٹی سی چیز ھے؟ لیکن تیرے اندر یہ مہان دنیا لپٹی ھوئی پڑی ھے. تو ایک کھلی ھوئی کتاب ھے، جس کے اکشروں کو پڑھ کر سب چھپے ھوئے رھسیہ کھل جاتے ھیں!

مولانا جلال الدین رومی نے کہا ھے—

کارکن در کارگہ باشد نہاں
تو برو در کارگہ بینش عیاں

सौन्दर्य तो रहता ही है; लेकिन उसके साथ साथ सीप को भी रगड़ रगड़ कर इतना चमका दिया जाता है कि सीप भी ख़ुद मोती दिखाई देने लगती है. इटली के कवि दान्ते का नरक का चित्र, और बहिश्त की वह तसवीर, जिसमें सुन्दर सुन्दर बाग़ लगे हुए हैं, नहरें बह रही हैं और बड़ी बड़ी काली काली आंखों वाले स्त्री और पुरुश बसते हैं, जिनकी जवानी कभी ख़त्म नहीं हो सकती; ये सब कविता की इसी दूसरी अवस्था के नमूने हैं. दुनिया के ज़्यादातर कवि इसी अवस्था के कवि हैं. अरबी और फ़ारसी में भी इसके नमूने भरे पड़े हैं. मैं सिर्फ़ एक मिसाल दूंगा. ईरानी कवि सलमान सावजी लिखता है—

दर दुर्जे दुर अक़ीक़े लबत नक़्दे जां निहाद
जिनसे अज़ीज़ याफ़्त बजाये निहां निहाद
क़ुफ़्ले ज़लाल बर दरे आं दुर्जे अद लबत
ख़ालत ज़े अम्बर आमद-ओ-मोहरे बरां निहाद

यानी—तेरे लाल होठों ने जान के ख़ज़ाने को मोतियों (दांतों) के पिटारे के अन्दर हिफ़ाज़त से रख दिया है. इतने क़ीमती जौहर को इसी तरह छिपाकर रखना चाहिये. उस पिटारे के ढक्कन पर तेरे लबों ने लालों का एक ताला लगा दिया है और तेरे अम्बरी तिल ने उस ताले पर एक छोटी सी मुहर लगादी है.

इसी तरह की मिसालें एक ज़माने की अरबी कविता में से भी दी जा सकती हैं.

इसके बाद कविता का तीसरा ज़माना आता है. यह ज़माना कविता की प्रौढ़ावस्था का है और कला की दृश्टि से सब से ज़्यादा अहमियत का है.

इस अवस्था में कविता शब्दों और अलंकारों से ऊपर उठ जाती है. मालूम होता है उसने अपने आदर्श को प्राप्त कर लिया. कविता अब इनसान की इस छोटी सी ख़ूबी और सांसारिक जीवन से ऊपर उठ जाती है. वह रूहानियत में ग़ोते लगाने लगती है. बहिश्त के सुख उसे अब तुच्छ और निकम्मे मालूम होने लगते हैं. क़ुदरती तौर पर रूढ़ियों, कर्मकान्डों और अन्ध परम्पराओं से उसे अब नफ़रत होने लगती है. दुनिया शायर पर तरह तरह के इलज़ाम लगाती है लेकिन शायर इसकी ख़ाक परवाह नहीं करता. वह अब महज़ शायर नहीं है. वह द्रश्टा है, सन्त है. कविता उसके दिल से निकलती है, दिमाग़ से नहीं. उसमें बिजली की सी ताक़त होती है. लोग उसे समझते कम हैं, लेकिन पसन्द सब करते हैं. हज़रत मोहम्मद साहब के दामाद हज़रत अली, शेख़ अब्दुल क़ादिर जीलानी, हाफ़िज़, शम्स तबरेज़, मौलाना जलालुद्दीन रूमी, हकीम सनाई, जामी, फ़रीदुद्दीन अत्तार सब इसी श्रेणी के कवि हैं. इन लोगों के बेलौस और पाक जीवन ने लाखों को इनका गिरवीदा बना रखा था.

سوندریہ تو رہتا ہی ہے؛ لیکن اُس کے ساتھ ساتھ سیپ کو بھی رگڑ رگڑ کر اتنا چمکا دیا جاتا ہے کہ سیپ بھی خود موتی دکھائی دینے لگتی ہے۔ اِٹلی کے کوی دانتے کا نرک کا چتر، اور بہشت کی وہ تصویر، جس میں سندر سندر باغ لگے ہوئے ہیں، نہریں بہ رہی ہیں اور بڑی بڑی کالی کالی آنکھوں والے استری اور پورش بستے ہیں، جن کی جوانی کبھی ختم نہیں ہوسکتی؛ یہ سب کویتا کی اِسی دوسری اوستھا کے نمونے ہیں۔ دنیا کے زیادہتر کوی اِسی اوستھا کے کوی ہیں۔ عربی اور فارسی میں بھی اِس کے نمونے بھرے پڑے ہیں۔ میں صرف ایک مثال دونگا۔ ایرانی کوی سلمان ساؤجی لکھتا ہے—

در درج در عقیق لبت نقد جاں نہاد
جنس عزیز یافت بجائے نہاں نہاد
قفل زلال بر در آں درج زد لبت
خالت ز عنبر آمد و مہرے براں نہاد

یعنی—تیرے لال ہونٹوں نے جان کے خزانے کو موتیوں (دانتوں) کے پٹارے کے اندر حفاظت سے رکھ دیا ہے۔ اِتنے قیمتی جوہر کو اِسی طرح چھپاکر رکھنا چاہئیے۔ اُس پٹارے کے ڈھکن پر تیرے لبوں نے لالوں کا ایک تالا لگا دیا ہے اور تیرے عنبری تل نے اُس تالے پر ایک چھوٹی سی مہر لگا دی ہے۔

اِسی طرح کی مثالیں ایک زمانے کی عربی کویتا میں سے بھی دی جاسکتی ہیں۔

اِس کے بعد کویتا کا تیسرا زمانہ آتا ہے۔ یہ زمانہ کویتا کی پروڑھاوستھا کا ہے اور کلا کی درشٹی سے سب سے زیادہ اہمیت کا ہے۔

اِس اوستھا میں کویتا شبدوں اور النکاروں سے اُوپر اُٹھ جاتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے اُس نے اپنے آدرش کو پراپت کرلیا۔ کویتا اب اِنسان کی اِس چھوٹی سی خوبی اور سانسارک جیون سے اُوپر اُٹھ جاتی ہے۔ وہ روحانیت میں غوطے لگانے لگتی ہے۔ بہشت کے سکھ اُسے اب تچھ اور نکمے معلوم ہونے لگتے ہیں۔ قدرتی طور پر روڑھیوں، کرم کانڈوں اور اندھ پرمپراؤں سے اُسے اب نفرت ہونے لگتی ہے۔ دنیا شاعر پر طرح طرح کے الزام لگاتی ہے لیکن شاعر اِس کی خاک پرواہ نہیں کرتا: وہ اب محض شاعر نہیں ہے۔ وہ درشٹا ہے، سنت ہے۔ کویتا اُس کے دل سے نکلتی ہے، دماغ سے نہیں۔ اُس میں بجلی کی سی طاقت ہوتی ہے۔ لوگ اُسے سمجھتے کم ہیں، لیکن پسند سب کرتے ہیں۔ حضرت محمد صاحب کے داماد حضرت علی، شیخ عبدالقادر جیلانی، حافظ، شمس طبریز، مولانا جلال الدین رومی، حکیم سنائی، جامی، فریدالدین عطار سب اِسی شرینی کے کوی ہیں۔ اِن لوگوں کے بےلوث اور پاک جیون نے لاکھوں کو اِن کا گرویدہ بنا رکھا تھا۔

अरबी और फ़ारसी शायरी की एक झलक

डाक्टर मुस्तफ़ा इस्माइल अली एम० ए०, पी-एच० डी०

ब नमूदमे निशाने ज़ जमाले दोस्त लेकिन
दो जहां बहम बरआयद सरे शोरोशर नदारम

यानी—मैं अपने प्रीतम के रूप की एक झलक दूसरों को दिखा देता. लेकिन डर यह है कि एक झलक ही से दोनों जहान दरहम बरहम हो जायेंगे और वह शोरोशर उठेगा कि जिसका कोई अन्त न होगा.

चित्रकारी, मूर्ति-गढ़ने, घर बनाने और संगीत की तरह शायरी में भी आदमी का दिमाग़ पूरी साधुता और पूरी सुन्दरता के आदर्श को चित्रित करने और साक्षात् करने की कोशिश करता है. जिस तरह आदमी की ज़िन्दगी की तीन ख़ास हालतें होती हैं—बचपन, जवानी और अधेड़-पन—उसी तरह आदमी के आदर्श की भी तीन हालतें होती हैं. हर देश की शायरी को इन तीनों हालतों में से होकर निकलना पड़ता है.

पहली अवस्था में शायरी बहुत सीधी सादी होती है. कवि अपने समय के नैतिक आदर्शों को चित्रित करने की कोशिश करता है—जैसे बहादुरी फ़ैयाज़ी, धीरज, बुद्धिमत्ता वग़ैरा. इसलाम से पहिले के कुछ अरब कवि और ईरान के फ़िरदौसी, अनसारी वग़ैरा इसी तरह के कवि थे. इन कवियों की कविताएं बिलकुल सीधी सादी हैं. उनमें किसी तरह की बनावट नहीं. जो कवि के दिल में है वही उसकी क़लम से निकलता है. फ़िरदौसी की नीचे लिखी लाइन इसकी एक मिसाल है—

ख़ुदावन्दे बाला व पस्ती तुई
नदानम चे ई हरचे हस्ती तुई

यानी—हे ईश्वर इस लोक का और स्वर्ग लोक का तू ही मालिक है, मुझे नहीं मालूम कि तू क्या है, लेकिन जो कुछ भी तू हो, तू है ज़रूर.

दूसरी अवस्था कविता की जवानी की अवस्था है. कविता में अब पेचीदगी आने लगती है. उसकी ख़ूबसूरती बढ़ती है. उसमें ख़ुदी उभरने लगती है. चुने चुने शब्द, चुने चुने वाक्य, उपमायें, अलंकार और इस्तआरे, इन सब की, भरमार होने लगती है. इस अवस्था में कवि सब से ज़्यादा प्रेम के गीत गाता है, कोई सूक्ष्म प्रेम नहीं, बल्कि क़ुदरत और उसकी ठोस चीज़ों के साथ जीता जागता प्रेम. इस अवस्था में इख़लाक़ी मयार (नैतिक आदर्श) यानी मोती का

عربی اور فارسی شاعری کی ایک جھلک

ڈاکٹر مصطفیٰ اسمعیل علی ایم . اے، پی . ایچ . ڈی.

بہ نمودمے نشانے ز جمالِ دوست لیکن
دو جہاں بہم برآید سر شور و شر ندارم

یعنی—میں اپنے پریتم کے روپ کی ایک جھلک دوسروں کو دکھا دیتا . لیکن ڈر یہ ھے کہ ایک جھلک ھی سے دونوں جہان درہم برہم ھو جاوینگے اور وہ شور و شر اٹھیگا کہ جس کا کوئی انت نہ ھوگا .

چترکاری، مورتی گڑھنے، گھر بنانے اور سنگیت کی طرح شاعری میں بھی آدمی کا دماغ پوری سادھوتا اور پوری سندرتا کے آدرش کو چترت کرنے اور ساکشات کرنے کی کوشش کرتا ھے . جس طرح آدمی کی زندگی تین خاص حالتیں ھوتی ھیں—بچپن، جوانی اور ادھیڑپن—اسی طرح آدمی کے آدرش کی بھی تین حالتیں ھوتی ھیں . ھر دیش کی شاعری کو ان تینوں حالتوں میں سے ھوکر نکلنا پڑتا ھے .

پہلی اوستھا میں شاعری بہت سیدھی سادی ھوتی ھے . کوی اپنے سمے کے نیتک آدرشوں کو چترت کرنے کی کوشش کرتا ھے—جیسے بہادری، فیاضی، دھیرج، بدھیمتا وغیرہ . اسلام سے پہلے کے کچھ عرب کوی اور ایران کے فردوسی، انصاری وغیرہ اسی طرح کے کوی تھے . ان کویوں کی کویتائیں بالکل سیدھی سادی ھیں . ان میں کسی طرح کی بناوٹ نہیں . جو کوی کے دل میں ھے وھی اس کی قلم سے نکلتا ھے . فردوسی کی نیچے لکھی لائن اس کی ایک مثال ھے—

خداوند بالا و پستی توئی
ندانم چہ ای، ھرچہ ھستی توئی

یعنی—ھے ایشور اس لوک کا اور سورگ لوک کا تو ھی مالک ھے، مجھے نہیں معلوم کہ تو کیا ھے، لیکن جو کچھ بھی تو ھو، تو ھے ضرور .

دوسری اوستھا کویتا کی جوانی کی اوستھا ھے . کویتا میں اب پیچیدگی آنے لگتی ھے . اس کی خوبصورتی بڑھتی ھے . اس میں خودی ابھرنے لگتی ھے . چنے چنے شبد، چنے چنے واکیہ، اپمائیں، النکار اور استعارے، ان سب کی، بھرمار ھونے لگتی ھے . اس اوستھا میں کوی سب سے زیادہ پریم کے گیت گاتا ھے، کوئی سوکشم پریم نہیں، بلکہ قدرت اور اس کے ٹھوس پدارتھوں کے ساتھ جیتا جاگتا پریم . اس اوستھا میں اخلاقی معیار (نیتک آدرش) یعنی موتی کا

"इस इमेन्सिपेशन ऐक्ट के मुताबिक़ कैथोलिक सम्प्रदाय के लोगों को पार्लिमेन्ट के दोनों हाउसों के मेम्बर चुने जाने की, और बहुत थोड़े से ओहदों को छोड़कर और सब मुक़ामों और देशी ओहदों पर मुक़र्रर होने की इजाज़त हो गई. इस तरफ़ अब बहुत कम काम बाक़ी रह गया. लेकिन यहूदियों को सन 1858 तक पार्लिमेन्ट के मेम्बर होने की इजाज़त न थी, और न 1871 तक सिवाय इंगलैन्ड की प्रोटेस्टेन्ट सम्प्रदाय के दूसरी किसी सम्प्रदाय के लोग यूनिवर्सिटियों में उसी आज़ादी से भरती हो सकते थे.

फ्रान्स के एक फ़िलासफ़र ने अपनी पुस्तक "मारकस औरीलियस" में बिल्कुल ठीक लिखा है—

"रोमन साम्राज्य से बड़ा साम्राज्य अब तक कोई नहीं हुआ. उस साम्राज्य के दो बड़े बड़े और प्रशंसा के पात्र सम्राट ऐन्टोनिनस पायस और मारकस औरीलियस थे. संसार के इतिहास में इतने योग्य और बुद्धिमान सम्राटों की सिर्फ़ एक ही मिसाल और मिलती है, जिसमें शाही तख़्त पर बैठने वाले आदमियों को भी बुद्धिमानी विरसे में मिली थी. यह मिसाल तीन महान मुग़ल सम्राटों की है—बाबर, हुमायूं और अकबर. इनमें से आख़री सम्राट अकबर में और मारकस औरीलियस में अनेक बातों में आश्चर्यजनक समानता थी.❀

"اِس ایمنسیپیشن ایکٹ کے مطابق کیتھولک سمپردائے کے لوگوں کو پارلیمنٹ کے دونوں ہاؤسوں کے ممبر چنے جانے کی، اور بہت تھوڑے سے عہدوں کو چھوڑ کر اور سب مقاموں اور دیشی عہدوں پر مقرر ہونے کی اِجازت ہو گئی. اِس طرف اب بہت کم کام باقی رہ گیا. لیکن یہودیوں کو سن 1858 تک پارلیمنٹ کے ممبر ہونے کی اِجازت نہ تھی، اور نہ سن 1871 تک سوائے اِنگلینڈ کی پروٹسٹنٹ سمپردائے کے دوسری کسی سمپردائے کے لوگ یونیورسٹیوں میں اُسی آزادی سے بھرتی ہو سکتے تھے.

فرانس کے ایک فلسفر نے اپنی پستک "مارکس اوریلیس" میں بالکل ٹھیک لکھا ہے—

"رومن سامراجیہ سے بڑا سامراجیہ اب تک کوئی نہیں ہوا. اُس سامراجیہ کے دو بڑے بڑے اور پرشنسا کے پاتر سمراٹ اینٹونینس پایس اور مارکس اوریلیس تھے. سنسار کے اِتہاس میں اِتنے یوگیہ اور بدھیمان سمراٹوں کی صرف ایک ہی مثال اور ملتی ہے، جس میں شاہی تخت پر بیٹھنے والے آدمیوں کو بھی بدھیمانی ورثہ میں ملی تھی. یہ مثال تین مہان مغل سمراٹوں کی ہے—بابر، ہمایوں اور اکبر. اِن میں سے آخری سمراٹ اکبر میں اور مارکس اوریلیس میں انیک باتوں میں آشچریہ جنک سمانتا تھی.*

जो आवश्यकता से अधिक दौलत इकट्ठा करता है वह चोरी करता है और चोरी का धन कच्चा पारा है. वह पच नहीं सकता. अन्त में वह चोरी की मिल्कियत न रहेगी. ऐसा विश्वास रख अपने अहिंसक उपाय हमें करते ही जाना चाहिये.

—गांधी

جو آوشیکتا سے ادھک دولت اِکٹھا کرتا ہے وہ چوری کرتا ہے اور چوری کا دھن کچا پارہ ہے. وہ پچ نہیں سکتا. انت میں وہ چوری کی ملکیت نہ رہیگی. ایسا وشواس رکھ اپنے اہنسک اُپائے ہمیں کرتے ہی جانا چاہئیے.

—گاندھی

❀ यह लेख लेखक की पुस्तक "Life and Experiences" की दूसरी जिल्द के एक अध्याय का अंश है—सम्पादक.

* یہ لیکھ لیکھک کی پستک "Life and Experinces" کی دوسری جلد کے ایک ادھیائے کا انش ہے—سمپادک.

"कुछ लोग सुधारकों के सम्प्रदाय में शामिल होना चाहते थे. बहुत से शामिल हो भी गए. इस पर बादशाह फ़िलिप (1556-98) ने उनके साथ बड़ी ज़ालिमाना जंग शुरू कर दी, जो तीस बरस तक जारी रही. फ़िलिप ने नए सम्प्रदाय को मिटा देने का फ़ैसला कर लिया और मरते वक़्त तक इस जंग को जारी रखा. उसने हुक्म दे दिया कि जो आदमी भी नए सम्प्रदाय के असूलों को ग़लत कहने और न मानने से इनकार कर दे उसे ज़िन्दा जला दिया जावे. इस बात का ठीक ठीक पता नहीं चलता कि लोकन्ट्रीज़ में इस हुक्म के मुताबिक़ कितने जलाए गए. लेकिन ड्यूक आफ़ ऐल्वा ने एक बार बड़े घमन्ड के साथ कहा था कि अपने शासन के पांच या छै बरस के अन्दर मैंने खुद अट्ठारह हज़ार से ऊपर आदमियों को इस तरह शान्ति के साथ जलवा दिया."

इस भयंकर परिस्थिति के मुक़ाबले में हिन्दुस्तान की हालत बहुत ज़्यादा अच्छी और बेहतर मालूम होती है. मलाबार के समुद्र तट पर मुसलमानों के हमले का असर नहीं हो सका. वहां के हिन्दू राजा की उदारता की हम तारीफ़ किये बिना नहीं रह सकते. ईसा की पहली या दूसरी सदी में सीरिया से कुछ ईसाई कोचिन और त्रावणकोर में आकर उतरे. वहां के हिन्दू राजा ने उनका स्वागत किया, उनकी मेहमाननवाज़ी की और उन्हें बिना किसी तरह की रोक टोक के अपने धर्म को मानने और उस पर चलते रहने की पूरी इजाज़त दी.

इसके ख़िलाफ़ इसी समय इंगलैन्ड में न सिर्फ़ रोमन कैथोलिक सम्प्रदाय के लोगों को बल्कि उन प्रोटेस्टैन्टों तक को, जो ख़ास ख़ास धार्मिक असूलों को मानने से इन्कार करते थे, ख़ास ख़ास ओहदों और अधिकारों से क़ानूनन वंचित रखा जाता था, जिससे उन्हें ख़ासी असुविधा सहनी पड़ती थी.

जार्ज बर्टन ऐडेम्स की "कान्सटीट्यूशनल हिस्ट्री आफ़ इंगलैन्ड" (193) में लिखा है—

"चार्ल्स दूसरे के ज़माने में जो 'टैस्ट ऐक्ट' पास हुआ, उसका मक़सद यह था कि कोई रोमन कैथोलिक किसी सरकारी ओहदे पर न रह सके. इसके लिए एक ऐसी कसौटी मुक़र्रर की गई, जिससे कोई बच न सकता था. इसका नतीजा यह था कि कोई भी सरकारी ओहदेदार अगर छिपा छिपाया रोमन कैथोलिक होता था, तो उसे खुले तौर पर ऐलान करना पड़ जाता था.

आख़िरकार सन 1828 में "टैस्ट ऐक्ट" रद्द किया गया. अगले साल 'कैथोलिक इमेन्सिपेशन ऐक्ट' पास किया गया जो और भी ज़्यादा महत्व का था.

"کچھ لوگ سدھارکوں کے سمپردائے میں شامل ہونا چاہتے تھے، بہت سے شامل ہو بھی گئے۔ اس پر بادشاہ فلپ (155?-98) نے اُن کے ساتھ بڑی ظالمانہ جنگ شروع کر دی، جو تیس برس تک جاری رہی۔ فلپ نے نئے سمپردائے کو مٹا دینے کا فیصلہ کر لیا اور مرتے وقت تک اِس جنگ کو جاری رکھا۔ اُس نے حکم دے دیا کہ جو آدمی بھی نئے سمپردائے کے اُصولوں کو غلط کہنے اور نہ ماننے سے اِنکار کر دے اُسے زندہ جلا دیا جاوے۔ اِس بات کا ٹھیک ٹھیک پتہ نہیں چلتا کہ لوکنٹریز میں اِس حکم کے مطابق کتنے جلائے گئے۔ لیکن ڈیوک آف ایلوا نے ایک بار بڑے گھمنڈ کے ساتھ کہا تھا کہ اپنے شاسن کے پانچ یا چھ برس کے اندر میں نے خود اٹھارہ ہزار سے اوپر آدمیوں کو اِس طرح شانتی کے ساتھ جلوا دیا۔"

اِس بھینکر پرستھتی کے مقابلہ میں ہندستان کی حالت بہت زیادہ اچھی اور بہتر معلوم ہوتی ہے۔ ملا بار کے سمدر تٹ پر مسلمانوں کے حملے کا اثر نہیں ہو سکا۔ وہاں کے ہندو راجا کی اُدارتا کی ہم تعریف کئے بنا نہیں رہ سکتے۔ عیسیٰ کی پہلی یا دوسری صدی میں سیریا سے کچھ عیسائی کوچن اور ٹراونکور میں آ کر اُترے۔ وہاں کے ہندو راجا نے اُن کا سواگت کیا، اُن کی مہمان نوازی کی اور اُنہیں بنا کسی طرح کی روک ٹوک کے اپنے دھرم کو ماننے اور اُس پر چلتے رہنے کی پوری اِجازت دی۔

اِس کے خلاف اِسی سمے اِنگلینڈ میں نہ صرف رومن کیتھولک سمپردائے کے لوگوں کو بلکہ اُن پروٹیسٹینٹوں تک کو، جو خاص خاص دھارمک اُصولوں کو ماننے سے انکار کرتے تھے، خاص خاص عہدوں اور ادھیکاروں سے قانوناً ونچت رکھا جاتا تھا، جس سے اُنہیں خاصی اسودھا سہنی پڑتی تھی۔

جارج برٹن ایڈمس کی "کانسٹی ٹیوشنل ہسٹری آف اِنگلینڈ" (19 8) میں لکھا ہے—

"چارلس دوسرے کے زمانے میں جو 'ٹیسٹ ایکٹ' پاس ہوا، اُس کا مقصد یہ تھا کہ کوئی رومن کیتھولک کسی سرکاری عہدے پر نہ رہ سکے۔ اِس کے لئے ایک ایسی کسوٹی مقرر کی گئی، جس سے کوئی بچ نہ سکتا تھا۔ اِس کا نتیجہ یہ تھا کہ کوئی بھی سرکاری عہدیدار اگر چھپا چھپایا رومن کیتھولک ہوتا تھا، تو اُسے کھلے طور پر اِس کا اعلان کرنا پڑ جاتا تھا۔

آخرکار سن 1828 میں "ٹیسٹ ایکٹ" رد کیا گیا۔ اگلے سال "کیتھولک ایمنسپیشن ایکٹ" پاس کیا گیا جو اور بھی زیادہ مہتو کا تھا۔

गड्डा पान सीधे अपने खेत से लाकर चढ़ा देता है. मुख दुख दोनों में इस छन्द की समाधि का लोगों के जीवन के साथ एक खास और गहरा ताल्लुक़ रहता है."

टेलर अपनी पुस्तक "टोपोग्रैफ़ी आफ़ ढाका" (1840, सफ़ा 257.) में लिखता है—"मज़हबी झगड़े हिन्दू और मुसलमानों में शायद ही कभी देखने में आते हों. दोनों धर्मों के लोग पूरे प्रेम और मेल जोल के साथ रहते हैं. ज़्यादातर हिन्दू और मुसलमान भेद भाव से इतना ऊपर उठ गए हैं कि वह एक ही हुक़्क़े से पीते हैं."

धार्मिक उदारता के मामले में हिन्दुस्तान और यूरोप का मुक़ाबला बहुत ही आंखें खोलने वाला है. थोड़े दिनों पहले तक का यूरोप का सारा इतिहास मज़हब के नाम पर निस्सन्देह बहुत ही शर्मनाक क़िस्म के अन्यायों का इतिहास है. सलीबी (क्रूसेड) लड़ाइयों में पीटर दी हरमिट जैसे पोपों और पादरियों के फ़तवों और आग उगलने वाले शापों से जोश में आकर लाखों यूरोपियन क्रूसेडरों ने अपने घरों और बाल बच्चों से सदा के लिए अलग होकर उन दिनों के सफ़र की नाक़ाबिले बयान मुसीबतों को सहते हुए हज़रत ईसा की क़ब्र को उन मुसलमानों से बचाने की कोशिश की जिन्हें वह 'इन्फ़िडल' या नास्तिक कहते थे; इतना ही नहीं, सिर्फ़ धार्मिक विश्वासों के फ़रक़ के कारन यूरोप भर में सदियों वह भयंकर आपसी लड़ाइयां जारी रहीं, जिनमें देश के देश वीरान हो गए और यूरोप का सारा नक़शा ख़ून से रंग गया. आइये यूरोप के बादशाहों का ठीक उसी ज़माने के हिन्दुस्तान के बादशाहों के साथ मुक़ाबला करें.

बकल अपनी किताब "हिस्ट्री आफ़ सिविलीज़ेशन" में लिखता है—

"अपनी हुकूमत के आख़िरी दिनों में चार्ल्स पांचवां बड़े घमन्ड के साथ यह कहा करता था कि मैंने अपने देश के मुक़ाबले में हमेशा अपने धर्म को तरजीह दी और मेरी सब से पहली और सब से ज़बरदस्त ख़्वाहिश हमेशा यही रही कि ईसाई धर्म के हितों को क़ायम रखा जावे. लोकन्ट्रीज़ में दूसरी सम्प्रदायों के लोगों के ख़िलाफ़ उसने जो जो कार्रवाइयां कीं, उनसे ज़ाहिर होता है कि वह अपने धर्म को फैलाने के लिए कितने जोश के साथ काम करता था. उस ज़माने के विश्वस्त लेखकों के मुताबिक़ उसके शासन-काल में नीदरलैन्ड्स के अन्दर पचास हज़ार से लेकर एक लाख आदमी तक सिर्फ़ अपने मज़हबी एतक़ादों (धार्मिक विचारों) के कारन मारे गए. 1520 और 1550 के बीच में उसने बहुत से नए क़ानून इस मतलब से जारी किये कि जिन लोगों पर यह जुर्म साबित हो जावे कि वह बादशाह के मज़हबी उसूलों को नहीं मानते, उन्हें या तो क़तल कर दिया जावे, या ज़िन्दा जला दिया जावे और या ज़िन्दा ज़मीन में गाड़ दिया जावे."

کا ناریل سیدھے اپنے کھیت سے لاکر چڑھا دیتا ہے. سکھ دکھ دونوں میں اس سنت کی سمادھی کا لوگوں کے جیون کے ساتھ ایک خاص اور گہرا تعلق رہتا ہے."

ٹیلر اپنی پستک "ٹوپوگریفی آف ڈھاکا" (1840، صفحہ 257) میں لکھتا ہے—"مذہبی جھگڑے ہندو اور مسلمانوں میں شاید ہی کبھی دیکھنے میں آتے ہوں. دونوں دھرموں کے لوگ پورے پریم اور میل جول کے ساتھ رہتے ہیں. زیادہ‌تر ہندو اور مسلمان بھید بھاؤ سے اتنا اوپر اٹھ گئے ہیں کہ وہ ایک ہی حقہ سے پیتے ہیں."

دھارمک اُدارتا کے معاملہ میں ہندستان اور یورپ کا مقابلہ بہت ہی آنکھیں کھولنے والا ہے. تھوڑے دنوں پہلے تک کا یورپ کا سارا اِتہاس مذہب کے نام پر نسندیہہ بہت ہی شرمناک قسم کے انیایوں کا اِتہاس ہے. صلیبی (کروسیڈ) لڑائیوں میں پیٹر دی ہرمٹ جیسے پوپوں اور پادریوں کے فتووں اور آگ اگلنے والے شاپوں سے جوش میں آکر لاکھوں یوروپین کروسیڈروں نے اپنے گھروں اور بال بچوں سے سدا کے لئے الگ ہو کر اُن دنوں کے سفر کی ناقابل بیان مصیبتوں کو سہتے ہوئے حضرت عیسیٰ کی قبر کو اُن مسلمانوں سے بچانے کی کوشش کی جنہیں وہ 'انفڈل' یا ناستک کہتے تھے' اتنا ہی نہیں' صرف دھارمک وشواسوں کے فرق کے کارن یورپ بھر میں صدیوں وہ بھینکر آپسی لڑائیاں جاری رہیں' جن میں دیش کے دیش ویران ہوگئے اور یورپ کا سارا نقشہ خون سے رنگ گیا. آیئے یورپ کے بادشاہوں کا ٹھیک اُسی زمانے کے ہندستان کے بادشاہوں کے ساتھ مقابلہ کریں.

بکل اپنی کتاب "ہسٹری آف سولیزیشن" میں لکھتا ہے—

"اپنی حکومت کے آخری دنوں میں چارلس پانچواں بڑے گھمنڈ کے ساتھ یہ کہا کرتا تھا کہ میں نے اپنے دیش کے مقابلہ میں ہمیشہ اپنے دھرم کو ترجیح دی اور میری سب سے پہلی اور سب سے زبردست خواہش یہی رہی کہ عیسائی دھرم کے ہتوں کو قائم رکھا جاوے. لوکنٹریز میں دوسری سمپردایوں کے لوگوں کے خلاف اُس نے جو جو کارروائیاں کیں' اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے دھرم کو پھیلانے کے لئے کتنے جوش کے ساتھ کام کرتا تھا. اُس زمانے کے وشوست لیکھکوں کے مطابق اُس کے شاسن کال میں نیدرلینڈس کے اندر پچاس ہزار سے لے کر ایک لاکھ آدمی تک صرف اپنے مذہبی اعتقادوں (دھارمک وچاروں) کے کارن مارے گئے. 1520 اور 1550 کے بیچ میں اُس نے بہت سے نئے قانون اِس مطلب سے جاری کئے کہ جن لوگوں پر یہ جرم ثابت ہو جاوے کہ وہ بادشاہ کے مذہبی اصولوں کو نہیں مانتے' انہیں یا تو قتل کر دیا جاوے' یا زندہ جلا دیا جاوے اور یا زندہ زمین میں گاڑ دیا جاوے."

और जात पांत के कठोर बन्धनों से ऊपर उठकर कुल इनसानों की समता और मानव प्राणी की महत्ता का उपदेश दिया. रामानुज का अनुयायी रामानन्द ऊंची जाति का ब्राह्मन था. उसने हिन्दी में सब जातों के लोगों को—यहां तक कि चमारों और अन्त्यजों को भी—राम की भक्ति का उपदेश दिया. उनके शागिर्दों में सब से महान रैदास और कबीर थे. कबीर जाति का जुलाहा था. कबीर ने उपदेश दिया कि हिन्दुओं और मुसलमानों दोनों का खुदा एक है. राम और रहीम में कोई अन्तर नहीं है और असल में सब धर्म बराबर हैं. महाराष्ट्र में नामदेव ने मराठी भाषा में उपदेश दिया कि हिन्दुओं का ईश्वर और मुसलमानों का अल्लाह एक ही है. नामदेव और ब्राह्मन सन्त एकनाथ दोनों पूरी आज़ादी के साथ अन्त्यजों से मिलते जुलते थे और मनुष्य मात्र की पवित्रता और महत्ता का उपदेश देते थे. बंगाल के बाउल जगह जगह घूमकर यह उपदेश दे रहे थे कि मनुष्य मनुष्य है और सब जाति भेदों और धर्म भेदों से ऊपर है. चैतन्य ने नदिया और बंगाल भर में भक्ति के सोते बहाये, और मनुष्य की समता का उपदेश दिया. चैतन्य के शागिर्दों में अनेक मुसलमान थे. उत्तर भारत में वल्लभाचार्य ने वैश्नव सम्प्रदाय क़ायम की. नानक ने उपदेश दिया कि इसलाम और हिन्दू धर्म दोनों में सत्य एक बराबर मिल सकता है. नानक ने जात पांत के भेदों को तोड़ा और सब के साथ प्रेम और उदारता का प्रचार किया. नानक के चेलों में भी बहुत से मुसलमान थे."

सच यह है कि हिन्दू मुसलिम भेद भाव हाल ही की गढ़ी हुई या पैदा की हुई चीज़ है. उन्नीसवीं सदी में इसका पता न था. मेरे अपने लड़कपन की बात है कि हमारे यहां जब दुर्गा पूजा होती थी तो मेरे बाप, मेरे बाबा और मेरे परबाबा गदेपुर के क़ाज़ियों को यात्राओं में शामिल होने के लिए दावत दिया करते थे, और वे लोग हमेशा हमारे निमंत्रन पर आते थे और दुर्गा की यात्राओं में शरीक होते थे. गदेपुर का गांव हमारे अपने गांव के पास था. यही हाल बंगाल भर में सब जगह था. दोनों बड़े बड़े धर्मों के लोगों में पूरी तरह मेल जोल और प्रेम का ताल्लुक़ था.

बैंकले-पटे ने अपनी पुस्तक "दी रोमान्स आफ ऐन ईस्टर्न कैपिटल" में सन 1906 के आपसी प्रेम को इन शब्दों में बयान किया है—

"शेख़ मुहम्मद यूसुफ़ की समाधि पर हिन्दू भी सिर झुकाते हैं. यदि किसी दहक़ान को अपनी फ़सल के अच्छे न होने का डर होता है तो वह मुट्ठी भर नाज लाकर चढ़ाता है. किसी का बच्चा बीमार होता है या डंगर बीमार होता है तो वह समाधि पर आकर मन्नत मानता है. यदि फ़सल बहुत अच्छी होती है तो किसान शुक्रिये के तौर पर एक

اور جات پانت کے کٹھور بندھنوں سے اوپر اٹھ کر کل انسانوں کی سمتا اور مانو پرانی کی مہتا کا اپدیش دیا . رامانج کا انویائی رامانند اونچی جاتی کا براھمن تھا . اس نے ھندی میں سب ذاتوں کے لوگوں کو—یہاں تک کہ چماروں اور انتیجوں کو بھی—رام کی بھکتی کا اپدیش دیا . اُن کے شاگردوں میں سب سے مہان ریداس اور کبیر تھے . کبیر جاتی کا جولاھا تھا . کبیر نے اپدیش دیا کہ ھندوؤں اور مسلمانوں دونوں کا خدا ایک ھے . رام اور رحیم میں کوئی انتر نہیں ھے اور اصل میں سب دھرم برابر ھیں . مہاراشٹر میں نام دیو نے مراٹھی بھاشا میں اپدیش دیا کہ ھندوؤں کا ایشور اور مسلمانوں کا اللہ ایک ھی ھے . نام دیو اور براھمن سنت ایکناتھ دونوں پوری آزادی کے ساتھ انتیجوں سے ملتے جلتے تھے اور منشیہ ماتر کی پوترتا اور مہتا کا اپدیش دیتے تھے . بنگال کے باؤل جگہ جگہ گھوم کر یہ اپدیش دے رہے تھے کہ منشیہ منشیہ ھے اور سب جاتی بھیدوں اور دھرم بھیدوں سے اوپر ھے . چیتنیہ نے ندیا میں اور بنگال بھر میں بھکتی کے سوتے بہائے' اور منشیہ کی سمتا کا اپدیش دیا . چیتنیہ کے شاگردوں میں انیک مسلمان تھے . اتر بھارت میں ولبھاچاریہ نے وشنو سمپردائے قایم کی . نانک نے اپدیش دیا کہ اسلام اور ھندو دھرم دونوں میں ستیہ ایک برابر مل سکتا ھے . نانک نے جات پانت کے بھیدوں کو توڑا اور سب کے ساتھ پریم اور اداریا کا پرچار کیا . نانک کے چیلوں میں بھی بہت سے مسلمان تھے."

سچ یہ ھے کہ ھندو مسلم بھید بھاؤ حال ھی کی گڑھی ہوئی یا پیدا کی ہوئی چیز ھے . انیسویں صدی میں اس کا پتہ نہ تھا . میرے اپنے لڑکپن کی بات ھے کہ ھمارے یہاں جب درگا پوجا ہوتی تھی تو میرے باپ' میرے بابا اور میرے پردادا گدے پور کے قاضیوں کو یاتراؤں میں شامل ہونے کے لئے دعوت دیا کرتے تھے' اور وہ لوگ ھمیشہ ھمارے نمنترن پر آتے تھے اور درگا کی یاتراؤں میں شریک ہوتے تھے . گدے پور کا گاؤں ھمارے اپنے گاؤں کے پاس تھا . یہی حال بنگال بھر میں سب جگہ تھا . دونوں بڑے بڑے دھرموں کے لوگوں میں پوری طرح میل جول اور پریم کا تعلق تھا .

بریڈلے برٹ نے اپنی پستک "دی رومانس آف این ایسٹرن کیپیٹل" میں سن 1906 کے آپسی پریم کو ان شبدوں میں بیان کیا ھے—

"شیخ محمد یوسف کی سمادھی پر ھندو بھی سر نواتے ھیں . یدی کسی دہقان کو اپنی فصل کے اچھے نہ ہونے کا ڈر ہوتا ھے تو مٹھی بھر اناج لا کر چڑھاتا ھے . کسی کا بچہ بیمار ہوتا ھے یا ڈنگر بیمار ہوتا ھے تو وہ سمادھی پر آکر منت مانتا ھے . یدی فصل خوب اچھی ہوتی ھے تو کسان شکریہ کے طور پر ایک

ही धार्मिक उदारता की नीति का पालन किया और अपनी सल्तनत के कारोबार में हिन्दुओं के सहयोग की क़द्र की. लेकिन यह दिखाया जा चुका है कि अलाउद्दीन खिलजी के ज़माने से लेकर कभी किसी भी हिन्दू को अपने धार्मिक विश्वासों के कारन किसी तरह की हानि नहीं सहनी पड़ी, न उसके नागरिक अधिकारों में फ़रक़ पड़ा.

हिन्दुस्तान पर शुरू ज़माने से विदेशी हमले होते रहे थे, लेकिन अक्सर होता यह था कि विदेशी हमलावर पूरी तरह हिन्दू समाज के अन्दर रल मिल कर एक हो जाते थे. यही हाल शकों का हुआ, लेकिन मुसलमान हमलावर इस तरह मिलकर एक न हो सकते थे. इसकी वजह बयान करते हुये के० पी० मित्र ने अपनी "इन्डियन हिस्ट्री फ़ार मैट्रिकुलेशन" (सफ़ा 115-16) में लिखा है कि—

"मुसलिम सभ्यता एक अलग और अपने ही ढंग की चीज़ थी, वह जल्दी से हिन्दू सभ्यता में मिलकर एक न हो सकती थी. मुसलमान बादशाह अपनी लड़ाइयों को जेहाद समझते थे, उन्होंने मन्दिरों को तोड़ा, हिन्दुओं को मुसलमान बनाया और उनको सताया. लेकिन धीरे धीरे दोनों मज़हबों के लोगों में उदारता और प्रेम के भाव जागने लगे. मुसलिम बादशाहों ने हिन्दुओं को अपना वज़ीर बनाया, हिन्दू सरदारों की मदद ली, हिन्दू स्त्रियों से शादियां कीं और हिन्दू साहित्य खासकर देशी भाशाओं के साहित्य का संरक्षन किया और उसे तरक़्क़ी दी. विजयनगर के हिन्दू राजाओं ने मुसलिम सिपाहियों को अपनी सेनाओं में भर्ती किया; उन्हें जागीरें दीं, उनके लिये मसजिदें बनवाईं और उनके धार्मिक विश्वासों का मान रखा. इसी तरह मुसलिम सुलतानों ने हिन्दू सिपाहियों को अपनी फ़ौजों में नौकर रखा. लड़ाई के मैदानों में हिन्दुओं और मुसलमानों के मेल जोल से दोनों की ज़बानें भी मिलती चली गईं; इसी मेल जोल से उर्दू ज़बान पैदा हुई. कशमीर के मुसलमान बादशाह ज़ैनुल आबदीन ने अपने राज के बड़े बड़े ओहदों पर हिन्दुओं को मुक़र्रर किया और धार्मिक उदारता से काम लिया. इसी तरह बंगाल का हुसेनशाह भी उदार विचारों का शासक था. इन सब लोगों ने देशी भाशाओं को खूब बढ़ाया. संस्कृत व्याकरन के बन्धनों से मुक्त होकर बङ्गला भाशा का स्वतन्त्रता के साथ बढ़ना और फलना फूलना एक बड़े दर्जे तक हुसेन शाह और नसरत शाह के संरक्षन का नतीजा है. वर्तमान बंगला उनकी ऋणी है. कृत्तिवास की बंगला रामायन और काशीदास का महाभारत बंगालियों के घर घर में मिलते हैं. विद्यापति और चंडीदास जैसे कवियों ने उन्हीं के संरक्षन में अपने गीत-काव्य गाये.

"विश्व प्रेम के पुजारी सुधारकों ने सब धर्म मज़हबों के सार का प्रचार किया और धर्म की सड़ी गली रूढ़ियों

ہی دھارمک اُدارتا کی نیتی کا پالن کیا اور اپنی سلطنت کے کاروبار میں ہندوؤں کے سہیوگ کی قدر کی. لیکن یہ دکھایا جا چکا ہے کہ علاؤالدین خلجی کے زمانے سے لے کر کبھی کسی بھی ہندو کو اپنے دھارمک وشواسوں کے کارن کسی طرح کی ہانی نہیں سہنی پڑی، نہ اُس کے ناگرک ادھکاروں میں فرق پڑا .

ہندستان پر شروع زمانے سے ودیشی حملے ہوتے رہے تھے، لیکن اکثر ہوتا یہ تھا کہ ودیشی حملہ‌آور پوری طرح ہندو سماج کے اندر رل مل کر ایک ہو جاتے تھے . یہی حال شکوں کا ہوا، لیکن مسلمان حملہ‌آور اِس طرح مل کر ایک نہ ہو سکتے تھے . اِس کی وجہ بیان کرتے ہوئے کے . پی . متر نے اپنی "اِنڈین ہسٹری فار میٹریکولیشن" (صفحہ 115-16) میں لکھا ہے کہ—

" مسلم سبھیتا ایک الگ اور اپنے ہی ڈھنگ کی چیز تھی، وہ جلدی سے ہندو سبھیتا میں مل کر ایک نہ ہو سکتی تھی . مسلمان بادشاہ اپنی لڑائیوں کو جہاد سمجھتے تھے، اُنھوں نے مندروں کو توڑا، ہندوؤں کو مسلمان بنایا اور اُن کو ستایا . لیکن دھیرے دھیرے دونوں مذہبوں کے لوگوں میں اُدارتا اور پریم کے بھاؤ جاگنے لگے . مسلم بادشاہوں نے ہندوؤں کو اپنا وزیر بنایا، ہندو سرداروں کی مدد لی، ہندو اِستریوں سے شادیاں کیں اور ہندو ساہتیہ خاص کر دیشی بھاشاؤں کے ساہتیہ کا سنرکشن کیا اور اُسے ترقی دی . وجے نگر کے ہندو راجاؤں نے مسلم سپاہیوں کو اپنی سیناؤں میں بھرتی کیا؛ اُنھیں جاگیریں دیں، اُن کے لئے مسجدیں بنوائیں اور اُن کے دھارمک وشواسوں کا مان رکھا . اِسی طرح مسلم سلطانوں نے ہندو سپاہیوں کو اپنی فوجوں میں نوکر رکھا . لڑائی کے میدانوں میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے میل جول سے دونوں کی زبانیں بھی ملتی چلی گئیں؛ اِسی میل جول سے اُردو زبان پیدا ہوئی . کشمیر کے مسلمان بادشاہ زین‌العابدین نے اپنے راج کے بڑے بڑے عہدوں پر ہندوؤں کو مقرر کیا اور دھارمک اُدارتا سے کام لیا . اِسی طرح بنگال کا حسین شاہ بھی اُدار وچاروں کا شاسک تھا . اِن سب لوگوں نے دیشی بھاشاؤں کو خوب بڑھایا . سنسکرت ویاکرن کے بندھنوں سے مکت ہو کر بنگلا بھاشا کا سوتنترتا کے ساتھ بڑھنا اور پھلنا پھولنا ایک بڑے درجے تک حسین شاہ اور نصرت شاہ کے سنرکشن کا نتیجہ ہے . ورتمان بنگلا اُن کی رِنی ہے . کرتی‌واس کی بنگلا راماین اور کاشی داس کا مہابھارت بنگالیوں کے گھر گھر میں ملتے ہیں . ودیا پتی اور چنڈی‌داس جیسے کویوں نے اُنھیں کے سنرکشن میں اپنے گیت کاویہ گائے .

" وشوپریم کے پجاری سدھارکوں نے سب دھرم مذہبوں کے سار کا پرچار کیا اور دھرم کی سڑی گلی روڑھیوں

मन्सूबदार सूबे का सबसे बड़ा सेनापति था. राजा जानकी राम अलीवर्दी खां का सबसे एतबारी मन्त्री था. उसके दोनों लड़के राजा दुर्लभराम और राजा रामनरायण उतने ही ऊंचे ऊंचे पदों पर मुक़र्रर थे. माल के मोहकमों में चिम्मनराय, बीरुदत्त, कीर्तिचन्द, अमृतराय, चिन्तामणि दास और गोकुलचन्द सर्वोच्च पदों पर थे. कुछ दिनों बाद ढाका का राजा राजवल्लभ बहुत छोटी सी हैसियत से तरक्क़ी करते करते नायब सूबेदार के ओहदे पर पहुंच गया. दूसरे हुक्मरानों के साथ पत्र व्यवहार या बातचीत करने के लिये राजाराम को पूरे अख्तियार मिले हुए थे. दीवान मानिकचन्द और उम्मेदराम दोनों दरबार के स्तम्भ थे. केवल माल और ख़ज़ाने के मोहकमों में ही नहीं, बल्कि सेनापतियों की हैसियत से भी हिन्दुओं का बड़ा मान था. दुर्लभराम, मानिकचन्द, मोहनलाल और श्यामसुन्दर ने लड़ाई के मैदानों में बड़ी बड़ी वीरता दिखलाई. मैलकम ने अपनी पुस्तक 'क्लाइव', (जिल्द 1 सफ़ा 254) में लिखा है कि जिस समय मीर जाफ़र अपनी बहुत बड़ी सेना सहित सिराजुद्दौला को छोड़कर हट जाने के लिये राजी हो गया; उस विपदा के समय एक बङ्गाली हिन्दू मोहनलाल और एक बंगाली मुसलमान मीर मदन ने आख़ीर दम तक सिराजुद्दौला का साथ न छोड़ा. दोनों अपनी अपनी सेनाओं सहित वीरता के साथ अन्त तक लड़ते रहे, अगरचे इन सब से भी सिराजुद्दौला की क़िस्मत न पलट सकी.

सच यह है कि नवाब अलीवर्दी ख़ां को जितनी मुसीबतें बर्दाश्त करनी पड़ीं वह सब अपने मुसलमान अमीरों के विश्वासघात और उनकी दग़ा के सबब झेलनी पड़ीं. यह मुसलमान सरदार मराठों के साथ मिलकर अलीवर्दी ख़ां को धोखा देने में ज़रा भी संकोच न करते थे. यह बिलकुल सच्ची घटना है कि उस ज़माने के बंगाल में फ़िरक़ापरस्ती या धार्मिक भेद-भाव का कहीं निशान भी ढूंढ़े से नहीं मिलता. लोग सिर्फ़ अपने निजी हानि लाभ को ही देखते थे और उसी के मुताबिक़ चलते थे.

इतिहास से साफ़ पता चलता है कि 13 वीं सदी ईस्वी से लेकर प्लासी की लड़ाई तक मुसलिम शासन काल में बंगाल के हिन्दुओं को कभी भी यह महसूस करने का मौक़ा नहीं मिला कि उनके ऊपर किसी विदेशी की हकूमत थी. यह भी एक ख़ास बात है कि सिर्फ़ एक बीरभूम के राजा को छोड़कर बंगाल के और सब बड़े बड़े ज़मींदार हिन्दू थे. बंगला ग्रन्थ के "नवाबी अमल" का लेखक काली प्रसन्न बैनर्जी लिखता है कि कुल ज़मींदारियों का सिर्फ़ 16 वां हिस्सा मुसलमानों के हाथों में था.

भारत के इतिहास को सरसरी निगाह से देखने वाला आदमी यह समझता होगा कि सिर्फ़ शहन्शाह अकबर ने

نائب صوبے کا سب سے بڑا سیناپتی تھا ۔ راجہ جانکی رام علی وردی خاں کا سب سے اعتباری منتری تھا ۔ اس کے دونوں لڑکے راجہ درلبھ رام اور راجہ رام نراین اُتنے ہی اونچے اونچے پدوں پر مقرر تھے ۔ مال کے محکموں میں چمن رائے، ویرودت، کیرتی چند، امرت رائے، چنتا منی داس اور گوکل چند سروچ پدوں پر تھے ۔ کچھ دنوں بعد ڈھاکہ کا راجہ راج ولبھ بہت چھوٹی سی حیثیت سے ترقی کرتے کرتے نایب صوبےدار کے عہدے پر پہونچ گیا ۔ دوسرے حکمرانوں کے ساتھ پتر ویوہار یا بات چیت کرنے کے لئے راجارام کو پورے اختیار ملے ہوئے تھے ۔ دیوان مانک چند اور امیدرام دونوں دربار کے استمبھ تھے ۔ کیول مال اور خزانے کے محکموں میں ہی نہیں، بلکہ سیناپتیوں کی حیثیت سے بھی ہندوؤں کا بڑا مان تھا ۔ درلبھ رام، مانک چند، موہن لال اور شیام سندر نے لڑائی کے میدانوں میں بڑی بڑی ویرتا دکھائی ۔ میلکم نے اپنی پستک "کلایو" (جلد 1 صفحہ 254) میں لکھا ہے کہ جس سمے میر جعفر اپنی بہت بڑی سینا سہت سراج الدولہ کو چھوڑ کر ہٹ جانے کے لئے راضی ہو گیا، اُس ویدا کے سمے ایک بنگالی ہندو موہن لال اور ایک بنگالی مسلمان میر مدن نے آخیر دم تک سراج الدولہ کا ساتھ نہ چھوڑا ۔ دونوں اپنی اپنی سیناؤں سہت ویرتا کے ساتھ انت تک لڑتے رہے، اگرچہ ان سب سے بھی سراج الدولہ کی قسمت نہ پلٹ سکی ۔

سچ یہ ہے کہ نواب علی وردی خاں کو جتنی مصیبتیں برداشت کرنی پڑیں وہ سب اپنے مسلمان امیروں کے وشواس گھات اور اُن کی دغا کے سبب جھیلنی پڑیں ۔ یہ مسلمان سردار مراٹھوں کے ساتھ مل کر علی وردی خاں کو دھوکا دینے میں ذرا بھی سنکوچ نہ کرتے تھے ۔ یہ بالکل سچی گھٹنا ہے کہ اُس زمانے کے بنگال میں فرقہ پرستی یا دھارمک بھید بھاؤ کا، کہیں نشان بھی ڈھونڈھے سے نہیں ملتا ۔ لوگ صرف اپنے نجی ہانی لابھ کو ہی دیکھتے تھے اور اُسی کے مطابق چلتے تھے ۔

اتہاس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ 13ویں صدی عیسوی سے لے کر پلاسی کی لڑائی تک مسلم شاسن کال میں بنگال کے ہندوؤں کو کبھی بھی یہ محسوس کرنے کا موقع نہیں ملا کہ اُن کے اوپر کسی ودیشی کی حکومت تھی ۔ یہ بھی ایک خاص بات ہے کہ صرف ایک ویربھوم کے راجہ کو چھوڑ کر بنگال کے اور سب بڑے بڑے زمیندار ہندو تھے ۔ بنگلا گرنتھ کے "نوابی عمل" کا لیکھک کالی پرسن بینرجی لکھتا ہے کہ کل زمینداروں کا صرف 16واں حصہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں تھا ۔

بھارت کے اتہاس کو سرسری نگاہ سے دیکھنے والا آدمی یہ سمجھتا ہوگا کہ صرف شہنشاہ اکبر نے

लिये मुसलमान बादशाह इन सबके खिलाफ़ हिन्दुओं से काम लेते थे. ये भाव दिल्ली के बड़े से बड़े शक्तिशाली सम्राटों से लेकर छोटे से छोटे मुसलमान सरदारों तक सब में मौजूद था. इसी के साथ साथ हिन्दुओं का धन और उनकी क़ाबलियत भी अपना असर डालती थी. बहुत दर्जे तक इन्हीं कारनों से हिन्दुस्तान में मुसलिम हुकूमत आसानी से क़ायम हो सकी और इतने दिनों तक चलती रही. राज के बदल जाने से सिवाय हिन्दू महाराजाओं और उनके खास खास आदमियों के और किसी पर कोई खास असर न पड़ता था. छोटे छोटे राजे और सरदार हिन्दू महाराजा की जगह मुसलमान बादशाह को अपना अधिराज मानने लगे थे और खिराज देने लगे थे. अपनी छोटी छोटी रियासतों के अन्दर उनकी हैसियत और उनके सब अधिकार क़रीब क़रीब ज्यों के त्यों बने रहते थे.

"हिन्दू वज़ीरों और अफ़सरों को अपने हिन्दू अधिराज की सेवा में रहने से शायद उतना फ़ायदा न था, जितना किसी निकम्मे और विलासी मुग़ल अधिराज की सेवा में रहने से. धार्मिक मामलों में सबको पूरी आज़ादी थी. हिन्दुओं के प्राचीन रिवाजों में, जिनकी वे बड़ी क़द्र करते थे, बहुत कम दख़ल दिया जाता था, बल्कि बिलकुल दख़ल नहीं दिया जाता था. दूसरी बातों में ये लोग आपस में इतने बटे हुए थे, इनकी इतनी अलग अलग जातें और बिरादरियां थीं कि ये अपने विजेताओं को बाहर निकालने के लिए मिलकर कोशिश न करते थे और मुसलमान विजेताओं ने कई वजहों और तरह तरह के मतलब से सिवाय नाम मात्र के अधिराज होने के हुकूमत के क़रीब क़रीब सब अधिकार उन्हीं के हाथों में रहने दिये."

मुरशिद क़ुली खां ने, जिस ज़माने में वह बंगाल के अन्दर औरंगज़ेब का वायसराय था, अपने माल के सब अफ़सर और वज़ीर विश्वस्त हिन्दू ही मुक़र्रर किये. वह सब बातों में अपने इन हिन्दू सलाहकारों की राय से ही काम करता था. इनमें खास दर्पनारायण, भूपतिराय, किशोरराय, जसवन्तराय और रघुनन्दन थे. ब्रोकले बर्ट ने लिखा है कि मुर्शिद क़ुली खां का वज़ीर जसवन्तराय बहुत बुद्धिमान शासक था और माल और खज़ाने के मोहकमों का बहुत ज़बर्दस्त जानकार था, देश की तिजारत को बढ़ाने की उसने अपनी शक्ति भर कोशिश की. मुर्शिद क़ुली खां ने ऊंचे से ऊंचे फ़ौजी ओहदे भी हिन्दुओं ही को दे रखे थे. लाहौरीमल और दलीपसिंह उसके मशहूर ज़बर्दस्त सेनापति थे. ज़मींदारों में से रामजीवन, दयाराम और रघुराम समय समय पर बहुत ज़िम्मेवारी के सैनिक ओहदों पर रह चुके थे.

नवाब अलीवर्दी खां के शुरू के ज़माने में एक हिन्दू

لئے مسلمان بادشاہ اِن سب کے خلاف ھندوؤں سے کام لیتے تھے ، یہ بھاؤ دلی کے بڑے سے بڑے شکتی‌شالی سمراٹوں سے لیکر چھوٹے سے چھوٹے مسلمان سرداروں تک سب میں موجود تھا ۔ اِسی کے ساتھ ساتھ ھندوؤں کا دھن اور اُن کی قابلیت بھی اپنا اثر ڈالتی تھی ۔ بہت درجہ تک اِنھیں کارنوں سے ھندستان میں مسلم حکومت آسانی سے قایم ھوسکی اور اتنے دنوں تک چلتی رھی ۔ راج کے بدل جانے سے سوائے ھندو مہاراجاؤں اور اُن کے خاص خاص آدمیوں کے اور کسی پر کوئی خاص اثر نہ پڑتا تھا ۔ چھوٹے چھوٹے راجے اور سردار ھندو مہاراجہ کی جگہ مسلمان بادشاہ کو اپنا ادھیراج ماننے لگے تھے اور خراج دینے لگے تھے ۔ اپنی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے اندر اُن کی حیثیت اور اُن کے سب ادھیکار قریب قریب جیوں کے تیوں بنے رھتے تھے ۔

"ھندو وزیروں اور افسروں کو اپنے ھندو ادھیراج کی سیوا میں رھنے سے شاید اُتنا فایدہ نہ تھا' جتنا کسی نکمے اور ولاسی مغل ادھیراج کی سیوا میں رھنے سے ۔ دھارمک معاملوں میں سب کو پوری آزادی تھی ۔ ھندوؤں کے پراچین رواجوں میں' جن کی وے بڑی قدر کرتے تھے' بہت کم دخل دیا جاتا تھا' بلکہ بالکل دخل نہیں دیا جاتا تھا ۔ دوسری باتوں میں یہ لوگ آپس میں اِتنے بٹے ھوئے تھے' اِن کی اِتنی الگ الگ ذاتیں اور برادریاں تھیں کہ یہ اپنے وجیتاؤں کو باھر نکالنے کے لئے ملکر کوشش نہ کرتے تھے اور مسلمان وجیتاؤں نے کئی وجہوں اور طرح طرح کے مطلب سے سوائے نام ماتر کے ادھیراج ھونے کے حکومت کے قریب قریب سب ادھیکار اُنھیں کے ھاتھوں میں رھنے دئے ۔"

مرشد قلی خاں نے' جس زمانہ میں وہ بنگال کے اندر اورنگزیب کا وایسرائے تھا' اپنے مال کے سب افسر اور وزیر وشوست ھندو ھی مقرر کئے ۔ وہ سب باتوں میں اپنے اِن ھندو صلاحکاروں کی رائے سے ھی کام کرتا تھا ۔ اِن میں خاص درپنارائن' بھوپتی رائے' کشور رائے' جسونت رائے اور رگھونندن تھے ۔ بروکلے برٹ نے لکھا ھے کہ مرشد قلی خاں کا وزیر جسونت رائے بہت بدھمان شاسک تھا اور مال اور خزانے کے محکموں کا بہت زبردست جانکار تھا' دیش کی تجارت کو بڑھانے کی اُس نے اپنی شکتی بھر کوشش کی ۔ مرشد قلی خاں نے اونچے سے اونچے فوجی عہدے بھی ھندوؤں ھی کو دے رکھے تھے ۔ لاھوری مل اور دلیپ سنگھ اُس کے مشہور زبردست سیناپتی تھے ۔ زمینداروں میں سے رام جیون' دیا رام اور رگھو رام سمے سمے پر بہت ذمہ واری کے سینک عہدوں پر رہ چکے تھے ۔

نواب علی وردی خاں کے شروع کے زمانے میں ایک ھندو

बड़े संरक्षक थे. विद्यापति ने अपने अमर काव्य में इनमें से एक का यश-गान किया है. बंगाल में उन दिनों जमीन्दारों की क़रीब क़रीब वही हालत थी जो मंझले ज़माने के यूरोप में वहां के फ़्यूडल सामन्तों की. मुसलमान बादशाहों ने बंगाल के मशहूर "बारह भुइयों" से नियत सालाना ख़िराज लेकर उन्हें बिलकुल आज़ाद छोड़ रखा था और जब कभी मुग़ल या पठान हुकूमत में कोई कमज़ोरी आती थी, तो यह ख़िराज भी बन्द हो जाता था. देश के भीतरी शासन में इन 12 बंगाली सामन्तों के साथ किसी तरह का दख़ल नहीं किया जाता था.

سندھو کی سبھیتا کے بارے میں ابھی تک پتہ چلا ہے کہ وہ لوگ لوہے کا استعمال نہیں جانتے تھے اور زیادہ تر لکڑی' پتھر' کانسے وغیرہ کے اوزار ہی کام میں لاتے تھے . رگ وید میں اُن دنوں پتھر کے نوکدار تیروں کے استعمال ہونے کا صاف ذکر ملتا ہے

* B. M. Barua and G. Sinha Bharhut Inscriptions, p. 6 (1926).

महाभारत के द्रोण पर्व में दुर्योधन ने सिन्धराज की बात न मानने पर अपने को 'अनार्य' कहकर धिक्कारा है. सभा पर्व में द्रौपदी ने यह शिकायत की है कि 'अनार्य' लोगों ने युधिष्ठिर को बहका कर उससे जुआ खिलवा दिया. गीता में श्रीकृष्ण ने अर्जुन की कमज़ोरी को 'अनार्य' कह कर बुरा कहा है. संस्कृत नाटकों में छोटे छोटे लोग बड़े बड़े लोगों को 'आर्य' कहकर पुकारते हैं, पत्नि अपने पति को 'आर्य पुत्र' कहकर पुकारती है. ब्राह्मन लोग अपने धर्म को सदा 'आर्य धर्म' कहते थे. बौद्ध लोग अपने धर्म को 'आर्य पथ' कहते थे.

वेदों के समय में अलग अलग कुलों या क़बीलों के अलग अलग नाम थे. लेकिन सब कुलों के समूह का कोई एक नाम नहीं था. आर्य शब्द तो इस जाति या समूह के अर्थों में आता ही नहीं था. जैसे भरत कुल के लोगों को ऋग्वेद में 'भरतम् जनम्' (3.53. 12) कहा है. सिकन्दर के हमले के समय तक इस देश में यही रिवाज था. अफ़ग़ानिस्तान और पंजाब के रहने वालों को मिलाकर यूनानी लेखकों ने 'इन्डियन' कहकर पुकारा है. इन्डियन या हिन्दू इन दोनों में से कोई भी लफ़्ज़ इस देश का नहीं है. ईरानी सम्राट दारा के शिला लेख में सिन्धु नदी के आस पास के बाशिन्दों को 'हिन्दु' लिखा है. ईरानी लोग सिन्धु नदी के इलाक़े को 'हिन्द' कहा करते थे, इसी से बाद में 'हिन्दु' बना. आज तक अरब लोग हिन्दुस्तान के हिन्दू और मुसलमानों सब को 'हिन्दी' कहकर पुकारते हैं और तुर्क लोग 'हिन्दली' कहकर पुकारते हैं. ईरानी हिन्द से यूनानी इन्ड और इन्डिया बने. उसी से अंग्रेज़ी इन्डियन (Indian), जर्मन इन्डिएन (Indien) फ्रेन्च हिन्दू (Hindou) और आजकल के यूनानियों का इन्दु (Indou) शब्द बने.

इस तरह अफ़ग़ानिस्तान से लेकर उत्तर भारत के मैदानों तक के सब रहने वालों का उस समय तक कोई एक नाम नहीं था. मौर्य साम्राज्य के बाद 'मानव धर्म शास्त्र' में हिमालय से लेकर बिन्ध्या तक के सारे देश का नाम 'आर्यावर्त' रक्खा गया. पुरानों में इस देश का नाम भरत के नाम पर भारतवर्ष मिलता है. पुरानों में और बौद्ध पुस्तकों में इस देश का जम्बु द्वीप नाम भी मिलता है. जम्बु वृक्ष का नाम है. लेकिन पुरानों के लिखे जाने के समय का ठीक ठीक पता नहीं चलता. स्मृतियों में आर्यावर्त उस देश को कहा गया है, जिसमें ब्राह्मन लोग बे रोक टोक वर्नाश्रम धर्म का पालन कर सकते हैं.

आर्य शब्द का अर्थ कभी भी कोई ख़ास जाति नहीं लिया गया, इसका पता इस बात से भी चलता है कि पास्क ने 'निरुक्त' में मगध के राज्य को 'अनार्य जनपद' कहा है, क्योंकि महावीर और बुद्ध वग़ैरह के पहले से मगध

مہابھارت کے درونو پرو میں دریودھن نے سندھ راج کی بات نہ ماننے پر اپنے کو ' اناریہ ' کہ کر دھکارا ھے . سبھا پرو میں دروپدی نے یہ شکایت کی ھے کہ 'اناریہ' لوگوں نے یدھشٹھر کو بہکاکر اُس سے جوا کھلوا دیا . گیتا میں شری کرشن نے ارجن کی کمزوری کو 'اناریہ' کہ کر برا کہا ھے. سنسکرت ناٹکوں میں چھوٹے چھوٹے لوگ بڑے بڑے لوگوں کو 'اریہ' کہ کر پکارتے ھیں' پتنی اپنی پتی کو 'اریہ پتر' کہ کر پکارتی ھے . براھمن لوگ اپنے دھرم کو سدا 'اریہ دھرم' کہتے تھے . بودھ لوگ اپنے دھرم کو 'اریہ پتھ' کہتے تھے .

ویدوں کے سمے میں الگ الگ کلوں یا قبیلوں کے الگ الگ نام تھے . لیکن سب کلوں کے سموہ کا کوئی ایک نام نہیں تھا . اریہ شبد تو اِس جاتی یا سموہ کے ارتھوں میں آتا ھی نہیں تھا . جیسے بھرت کل کے لوگوں کو رگ وید میں 'بھرتم جنم' (3 . 53 . 12) کہا ھے . سکندر کے حملے کے سمے تک اِس دیش میں یہی رواج تھا . افغانستان اور پنجاب کے رھنے والوں کو ملاکر یونانی لیکھکوں نے 'انڈین' کہ کر پکارا ھے . انڈین یا ھندو اِن دونوں میں سے کوئی بھی لفظ اِس دیش کا نہیں ھے. ایرانی سمراٹ دارا کے شلا لیکھ میں سندھو ندی کے آس پاس کے باشندوں کو 'ھندو' لکھا ھے . ایرانی لوگ سندھو ندی کے علاقے کو 'ھند' کہا کرتے تھے' اِسی سے بعد میں 'ھندو' بنا . آج تک عرب لوگ ھندستان کے ھندو اور مسلمانوں سب کو 'ھندی' کہ کر پکارتے ھیں اور ترک لوگ 'ھندلی' کہ کر پکارتے ھیں . ایرانی ھند سے یونانی اِنڈ اور اِنڈیا بنے . اُسی سے انگریزی اِنڈین (Indian)' جرمن اِنڈئین (Indien) فرنچ ھندو (Hindou) اور آجکل کے یونانیوں کا اندو (Indou) شبد بنے .

اِس طرح افغانستان سے لے کر اتر بھارت کے میدانوں تک کے سب رھنے والوں کا اُس سمے تک کوئی ایک نام نہیں تھا . موریہ سامراجیہ کے بعد 'مانو دھرم شاستر' میں ھمالے سے لیکر وندھیا تک کے سارے دیش کا نام 'آریہ ورت' رکھا گیا . پرانوں میں اُس دیش کا نام بھرت کے نام پر بھارت ورش ملتا ھے. پرانوں میں اور بودھ پستکوں میں اِس دیش کا جمبو دیپ نام بھی ملتا ھے . جمبو ورکچھ کا نام ھے . لیکن پرانوں کے لکھے جانے کے سمے کا ٹھیک ٹھیک پتہ نہیں چلتا. اسمرتیوں میں آریہ ورت اُس دیش کو کہا گیا ھے' جس میں براھمن لوگ بے روک ٹوک ورنا شرم دھرم کا پالن کرسکتے ھیں .

اریہ شبد کا ارتھ کبھی بھی کوئی خاص جاتی نہیں لیا گیا اس کا پتہ اِس بات سے بھی چلتا ھے کہ یاسک نے "نروکت" میں مگدھ کے راجیہ کو 'اناریہ جن پد' کہا ھے' کیونکہ مہاویر اور بدھ وغیرہ کے پہلے سے مگدھ

वैदिक साहित्य (अदब) में या संस्कृत साहित्य में 'आर्य' किसी खास नसल या जाति का नाम नहीं है. यूरोप वालों के मुताबिक 'आर्य' क़ौम के लोगों के बाल सुनहरे रंग के होते थे. लेकिन वैदिक साहित्य में जगह जगह उस समय के ब्राह्मनों के 'काले बालों' का जिक्र आता है. सच यह है कि जिन लोगों को आर्य कहा जाता है, वे अगर कहीं बाहर से भी इस देश में आए तब भी वे जिन देशों में होकर आए, वहां के पुराने बाशिन्दों से मिलते जुलते और उनसे ब्याह-शादी करते हुए आये. जब वे यहां पहुंचे तो वे दुनिया की और जातियों से अलग कोई एक खास जाति नहीं रह गये थे. सर जान मार्शल ने भी लिखा है कि—"जहां तक इतिहास से पता चलता है सिन्ध और पंजाब के लोगों में बहुत सी जातियां मिली हुई थीं, और हमें यह मानने के लिये कोई सबब नहीं दिखाई देता कि इससे पहले के जमाने में भी यहां के सब लोग किसी एक अलग नसल के रहे हों." असल में 'आर्य' शब्द से मुराद एक खास सभ्यता या एक खास संस्कृति से है, किसी खास जाति से नहीं. इस तरह की हर सभ्यता में कई अलग अलग जातियों के लोग सामाजिक और आर्थिक वजहों से मिल कर रहने लगते हैं और फिर रल मिल कर एक हो जाते हैं. यही हाल आर्यों का था. एक सभ्यता, एक संस्कृति या एक जबान होना अलग बात है, और एक नसल या जाति होना दूसरी बात है. इसके अलावा जहां जहां पुराने आर्यों की हड्डियां मिली हैं, उनमें लम्बी खोपड़ी वाले और चौड़ी खोपड़ी वाले दोनों तरह के लोग मिलते हैं और इनके बीच के मिले जुले भी मिलते हैं.

अब हम यह देखेंगे कि पुराने संस्कृत साहित्य में 'आर्य' शब्द किन अर्थों में आया है. मेरा कहना है कि जाति के अर्थों में यह शब्द कहीं आया ही नहीं. यह शब्द जहां भी आया है 'सभ्य', 'शिष्ट', 'श्रेष्ठ', 'उदार' आदि माइनों में आया है. महीधर के मुताबिक आर्य शब्द का अर्थ पहले वैश्य होता था. 'वाजसनेय संहिता' और 'शतपथ ब्राह्मन' में भी यह शब्द इन्हीं अर्थों में इस्तेमाल हुआ है. और अधिक शुरू में आर्य शब्द का अर्थ 'किसान' होता था. इन्हीं अर्थों में वेदों में 'शूद्रार्यों' समास आता है. ऋग्वेद में (1.51.8) ऊपर के तीन वर्नों के लोगों को 'आर्य' कहा गया है. आर्य का उलटा 'दास' है (1.51.89). कहीं कहीं यह शब्द सिर्फ वैश्य के लिये भी आया है. आम तौर पर ऋग्वेद में आर्य शब्द का अर्थ होता है 'ईमानदार', 'दयावान', 'नेक', 'स्वामी', 'सभ्य', (ऋग्वेद 1.13.8. 4.30.18.5,34.9). वेदों के बाद संस्कृत साहित्य में भी यह शब्द इसी तरह के अर्थों में आता है, खास जाति के अर्थों में कहीं नहीं आता. रामायन में राक्षस इन्द्रजीत ने जहां अपने चचा विभीषन को उसकी दगा के लिये मलामत (लानत) की है, वहां उसे 'अनार्य' कहा गया है.

ویدک ساهتیہ (ادب) میں یا سنسکرت ساهتیہ میں 'آریہ' کسی خاص نسل یا جاتی کا نام نہیں ھے . یورپ والوں کے مطابق 'آریہ' قوم کے لوگوں کے بال سنہرے رنگ کے ہوتے تھے . لیکن ویدک ساهتیہ میں جگہ جگہ اُس سمے کے براهمنوں کے 'کالے بالوں' کا ذکر آتا ھے . سچ یہ ھے کہ جن لوگوں کو آریہ کہا جاتا ھے' وے اگر کہیں باہر سے بھی اِس دیش میں آئے تب بھی وہ جن دیشوں میں ھو کر آئے' وهاں کے پرانے باشندوں سے ملتے جلتے اور اُن سے بیاہ شادی کرتے ہوئے آئے . جب وے یہاں پہنچے تو وے دنیا کی اور جاتیوں سے الگ کوئی ایک خاص جاتی نہیں رہ گئے تھے . سرجان مارشل نے بھی لکھا ھے کہ—" جہاں تک اتہاس سے پتہ چلتا ھے سندھ اور پنجاب کے لوگوں میں بہت سی جاتیاں ملی ہوئی تھیں' اور ہمیں یہ ماننے کے لئے کوئی سبب نہیں دکھائی دیتا کہ اِس سے پہلے کے زمانے میں بھی یہاں کے سب لوگ کسی ایک الگ نسل کے رہے ھوں ." اصل میں 'آریہ' شبد سے مراد ایک خاص سبھیتا یا ایک خاص سنسکرتی سے ھے' کسی خاص جاتی سے نہیں . اِس طرح کی ہر سبھیتا میں کئی الگ الگ جاتیوں کے لوگ سماجک اور آرتھک وجہوں سے مل کر رہنے لگتے ھیں اور پھر رل مل کر ایک ھو جاتے ھیں . یہی حال آریوں کا تھا . ایک سبھیتا' ایک سنسکرتی یا ایک زبان ہونا الگ بات ھے' اور ایک نسل یا جاتی ہونا دوسری بات ھے . اِس کے علاوہ جہاں جہاں پرانے آریوں کی هڈیاں ملی ھیں' اُن میں لمبی کھوپڑی والے اور چوڑی کھوپڑی والے دونوں طرح کے لوگ ملتے ھیں اور اِن کے بیچ کے ملے جلے بھی ملتے ھیں .

اب هم یہ دیکھیں گے کہ پرانے سنسکرت ساهتیہ میں 'آریہ' شبد کن ارتھوں میں آیا ھے . میرا کہنا ھے کہ جاتی کے ارتھوں میں یہ شبد کہیں آیا ھی نہیں . یہ شبد جہاں بھی آیا ھے 'سبھیہ' 'ششٹ' 'شریشٹھ' 'اُدار' آدی معنوں میں آیا ھے . مہیدھر کے مطابق آریہ شبد کا ارتھ پہلے ویشیہ ہوتا تھا . 'واجسنئے سنہتا' اور 'شتپتھ براهمن' میں بھی یہ شبد انہیں ارتھوں میں استعمال ہوا ھے . اور آدھک شروع میں آریہ شبد کا ارتھ 'کسان' ہوتا تھا . انہیں ارتھوں میں ویدوں میں 'شودر آریو' سماس آتا ھے . رگ وید میں (1. 51 . 8) اوپر کے تین ورنوں کے لوگوں کو 'آریہ' کہا گیا ھے . آریہ کا الٹا 'داس' ھے (1 . 51 . 89) کہیں کہیں یہ شبد صرف ویش کے لئے بھی آیا ھے . عام طور پر رگ وید میں آریہ شبد کا ارتھ ہوتا ھے 'ایماندار' 'دیاوان' 'نیک' 'سوامی' 'سبھیہ' (رگ وید 1 13. 8. 4. 30. 18. 5,34.9). ویدوں کے بعد کے سنسکرت ساهتیہ میں بھی یہ شبد اِسی طرح کے ارتھوں میں آتا ھے' خاص جاتی کے ارتھ میں کہیں نہیں آتا . رامائن میں راکشس اندرجیت نے جہاں اپنے چچا وبھیکھن کو اُس کی دغا کے لئے ملامت (لانت) کی ھے' وهاں اسے 'اناریہ' کہا گیا ھے .

सिन्धु सभ्यता बनाम वैदिक सभ्यता

डाक्टर भूपेन्द्रनाथ दत्त

सिन्ध के अन्दर मोहन-जो-दड़ो में और पंजाब के अंदर हड़प्पा में जो नई खुदाइयां हुई हैं, उनसे हिन्दुस्तान की पुरानी सभ्यता और संस्कृति पर नई रोशनी पड़ी है. दुनिया के विद्वान अन्त में किन नतीजों पर पहुंचेंगे, यह अभी नहीं कहा जा सकता. सर जान मार्शल ने, जो इस विद्या के सब से बड़े जानकार समझे जाते हैं, अपनी पुस्तक 'मोहन-जो-दड़ो एन्ड इन्डस वैली सिविलिज़ेशन' में लिखा है कि इस इलाक़े में आर्यों के आने से पहले, यानी ईसा से तीन चार हज़ार साल पहले, जो लोग रहते थे उनकी सभ्यता और उनकी संस्कृति बहुत ही ऊंचे दर्जे की थी. उनके मकान पक्की ईंटों के और कई कई मंज़िले होते थे, उनकी गलियां, बाज़ार और शहर बड़े ख़ूबसूरत बने हुए थे, शहरों में तन्दुरुस्ती और सफ़ाई का बहुत अच्छा इन्तज़ाम था वग़ैरह. उसके बाद जो आर्य लोग वहां पहुंचे, उनकी संस्कृति इनसे बहुत कम दर्जे की थी, यहां तक कि शुरू में इनके मकान कच्चे गारे के होते थे वग़ैरा; और सिन्धु की पुरानी सभ्यता और आर्य सभ्यता यह दोनों दो अलग अलग सभ्यतायें थीं.

सर जान मार्शल की इस राय का एक ख़ास असर यह हुआ कि दुनिया के जो लोग, ख़ास कर यूरोप के जो लोग, अपने को आर्य जाति कहकर और दुनिया को सबसे पहले सभ्य बनाने वाला बता कर, इसका घमंड किया करते थे, उनका घमंड कुछ हलका पड़ गया. यूरोप के विद्वानों में यह ख़ब्त इतना बढ़ गया था और अभी तक इतना बढ़ा हुआ है कि इङ्गलिस्तान, जर्मनी, फ़्रान्स, इटली आदि अलग अलग देशों के विद्वान यह साबित करने की कोशिशों में लगे हुये थे कि आर्य जाति के लोग सब से पहले उन्हीं के देश में पैदा हुए और वहीं से दुनिया भर में फैल कर उन्होंने दुनिया को सभ्य बनाया. गो कि दुनिया के ज़्यादातर विद्वानों का यही मत है कि आर्य जाति के लोग पहले पहल मध्य एशिया में पैदा हुये और वहां से सब जगह फैले.

जो हो, हम यहां यह दिखाना चाहते हैं कि 'आर्य' शब्द किसी ख़ास नसल के लोगों या किसी ख़ास जाति का वाचक नहीं है और न किसी ख़ास नसल के लोगों को इस बात का घमंड हो सकता है कि उन्होंने ही दुनिया को सब से पहले सभ्य बनाया.

سندھو سبھیتا بنام ویدک سبھیتا

ڈاکٹر بھوپیندر ناتھ دت

سندھ کے اندر موہن۔ جو۔ دڑو میں اور پنجاب کے اندر ھڑپا میں جو نئی کھدائیاں ہوئی ہیں' اُن سے ھندستان کی پرانی سبھیتا اور سنسکرتی پر نئی روشنی پڑی ھے۔ دنیا کے ودوان انت میں کن نتیجوں پر پہونچینگے' یہ ابھی نہیں کہا جا سکتا۔ سرجان مارشل نے' جو اِس ودیا کے سب سے بڑے جانکار سمجھے جاتے ہیں' اپنی پستک' موہن۔ جو۔ دڑو اینڈ انڈس ویلی سولیزیشن' میں لکھا ھے کہ اِس علاقہ میں آریوں کے آنے سے پہلے' یعنی عیسیٰ سے تین چار ھزار سال پہلے' جو لوگ رھتے تھے ان کی سبھیتا اور اُن کی سنسکرتی بہت ھی اونچے درجے کی تھی۔ اُن کے مکان پکی اینٹوں کے اور کئی کئی منزلے ھوتے تھے' اُن کی گلیاں' بازار اور شہر بڑے خوبصورت بنے ھوئے تھے' شہروں میں تندرستی اور صفائی کا بہت اچھا انتظام تھا وغیرہ۔ اِس کے بعد جو آریہ لوگ وھاں پہنچے' اِن کی سنسکرتی اِن سے بہت کم درجے کی تھی' یہاں تک کی شروع میں اِن کے مکان کچے گارے کے ھوتے تھے وغیرہ؛ اور سندھو کی پرانی سبھیتا اور آریہ سبھیتا یہ دونوں دو الگ الگ سبھیتائیں تھیں۔

سرجان مارشل کی اِس رائے کا ایک خاص اثر یہ ھوا کہ دنیا کے جو لوگ' خاص کر یورپ کے جو لوگ' اپنے کو آریہ جاتی کہ کر اور دنیا کو سب سے پہلے سبھیہ بنانے والا بتا کر' اِس کا گھمنڈ کیا کرتے تھے' اُنکا گھمنڈ کچھ ھلکا پڑ گیا. یورپ کے ودوانوں میں یہ خبط اتنا بڑھ گیا تھا اور ابھی تک اتنا بڑھا ھوا ھے کہ انگلستان' جرمنی' فرانس' اٹلی آدی الگ الگ دیشوں کے ودوان یہ ثابت کرنے کی کوششوں میں لگے ھوئے تھے کہ آریہ جاتی کے لوگ سب سے پہلے انھیں کے دیش میں پیدا ھوئے اور وھیں سے دنیا بھر میں پھیل کر اُنھوں نے دنیا کو سبھیہ بنایا۔ گوکہ دنیا کے زیادہتر ودوانوں کا یہی مت ھے کہ آریہ جاتی کے لوگ پہلے پہل مدھیہ ایشیا میں پیدا ھوئے اور وھاں سے سب جگہ پھیلے۔

جو ھو' ھم یہاں یہ دکھانا چاھتے ھیں کہ 'آریہ' شبد کسی خاص نسل کے لوگوں یا کسی خاص جاتی کا واچک نہیں ھے اور نہ کسی خاص نسل کے لوگوں کو اس بات کا گھمنڈ ھو سکتا ھے کہ اُنھوں نے ھی دنیا کو سب سے پہلے سبھیہ بنایا۔

फ़रवरी 1955 فروری

नया हिन्द   نیا ہند

जिल्द 19 جلد   नम्बर 2 نمبر

फरवरी 1955 فروری

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी   **ہندستانی کلچر سوسائٹی**

145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद   145، مٹھی گنج، الہ آباد

नया हिन्द

इस नम्बर के ख़ास लेख | **اِس نمبر کے خاص لیکھ**

[illegible]

—[illegible]

[illegible]

—[illegible]

[illegible]

—[illegible]

[illegible]

—[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

—[illegible]

इसके अलावा | اسکے علاوہ

[illegible] … आदि

...तानी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद | ...ستانی کلچر سوسائٹی الہ آباد

... 1955

इसके मुताल्लिक़ बहुत कुछ बुनियादी काम हिस्ट्री रिकार्ड कमीशन और उसकी रीजनल अनुसन्धान कमेटियों ने कर लिया है. पुरातत्त्व से भी हमें भारत के प्राचीन और मध्य-युग का इतिहास समझने में काफ़ी सहायता मिलती है. पुरातत्त्व (archaeology) इतिहास का लंगोटिया साथी है. तारीख़ी वाक़यात पुरातत्त्व की रोशनी में ज़्यादा साफ़ दिखाई देने लगते हैं. पुरातत्त्व के सिलसिले में अभी बेश-क़ीमत छानबीन बाक़ी है. अभी तक हम मोहन-जो-दड़ो और हड़प्पा के शिलालेख तक पढ़ने में कामयाब नहीं हो सके. चित्रकला, निर्मानकला और मूर्तिकला से इतिहास लिखने में जो मदद मिल सकती है वह पूरी तरह नहीं ली गई. मानव विज्ञान शास्त्र, नृवंश विद्या, पौरानिक कहानियां और मानव शास्त्र के अध्ययन से भी इतिहास लिखने में बहुत बड़ी सहायता मिलती है.

हमारे मुल्क में इस सिलसिले में कई संस्थायें बड़ा क़ीमती काम कर रही हैं. इनमें रायल एशियाटिक सोसाइटी, भारत इतिहासिक संशोधक मन्डल, भन्डारकर ओरियन्टल रिसर्च इन्स्टिट्यूट, बिहार, उड़ीसा, आन्ध्र और करनाटक की हिस्टारिकल रिसर्च सोसाइटीज़, उत्तरप्रदेश, पंजाब, महाकोशल और कलकत्ते की हिस्ट्री सोसाइटीज़, कामरूप अनुसन्धान समिति, बंगीय साहित्य परिषद, वारीन्द्र रिसर्च सोसाइटी, महाबोध सोसाइटी, इन्डियन सोसाइटी आफ़ ओरियन्टल आर्ट, इन्डियन रिसर्च इन्स्टिट्यूट, रामकृष्ण मिशन इन्स्टिट्यूट आफ़ कल्चर, वेंकटेश्वर ओरियन्टल इन्स्टिट्यूट, न्युमेसमैटिक सोसाइटी, भारतीय इतिहास परिषद, इन्डियन हिस्ट्री कांग्रेस, इन्डियन हिस्टारिकल-रिकार्ड्स कमीशन, गांधी संस्कृति केन्द्र आदि संस्थायें प्रमुख हैं.

—विश्वम्भरनाथ पांडे

اِس کے متعلق بہت کچھ بنیادی کام هسٹری ریکارڈ کمیشن اور اُس کی ریجنل انوسندهان کمیٹیوں نے کر لیا هے . پراتتو سے بھی همیں بھارت کے پراچین اور مدهیہ یگ کا اِتیہاس سمجھنے میں کافی سہائتا ملتی هے . پراتتو (archaeology) اِتہاس کا لنگوٹیا ساتھی هے . تاریخی واقعات پراتتو کی روشنی میں زیادہ صاف دکھائی دینے لگتے هیں . پراتتو کے سلسلے میں ابھی بیش قیمت چھان بین باقی هے . ابھی تک هم موهن - جو - دڑو اور هڑپا کے شلالیکھ تک پڑھنے میں کامیاب نہیں هوسکے . چترکلا، نرمان کلا اور مورتی کلا سے اِتیہاس لکھنے میں جو مدد مل سکتی هے وہ پوری طرح نہیں لی گئی . مانو وگیان شاستر، نرونش ودیا، پوراڻک کہانیاں، اور مانو شاستر کے ادھین سے بھی اِتیہاس لکھنے میں بہت بڑی سہائتا ملتی هے .

همارے ملک میں اِس سلسلے میں کئی سنستھائیں بڑا قیمتی کام کر رهی هیں . اِن میں رایل ایشیاٹک سوسائٹی، بھارت اِتیہاسک سنشودهک منڈل، بھنڈارکر اورینٹل ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ، بہار، اُڑیسا، آندهر اور کرناٹک کی هسٹاریکل ریسرچ سوسائٹیز، اُترپردیش، پنجاب، مہاکوشل اور کلکتہ کی هسٹری سوسائٹیز، کامروپ، انوسندهان سمیتی، بنگیہ ساهتیہ پریشد، ویریندر ریسرچ سوسائٹی، مہابودھ سوسائٹی، اِنڈین سوسائٹی آف اورینٹل آرٹ، اِنڈین ریسرچ اِنسٹیٹیوٹ، رام کرشن مشن اِنسٹی ٹیوٹ آف کلچر، ویںکٹیشور اورینٹل اِنسٹی ٹیوٹ، نیومسمیٹک سوسائٹی، بھارتیہ اِتیہاس پریشد، اِنڈین هسٹری کانگریس، اِنڈین هسٹاریکل ریکارڈس کمیشن، گاندهی سنسکرتی کیندر آدی سنستھائیں پرمکھ هیں .

—وشومبھر ناتھ پانڈے

इस धरती पर जानदार चीजें रहती हैं. आदमी की नसल को यहां रहते हुये क़रीब तीस हजार बरस हो गये. सर जेम्स जीन्स की यह भी राय है कि हमारी यह धरती अभी दस लाख बरस और चल सकती है.

हमारी हिस्ट्री का यही अनोखापन है कि हम, जहां तक हमसे हो सकता है, पीछे जाने की कोशिश करते हैं क्योंकि जितनी तब्दीलियां और उलटफेर दुनिया में हुये हैं हम उन सब को समझना चाहते हैं. हमारे जमाने की सबसे बड़ी और सबसे चमकती हुई बात तब्दीली है. पुराने जमाने की बाबत जो कुछ सामग्री हमारे पास मौजूद है उससे पता चलता है कि उस जमाने में और भी बड़ी बड़ी तब्दीलियां हुई हैं. पर इन सब तब्दीलियों के अन्दर से हमें इतिहास की एक लगातार धारा, एक अटूट सिलसिला साफ़ नज़र आता है जिससे हमारा और पिछले जमाने के लोगों का नाता जुड़ जाता है. उसी अटूटपन की वजह से हम उन लोगों के दिलों और दिमाग़ों को थोड़ा बहुत समझ सकते हैं. उनकी दुनिया हमारी दुनिया से अलग दुनिया थी. फिर भी अलग अलग जमानों की यह सब दुनियायें एक डोर में बंधी हुई हैं. हिस्ट्री की कुंजी इन्हीं दो लफ़्ज़ों में है—तब्दीली और अटूटपन.

आज सवाल यह है कि हम अपने मुल्क की नई हिस्ट्री की शुरुआत कहां से करें. तारीख़ के विद्वान उसे अलग-अलग हिस्सों से शुरू करते हैं—Ancient, Mediaeval और Modern. हम जिस हिन्दुस्तान को जानते हैं वह हमारे जमाने का है. जिन लोगों को हम अच्छी तरह जानते हैं वह हम खुद हैं. हम जो हिस्ट्री बना सकते हैं वह इसी सामग्री और इन्हीं काग़ज़ों, सिक्कों, इमारतों, हड्डियों और दूसरी पुरानी चीज़ों से बना सकते हैं जो हम तक पहुंच पाई हैं. जिसे हम बीता जमाना कहते हैं उसका सब मसाला और गवाहियां आज हमारे चारों तरफ़ जमा हैं. ऐसी हालत में सब से अच्छा यही मालूम होता है कि हम अपने इस जमाने से शुरू करके पीछे को हटते हुये हिस्ट्री के शुरू तक पहुंचने की कोशिश करें.

जहां तक इतिहास की सामग्री का सवाल है नैशनल आर्चीज़, नैशनल लाइब्रेरी, मुख़्तलिफ़ सूबों में सरकारी रिकार्ड, देशी राजाओं और मठों में एकत्रित सामग्री महत्व-पूर्ण हैं. विदेशों की बहुत सी लाइब्रेरियों में बेशक़ीमत भारतीय रिकार्ड मौजूद हैं. लेकिन ग़ैर सरकारी रिकार्ड, जिनका थोड़ा सा हिस्सा हमारे सामने आया है, सरकारी रिकार्डों से भी ज्यादा क़ीमती साबित हो सकते हैं. सरकारी रिकार्डों में बहुत सी घटनाओं का अधूरा बयान मिलता है जो निजी रोज़नामचों, चिट्ठी पत्रियों, बयानों या दूसरे निजी काग़ज़ात से पूरा हो सकता है.

اس دھرتی پر جاندار چیزیں رہتی ہیں ۔ آدمی کی نسل کو یہاں رہتے ہوئے قریب تیس ہزار برس ہو گئے ۔ سر جیمس جینس کی یہ بھی رائے ہے کہ ہماری یہ دھرتی ابھی دس لاکھ برس اور چل سکتی ہے ۔

ہماری ہسٹری کا یہی انوکھاپن ہے کہ ہم، جہاں تک ہم سے ہو سکتا ہے، پیچھے جانے کی کوشش کرتے ہیں کیونکہ جتنی تبدیلیاں اور اُلٹ پھیر دنیا میں ہوئے ہیں ہم اُن سب کو سمجھنا چاہتے ہیں ۔ ہمارے زمانے کی سب سے بڑی اور سب سے چمکتی ہوئی بات تبدیلی ہے ۔ پرانے زمانے کی بابت جو کچھ سامگری ہمارے پاس موجود ہے اُس سے پتہ چلتا ہے کہ اُس زمانے میں اور بھی بڑی بڑی تبدیلیاں ہوئی ہیں ۔ پر ان سب تبدیلیوں کے اندر سے ہمیں اتہاس کی ایک لگاتار دھارا ایک اٹوٹ سلسلہ صاف نظر آتا ہے جس سے ہمارا اور پچھلے زمانے کے لوگوں کا ناتا جڑ جاتا ہے ۔ اُسی اٹوٹ پن کی وجہ سے ہم اُن لوگوں کے دلوں اور دماغوں کو تھوڑا بہت سمجھ سکتے ہیں ۔ اُن کی دنیا ہماری دنیا سے الگ دنیا تھی ۔ پھر بھی الگ الگ زمانوں کی یہ سب دنیائیں ایک ڈور میں بندھی ہوئی ہیں ۔ ہسٹری کی کنجی انہیں دو لفظوں میں ہے — تبدیلی اور اٹوٹ پن ۔

آج سوال یہ ہے کہ ہم اپنے ملک کی نئی ہسٹری کی شروعات کہاں سے کریں ۔ تاریخ کے ودوان اُسے الگ الگ حصوں سے شروعات کرتے ہیں — Ancient, Mediaeval اور Modern. ہم جس ہندوستان کو جانتے ہیں وہ ہمارے زمانے کا ہے ۔ جن لوگوں کو ہم اچھی طرح جانتے ہیں وہ ہم خود ہیں ۔ ہم جو ہسٹری بنا سکتے ہیں وہ اِسی سامگری اور انہیں کاغذوں، سکوں، عمارتوں، ہڈیوں اور دوسری پرانی چیزوں سے بنا سکتے ہیں جو ہم تک پہونچ پائی ہیں ۔ جسے ہم بیتا زمانہ کہتے ہیں اُس کا سب مصالحہ اور گواہیاں آج ہمارے چاروں طرف جمع ہیں ۔ ایسی حالت میں سب سے اچھا یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہم اپنے اِس زمانے سے شروع کر کے پیچھے کو ہٹتے ہوئے ہسٹری کے شروع تک پہونچنے کی کوشش کریں ۔

جہاں تک اِتہاس کی سامگری کا سوال ہے نیشنل آرچیوز، نیشنل لائبریری، مختلف صوبوں میں سرکاری ریکارڈ، دیشی راجاؤں اور مٹھوں میں ایکترت سامگری مہتوپورن ہیں ۔ ودیشوں کی بہت سی لائبریریوں میں بیش قیمت بھارتیہ ریکارڈ موجود ہیں ۔ لیکن غیر سرکاری ریکارڈ جن کا تھوڑا سا حصہ ہمارے سامنے آیا ہے سرکاری ریکارڈوں سے بھی زیادہ قیمتی ثابت ہوسکتے ہیں ۔ سرکاری ریکارڈوں میں بہت سی گھٹناؤں کا ادھورا بیان ملتا ہے جو نجی روزنامچوں، چٹھی پتریوں، بیانوں یا دوسرے نجی کاغذات سے پورا ہوسکتا ہے ۔

सिफ़र बनने के लिये नहीं. हमें अफ़सोस है जब हम गान्धी जी के असूलों पर लोगों को कसकर देखते हैं तो अभी तक चारों ओर महज़ सिफ़र ही सिफ़र नज़र आते हैं. लेकिन मायूस होने की बात नहीं. गान्धी जी के अर्थों में विनोबा जैसे समाजवादी अपनी ताक़त को दसियों, सैकड़ों और हज़ारों गुना बढ़ाते हुये भारत में सच्चे समाजवाद की दाग़बेल डालते हुये आगे बढ़ रहे हैं.

—विश्वम्भरनाथ पांडे

इतिहास की नई सामग्री

पिछले महीने अहमदाबाद में कुल हिन्द हिस्ट्री कांग्रेस का इजलास हुआ था. और बातों के साथ उसने इतिहास (तारीख़) के अध्ययन के लिये इतिहास की सामग्री के दायरे को ज़्यादा से ज़्यादा बढ़ाने पर ज़ोर दिया ताकि तारीख़ी छान बीन के काम में आसानी हो.

हिस्ट्री कांग्रेस के ये इजलास हर साल होते हैं जिनमें इतिहास की छानबीन पर हर साल नई रोशनी डाली जाती है. हमारे देश के इतिहास के विद्वान पिछली चौथाई सदी से इस बात की ज़ोरदार कोशिश कर रहे हैं कि हमारे देश के इतिहास की—पुराने इतिहास की, मंझले ज़माने के इतिहास की और मौजूदा इतिहास की सिलसिलेवार कड़ियां इकट्ठा की जायं. इस ज़माने के अन्दर पिछले इतिहास की सामग्री इतनी तेज़ी के साथ बढ़ी है कि जैसी पहले कभी नहीं बढ़ी थी. आज से 50 बरस पहले इतिहास के ऐसे विद्वान थे जो समझते थे कि कुल इतिहास हज़रत ईसा से चार हज़ार बरस पहले शुरू होता था. पर अब यह ज़माना बड़ा लम्बा होता जाता है. क़रीब क़रीब हर साल पुराने इतिहास की खोज करने वाले किसी न किसी ऐसी पुरानी सभ्यता को खोदकर हमारे सामने रख देते हैं कि जिसका पहले से हमें गुमान भी नहीं रहता. इन पुराने शहरों और पुरानी सभ्यताओं को खोदकर निकालने वालों के अलावा जब हम ज़मीन के अन्दर की चीज़ों का पता लगाने वालों, आदमियों और जानवरों की पुरानी नसलों का पता लगाने वालों और दूसरे तरह तरह के साइन्स वालों की खोजों और ईजादों पर निगाह डालते हैं तो पहले हमें पता चलता है कि हमारी हिस्ट्री हज़ारों बरस पहले से शुरू होनी चाहिये और फिर हम धीरे धीरे लाखों बरस पीछे तक पहुंच जाते हैं, यहांतक कि हमारा सिर चकराने लगता है. हमें पता चलता है कि जितना हम समझे थे हिस्ट्री उससे कहीं लम्बी और पुरानी चीज़ है.

हिस्ट्री में हम कितना पीछे जा सकते हैं ? हमारी इस ज़मीन की उमर का अन्दाज़ा क़रीब क़रीब दो अरब बरस किया जाता है. कहा जाता है कि क़रीब 30 करोड़ बरस मे

صفر بننے کے لئے نہیں . ھمیں افسوس ھے جب ھم گاندھی جی کے اصولوں پر لوگوں کو کس کر دیکھتے ھیں تو ابھی تک چاروں اور محض صفر ھی صفر نظر آتے ھیں . لیکن مایوس ھونے کی بات نہیں . گاندھی جی کے ارتھوں میں ونوبا جیسے سماج وادی اپنی طاقت کو دسیوں، سیکڑوں اور ھزاروں گنا بڑھاتے ھوئے بھارت میں سچے سماج واد کی داغ بیل ڈالتے ھوئے آگے بڑھ رھے ھیں .

—وشومبھر ناتھ پانڈے

اِتہاس کی نئی سامگری

پچھلے مہینے احمدآباد میں کل ھند ھسٹری کانگریس کا اِجلاس ھوا تھا . اور باتوں کے ساتھ اُس نے اتہاس (تاریخ) کے ادھین کے لئے اتہاس کی سامگری کے دائرے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے پر زور دیا تاکہ تاریخی چھان بین کے کام میں آسانی ھو .

ھسٹری کانگریس کے یہ اجلاس ھر سال ھوتے ھیں جن میں اتہاس کی چھان بین پر ھر سال نئی روشنی ڈالی جاتی ھے . ھمارے دیش کے اتہاس کے ودوان پچھلی چوتھائی صدی سے اِس بات کی زوردار کوشش کر رھے ھیں کہ ھمارے دیش کے اتہاس کی—پرانے اتہاس کی، منجھلے زمانے کے اتہاس کی اور موجودہ اِتہاس کی سلسلہ وار کڑیاں اِکٹھا کی جائیں . اِس زمانے کے اندر پچھلے اِتہاس کی سامگری اِتنی تیزی کے ساتھ بڑھی ھے کہ جیسی پہلے کبھی نہیں بڑھی تھی . آج سے 50 برس پہلے اِتہاس کے ایسے ودوان تھے جو سمجھتے تھے کہ کل اِتہاس حضرت عیسیٰ سے چار ھزار برس پہلے شروع ھوتا تھا . پر اب یہ زمانہ بڑا لمبا ھوتا جاتا ھے . قریب قریب ھر سال پرانے اِتہاس کی کھوج کرنے والے کسی نہ کسی ایسی پرانی سبھیتا کو کھود کر ھمارے سامنے رکھ دیتے ھیں کہ جس کا پہلے سے ھمیں گمان بھی نہیں رھتا . اِن پرانے شہروں اور پرانی سبھیتا کو کھود کر نکالنے والوں کے علاوہ جب ھم زمین کے اندر کی چیزوں کا پتہ لگانے والوں، آدمیوں اور جانوروں کی پرانی نسلوں کا پتہ لگانے والوں اور دوسرے طرح طرح کے سائنس والوں کی کھوجوں اور ایجادوں پر نگاہ ڈالتے ھیں تو پہلے ھمیں پتہ چلتا ھے کہ ھماری ھسٹری ھزاروں برس پہلے سے شروع ھونی چاھئے اور پھر ھم دھیرے دھیرے لاکھوں برس پیچھے تک پہونچ جاتے ھیں، یہاں تک کہ ھمارا سر چکرانے لگتا ھے . ھمیں پتہ چلتا ھے کہ جتنا ھم سمجھے تھے ھسٹری اُس سے کہیں لمبی اور پرانی چیز ھے .

ھسٹری میں ھم کتنا پیچھے جا سکتے ھیں ؟ ھماری اِس زمین کی عمر کا اندازہ قریب قریب دو ارب برس کیا جاتا ھے . کہا جاتا ھے کہ قریب 30 کروڑ برس سے

"कोई असत्य से सत्य को नहीं पा सकता. सत्य को पाने के लिये हमेशा सत्य का आचरन करना ही होगा. क्या अहिंसा और सत्य की जोड़ी है ? नहीं. सत्य में अहिंसा छिपी हुई है और अहिंसा में सत्य. इसीलिये मैंने कहा है कि अहिंसा और सत्य एक ही सिक्के के दो रुख हैं. दोनों की क़ीमत एक ही है. केवल पढ़ने मे ही फ़र्क़ है. एक तरफ़ अहिंसा है दूसरी तरफ़ सत्य. जहां तक मैं जानता हूं दुनिया में कोई भी ऐसा देश नहीं है जो पूरी तरह समाजवादी हो. मेरे बताये हुये साधनों के बिना ऐसा समाज क़ायम करना नामुमकिन है."

हम गान्धी जी के ये विचार बड़ी विनम्रता के साथ कांग्रेस जनों के सोचने-विचारने के लिये पेश करते हैं. समाजवाद का सिर्फ़ प्रस्ताव पास कर देने से मुल्क में समाजवाद की बुनियाद नहीं पड़ जायगी. वह तभी पड़ेगी जब रास्ता दिखानेवाले अगुआ अपनी जिन्दगी में उसके उसूलों पर अमल करने लगे तभी हर सिफ़र के साथ उनकी क़ीमत दस गुनी बढ़ती जायगी. सुनहली वर्दीधारी अरदलियों, प्राइवेट सेक्रेटरियों, डीलक्स कारों, सैलूनों और हवाई सफ़रों की तड़क भड़क के बीच में ठीक किस जगह समाजवाद शुरू होगा यह हम नहीं समझ रहे. सन 1938 में गान्धी जी ने कांग्रेस के वज़ीरों को हिदायत देते हुये लिखा था कि उन्हें तीसरे दरजे मे सफ़र करना चाहिये ताकि वे जनता के सम्पर्क मे रहें. उन्हें सरकारी मोटरों को सिर्फ़ सरकारी कामो के लिये इस्तेमाल करना चाहिये. ग़ैर सरकारी काम के वक़्त उन्हें किराये की सवारियां इस्तेमाल करना चाहिये. उन्हें कोई भी ऐसा काम नहीं करना चाहिये जिससे उनके और जनता के बीच में एक दीवार खड़ी हो जाय.

हमें ख़ुशी है कि कांग्रेस ने एक सादगी कमेटी मुक़र्रर की थी जिसने ये सुझाव दिये हैं कि वज़ीरों की ज़िन्दगी में जो तड़क भड़क आ गई है उससे जनता और उनकी जिन्दगी मे एक खाई सी पैदा हो गई है. इस खाई को भरने के लिये फिर से सादगी के मयार क़ायम करने की जरूरत है. सुझावों मे तनख़्वाह कम करने, बढ़िया मोटरें न इस्तेमाल करने और सादगी लाने पर ज़ोर दिया गया है.

जहां एक ओर कांग्रेस वालों से हमारा यह सवाल है वहां दूसरी ओर वामपक्षी दलों से भी हमारा अनुरोध है कि समाजवाद या साम्यवाद को उन्होने अपनी जिन्दगी मे कितना उतारा ? वे ख़ुद एक हुये या महज़ सिफ़र ही हैं ? उनके जीवन में सादगी, सचाई और अहिंसा ने कितना घर बनाया है ? वे एक क़दम आगे बढ़कर देशवासियो को उमीदें दिला रहे हैं मगर गान्धी जी की बताई हुई कसौटी पर जनता उन्हें कस कर देखेगी और तब उनके साथ क़ीमत को दस गुना करने की ख़्वाहिश लेकर साथ होगी महज़

"کوئی استیہ سے ستیہ کو نہیں پاسکتا ۔ ستیہ کو پانے کے لئے ہمیشہ ستیہ کا آچرن کرنا ہی ہوگا ۔ کیا اہنسا اور ستیہ کی جوڑی ہے ؟ نہیں ۔ ستیہ میں اہنسا چھپی ہوئی ہے اور اہنسا میں ستیہ ۔ اِسی لئے میں نے کہا ہے کہ اہنسا اور ستیہ ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں ۔ دونوں کی قیمت ایک ہی ہے ۔ کیول پڑھنے میں ہی فرق ہے ۔ ایک طرف اہنسا ہے دوسری طرف ستیہ ۔ جہاں تک میں جانتا ہوں دنیا میں کوئی بھی ایسا دیش نہیں ہے جو پوری طرح سماجوادی ہو ۔ میرے بتائے ہوئے سادھنوں کے بنا ایسا سماج قائم کرنا ناممکن ہے ۔"

ہم گاندھی جی کے یہ وچار بڑی ونمرتا کے ساتھ کانگریس جنوں کے سوچنے وچارنے کے لئے پیش کرتے ہیں ۔ سماجواد کا صرف پرستاؤ پاس کردینے سے ملک میں سماجواد کی بنیاد نہیں پڑ جائیگی ۔ وہ تبھی پڑیگی جب راستہ دکھانے والے اگوا اپنی زندگی میں اُس کے اصولوں پر عمل کرنے لگیں تبھی ہر صفر کے ساتھ اُن کی قیمت دس گنی بڑھتی جا ئیگی ۔ سنہری وردیدھاری اردلیوں، پرائیویٹ سکریٹریوں، ڈیلکس کاروں، سیلونوں اور ہوائی سفروں کی تڑک بھڑک کے بیچ میں ٹھیک کس جگہ سماجواد شروع ہوگا یہ ہم نہیں سمجھ رہے ۔ سن 1938 میں گاندھی جی نے کانگریس کے وزیروں کو ہدایت دیتے ہوئے لکھا تھا کہ اُنھیں تیسرے درجے میں سفر کرنا چاہئے تاکہ وے جنتا کے سمپرک میں رہیں ۔ اُنھیں سرکاری موٹروں کو صرف سرکاری کاموں کے لئے استعمال کرنا چاہئے ۔ غیر سرکاری کام کے وقت اُنھیں کرائے کی سواریاں استعمال کرنا چاہئے ۔ اُنھیں کوئی بھی ایسا کام نہیں کرنا چاہئے جس سے اُن کے اور جنتا کے بیچ میں ایک دیوار کھڑی ہو جائے ۔

ہمیں خوشی ہے کہ کانگریس نے ایک سادگی کمیٹی مقرر کی تھی جس نے یہ سجھاؤ دئے ہیں کہ وزیروں کی زندگی میں جو تڑک بھڑک آگئی ہے اُس سے جنتا اور اُن کی زندگی میں ایک کھائی سی پیدا ہوگئی ہے ۔ اِس کھائی کو بھرنے کے لئے پھر سے سادگی کے معیار قائم کرنے کی ضرورت ہے ۔ سجھاؤں میں تنخواہ کم کرنے، بڑھیا موٹریں نہ استعمال کرنے اور سادگی لانے پر زور دیا گیا ہے ۔

جہاں ایک اور کانگریس والوں سے ہمارا یہ سوال ہے وہاں دوسری اور وامپکشی دلوں سے بھی ہمارا انورودھ ہے کہ سماجواد یا سامیہواد کو اُنھوں نے اپنی زندگی میں کتنا اُتارا ؟ وے خود ایک ہوئے یا محض صفر ہی ہیں ؟ اُن کے جیون میں سادگی، سچائی اور اہنسا نے کتنا گھر بنایا ہے ؟ وے ایک قدم آگے بڑھکر دیشواسیوں کو اُمیدیں دلا رہے ہیں مگر گاندھی جی کی بتائی ہوئی کسوٹی پر جنتا اُنھیں کس کر دیکھے گی اور تب اُن کے ساتھ قیمت کو دس گنا کرنے کی خواہش لیکر ساتھ ہوگی محض

हम यहां हरिजन के सम्पादक और कांग्रेस के नेताओं और कार्यकर्ताओं का ध्यान पूज्य महात्मा गांधी की समाजवादी की व्याख्या की ओर दिलाना चाहते हैं. गांधी जी ने 6 जुलाई सन '47 को दिल्ली से 'समाजवादी कौन' सुर्खी से लिखा था :—

"समाजवाद एक सुन्दर शब्द है. जहां तक मैं जानता हूं समाजवाद में समाज के सारे मेम्बर बराबर होते हैं, न कोई नीचा और न कोई ऊंचा. किसी आदमी के शरीर में सिर इसलिये ऊंचा नहीं है कि वह सब से ऊपर है और पांव के तलवे इसलिये नीचे नहीं हैं कि वह जमीन को छूते हैं. जिस तरह इनसान के जिस्म के तमाम हिस्से बराबर हैं उसी तरह समाज रूपी शरीर के सभी अंग बराबर हैं. यही समाजवाद है.

"इस वाद में राजा और प्रजा, धनी और ग़रीब, मालिक और मजदूर सब बराबर हैं. इस तरह समाजवाद यानी अद्वैतवाद. उसमें दुई या भेदभाव की गुंजाइश ही नहीं है.

"सारी दुनिया के समाज पर नजर डालें तो हम देखेंगे कि हर जगह दुई है. एकता या अद्वैत कहीं नाम को भी नहीं दिखाई देता. यह आदमी ऊंचा है, वह आदमी नीचा है. यह हिन्दू है वह मुसलमान है, तीसरा ईसाई है, चौथा पारसी है, पांचवां सिख है, छठा यहूदी है. इनमें भी बहुत सी उपजातियां हैं. मेरे अद्वैतवाद में यह सब एक हो जाते हैं, एकता में समा जाते हैं.

"इस वाद तक पहुंचने के लिये हम एक दूसरे की तरफ़ ताकते न बैठें. जब तक सारे लोग समाजवादी न बन जायें, तब तक हम कोई हलचल न करें, अपनी जिन्दगी में फेर-फार करके हम महज़ तक़रीर देते रहें, पार्टियां बनाते रहें और बाज़ पक्षी की तरह जहां शिकार मिल जाय वहां उस पर टूट पड़ें, यह समाजवाद हरगिज़ नहीं है. समाजवाद जैसी शानदार चीज़ झड़प मारने से हम से दूर हो जाने वाली है.

"समाजवाद की शुरूआत पहले समाजवादी से होती है. अगर एक भी ऐसा समाजवादी हो, तो उस पर सिफ़र बढ़ाये जा सकते हैं. पहले सिफ़र से उसकी क़ीमत दस गुनी हो जायगी. इसके बाद बढ़ाया जाने वाला हर सिफ़र पहले की तादाद को दस गुनी बढ़ाता जायगा. लेकिन अगर पहला सिफ़र ही हो तो उसके आगे कितने ही सिफ़र क्यों न बढ़ाये जायें उनकी क़ीमत सिफ़र ही रहेगी. सिफ़रों के लिखने में मेहनत और काग़ज़ की बरबादी ही होगी.

"यह समाजवाद बड़ी शुद्ध चीज़ है. राजा को मार कर राजा और प्रजा एक से नहीं बन सकेंगे. मालिक का सिर काट कर मज़दूर मालिक नहीं हो सकेंगे. यही बात सब पर लागू की जा सकती है.

ہم یہاں ہریجن کے سمپادک اور کانگریس کے نیتاؤں اور کاریہ‌کرتاؤں کا دھیان پوجیہ مہاتما گاندھی کی سماج‌وادی کی ویاکھیا کی اور دلانا چاہتے ہیں. گاندھی جی نے 6 جولائی سن '47 کو دلی سے 'سماج وادی کون' سرخی سے لکھا تھا :—

" سماج واد ایک سندر شبد ہے. جہاں تک میں جانتا ہوں سماج‌واد میں سماج کے سارے میمبر برابر ہوتے ہیں' نہ کوئی نیچا اور نہ کوئی اونچا. کسی آدمی کے شریر میں سر اس لئے اونچا نہیں ہے کہ وہ سب سے اوپر ہے اور پاؤں کے تلوے اس لئے نیچے نہیں ہیں کہ وہ زمین کو چھوتے ہیں جس طرح انسان کے جسم کے تمام حصے برابر ہیں اسی طرح سماج روپی شریر کے سبھی انگ برابر ہیں. یہی سماج‌واد ہے.

" اس واد میں راجا اور پرجا' دھنی اور غریب' مالک اور مزدور سب برابر ہیں. اس طرح سماج واد یعنی ادویت واد. اس میں دوئی یا بھید بھاو کی گنجائش ہی نہیں ہے.

" ساری دنیا کے سماج پر نظر ڈالیں تو ہم دیکھیں گے کہ ہر جگہ دوئی ہے. ایکتا یا ادویت کہیں نام کو بھی نہیں دکھائی دیتا. یہ آدمی اونچا ہے' وہ آدمی نیچا ہے. یہ ہندو ہے وہ مسلمان ہے' تیسرا عیسائی ہے' چوتھا پارسی ہے' پانچواں سکھ ہے' چھٹا یہودی ہے. ان میں بھی بہت سی اپجاتیاں ہیں. میرے ادویت واد میں سب ایک ہو جاتے ہیں' ایکتا میں سما جاتے ہیں.

" اس واد تک پہونچنے کے لئے ہم ایک دوسرے کی طرف تاکتے نہ بیٹھیں. جب تک سارے لوگ سماج‌وادی نہ بن جائیں' تب تک ہم کوئی ہل چل نہ کریں' اپنی زندگی میں پھیر پھار کر کے ہم محض تقریر دیتے رہیں' پارٹیاں بناتے رہیں اور باز پکشی کی طرح جہاں شکار مل جائے وہاں اس پر ٹوٹ پڑیں' یہ سماج واد ہرگز نہیں ہے. سماج واد جیسی شاندار چیز جھڑپ مارنے سے ہم سے دور ہو جانے والی ہے.

" سماج واد کی شروعات پہلے سماج‌وادی سے ہوتی ہے. اگر ایک بھی ایسا سماج‌وادی ہو' تو اس پر صفر بڑھائے جا سکتے ہیں. پہلے صفر سے اس کی قیمت دس گنی ہو جائے گی. اس کے بعد بڑھایا جانے والا ہر صفر پہلے کی تعداد کو دس گنی بڑھاتا جائے گا. لیکن اگر پہلا صفر ہی ہو تو اس کے آگے کتنے ہی صفر کیوں نہ بڑھائے جائیں اس کی قیمت صفر ہی رہے گی. صفروں کے لکھنے میں محنت اور کاغذ کی بربادی ہی ہوگی.

" یہ سماج‌واد بڑی شدھ چیز ہے. راجا کو مار کر راجا اور پرجا ایک سے نہیں بن سکیں گے. مالک کا سر کاٹ کر مزدور مالک نہیں ہو سکیں گے. یہی بات سب پر لاگو کی جا سکتی ہے.

हमें खुशी है कि सिवाय फ़िलिप्पाइन के सभी मुल्क हमदर्दी के साथ इस दावतनामे पर ग़ौर कर रहे हैं. एशिया और अफ़रीक़ा के ये 25 मुल्क, जिनकी आबादी दुनिया की दो-तिहाई होती है, एक ज़बरदस्त शान्ति मोरचे का काम देंगे. चीन, हिन्देशिया, हिन्द-चीन, और जापान एक तरफ़, ईरान, मिस्र, इराक़, सऊदी अरब और यमन दूसरी तरफ़ यूरोप और अमरीका की साम्राज्वादी नीति से सताये हुये हैं. एशिया और यूरोप की करोड़हा करोड़ जनता साम्राज्य-वादियों की नीति के कारन आज अशिक्षा, भूक, नंग, बीमारी और बेकारी का शिकार है. आज इन दोनों महाद्वीपों के नेताओं का फ़र्ज़ है कि वह डेढ़ अरब से ज़्यादा इनसान के बच्चों का स्तर ऊंचा उठायें, उन्हें नंग और भूक से बचायें और इनसानी ज़िन्दगी की ज़रूरी नियामतें उनके लिये भी मोहय्या करें.

इस नुक़्तेनज़र से यह एफ़रेशियन कान्फ्रेंस पिछड़े हुये ख़ित्ते को आगे बढ़ाने का एक ज़बरदस्त अमली क़दम है. दूसरी ओर अगर यह मुल्क यह भी फ़ैसला करें कि उन्हें शहनशाहतों की ख़ौफ़नाक जंगों से अपने को अलहदा रखना है तो इसमें किसी को हैरानी न होनी चाहिये. तीसरी जंग को रोकने का इससे ज़बरदस्त तरीक़ा कोई दूसरा नहीं है कि एशिया और अफ़रीक़ा के निवासी गोरे साम्राज्यवादियों से साफ़ साफ़ यह कह दें कि हम तुम्हारी किसी लड़ाई में जंगी-चारे (Cannon-fodder) का काम न देंगे.

ख़ुशी की बात है कि पंडित जवाहर लाल के बयान के मुताबिक़, निमंत्रित मुल्कों में से ज़्यादातर के कान्फ्रेन्स में शामिल होने के लिये रज़ामन्दी देने वाले जवाब आ चुके हैं. सारी दुनिया दिलचस्पी के साथ इस कान्फ्रेन्स के फ़ैसलों का रास्ता देखेगी.

—विश्वम्भरनाथ पांडे

ہمیں خوشی ہے کہ سوائے فلپائن کے سبھی ملک ہمدردی کے ساتھ اِس دعوت نامہ پر غور کر رہے ہیں۔ ایشیا اور افریقہ کے یہ 25 ملک جن کی آبادی دنیا کی دو - تہائی ہوتی ہے، ایک زبردست شانتی مورچے کا کام دیں گے۔ چین، ہند - ایشیا، ہند - چین، اور جاپان ایک طرف، ایران، مصر، عراق، سعودی عرب اور یمن دوسری طرف یورپ اور امریکہ کی سامراجیہ وادی نیتی سے ستائے ہوئے ہیں۔ ایشیا اور یورپ کی کروڑہا کروڑ جنتا سامراجیہ وادیوں کی نیتی کے کارن آج اشکشا، بھوک، ننگ، بیماری اور بیکاری کا شکار ہے۔ آج اِن دونوں مہادیپوں کے نیتاؤں کا فرض ہے کہ وہ ڈیڑھ ارب سے زیادہ اِنسان کے بچوں کا استر اونچا اٹھائیں، اُنہیں ننگ اور بھوک سے بچائیں اور اِنسانی زندگی کی ضروری نعمتیں اُن کے لئے بھی مہیا کریں۔

اِس نقطہ نظر سے یہ ایفریشین کانفرنس پچھڑے ہوئے خطہ کو آگے بڑھانے کا ایک زبردست عملی قدم ہے۔ دوسری اور اگر یہ ملک یہ بھی فیصلہ کریں کہ اُنہیں شہنشاہتوں کی خوفناک جنگوں سے اپنے کو علیحدہ رکھنا ہے تو اِس میں کسی کو حیرانی نہ ہونی چاہئے۔ تیسری جنگ کو روکنے کا اِس سے زبردست طریقہ کوئی دوسرا نہیں ہے کہ ایشیا اور افریقہ کے نواسی گورے سامراجیہ وادیوں سے صاف صاف یہ کہہ دیں کہ ہم تمہاری کسی لڑائی میں جنگی - چارے (Cannon-fodder) کا کام نہ دینگے۔

خوشی کی بات ہے کہ پنڈت جواہر لال کے بیان کے مطابق نمنترت ملکوں میں سے زیادہ تر کے کانفرنس میں شامل ہونے کے لئے رضامندی دینے والے جواب آچکے ہیں۔ ساری دنیا دلچسپی کے ساتھ اِس کانفرنس کے فیصلوں کا راستہ دیکھے گی۔

—وشومبھر ناتھ پانڈے

समाजवादी व्यवस्था की ओर

कांग्रेस के अवाड़ी (मद्रास) इजलास ने लोक कल्यान-कारी राज व्यवस्था की जगह अपना मक़सद बदल कर समाजवादी व्यवस्था कर लिया. महात्मा गांधी द्वारा संस्थापित पत्र 'हरिजन' ने इस पर शुरू में ही नुक्ताचीनी करते हुये लिखा था कि अपने लक्ष्य को इस सस्ते तरीक़े से कांग्रेस को नहीं बदलना चाहिये. दो-एक तरमीमें, जो कांग्रेस का लक्ष्य 'सर्वोदय' रखना चाहती थीं गिर गईं. मौलाना आज़ाद ने तक़रीर करते हुये यह कहा कि बज़ात ख़ुद लफ़्ज़ों की कोई अहमियत नहीं होती. समाजवाद के अन्दर सर्वोदय की भी पूरी गुंजाइश है.

سماج وادی ویوستھا کی اور

کانگریس کی اواڑی (مدراس) اجلاس نے لوک کلیانکاری راج ویوستھا کی جگہ اپنا مقصد بدل کر سماج وادی ویوستھا کر لیا۔ مہاتما گاندھی دوارا سنستھاپت پتر 'ہریجن' نے اِس پر شروع میں ہی نکتہ چینی کرتے ہوئے لکھا تھا کہ اپنے لکش کو اِس سستے طریقے سے کانگریس کو نہیں بدلنا چاہئے۔ دو - ایک ترمیمیں، جو کانگریس کا لکش 'سروودے' رکھنا چاہتی تھیں گر گئیں۔ مولانا آزاد نے تقریر کرتے ہوئے یہ کہا کہ بذات خود لفظوں کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ سماج واد کے اندر سروودے کی بھی پوری گنجائش ہے۔

साम्राज्यवादी हुक्मरां और पूंजीशाह अपनी ख़ुदग़र्जियों की पूर्ति में आज दुनिया को मौत की खन्दक़ में ढकेलना चाहते हैं. एक ज़माना था जब जनता इनके बहकावे में आकर जंग को 'मुनासिब और सिर्फ़ एक रास्ता' समझती थी. आज शान्ति का मोरचा सारी दुनिया में बुलन्दी पकड़ रहा है. चारों ओर से शान्ति के जयगीत सुनाई देते हैं. दुनिया समझ गई है कि थैलीशाह और साम्राज्यशाह उसकी भावनाओं को उकसा कर उन्हें 'लड़ाई के चारे' की तरह इस्तेमाल करते थे.

सच तो यह है कि हज़रत ईसा की वह सीख आज पूरी अहमीयत के साथ हमारे सामने है कि जो लोग तलवार से जीतेंगे वह तलवार से ही मिट जावेंगे. क्या भगवान बुद्ध ने ही दूसरे लफ़्ज़ों में इसे नहीं कहा कि—

नफ़रत नफ़रत से शान्त न होगी !
.ग़ुस्सा .ग़ुस्से से शान्त न होगा !
दुशमनी दुशमनी से शान्त न होगी !
नफ़रत, ग़ुस्सा और दुशमनी प्रेम से ही शान्त होंगी.

गान्धी जी ने भी हमें ज़ोरदार और अमली तरीक़े से इसी बात की तालीम दी. आज शान्ति का मोरचा हमें प्रेम और अहिंसात्मक तरीक़े से मज़बूत करना है ताकि जंग-बाज़ भी इस बात की शिकायत न कर सकें कि शान्तिवादियों के शान्ति के नारे के पीछे नफ़रत और हिंसा है.

—विश्वम्भरनाथ पांडे

एफ़्रो-एशियन कान्फ़्रेंस

दिसम्बर के आख़री हफ़्ते में इन्डोनीशिया की राजधानी जाकार्ता के क़रीब बोगोर में हिन्दुस्तान, पाकिस्तान, लंका, बर्मा और इन्डोनीशिया के प्रधानमंत्रियों का एक सम्मेलन हुआ. पांचों प्राइम मिनिस्टरों ने एशिया और अफ़रीक़ा की बेहतरी, भलाई और फ़ायदे के लिहाज़ से इस बात पर ग़ौर किया कि क्यों न अफ़रीक़ा और एशिया के 25 मुल्कों का एक बड़ा सम्मेलन बुलाया जाय जिसमें अफ़रीक़ा और एशियाई मुल्कों की आज़ादी और उनकी समस्याओं पर विचार किया जाय. यह तजवीज़ पांचों मुल्कों के प्राइम-मिनिस्टरों ने एक राय से मंज़ूर की. यह भी फ़ैसला किया कि चीन, जापान, मिस्र, अरब मुल्क, फ़िलिप्पाइन, नैपाल वग़ैरह सब मुल्कों को इस सम्मेलन में शामिल होने की दावत दी जाय. निमंत्रित मुल्कों में सिर्फ़ फ़िलस्तीन की यहूदी रियासत छोड़ दी गई है और दक्खिन अफ़रीक़ा को भी फ़ेहरिस्त में शामिल नहीं किया गया. दोनों मुल्कों को दावत न देने की वजहें बिलकुल साफ़ हैं. दक्खिन अफ़रीक़ा की गोरी हकूमत को एशिया और अफ़रीक़ा के गेहुंये, पीले और सांवले रंग से सख़्त नफ़रत है और यहूदी राज के जिस तरह के ताल्लुक़ात सभी अरब मुल्कों से हैं उससे उसे दावत देने में एक उलझन पैदा होती.

سامراجیہوادی حکمراں اور پونجی شاہ اپنی خودغرضیوں کی پورتی میں آج دنیا کو موت کی خندق میں ڈھکیلنا چاہتے ہیں ۔ ایک زمانہ تھا جب جنتا اِن کے بہکاوے میں آکر جنگ کو 'مناسب اور صرف ایک راستہ' سمجھتی تھی ۔ آج شانتی کا مورچہ ساری دنیا میں بلندی پکڑ رہا ہے ۔ چاروں اور سے شانتی کے جئے گیت سنائی دیتے ہیں ۔ دنیا سمجھ گئی ہے کہ تھیلی شاہ اور سامراجیہ شاہ اُس کی بھاؤناؤں کو اُکسا کر اُنھیں 'لڑائی کے چارے' کی طرح اِستعمال کرتے تھے ۔

سچ تو یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کی وہ سیکھ آج پوری اہمیت کے ساتھ ہمارے سامنے ہے کہ جو لوگ تلوار سے جیتیں گے وہ تلوار سے ہی مٹ جاویں گے ۔ کیا بھگوان بدھ نے ہی دوسرے لفظوں میں اِسے نہیں کہا کہ—

نفرت نفرت سے شانت نہ ہوگی ۔
غصہ غصے سے شانت نہ ہوگا ۔
دشمنی دشمنی سے شانت نہ ہوگی ۔
نفرت، غصہ اور دشمنی پریم سے ہی شانت ہونگی ۔

گاندھی جی نے بھی ہمیں زوردار اور عملی طریقے سے اِسی بات کی تعلیم دی ۔ آج شانتی کا مورچہ ہمیں پریم اور اہنساتمک طریقے سے مضبوط کرنا ہے تاکہ جنگ باز بھی اِس بات کی شکایت نہ کرسکیں کہ شانتی وادیوں کے شانتی کے نعرے کے پیچھے نفرت اور ہنسا ہے ۔

—وشومبھر ناتھ پانڈے

ایفرو-ایشین کانفرنس

دسمبر کے آخری ہفتے میں انڈونیشیا کی راجدھانی جاکارتا کے قریب بوگور میں ہندستان، پاکستان، لنکا، برما اور انڈونیشیا کے پردھان منتریوں کا ایک سمیلن ہوا ۔ پانچوں پرائم منسٹروں نے ایشیا اور افریقہ کی بہتری، بھلائی اور فایدہ کے لحاظ سے اِس بات پر غور کیا کہ کیوں نہ افریقہ اور ایشیا کے 25 ملکوں کا ایک بڑا سمیلن بلایا جائے جس میں افریقہ اور ایشیائی ملکوں کی آزادی اور اُن کی سمسیاؤں پر وچار کیا جائے ۔ یہ تجویز پانچوں ملکوں کے پرائم منسٹروں نے ایک رائے سے منظور کی ۔ یہ بھی فیصلہ کیا کہ چین، جاپان، مصر، عرب ملک، فلپائن، نیپال وغیرہ سب ملکوں کو اِس سمیلن میں شامل ہونے کی دعوت دی جائے ۔ نمنترت ملکوں میں صرف فلسطین کی یہودی ریاست چھوڑ دی گئی ہے اور دکھن افریقہ کو بھی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا ۔ دونوں ملکوں کو دعوت نہ دینے کی وجہیں بالکل صاف ہیں ۔ دکھن افریقہ کی گوری حکومت کو ایشیا اور افریقہ کے گیہوئے، پیلے اور سانولے رنگ سے سخت نفرت ہے اور یہودی راج کے جس طرح کے تعلقات سبھی عرب ملکوں سے ہیں اِس سے اُسے دعوت دینے میں ایک اُلجھن پیدا ہوتی ۔

ही दुनिया के सब हवाई जहाज़ निकलते हैं और इन देशों में तेल और पेट्रोल के सागर भरे पड़े हैं. अमरीका ने सऊदी अरब से पेट्रोल का ठेका लिया है. फ़लस्तीन में वह यहूदियों को पूरी तरह बसाना चाहता है. तुर्की और यूनान को क़र्ज़ देकर, ईरान और पाकिस्तान को रुपया देकर अमरीका अपना हाथ इन रियासतों पर रखना चाहता है जिससे वहां रूस का असर न हो सके. रूस भी कब चुप बैठ सकता है. उसकी बचत इसी में है कि इस हिस्से में उसके बैरी का असर न हो. प्रशान्त मे भी इस समय जो क़िलेबन्दी हो रही है, जिस तरह अमरीका प्रशान्त के जज़ीरों में अपना असर जमा रहा है, उससे शान्ति और सुलह के आसार कम और आगे आने वाली कलह, लड़ाई और मारकाट के लक्षन ज्यादा दीख रहे हैं.

इस तरह अगर हम अपने चारो तरफ़ निगाह दौड़ायें तो हम को जान पड़ेगा कि अमरीकी शहनशाहियत आज हमलावर तरीक़ों से दुनिया की शान्ति को बरबाद करना चाहती है. दूसरी ओर अफ़रीक़ा और सुदूरपूर्व की क़ौमें आज अपनी आज़ादी को प्राप्त करने के लिये हर मुमकिन कोशिश कर रही हैं. लेकिन अब तक जिन बड़ी ताक़तों ने उनको अपने पैरों तले कुचल रखा है और जो उन ग़रीबों की ग़रीबी से ही अमीर बनी बैठी हैं, वह उनको आज़ाद नहीं होने देना चाहतीं. साम्राज्य की प्यास और आज़ादी की भूख की टक्कर लड़ाई के जन्म का पहला कारन है.

आज जंग रोकने की कुछ शर्तें ये हैं—

(1) तरह तरह के ढंग से हुकूमत चलाने वाले मुल्क इस बात पर राज़ी हों कि किसी दूसरे मुल्क की राजकाजी नीति मे किसी दूसरे मुल्क को दख़ल देने का कोई हक़ नहीं. एक दूसरे के ख़िलाफ़ समाजी ज़िन्दगी के तरीक़े वाले भी दुनिया में अमन से रह सकते हैं.

(2) अफ़रीक़ा और एशिया के ग़ुलाम मुल्कों को पूरी तरह आज़ाद किया जाय और पिछड़े हुये मुल्को की आर्थिक और समाजी बेहतरी के लिये सब मुल्क मिल कर मदद दें.

(3) हर मुल्क की जनता में इस बात का ज़ोरदार प्रचार किया जाय कि आधुनिक लड़ाइयों में सब में ज्यादा मरन और बरबादी बेगुनाह जनता की ही होती है. लड़ाई के नतीजे में किसी मुल्क को भी फ़ायदा नहीं पहुंचता. चुनांचे जंगी मोरचों के मुक़ाबले में शान्ति के मोरचों को मज़बूत बनाने में जनता पूरी पूरी मदद दे.

(4) मुल्कों को इस बात का फ़ैसला करना है कि वह किसी भी सूरत में आपसी फ़ैसले की कसौटी जंग को न बनायेंगे.

(5) हाईड्रोजन और एटम बम बनाने पर देर सवेर बन्दिश.

ہی دنیا کے سب ہوائی جہاز نکلتے ہیں اور ان دیشوں میں تیل اور پٹرول کے ساگر بھرے پڑے ہیں . امریکہ نے سعودی عرب سے پٹرول کا ٹھیکا لیا ہے . فلسطین میں وہ یہودیوں کو پوری طرح بسانا چاہتا ہے . ترکی اور یونان کو قرض دے کر ایران اور پاکستان کو روپیہ دے کر امریکہ اپنا ہاتھ ان ریاستوں پر رکھنا چاہتا ہے جس سے وہاں روس کا اثر نہ ہو سکے . روس بھی کب چپ بیٹھ سکتا ہے . اس کی بچت اسی میں ہے کہ اس حصہ میں اس کے بیری کا اثر نہ ہو . پرشانت میں بھی اس سمے جو قلعہ بندی ہو رہی ہے، جس طرح امریکہ پرشانت کے جزیروں میں اپنا اثر جما رہا ہے، اس سے شانتی اور صلح کے آثار کم اور آگے آنے والی کلہ لڑائی اور مارکاٹ کے لکچن زیادہ دیکھ رہے ہیں .

اس طرح اگر ہم اپنے چاروں طرف نگاہ دوڑائیں تو ہم کو جان پڑے گا کہ امریکی شہنشاہیت آج حملہ آور طریقوں سے دنیا کی شانتی کو برباد کرنا چاہتی ہے . دوسری اور افریقہ اور سدور پورو کی قومیں آج اپنی آزادی کو پراپت کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں . لیکن اب تک جن بڑی طاقتوں نے ان کو اپنے پیروں تلے کچل رکھا ہے اور جو ان غریبوں کی غریبی سے ہی امیر بنی بیٹھی ہیں، وہ ان کو آزاد نہیں ہونے دینا چاہتیں . سامراجیہ کی پیاس اور آزادی کی بھوکھ کی ٹکر لڑائی کے جنم کا پہلا کارن ہے .

آج جنگ روکنے کی کچھ شرطیں یہ ہیں—

(1) طرح طرح کے ڈھنگ سے حکومت چلانے والے ملک اس بات پر راضی ہوں کہ کسی دوسرے ملک کی راجکاجی نیتی میں کسی دوسرے ملک کو دخل دینے کا کوئی حق نہیں . ایک دوسرے کے خلاف سماجی زندگی کے طریقے والے بھی دنیا میں امن سے رہ سکتے ہیں .

(2) افریقہ اور ایشیا کے غلام ملکوں کو پوری طرح آزاد کیا جائے اور پچھڑے ہوئے ملکوں کی آرتھک اور سماجی بہتری کے لئے سب ملک مل کر مدد دیں .

(3) ہر ملک کی جنتا میں اس بات کا زوردار پرچار کیا جائے کہ آدھونک لڑائیوں میں سب میں زیادہ مرن اور بربادی بےگناہ جنتا کی ہی ہوتی ہے . لڑائی کے نتیجے میں کسی ملک کو بھی فائدہ نہیں پہونچتا . چنانچہ جنگی مورچوں کے مقابلے میں شانتی کے مورچوں کو مضبوط بنانے میں جنتا پوری پوری مدد دے .

(4) ملکوں کو اس بات کا فیصلہ کرنا ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں آپسی فیصلے کی کسوٹی جنگ کو نہ بنائیںگے .

(5) ہائیڈروجن اور ایٹم بم بنانے پر دیر سویر بندش .

आस लगाये हुये थी कि यह नई कमेटी लड़ाई को हमेशा के लिये मिटा देगी और दो आदमियों के झगड़ों की तरह सल्तनतों के झगड़ों को भी क़ानून से तै करने का सिलसिला पड़ जायेगा. यह भी आस लगी है कि शहंशाहियत यानी साम्राज्यवाद और पूंजीवाद का दम टूटने वाला है और इनका ख़ात्मा होते ही लड़ाई का लालच ही मिट जायेगा. इस तरह के सोचने वाले सुनहरे सपने देखने लगे हैं. कुछ लोग यह भी ख़्याल करने लगे हैं कि अब एटम की ताक़त के इस्तेमाल पर रोक लग जायेगी. हथियारों का बनना और रखना बन्द हो जायेगा. दुनिया में अमन होगा और लड़ाई सदा के लिये मिट जायेगी.

जबकि एक ओर यह सपने देखे जा रहे हैं, दूसरी ओर तीसरी लड़ाई के लिये ख़ौफ़नाक से ख़ौफ़नाक हथियार ईजाद किये जा रहे हैं. एटम बमों का ज़ख़ीरा इकट्ठा होता जा रहा है जिनकी भयंकरता इस क़दर बढ़ गई है कि वैज्ञानिकों को तीसरी लड़ाई के नतीजे में सिवाय इनसानी क़ौम की बरबादी के और कुछ नहीं दिखाई देता.

छोटी रियासतों के झगड़े ही लड़ाई का हीला होते हैं और यह रियासतें बड़ी ताक़तों के लिये टट्टी की आड़ का काम देती हैं. असली कारन बड़ी रियासतों की धन-धरती की प्यास और उनके आपसी बैर होते हैं. आज की दुनिया में यह बात साफ़ नजर आ रही है. लड़ाई में भले ही सोवियत रूस, अमरीका और इंगलैन्ड एक ही तरफ़ से लड़े और एक दूसरे में दोस्ती थी पर अमरीका का पूंजीवाद सांप सोवियत के कम्यूनिज्म को अपने लिये नेवला सा बैरी समझता है. लड़ाई ख़त्म होते ही एक दूसरे के डर ने जोर पकड़ा. अमरीका और इंगलैन्ड के शाही लुटेरों को सोवियत और चीन के भूत ने सताना शुरू किया. पहली लड़ाई के बाद भी रूस के साथ ऐसा ही बर्ताव किया गया था. सोवियत रूस ने इंगलैन्ड से दोस्ती करनी चाही, फिर भी चर्चिल पार्टी ने और मज़दूर पार्टी के बड़े वज़ीर मैकडोनल्ड ने रूस के साथ दुशमनी और बेईमानी का बर्ताव किया. दूसरी लड़ाई के बाद ही फिर इंगलैन्ड और अमरीका ने रूस के ख़िलाफ़ अपनी कूटनीतिक साज़िशें शुरू कर दीं. आज उन्होंने पूर्वी यूरोप के ख़िलाफ़ एक तरह का घेरा सा डाल रखा है. सिर्फ़ फ़र्क़ इतना है कि आज सोवियत रूस कमज़ोर नहीं है. हर देश में सोवियत की दोस्ताना पार्टियां काम कर रही हैं. अगर शान्ति चाहिये तो अमरीका को यह घेरेबन्दी का रास्ता छोड़ना होगा. पर अमरीका से इसकी उम्मीद करना बेकार है.

मिडिल ईस्ट में भी यही कशमकश जारी है. अमरीका इस हिस्से पर क़ाबू पाने के लिये बेचैन है. वह यहां अपना साम्राज्य चाहता है और इङ्गलैंड कब यहां से दूर होना पसन्द करेगा? ख़ासकर जब इस हिस्से के ऊपर से होकर

آس لگائے ہوئے تھی کہ یہ نئی کمیٹی لڑائی کو ہمیشہ کے لئے مٹا دیگی اور دو آدمیوں کے جھگڑوں کی طرح سلطنتوں کے جھگڑوں کو بھی قانون سے طے کرنے کا سلسلہ پڑ جائیگا ۔ یہ بھی آس لگی ہے کہ شہنشاہیت یعنی سامراجیہواد اور پونجی واد کا دم ٹوٹنے والا ہے اور اِن کا خاتمہ ہوتے ہی لڑائی کا لالچ ہی مٹ جائیگا ۔ اِس طرح کے سوچنے والے سنہرے سپنے دیکھنے لگے ہیں ۔ کچھ لوگ یہ بھی خیال کرنے لگے ہیں کہ اب ایٹم کی طاقت کے استعمال پر روک لگ جائیگی ۔ ہتھیاروں کا بننا اور رکھنا بند ہو جائیگا ۔ دنیا میں امن ہوگا اور لڑائی سدا کے لئے مٹ جائیگی ۔

جب کہ ایک اُور یہ سپنے دیکھے جا رہے ہیں، دوسری اُور تیسری لڑائی کے لئے خوفناک سے خوفناک ہتھیار ایجاد کئے جا رہے ہیں ۔ ایٹم بموں کا ذخیرا اکٹھا ہوتا جا رہا ہے جن کی بھیانکرتا اِس قدر بڑھ گئی ہے کہ وگیانکوں کو تیسری لڑائی کے نتیجے میں سوائے انسانی قوم کی بربادی کے اور کچھ نہیں دکھائی دیتا ۔

چھوٹی ریاستوں کے جھگڑے ہی لڑائی کا حیلہ ہوتے ہیں اور یہ ریاستیں بڑی طاقتوں کے لئے ٹٹی کی آڑ کا کام دیتی ہیں ۔ اصلی کارن بڑی ریاستوں کی دھن دھرتی کی پیاس اور اُن کے آپسی بیر ہوتے ہیں ۔ آج کی دنیا میں یہ بات صاف نظر آرہی ہے ۔ لڑائی میں بھلے ہی سوویت روس، امریکہ اور اِنگلینڈ ایک ہی طرف سے لڑے اور ایک دوسرے میں دوستی تھی پر امریکہ کا پونجی واد سانپ سوویت کے کمیونزم کو اپنے لئے نیولا سا بیری سمجھتا ہے ۔ لڑائی ختم ہوتے ہی ایک دوسرے کے ڈر نے زور پکڑا ۔ امریکہ اور اِنگلینڈ کے شاہی لٹیروں کو سوویت اور چین کے بھوت نے ستانا شروع کیا ۔ پہلی لڑائی کے بعد بھی روس کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کیا گیا تھا ۔ سوویت روس نے اِنگلینڈ سے دوستی کرنی چاہی، پھر بھی چرچل پارٹی نے اور مزدور پارٹی کے بڑے وزیر میکڈونلڈ نے روس کے ساتھ دشمنی اور بےایمانی کا برتاؤ کیا ۔ دوسری لڑائی کے بعد ہی پھر اِنگلینڈ اور امریکہ نے روس کے خلاف اپنی کوٹنیتک سازشیں شروع کردیں ۔ آج اُنہوں نے پوربی یوروپ کے خلاف ایک طرح کا گھیرا سا ڈال رکھا ہے ۔ صرف فرق اِتنا ہے کہ آج سوویت روس کمزور نہیں ہے ۔ ہر دیش میں سوویت کی دوستانہ پارٹیاں کام کر رہی ہیں ۔ اگر شانتی چاہئے تو امریکہ کو یہ گھیرےبندی کا راستہ چھوڑنا ہوگا ۔ پر امریکہ سے اِس کی اُمید کرنا بیکار ہے ۔

مڈل ایسٹ میں بھی یہی کشمکش جاری ہے ۔ امریکہ اِس حصے پر قابو پانے کے لئے بیچین ہے ۔ وہ یہاں اپنا سامراجیہ چاہتا ہے اور اِنگلینڈ کب یہاں سے دور ہونا پسند کرے گا ؟ خاص کر جب اِس حصے کے اوپر سے ہو کر

हमारी राय

ہماری رائے

एटम और हाइड्रोजन बम बनाम शान्ति मोरचा

30 दिसम्बर को जाकार्ता से बोलते हुये पंडित जवाहरलाल नेहरू ने एटम और हाइड्रोजन बमों के ख़तरे से दुनिया को आगाह करते हुये कहा—"अगर एटम और हाइड्रोजन बमों के फूटने के प्रयोग बन्द न किये गये तो आसमान ज़हरीली हवाओं से भर जायगा और सबकी ज़िन्दगी ख़तरे में हो जायगी. हम जानते हैं कि जंगों के मुताल्लिक़ आजकल साइन्स वाले क्या कहते हैं ? फ़्रान्स के फ़िज़िक्स के नोबुल इनाम पाने वाले प्रिन्स लुइ दे ब्रागी ने दूसरे वैज्ञानिकों की राय को दोहराते हुये कहा है कि छै या सात एटम बमों के फूटने से हवायें ज़हरीली हो जायगीं और दुनिया के रहने वालों के लिये नुक़सानदह साबित होंगी." पंडित नेहरू ने आगे कहा कि "रेडियो एक्टिव किरनें दुनिया के वातावरन को ज़हरीला कर देंगी और उसका नतीजा यह भी हो सकता है कि इनसानी क़ौम नेस्त नाबूद हो जाय."

उसी दिन हुबली में बोलते हुये हिन्दुस्तान के मशहूर साइन्सदां डाक्टर चन्द्रशेखर व्यंकट रमन ने कहा कि "अगर वह सब ताक़तें जिनके पास एटम बम हैं एटम की लड़ाई से एक दूसरे को नेस्त नाबूद कर दें तो दुनिया की इसमें बेहतरी हो जाय. हां दुनिया को दोबारा जन्म लेना पड़ेगा."

पहली लड़ाई के ख़त्म होते ही दूरन्देशों ने दूसरी लड़ाई का साया देखना शुरू कर दिया था. यह बात किसी से छिपी न थी कि वरसाई के सुलहनामे में ही अगली लड़ाई के बीज मौजूद थे. अब दूसरी लड़ाई की तोपों की आवाज़ अभी मुशकिल से धीमी हो पाई है कि फिर तीसरी लड़ाई के नगाड़े लोगों को बजते सुनाई देने लगे हैं. वैसे इस बात पर एतबार नहीं होता कि हिरोशिमा और स्टालिनग्राड के बाद इतनी जल्दी आदमी का कलेजा पत्थर का हो जायेगा कि वह तीसरी लड़ाई की तैयारी करने लगे. यू. एन. ओ. को बने भी आठ बरस बीत चुके. सारी दुनिया उस पर

ایٹم اور ھائڈروجن بم بنام شانتی مورچہ

30 دسمبر کو جاکارتا سے بولتے ہوئے پنڈت جواہر لال نہرو نے ایٹم اور ھائڈروجن بموں کے خطرے سے دنیا کو آگاہ کرتے ہوئے کہا—"اگر ایٹم اور ھائڈروجن بموں کے پھوٹنے کے پریوگ بند نہ کئے گئے تو آسمان زہریلی ہواؤں سے بھر جائیگا اور سب کی زندگی خطرے میں ہوجائیگی. ہم جانتے ہیں کہ جنگوں کے متعلق آجکل سائنس والے کیا کہتے ہیں ؟ فرانس کے فزکس کے نوبل انعام پانے والے پرنس لوئی دے براگی نے دوسرے ویگیانکوں کی رائے کو دہراتے ہوئے کہا ہے کہ چھ یا سات ایٹم بموں کے پھوٹنے سے ہوائیں زہریلی ہو جائینگی اور دنیا کے رہنے والوں کے لئے نقصان دہ ثابت ہونگی." پنڈت نہرو نے آگے کہا کہ "ریڈیو ایکٹو کرنیں دنیا کے واتاورن کو زہریلا کردینگی اور اُس کا نتیجہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اِنسانی قوم نیست نابود ہو جائے."

اُسی دن ہبلی میں بولتے ہوئے ہندستان کے مشہور سائنسداں ڈاکٹر چندر شیکھر وینکٹ رمن نے کہا کہ "اگر وہ سب طاقتیں جن کے پاس ایٹم بم ہیں ایٹم کی لڑائی سے ایک دوسرے کو نیست نابود کردیں تو دنیا کی اِس میں بہتری ہوجائے. ہاں دنیا کو دو بارہ جنم لینا پڑیگا."

پہلی لڑائی کے ختم ہوتے ہی دوراندیشوں نے دوسری لڑائی کا سایہ دیکھنا شروع کردیا تھا. یہ بات کسی سے چھپی نہ تھی کہ ورسائی کے صلحنامے میں ہی اگلی لڑائی کے بیج موجود تھے. اب دوسری لڑائی کی توپوں کی آواز ابھی مشکل سے دھیمی ہو پائی ہے کہ پھر تیسری لڑائی کے نگاڑے لوگوں کو بجتے سنائی دینے لگے ہیں. ویسے اِس بات پر اعتبار نہیں ہوتا کہ ہیروشیما اور اسٹالن گراڈ کے بعد اِتنی جلدی آدمی کا کلیجہ پتھر کا ہو جائیگا کہ وہ تیسری لڑائی کی تیاری کرنے لگے. یو. این. او. کو بنے بھی آٹھ برس بیت چکے. ساری دنیا اُس پر



अमरीका और इंगलिस्तान ने जर्मनी को फिर से हथियार बन्द करने का फैसला किया है।

امریکہ اور انگلستان نے جرمنی کو پھر سے ہتھیار بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے

उसे सख़्त से सख़्त जिस्मानी तकलीफ़ें देते हैं मगर उफ़ करने के लिये उसके लब मानो बने ही नहीं. उसके जिस्म से ख़ून रिस रिस कर बह सकता है मगर फ़ौलादी आत्मा से आह् नहीं निकल सकती.

मौक़ा पाकर साथियों की मदद से तेह्-फ़ु अपने घायल जिस्म को घसीटता हुआ भागता है. साथियों से मिलता है और काम करने वालों की अगली क़तार में फिर से शामिल होता है.

पूरा उपन्यास एक 'वार डायरी' के ताने बाने में बुना गया है. बदलती हुई हालतों में चीनी किसान किस तरह अपने को नई हालतों और नये ख़्यालों के मुताबिक़ ढालते हैं, किस तरह क्रान्ति को कामयाब बनाने में वह रसद से माओ की सेना को मदद देते हैं, किस तरह बदलती हुई परिस्थितियां चीन के समाजी जीवन पर अपना असर डालती हैं और किस तरह एक से एक बढ़कर क़ुरबानियो की मिसालें पेश होती हैं—यह सब उपन्यासकार ने अपने सीधे-साधे किन्तु सहज तर्ज़ पर बयान किया है.

पूरा उपन्यास नये चीन की उभरती हुई ज़िन्दगी पर एक सर्चलाइट डालता है. उपन्यास में उन हालतों का ज़िक्र है जब सफल क्रान्ति के लिये संघर्ष चल रहा था. कुओमिनताङ्ग अपनी आख़री लड़ाई लड़ रहा था. लेकिन उपन्यास के उस चित्रन में ही क्रान्ति की कामयाबी की एक निश्चित उम्मीद छिपी हुई थी. लेखक ने क्रान्ति की सफलता पर और भी अफ़साने लिखे हैं. इस अफ़साने से उसकी मंशा यह दिखाने की है कि माओ की कामयाबी के पीछे चीन की करोड़ों जनता का, चीन के किसानों का त्याग और बलिदान है जिसकी वजह से क्रान्ति सफल हुई.

उपन्यास दिलचस्प है और उसमें एक रवानी है. छपाई सफ़ाई बहुत उम्दा है.

—विश्वम्भरनाथ पांडे

اُسے سخت سے سخت جسمانی تکلیفیں دیتے هیں مگر اُف کرنے کے لئے اُس کے لب مانو بنے هی نہیں. اس کے جسم سے خون رس رس کر بہ سکتا هے مگر فولادی آتما سے آہ نہیں نکل سکتی.

موقع پاکر ساتھیوں کی مدد سے تہ-فو اپنے گھایل جسم کو گھسیٹتا هوا بھاگتا هے. ساتھیوں سے ملتا هے اور کام کرنے والوں کی اگلی قطار میں پھر سے شامل هوتا هے.


پورا اُپنیاس ایک 'وار ڈایری' کے تانے بانے میں بنا گیا هے. بدلتی هوئی حالتوں میں چینی کسان کس طرح اپنے کو نئی حالتوں اور نئے خیالوں کے مطابق ڈھالتے هیں' کس طرح کرانتی کو کامیاب بنانے میں وہ رسد سے ماؤ کی سینا کو مدد دیتے هیں' کس طرح بدلتی هوئی پرستھتیاں چین کے سماجی جیون پر اپنا اثر ڈالتی هیں اور کس طرح ایک سے ایک بڑھ کر قربانیوں کی مثالیں پیش هوتی هیں—یہ سب اُپنیاسکار نے اپنے سیدھے سادھے کنتو سہج طرز پر بیان کیا هے.

پورا اُپنیاس نئے چین کی اُبھرتی هوئی زندگی پر ایک سرچ لائٹ ڈالتا هے. اُپنیاس میں اُن حالتوں کا ذکر هے جب سپھل کرانتی کے لئے سنگھرش چل رہا تھا. کومنتانگ اپنی آخری لڑائی لڑ رہا تھا. لیکن اُپنیاس کے اِس چترن میں هی کرانتی کی کامیابی کی ایک نشچت اُمید چھپی هوئی تھی. لیکھک نے کرانتی کی سپھلتا پر اور بھی افسانے لکھے هیں. اس افسانے سے اُس کی منشا یہ دکھانے کی هے کہ ماؤ کی کامیابی کے پیچھے چین کی کروڑوں جنتا کا' چین کے کسانوں کا تیاگ اور بلیدان هے جس کی وجہ سے کرانتی سپھل هوئی.

اُپنیاس دلچسپ هے اور اُس میں ایک روانی هے. چھپائی صفائی بہت عمدہ هے.

—وشومبھر ناتھ پانڈے

कुछ किताबें



کچھ کتابیں

वाल आफ़ ब्रांज़्ह

अंग्रेज़ी ज़बान में लिखा हुआ उपन्यास (अफ़साना)—लिखने वाले ल्यु-चिंग; छापने वाले—फ़ारेन लैंग्वेज प्रेस, पीकिंग, 1954; सफ़े 283 डिमाई साइज़.

मूल उपन्यास चीनी ज़बान में लिखा गया था. यह उसका अंग्रेज़ी तर्जुमा सिडनी शैपिरो का किया हुआ है. वाल आफ़ ब्रांज़्ह का हिन्दी में तर्जुमा होगा—कांसे की दीवार. कांसे की दीवार की सफ़ाई देते हुये चीन के प्रेज़ीडेन्ट माओ ने कहा था—"साथियो, कांसे की असली दीवार क्या है ? वह जनता है, करोड़ों की तादाद में, जो दिल से और सचमुच क्रान्ति की क़न्द्र करते हैं. वही कांसे की असली दीवार है. कोई ताक़त इस दीवार को नहीं तोड़ सकती. यह अभेद्य दीवार है. प्रतिक्रान्ति भी इसे नहीं तोड़ सकती......"

लेखक ने माओ की इस तक़रीर से ही अपने अफ़साने का नाम 'वाल आफ़ ब्रांज़्ह' कांसे की दीवार चुना. उपन्यास का मुख्य नायक शिह-तेह-कु एक कम्युनिस्ट नौजवान है. वह मशहूर कम्यूनिस्ट सेना एट्थ रूट आर्मी में घायलों को उठाने का काम करता है. अफ़सरों ने उसकी जांफ़िशानी से काम करने की तारीफ़ की और उसे इनाम दिये. कम्युनिस्ट और कुओमिनतांग सेनाओं का युद्ध चलता है. कुओमिनतांग सेना रसद चाहती है. वह गांवों पर धावे बोलती है. गांव वाले कम्युनिस्ट सेना को रसद पहुंचाते हैं. उनके बड़े बड़े क़ाफ़िले निकलते हैं. तेह-कु उन्हें रास्ता दिखाता और दुश्मनों की बमबारी से आगाह करता हुआ चलता है. वह एक आदर्श जांबाज़ कम्युनिस्ट कार्यकर्त्ता है. न वह मौत से डरता है न ज़ुल्मों से. वह किसानों को आगाह करने में अपनी जान से खेलता है. अन्त में दुशमन उसे गिरफ़्तार करते हैं.

وال آف برانزھ

انگریزی زبان میں لکھا ہوا اُپنیاس (افسانہ)—لکھنے والے لیو چنگ؛ چھاپنے والے—فارین لینگویج پریس' پیکنگ' 1954؛ صفحے 283 ڈمائی سائز .

مول اُپنیاس چینی زبان میں لکھا گیا تھا . یہ اُس کا انگریزی ترجمہ سڈنی شیپیرو کا کیا ہوا ہے . وال آف برانزھ کا ہندی ترجمہ ہوگا—کانسے کی دیوار . کانسے کی دیوار کی صفائی دیتے ہوئے چین کے پریزیڈینٹ ماؤ نے کہا تھا—"ساتھیو' کانسے کی اصلی دیوار کیا ہے ؟ وہ جنتا ہے' کروڑوں کی تعداد میں جو دل سے اور سچ مچ کرانتی کی قدر کرتے ہیں . وہی کانسے کی اصلی دیوار ہیں . کوئی طاقت اِس دیوار کو نہیں توڑ سکتی . یہ ابھیدیہ دیوار ہے . پرتی‌کرانتی بھی اِسے نہیں توڑ سکتی......"

لیکھک نے ماؤ کی اِس تقریر سے ہی اپنے افسانے کا نام 'وال آف برانزھ' کانسے کی دیوار چنا . اُپنیاس کا مکھیہ نایک شہ - تیہ - کو ایک کمیونسٹ نوجوان ہے . وہ مشہور کمیونسٹ سینا ایٹتھ روٹ آرمی میں گھایلوں کو اُٹھانے کا کام کرتا ہے . افسروں نے اس کی جانفشانی سے کام کرنے کی تعریف کی اور اُسے اِنعام دیئے . کمیونسٹ اور کوؤمنتانگ سیناؤں کا یدھ چلتا ہے . کوؤمنتانگ سینا رسد چاہتی ہے . وہ گاؤں پر دھاوے بولتی ہے . گاؤں والے کمیونسٹ سینا کو رسد پہونچاتے ہیں . اُن کے بڑے بڑے قافلے نکلتے ہیں . تہ - کو اُنھیں راستہ دکھاتا اور دشمنوں کی بمباری سے آگاہ کرتا ہوا چلتا ہے . وہ ایک آدرش جانباز کمیونسٹ کاریہ‌کرتا ہے . نہ وہ موت سے ڈرتا ہے نہ ظلموں سے . وہ کسانوں کو آگاہ کرنے میں اپنی جان سے کھیلتا ہے . انت میں دشمن اُسے گرفتار کرتے ہیں .

अवध के शौक़ीनों ने इसे और शोख़ किया. कुछ नादान दोस्तों और कुछ दाना दुश्मनों ने अफ़रातफ़री से फ़ायदा उठाया और ज़बान का एक दूसरा ही तर्ज़ ईजाद कर डाला. नतीजा यह हुआ कि एक ज़बान के दो ढङ्ग चल पड़े और इनमें आपस में खींच तान होने लगी. तारीख़ के पुराने और नये दौरों पर ध्यान दीजिए और इनसे सीख लीजिये. हर ज़माने में दो शक्तियों का अमल दिखाई देता है—एक तरफ़ फ़िरक़ों, नस्लों, रस्मों और रिवाजों की बहुतायत है तो दूसरी तरफ़ एकता की ताक़त, जो इन्हें मिलाकर एक सभ्यता पैदा करती है. हर दौर में यही अमल जारी रहा है. कसरत में वहदत का तमाशा होता नज़र आता है. आज भी वही कशमकश है. हिन्दुस्तान रक़बा और आबादी में एक बहुत बड़ा देस है. इसमें कई नस्लों के आदमी बसते हैं, कितने ही मज़हब हैं, कुछ की जन्म भूमि हिन्दुस्तान है, कुछ की बाहर के देस. इनकी रीतें और रस्में अलग हैं, रवायतें जुदा हैं, ज़ाती क़ानून, धर्म के ठिकाने न्यारे हैं. लेकिन यह सब कुछ होते हुए भी एक तारीख़ी क़ूवत है जो कड़ियों को जोड़ कर एक मज़बूत ज़ंजीर डाल रही है, मालूम नहीं कब से, लेकिन तारीख़ के ज़माने से बहुत पहले से, क़िस्मत का यही फ़ैसला है.

दुनिया में न किसी ज़माने में, न किसी मुल्क में कोई भी राज बहुत दिन चला है, जो एक समाज की बुनियादों पर न खड़ा हो. एक समाज का आसरा हमारे दिलों का मेल मिलाप है. दिलों में मुहब्बत एक दूसरे के तरीक़ों, ख़यालों और भावों की इज़्ज़त से, अपने में सब देश वालों को और सब देशवालों में अपने को देखने से पैदा होती है. यही वजह है कि हमारा समाज मिलवां होगा, जिसमें हिन्दुस्तान के कुल बाशिन्दे शामिल होंगे. इस मिलवां समाज से जो तहज़ीब पैदा होगी वह एक मुश्तरका ख़ान्दान की मुश्तरका जायदाद होगी. इस नये समाज, नई सभ्यता की ज़रूरतों को एक मिलवां ज़बान ही पूरा कर सकती है. यह वही ज़बान हो सकती है जो अपने पुरखों का आदर और मेहमानों का स्वागत करती है. इसका देस की किसी बोली से वैर नहीं, लेकिन इस पर किसी ख़ास फ़िरक़े का टीका नहीं है. यह ज़बान पुरानी भी है, नई भी. इसमें वह ध्वनियां भी हैं जिन्हें हमारे कान वैदिक काल से सुनते चले आये हैं और वह भी जिन्हें हमारे भाई तारीख़ के तीसरे दौर में अपने साथ लाये. पर इसके क़ानून क़ायदे अपने हैं और यह कभी दूसरी ज़बान की हुकूमत मानने को तैयार नहीं. यह ज़बान भूकी नंगी नहीं, क्योंकि यह लफ़्ज़ों के लिये संस्कृत, अरबी, फ़ारसी, अंग्रेज़ी, सभी से ख़िराज ले सकती है. इसके साहित्य का भण्डार भरा है. पर इसके आने वाले साहित्य के सामने इसके पुराने कारनामे ऐसे ही फीके दिखाई देंगे जैसे सूरज के सामने सवेरे के तारे.

اودھ کے شوقینوں نے اسے اور شوخ کیا. کچھ نادان دوستوں اور کچھ دانا دشمنوں نے افراتفری سے فائدہ اٹھایا اور زبان کا ایک دوسرا ہی طرز ایجاد کرڈالا. نتیجہ یہ ہوا کہ ایک زبان کے دو ڈھنگ چل پڑے اور ان میں آپس میں کھینچ تان ہونے لگی. تاریخ کے پرانے اور نئے دوروں پر دھیان دیجئے اور ان سے سیکھ لیجئے. ہر زمانے میں دو شکتیوں کا عمل دکھائی دیتا ہے— ایک طرف فرقوں، نسلوں، رسموں اور رواجوں کی بہتایت ہے تو دوسری طرف ایکتا کی طاقت، جو انہیں ملاکر ایک سبھیتا پیدا کرتی ہے. ہر دور میں یہی عمل جاری رہا ہے. کثرت میں وحدت کا تماشہ ہوتا نظر آتا ہے. آج بھی وہی کشمکش ہے. ہندستان رقبہ اور آبادی میں ایک بہت بڑا دیس ہے. اس میں کئی نسلوں کے آدمی بستے ہیں، کتنے ہی مذہب ہیں، کچھ کی جنم بھومی ہندستان ہے، کچھ کی باہر کے دیس. ان کی ریتیں اور رسمیں الگ ہیں، روایتیں جدا ہیں، ذاتی قانون، دھرم کے ٹھکانے نیارے ہیں. لیکن یہ سب کچھ ہوتے ہوئے بھی ایک تاریخی قوت ہے جو کڑیوں کو جوڑ کر ایک مضبوط زنجیر ڈال رہی ہے، معلوم نہیں کب سے، لیکن تاریخ کے زمانے سے بہت پہلے سے، قسمت کا یہی فیصلہ ہے.

دنیا میں نہ کسی زمانے میں، نہ کسی ملک میں کوئی بھی راج بہت دن چلا ہے، جو ایک سماج کی بنیادوں پر نہ کھڑا ہو. ایک سماج کا آسرا ہمارے دلوں کا میل ملاپ ہے. دلوں میں محبت ایک دوسرے کے طریقوں، خیالوں اور بھاؤں کی عزت سے، اپنے میں سب دیش والوں کو اور سب دیش والوں میں اپنے کو دیکھنے سے پیدا ہوتی ہے. یہی وجہ ہے کہ ہمارا سماج ملواں ہوگا، جسمیں ہندستان کے کل باشندے شامل ہونگے. اس ملواں سماج سے جو تہذیب پیدا ہوگی وہ ایک مشترکہ خاندان کی مشترکہ جائداد ہوگی. اس نئے سماج، نئی سبھیتا کی ضرورتوں کو ایک ملواں زبان ہی پورا کرسکتی ہے. یہ وہی زبان ہوسکتی ہے جو اپنے پرکھوں کا آدر اور مہمانوں کا سواگت کرتی ہے. اسکا دیس کی کسی بولی سے بیر نہیں، لیکن اس پر کسی خاص فرقے کا ٹیکا نہیں ہے. یہ زبان پرانی بھی ہے، نئی بھی. اس میں وہ دھونیاں بھی ہیں جنھیں ہمارے کان ویدک کال سے سنتے چلے آئے ہیں اور وہ بھی جنھیں ہمارے بھائی تاریخ کے تیسرے دور میں اپنے ساتھ لائے. پر اس کے قانون قاعدے اپنے ہیں اور یہ کبھی دوسری زبان کی حکومت ماننے کو تیار نہیں. یہ زبان بھوکی ننگی نہیں، کیونکہ یہ لفظوں کے لئے سنسکرت، عربی، فارسی، انگریزی، سبھی سے خراج لے سکتی ہے. اس کے ساہتیہ کا بھنڈار بھرا ہے. پر اس کے آنیوالے ساہتیہ کے سامنے اس کے پرانے کارنامے ایسے ہی پھیکے دکھائی دیں گے جیسے سورج کے سامنے سویرے کے تارے.

ज़बानों का रिवाज था. एक ज़बान ऊंचे दरजे के लोगों और पढ़े लिखों की होती थी और दूसरी आम लोगों, गांव वालों की. पहले दौर के पन्डितों और दरबानों की ज़बान संस्कृत थी, लेकिन साधारन आदमी देस के जुदा जुदा इलाक़ों में अलग अलग बोलियां बोलते थे जो सीधी सादी और आसान थीं. दूसरे दौर में मज़हबी प्रचार के लिए पाली और अर्ध मागधी काम में आने लगीं और कुछ महाराजाओं ने पाली को सरकारी काम में भी इस्तेमाल किया, लेकिन बाद में संस्कृत का बोलबाला हुआ और प्राकृतें बोली-ठोली होकर रहीं. कहीं मराठी प्राकृत बोली जाती थी तो कहीं सूरसेनी और कहीं मगधी. तीसरा दौरा आया तो दिल्ली के तुर्क और मुग़ल सम्राटों ने फ़ारसी को दफ़्तरी ज़बान ठहराया. उन्नीसवीं सदी तक यही हालत रही. पढ़ने लिखने में अरबी, फ़ारसी और संस्कृत काम में आती थीं. पर हिन्दुस्तानियों की बहुत बड़ी तादाद हिन्दुस्तानी, ब्रज, अवधी, बंगला, गुजराती, मराठी वग़ैरा भाशायें बोलती थीं. इनकी रुचि और स्वभाव का यही तक़ाज़ा था कि वे अपने भाव और विचारों को इन्हीं के ज़रिये ज़ाहिर करें. इसलिए इस ज़माने में हिन्दू और मुसलमान दोनों मिल कर इन भाशाओं का साहित्य बनाते रहे.

उन्नीसवी सदी से तारीख़ का नया दौर शुरू हुआ. पहले पहल तो इस ज़माने में भी पुरानी लकीरों पर काम चला. लेकिन फ़ारसी और संस्कृत की जगह अंग्रेज़ी ज़बान ने ली. पर जैसे जैसे स्वदेशी और स्वराज का ज़ोर बढ़ा परदेसी भाशा की तरफ़ से जी हटने लगा. अब यह सवाल पैदा हुआ कि देश की कौन सी भाशा इस लायक़ है कि उसे कुल हिन्द की बोली माना जाय. इसमें एक यह पेच था कि आज़ादी और बराबरी के ज़माने में आम और ख़ास की बोली और भाशा में फ़र्क़ नहीं हो सकता था इसलिए फ़ारसी, संस्कृत न पढ़ाई का ज़रिया और न सरकार दरबार के कामों के लिए कुल देश की भाशा मानी जा सकती थी. यह मरतबा किसी देसी बोली को ही दिया जा सकता है. देखा तो हर सूबे की अपनी ज़बान है और इसमें अच्छा ख़ासा अदब है. लेकिन इन सूबाई ज़बानों में एक ऐसी है जिसका फैलाव सबसे ज़्यादा है, जिसकी सेवा उत्तर में ही नहीं दक्खिन में भी है. यह ज़बान बहुत पुरानी है. चौदहवीं सदी से आज तक लगातार इसमें साहित्य तैयार होता रहा है. हिन्दुस्तान के सभी मज़हबों ने इसमें प्रचार किया है और सब ने इसकी तरक़्क़ी में हिस्सा लिया है. अठारहवीं सदी के शुरू तक यह ज़बान जिस तरह बोली और लिखी जाती थी वह एक मिला जुला तर्ज़ था. इसमें ठेठ हिन्दी का ठाठ भी था और फ़ारसी का भी चटख़ारा. लेकिन जब मुहम्मदशाही दरबार का असर पड़ा तो इसके तर्ज़ में नया रंग पैदा हो गया. ईरानी, तूरानी, नये पुराने विलायती अमीरों को यह रंग ऐसा भाया कि उन्होंने पुरानी ज़बान को बदल डाला.

زبانوں کا رواج تھا. ایک زبان اونچے درجے کے لوگوں اور پڑھے لکھوں کی ہوتی تھی اور دوسری عام لوگوں، گاؤں والوں کی. پہلے دور کے پنڈتوں اور دربانوں کی زبان سنسکرت تھی. لیکن سادھارن آدمی دیس کے جدا جدا علاقوں میں الگ الگ بولیاں بولتے تھے جو سیدھی سادی اور آسان تھیں. دوسرے دور میں مذہبی پرچار کے لئے پالی اور اردھ ماگدھی کام میں آنے لگیں اور کچھ مہاراجاؤں نے پالی کو سرکاری کام میں بھی استعمال کیا، لیکن بعد میں سنسکرت کا بول بالا ہوا اور پراکرتیں بولی ٹھولی ہوکر رہیں. کہیں مراٹھی پراکرت بولی جاتی تھی تو کہیں سورسینی اور کہیں مگدھی. تیسرا دور آیا تو دلی کے ترک اور مغل سمراٹوں نے فارسی کو دفتری زبان ٹھہرایا. انیسویں صدی تک یہی حالت رہی. پڑھنے لکھنے میں عربی، فارسی اور سنسکرت کام میں آتی تھیں. پر ہندستانیوں کی بہت بڑی تعداد ہندستانی، برج، اودھی، بنگلا، گجراتی، مراٹھی وغیرہ بھاشائیں بولتی تھیں. ان کی روچی اور سوبھاؤ کا یہی تقاضہ تھا کہ وے اپنے بھاؤ اور وچاروں کو انہیں کے ذریعہ ظاہر کریں. اس لئے اس زمانے میں ہندو اور مسلمان دونوں مل کر ان بھاشاؤں کا ساہتیہ بناتے رہے.

انیسویں صدی سے تاریخ کا نیا دور شروع ہوا. پہلے پہل تو اس زمانے میں بھی پرانی لکیروں پر کام چلا. لیکن فارسی اور سنسکرت کی جگہ انگریزی زبان نے لی. پر جیسے جیسے سودیشی اور سوراج کا زور بڑھا پردیسی بھاشا کی طرف سے جی ہٹنے لگا. اب یہ سوال پیدا ہوا کہ دیش کی کونسی بھاشا اس لائق ھے کہ اسے کل ہند کی بولی مانا جائے. اس میں ایک یہ پیچ تھا کہ آزادی اور برابری کے زمانے میں عام اور خاص کی بولی اور بھاشا میں فرق نہیں ہوسکتا تھا اس لئے فارسی، سنسکرت نہ پڑھائی کا ذریعہ اور نہ سرکار دربار کے کاموں کے لئے کل دیش کی بھاشا مانی جاسکتی تھی. یہ مرتبہ کسی دیسی بولی کو ہی دیا جاسکتا ھے. دیکھا تو ہر صوبے کی اپنی زبان ھے اور اس میں اچھا خاصا ادب ھے. لیکن ان صوبائی زبانوں میں ایک ایسی ھے جس کا پھیلاؤ سب سے زیادہ ھے، جس کی سیوا اتر ہی نہیں دکھن میں بھی ھے. یہ زبان بہت پرانی ھے. چودھویں صدی سے آج تک لگاتار اس میں ساہتیہ تیار ہوتا رہا ھے. ہندستان کے سبھی مذہبوں نے اس میں پرچار کیا ھے اور سب نے اس کی ترقی میں حصہ لیا ھے. اٹھارھویں صدی کے شروع تک یہ زبان جس طرح بولی اور لکھی جاتی تھی وہ ایک ملا جلا طرز تھا. اس میں ٹھیٹھ ہندی کا ٹھاٹھ بھی تھا اور فارسی کا بھی چٹخارا. لیکن جب محمد شاہی دربار کا اثر پڑا تو اس کے طرز میں نیا رنگ پیدا ہوگیا. ایرانی، تورانی، نئے پرانے ولایتی امیروں کو یہ رنگ ایسا بھایا کہ انہوں نے پرانی زبان کو بدل ڈالا.

करता था, उसकी पैदावार उसके लिए काफ़ी थी, उसकी ज़रूरतें कम और इनमें तब्दीलियां नहीं होती थीं, अब काफ़ी नहीं. अब तमाम हिन्दुस्तान की एक मंडी है, जिस में दूर और पास के सब गांव लेन देन करते हैं. सारे देश का व्यौपार एक साख पर क़ायम है और कुल कारोबार हुन्डी पर्चे पर चलता है. क़ुदरत ने मुल्क में अपनी नियामतें इस तरह फैलाई हैं कि कोई हिस्सा बिना दूसरे हिस्सों की मदद के ख़ुशहाल नहीं रह सकता—कहीं गेहूं उगता है तो कहीं चावल, कहीं नमक मिलता है तो कहीं लकड़ी, कोयला; कहीं लोहा निकलता है तो कहीं सोना; और सब मिलकर ही एक दूसरे की ज़रूरतों को पूरा कर सकते हैं.

समाजी ज़िन्दगी में भी इन्क़लाब है. ज़ात-पांत का ज़ोर घट रहा है. क़बीलों और फ़िर्क़ों की तक़सीम तो ग़ायब ही हो गई! आज कौन शरीफ़ है, कौन रज़ील? समाज में इज़्ज़त और सरकार में ओहदे पाने के लिए न ब्राह्मन क्षत्री होने की ज़रूरत है, न सैयद और पठान. जनम और ख़ानदान से कोई ऊंच नीच नहीं बनता. बराबरी का ज़माना है. क़ानून के सामने सब यकसां हैं. मर्द ही नहीं औरतों में भी बराबरी की तलब है. रहने सहने के तरीक़े बदल रहे हैं. हम एक से मकानों और बंगलों में रहते हैं, एकसां फ़र्नीचर इस्तेमाल करते हैं, एकसा लिबास पहनते हैं, एक ढंग से मेज़ कुर्सी पर कांटे छुरी की आदत डाल रहे हैं, चाय पीने में मक्खन तोश का नाश्ता करते हैं. बाहर ही नहीं, हमारे अन्दर का फ़र्नीचर भी यकसां है. योरप की विद्याओं ने एशियाई इल्मों की जगह ले ली है. सोचने के ढंग गौतम और कनाद, इब्न रुश्द और इब्न सीना से नहीं, कान्ट और हैगेल, न्यूटन और आइन्सटाइन से सीखते हैं. हम मनु और अबु हनीफ़ा की कतरब्यौंत करते हैं.

यह ज़रूर है कि अभी हमारे मनों में अपनी तरफ़ से दुबिधा है, अपने ऊपर पूरा भरोसा नहीं. हिन्दुस्तान के कुल बाशिन्दों को कन्धे मिलाकर खड़ा होना है. इनमें से किसी ने कंधा डाल दिया तो सब का काम बिगड़ जायगा.

आने वाले ज़माने का तमद्दुन इन्हीं ज़रूरतों और बुनियादों पर खड़ा होगा. यह बारह खंभा जिन सुतूनों के सहारे दुनिया की तेज़ और तुन्द आंधियों का सामना करेगा वह इस मुल्क के रहने वालों की जमाअतें हैं जो इस वक़्त बिखरी हुई और उदास दिखाई देती हैं—लेकिन जल्द मिलेंगी और अपनी ताक़त को पहचानेंगी. वह सभ्यता की ऐसी इमारत बनायेंगी जिसके मुक़ाबले में पुराने महल मंद पड़ जायंगे. ज़माना इस नये तमद्दुन का बेचैनी के साथ इन्तज़ार कर रहा है.

इस नये समाज और नये तमद्दुन की ज़बान क्या होगी? आइए तारीख़ से मश्विरा करें. यह एक बड़े अचम्भे की बात है कि हमारे देश की तारीख़ के हर दौर में दो तरह की

کرتا تھا، اُس کی پیداوار اس کے لئے کافی تھی، اس کی ضرورتیں کم اور اِن میں تبدیلیاں نہیں ہوتی تھیں، اب کافی نہیں۔ اب تمام ہندستان کی ایک منڈی ہے، جس میں دور اور پاس کے سب گاؤں لین دین کرتے ہیں۔ سارے دیش کا ویوپار ایک ساکھ پر قائم ہے اور کل کاروبار ہنڈی پرچے پر چلتا ہے۔ قدرت نے ملک میں اپنی نعمتیں اِس طرح پھیلائی ہیں کہ کوئی حصہ بنا دوسرے حصوں کی مدد کے خوشحال نہیں رہ سکتا—کہیں گیہوں اُگتا ہے تو کہیں چاول، کہیں نمک ملتا ہے تو کہیں لکڑی، کوئلہ؛ کہیں لوہا نکلتا ہے تو کہیں سونا؛ اور سب مل کر ہی ایک دوسرے کی ضرورتوں کو پورا کرسکتے ہیں۔

سماجی زندگی میں بھی اِنقلاب ہے۔ ذات پانت کا زور گھٹ رہا ہے۔ قبیلوں اور فرقوں کی تقسیم تو غائب ہی ہوگئی! آج کون شریف ہے، کون رذیل؟ سماج میں عزت اور سرکار میں عہدے پانے کے لئے نہ براہمن چھتری ہونے کی ضرورت ہے، نہ سید اور پٹھان۔ جنم اور خاندان سے کوئی اونچ نیچ نہیں بنتا۔ برابری کا زمانہ ہے۔ قانون کے سامنے سب یکساں ہیں۔ مرد ہی نہیں عورتوں میں بھی برابری کی طلب ہے۔ رہنے سہنے کے طریقے بدل رہے ہیں۔ ہم ایک سے مکانوں اور بنگلوں میں رہتے ہیں، ایک سا فرنیچر اِستعمال کرتے ہیں، ایک سا لباس پہنتے ہیں، ایک ڈھنگ سے میز کرسی پر کانٹے چھری کی عادت ڈال رہے ہیں، چائے پینے میں مکھن توش کا ناشتہ کرتے ہیں۔ باہر ہی نہیں، ہمارے اندر کا فرنیچر بھی یکساں ہے۔ یورپ کی ودیاؤں نے ایشیائی علموں کی جگہ لے لی ہے۔ سوچنے کے ڈھنگ گوتم اور کناد، اِبن رشد اور اِبن سینا سے نہیں، کانٹ اور ہیگل، نیوٹن اور آئنسٹائن سے سیکھتے ہیں۔ ہم منو اور ابوحنیفہ کی کتربیونت کرتے ہیں۔

یہ ضرور ہے کہ ابھی ہمارے منوں میں اپنی طرف سے دوبدھا ہے، اپنے اُوپر پورا بھروسہ نہیں۔ ہندستان کے کل باشندوں کو کندھے ملاکر کھڑا ہونا ہے۔ اِن میں سے کسی نے کندھا ڈال دیا تو سب کا کام بگڑ جائیگا۔

آنے والے زمانے کا تمدن انہیں ضرورتوں اور بنیادوں پر کھڑا ہوگا۔ یہ بارہ کھمبا جن ستونوں کے سہارے دنیا کی تیز اور تند آندھیوں کا سامنا کریگا وہ اِس ملک کے رہنے والوں کی جماعتیں ہیں جو اِس وقت بکھری ہوئی اور اُداس دکھائی دیتی ہیں—لیکن جلد ملیں گی اور اپنی طاقت کو پہچانیں گی۔ وہ سبھیتا کی ایسی عمارت بنائینگی جس کے مقابلے میں پرانے محل مند پڑجائینگے۔ زمانہ اِس نئے تمدن کا بےچینی کے ساتھ اِنتظار کر رہا ہے۔

اِس نئے سماج اور نئے تمدن کی زبان کیا ہوگی؟ آئیے تاریخ سے مشورہ کریں۔ یہ ایک بڑے اچنبھے کی بات ہے کہ ہمارے دیش کی تاریخ کے ہر دور میں دو طرح کی

मौलवी और पंडितों, सरकारी दरबारी उहदादारों को छोड़ कर जो संस्कृत, फ़ारसी और अरबी सीखते थे, बाक़ी सभी हिन्दू मुसलमान हिन्दी बोलियां बोलते थे और इन्हीं में अपने विचार और भाव ज़ाहिर करते थे. उर्दू, ब्रज, अवधी, बंगला, पंजाबी बोलियों में सैकड़ों हिन्दू मुसलमान शायर हुए जिनके कारनामों से इनके ख़ज़ाने मालामाल हैं.

भाशा, साहित्य और कला में किसी क़ौम की आत्मा का परतव दिखाई देता है. इससे इसके गुनों का और इसकी असलियत का पता लगता है. इनकी यकसानियत क़ौमी आत्मा की एकता को ज़ाहिर करती है. यह एकता ज़िन्दगी के और अंगों में भी दिखाई देती है—मसलन् चाल चलन के उसूलों और सचाई के रास्तों की तलाश में. इन पर ग़ौर करें तो बावजूद मज़हबी फ़रक़ों के एक गहरी समानता पाई जाती है. दुनिया की ख़्वाहिशों से दिल हटाना, जो कुछ मिल गया उस पर सब्र करना, आदमी आदमी से मुहब्बत करना—अल्लाह से लौ लगाना, जिन्होंने दुनिया को तज दिया है और अन्दरूनी शक्ति को पा लिया है उनका सत्संग करना, गुरु या पीर को राह दिखानेवाला मानना और उसकी इज़्ज़त करना—यह ऐसे ख़्याल थे जो हिन्दुस्तान के सभी लोगों में मुश्तरिक थे. साधू-सन्तों और सूफ़ी दरवेशों ने इस इश्क़ के मज़हब, प्रेम के धर्म का प्रचार किया और कुल हिन्दुस्तान को भाईचारे के रिश्तों में बांध दिया. इनके दिलों में कैसी सफ़ाई और हिम्मत थी. मुहम्मद अली क़ुतुबशाह, जो गोल्कंडा के बादशाह और अकबर के हमअसर थे, यों बेधड़क बयान करते हैं—कुफ़् रीति क्या हूर इस्लाम रीति—हर एक रीति में इश्क़ का राज़ है. यह था इन चन्द सौ सालों में हाकिमों के तबक़े और ग़ैर मज़हब के लोगों की तबीयतों का मिलन. कबीर, नानक, दादू, तुकाराम, मुईउद्दीन, बाबा फ़रीद, रज्जब, और बहुतेरे हिन्दू और मुसलमानों ने इन्हीं विचारों को फैलाया है. इस तबियत से ख़ूबसूरती के वे पुतले तैयार हुए जिनको देखकर आज भी हमारी रगों का ख़ून तेज़ी से बहने लगता है. इसी दिल से वे जज़्बे पैदा हुए जिन्होंने हिन्दुस्तान से कुछ दिनों के लिए दुई को मिटा दिया.

अठारहवीं सदी के पूरे होते होते इस तमद्दुन ने भी दम तोड़ा. तारीख़ के तीन दौर ख़तम हो चुके थे. उन्नीसवीं सदी ने चौथे दौर का डौल डाला. आज हम तारीख़ के इस दौर में से गुज़र रहे हैं. लेकिन अभी तो मंज़िल की पहली सीढ़ियों पर ही हैं. इस भूल भुलइयां में आगे क्या है इसकी जांच उस धुंधले ख़ाके से हो सकती है जो इस वक़्त हमारी आंखों के सामने है. आज हिन्दुस्तान की आर्थिक ज़िन्दगी एक नये ढङ्ग पर चल रही है. दस्तकारी की जगह कारख़ाने ले रहे हैं. गांव की शान्त और सादा रविश ख़तम हो चुकी. वह हालत जिसमें हर एक गांव अपने ऊपर आप भरोसा

مولوی اور پنڈتوں، سرکاری درباری عہدہ داروں کو چھوڑ کر جو سنسکرت، فارسی اور عربی سیکھتے تھے، باقی سبھی ھندو مسلمان ھندی بولیاں بولتے تھے اور انھیں میں اپنے وچار اور بھاؤ ظاھر کرتے تھے، اردو، برج، اودھی، بانگلہ، پنجابی بولیوں میں سیکڑوں ھندو مسلمان شاعر ھوئے جن کے کارناموں سے ان کے خزانے مالا مال ھیں ۔

بھاشا، ساھتیہ اور کلا میں کسی قوم کی آتما کا پرتو دکھائی دیتا ھے ۔ اس سے اس کے گنوں کا اور اس کی اصلیت کا پتہ لگتا ھے ۔ ان کی یکسانیت قومی آتما کی ایکتا کو ظاھر کرتی ھے. یہ ایکتا زندگی کے اور انگوں میں بھی دکھائی دیتی ھے — مثلاً چال چلن کے اصولوں اور سچائی کے راستوں کی تلاش میں ۔ ان پر غور کریں تو باوجود مذھبی فرقوں کے ایک گہری سمانتا پائی جاتی ھے ۔ دنیا کی خواھشوں سے دل ھٹانا، جو کچھ مل گیا اُس پر صبر کرنا، آدمی آدمی سے محبت کرنا — اللہ سے لو لگانا، جنھوں نے دنیا کو تیج دیا ھے اور اندرونی شکتی کو پالیا ھے ان کا ست سنگ کرنا، گرو یا پیر کو راہ دکھانے والا ماننا اور اُس کی عزت کرنا — یہ ایسے خیال تھے جو ھندستان کے سبھی لوگوں میں مشترک تھے ۔ سادھو سنتوں اور صوفی درویشوں نے اس عشق کے مذھب، پریم کے دھرم کا پرچار کیا اور کل ھندستان کو بھائی چارے کے رشتوں سے باندھ دیا ۔ ان کے دلوں میں کیسی صفائی اور ھمت تھی ۔ محمد علی قطب شاہ، جو گولکنڈا کے بادشاہ اور اکبر کے ھمعصر تھے، یوں بےدھڑک بیان کرتے ھیں — کفر ریتی کیا حور اسلام ریتی — ھر ایک ریتی میں عشق کا راز ھے. یہ تھا ان چند سو سالوں میں حاکموں کا طبقہ اور غیر مذھب کے لوگوں کی طبیعتوں کا ملن ۔ کبیر، نانک، دادو، تکارام، معین الدین، بابا فرید، رجب، اور بہتیرے ھندو اور مسلمانوں نے انھیں وچاروں کو پھیلایا ھے ۔ اس طبیعت سے خوبصورتی کے وے پتلے تیار ھوئے جن کو دیکھ کر آج بھی ھماری رگوں کا خون تیزی سے بہنے لگتا ھے ۔ اسی دل سے وے جذبے پیدا ھوئے جنھوں نے ھندستان سے کچھ دنوں کے لئے دوئی کو مٹا دیا ۔

اٹھارھویں صدی کے پورے ھوتے ھوتے اس تمدن نے بھی دم توڑا ۔ تاریخ کے تین دور ختم ھوچکے تھے ۔ انیسویں صدی نے چوتھے دور کا ڈول ڈالا ۔ آج ھم تاریخ کے اس دور میں سے گذر رھے ھیں ۔ لیکن ابھی تو منزل کی پہلی سیڑھیوں پر ھی ھیں ۔ اس بھول بھلیاں میں آگے کیا ھے اس کی جانچ اُس دھندلے خاکے سے ھوسکتی ھے جو اس وقت ھماری آنکھوں کے سامنے ھے ۔ آج ھندستان کی آرتھک زندگی ایک نئے ڈھنگ پر چل رھی ھے ۔ دستکاری کی جگہ کارخانے لے رھے ھیں ۔ گاؤں کی شانت اور سادہ روش ختم ھوچکی ۔ وہ حالت جس میں ھر ایک گاؤں اپنے اوپر آپ بھروسہ

करना है. हिन्दुस्तान में इस्लाम को फैलाने वाले इतने बादशाह और फ़ौजी कमान्दार नहीं थे जितने दरवेश, सूफ़ी, मस्तक़लन्दर थे जिन्हें राज दरबारों से सरोकार न था. यह अल्लाहवाले प्रेम के मतवाले, ग़रीबों, बेकसों और दीन दुखियों के साथी और हमदर्द थे. इनके आपस के बर्ताव का असर हाकिमों पर भी पड़ा और इस तरह मार धाड़ और डराने धमकाने की जगह अच्छे रिश्ते क़ायम हुए. दुश्मनी दोस्ती में बदली. तुर्क अपने साथ अपनी सभ्यता लाये. इनके समाज का ढांचा और राज का तरीक़ा राजपूतों से कुछ ज्यादा मुख्तलिफ़ न था. लेकिन धर्मों का फ़र्क़ और ज़बानें जुदा जुदा थीं. अब तक जितनी क़ौमें हिन्दुस्तान में आई थीं, उनके मज़हब कुछ अहमियत न रखते थे. इसलिये उन्होंने हिन्दू मज़हब अख्तियार कर लिये. लेकिन इस्लाम की हैसियत इनसे बिल्कुल अलग थी. इसके उसूल, पूजा पाठ के तरीक़े, क़ानून, रस्में और रिवाज ख़ास थे. और मुसलमानों की ज़िन्दगी पर इनका गहरा असर था. यह आसान नहीं था कि इस्लाम दूसरे मज़हबों में घुल जाता या उनके दबाव को क़बूल करता. लेकिन हिन्दुस्तान की सृष्टि ही में मेल जोल का गुन है. यह कैसे हो सकता था कि दो तहज़ीबें हिन्दुस्तान मे एक साथ रहें, और बिल्कुल एक दूसरे से अलग अलग रहें ? हिन्दू और इस्लामी तहज़ीब ने एक दूसरे की देखा देखी रंग बदला. हिन्दुओं के पुराने तरीक़े पलटे और मुसलमानों ने हिन्दू तरीक़ों को अपनाया. हिन्दू और मुसलमानी ज़ेहनों का मेल हुआ. दो अलहदा दुनियायें एक में समो गईं. एक नया तमद्दुन तैयार हुआ. इसके दुनियावी और रूहानी पहलुओं पर ध्यान दें तो इसकी यकसानियत का कुछ अन्दाज़ा हो सकता है.

ज़िन्दगी में हमारी सब से पहली ज़रूरत खाने पीने, कपड़ा पहनने और घर ठिकाने की है. इस ज़रूरत को पूरा करने ही के लिये हम खेती बाड़ी, धन्धे, दस्तकारी, बनिज-ब्यौपार करते हैं. अगर हम इस छ: सौ वर्ष की तारीख़ पर नज़र डालें जो तेरहवीं सदी से शुरू होकर उन्नीसवीं तक ख़तम होती है तो मालूम होता है कि इस ज़माने में हमारी ज़रूरतों को पूरा करने के तरीक़े हिन्दू मुसलमानों में यकसां थे. हम एक तरह से रहते थे, एक से कपड़े पहनते थे, एक से खाने खाते थे. हमारे खेल कूद, दिल्लगी, चहल पहल के सामान यकसां थे. ज़िन्दगी की मंज़िलों को एक साथ काटते थे और एक ही तरह निभाते थे. बच्चों के जनम, लड़के लड़कियों की ब्याह शादी, मरने के बाद शोक मनाने के तरीक़े मिलते जुलते थे. इस ज़माने में हिन्दू और मुसलमानों ने जो तसवीरें खींचीं, महल, मक़बरे, मन्दिर और मस्जिदें तामीर कीं, राग रागनियां अलापीं, बाजे ईजाद किये, इनमें हिन्दू मुसलमान का कोई फ़र्क़ न था. इने गिने

کرتا ہے ۔ ہندستان میں اسلام کو پھیلانے والے اتنے بادشاہ اور فوجی کماندار نہیں تھے جتنے درویش، صوفی، مست قلندر تھے جنہیں راج درباروں سے سروکار نہ تھا. یہ اللہ والے پریم کے متوالے، غریبوں بیکسوں اور دین دکھیوں کے ساتھی اور ہمدرد تھے. ان کے آپس کے برتاؤ کا اثر حاکموں پر بھی پڑا اور اِس طرح مار دھاڑ اور ڈرانے دھمکانے کی جگہ اچھے رشتے قائم ہوئے ۔ دشمنی دوستی میں بدلی ۔ ترک اپنے ساتھ اپنی سبھیتا لائے ۔ اِن کے سماج کا ڈھانچہ اور راج کا طریقہ راجپوتوں سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھا ۔ لیکن دھرموں کا فرق اور زبانیں جدا جدا تھیں ۔ اب تک جتنی قومیں ہندستان میں آئی تھیں، اِن کے مذہب کچھ اہمیت نہ رکھتے تھے ۔ اِس لئے انھوں نے ہندو مذہب اختیار کر لئے ۔ لیکن اسلام کی حیثیت اُن سے بالکل الگ تھی ۔ اِس کے اصول، پوجا پات کے طریقے، قانون، رسمیں اور رواج خاص تھے ۔ اور مسلمانوں کی زندگی پر اِن کا گہرا اثر تھا ۔ یہ آسان نہیں تھا کہ اسلام دوسرے مذہبوں میں گھل جاتا یا اُن کے دباؤ کو قبول کرتا ۔ لیکن ہندستان کی سرشتی ہی میں میل جول کا گن ہے ۔ یہ کیسے ہو سکتا تھا کہ دو تہذیبیں ہندستان میں ایک ساتھ رہیں، اور بالکل ایک دوسرے سے الگ الگ رہیں ؟ ہندو اور اسلامی تہذیب نے ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی رنگ بدلا ۔ ہندوؤں کے پرانے طریقے پلٹے اور مسلمانوں نے ہندو طریقوں کو اپنایا ۔ ہندو اور مسلمانی ذہنوں کا میل ہوا ۔ دو علیحدہ دنیائیں ایک میں سمو گئیں۔ ایک نیا تمدن تیار ہوا ۔ اِس کے دنیاوی اور روحانی پہلوؤں پر دھیان دیں تو اِس کی یکسانیت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے ۔

زندگی میں ہماری سب سے پہلی ضرورت کھانے پینے، کپڑا پہنے اور گھر ٹھکانے کی ہے ۔ اِس ضرورت کو پورا کرنے ہی کے لئے ہم کھیتی باڑی، دھندے، دستکاری، بنج بیوپار کرتے ہیں ۔ اگر ہم اِس چھ سو ورش کی تاریخ پر نظر ڈالیں جو تیرہویں صدی سے شروع ہو کر اُنیسویں تک ختم ہوتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اِس زمانے میں ہماری ضرورتوں کو پورا کرنے کے طریقے ہندو مسلمانوں میں یکساں تھے ۔ ہم ایک طرح سے رہتے تھے، ایک سے کپڑے پہنتے تھے، ایک سے کھانے کھاتے تھے ۔ ہمارے کھیل کود، دلگی، چہل پہل کے سامان یکساں تھے ۔ زندگی کی منزلوں کو ایک ساتھ کاٹتے تھے اور ایک ہی طرح نبھاتے تھے ۔ بچوں کے جنم، لڑکے لڑکیوں کی بیاہ شادی، مرنے کے بعد شوک منانے کے طریقے ملتے جلتے تھے ۔ اِس زمانے میں ہندو اور مسلمانوں نے جو تصویریں کھینچیں، محل، مقبرے، مندر اور مسجدیں تعمیر کیں، راگ راگنیاں الاپیں، باجے ایجاد کئے، اِن میں ہندو مسلمان کا کوئی فرق نہ تھا ۔ اِنے گنے

और क़बीलों की जड़ें मज़बूत. एक समाज के जन्म के लिये अभी इन्तज़ार की ज़रूरत थी.

तौभी फ़िरक़ों की कड़ियां ढीली हो चुकी थीं और मुल्क के बड़े बड़े इलाक़ों को एक ही इन्तज़ाम के सिलसिलों में गठे रहने की आदत पड़ रही थी. अमन और शान्ति का दायरा बढ़ गया था. धन दौलत और कारीगरी में अनोखी तरक़्क़ी हुई थी. ब्योपार की मंडियां और साहूकारी की साख कुल देस में ही नहीं, परदेसों में फैल रही थी. कला और साहित्य, फ़न और अदब ख़ूब चमक रहे थे. आज भी इनकी आबो ताब हमारी आंखों को चौंधियाती हैं. अजंता की तस्वीरों, एल्यूरा के मन्दिरों, सांची और सारनाथ, भरहत और अमरावती की मूर्तियों, अशोक की लाटों की कारीगरी के सामने दुनिया की कला पानी भरती है. इस ज़माने के गुनी, कलावंत और पंडित चीन से रूम और मिस्र तक अपना जवाब नहीं रखते थे. फ़लसफ़ा और अदब में इनके कारनामे सदा के लिये ज़िन्दा हैं. दर्शन, इतिहास, क़ानून, साइन्स और मज़हब के ऐसे धुरन्धर आलिम पैदा हुये, जिनका इस दिन तक इल्म की दुनिया में डंका बजता है. जब तक आदमी के दिल में अदब की क़दर है, तब तक कालिदास का नाम जीता है. हिन्दू तमद्दुन के सूरज को चढ़ने और आसमान की छत तक पहुंचने में 12 सदियां लगीं. इसकी रोशनी से हिन्दुस्तान में जगमगाहट और पड़ोस के देशों में नूर फैला. पर दुनिया का क़ायदा है कि ज्वार के बाद भाटा, बढ़ने के बाद घटने का वक़्त आता है. उतार में भी समय लगता है. 600 वर्ष तक हिन्दू सभ्यता को राजपूतों ने जीता रक्खा. लेकिन आख़िर में राजपूतों की फ़िरक़ाबंदियों ने राज की बुनियादों को खोखला कर दिया. जात पांत के भेद इतने बढ़ गये और कट्टर हो गये कि समाज में शक्ति बाक़ी नहीं रही. मतों के बखेड़ों और करमकांड के जंजाल से आदमी घबरा उठे. बौद्ध और जैन, वैश्नव, शैव और शाक्त के पुजारी एक दूसरे के बैरी हो गये. तारीख़ ने हिन्दू सभ्यता का वर्क़ उलट दिया और हिन्दुस्तान में एक नये दौर की शुरूआत हुई.

पहले तो अरबों ने सिन्ध की वादी में हिन्दू तहज़ीब की क़ूवत को आज़माया. पर अब भी इसमें जान बाक़ी थी. इसने कुछ जगह तो छोड़ी लेकिन अरबों को बहुत आगे न बढ़ने दिया. 300 वर्ष बाद अफ़ग़ानिस्तान की तरफ़ से तुर्कों के हमले शुरू हुए और बारहवीं सदी के आख़ीर तक उत्तरी हिन्दुस्तान राजपूतों के हाथों से निकल गया. नये क़बीलों, नये धर्म और नये तमद्दुन का हिन्दुस्तान में दाख़िला हुआ. राजपाट की लालच ने अमीरों और सरदारों, राजाओं और सामन्तों में लड़ाइयां कराईं. लेकिन इसे इस्लाम और हिन्दू धर्म की लड़ाई समझना बड़ी ग़लती

اور قبیلوں کی جڑیں مضبوط ۔ ایک سماج کے جنم کے لئے ابھی انتظار کی ضرورت تھی ۔

تو بھی فرقوں کی کڑیاں ڈھیلی ہو چکی تھیں اور ملک کے بڑے بڑے علاقوں کو ایک ہی انتظام کے سلسلوں میں گٹھے رہنے کی عادت پڑ رہی تھی ۔ امن اور شانتی کا دایرہ بڑھ گیا تھا ۔ دھن دولت اور کاریگری میں انوکھی ترقی ہوئی تھی ۔ بیوپار کی منڈیاں اور ساہوکاری کی ساکھ کل دیس میں ہی نہیں' پردیسوں میں پھیل رہی تھی ۔ کلا اور ساہتیہ' فن اور ادب خوب چمک رہے تھے ۔ آج بھی اُن کی آب و تاب ہماری آنکھوں کو چوندھیاتی ہیں ۔ اجنتا کی تصویروں' ایلورا کے مندروں' سانچی اور سارناتھ' بھرہت اور امراوتی کی مورتیوں' اشوک کی لاٹوں کی کاریگری کے سامنے دنیا کی کلا پانی بھرتی ہے ۔ اِس زمانے کے گنی' کلاونت اور پنڈت چین سے روم اور مصر تک اپنا جواب نہیں رکھتے تھے ۔ فلسفہ اور ادب میں اِن کے کارنامے سدا کے لئے زندہ ہیں ۔ درشن' اِتہاس' قانون' سائنس اور مذہب کے ایسے دھرندھر عالم پیدا ہوئے' جن کا اِس دن تک علم کی دنیا میں ڈنکا بجتا ہے ۔ جب تک آدمی کے دل میں ادب کی قدر ہے' تب تک کالیداس کا نام جیتا ہے ۔ ہندو تمدن کے سورج کو چڑھنے اور آسمان کی چھت تک پہنچنے میں 12 صدیاں لگیں ۔ اس کی روشنی سے ہندستان میں جگمگاہٹ اور پڑوس کے دیشوں میں نور پھیلا ۔ پر دنیا کا قاعدہ ہے کہ جوار کے بعد بھاٹا' بڑھنے کے بعد گھٹنے کا وقت آتا ہے ۔ اتار میں بھی سمے لگتا ہے ۔ 600 ورش تک ہندو سبھیتا کو راجپوتوں نے جیتا رکھا ۔ لیکن آخر میں راجپوتوں کی فرقہ بندیوں نے راج کی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیا ۔ ذات پات کے بھید اتنے بڑھ گئے اور کٹر ہوگئے کہ سماج میں شکتی باقی نہیں رہی ۔ متوں کے بکھیڑوں اور کرم کانڈ کے جنجال سے آدمی گھبرا اٹھے ۔ بودھ اور جین' ویشنو' شیو اور شاکت کے پجاری ایک دوسرے کے بیری ہوگئے ۔ تاریخ نے ہندو سبھیتا کا ورق اُلٹ دیا اور ہندستان میں ایک نئے دور کی شروعات ہوئی ۔

پہلے تو عربوں نے سندھ کی وادی میں ہندو تہذیب کی قوت کو آزمایا ۔ پر اب بھی اِس میں جان باقی تھی ۔ اِس نے کچھ جگہ تو چھوڑی لیکن عربوں کو بہت آگے نہ بڑھنے دیا ۔ 300 ورش بعد افغانستان کی طرف سے ترکوں کے حملے شروع ہوئے اور بارھویں صدی کے آخیر تک اتری ہندستان راجپوتوں کے ہاتھوں سے نکل گیا ۔ نئے قبیلوں' نئے دھرم اور نئے تمدن کا ہندستان میں داخلہ ہوا ۔ راج پاٹ کی لالچ نے امیروں اور سرداروں' راجاؤں اور سامنتوں میں لڑائیاں کرائیں ۔ لیکن اِسے اسلام اور ہندو دھرم کی لڑائی سمجھنا بڑی غلطی

अन्दर की सैर की तरफ़ झुकी थीं. सांस को रोक, ध्यान बांध, इन्द्रियों को क़ाबू में कर, कर्मों के अटल क़ानून, आवागमन के अटूट चक्कर से छुटकारा पाना, इसमें आदमी की ख़ैर समझते थे. इनकी ज़बान मुंह में क़लाबाज़ियां खाती थी, मुड़ती, तालु की छत को छूती, लहराती, अनोखी धुनें निकालती थी.

इन दोनों धारों के मिलने से जो सभ्यता पैदा हुई इसका वेदों और ब्राह्मनों में परछांवां दिखाई देता है. उसकी बुनियाद वह समाज थी, जो ज़ातों में बंटी हुई थी. उत्तरी हिन्दुस्तान में इस क़िस्म की कितनी ही समाजें थीं. हर एक का इन्तिज़ाम और राज अलग था और इनमें आपस में लाग डांट रहती थी. इन राज्यों में सूर्यवंशी और चन्द्रवंशी राजे हुकूमत करते थे. इन फ़िरक़ों में कौशलों और पौरवों का नाम सब से ज़्यादा मशहूर था. अयोध्या और हस्तिनापुर इनके तमद्दुन के गहवारे थे. राम और कृश्न, जिन्हें आज भी हम प्रेम और भक्ति के साथ याद करते हैं, इस सभ्यता के आदर्श थे. इसकी कोख से दर्शन, फ़लसफ़ा के वह जवाहिर निकले जो उपनिशदों के अमर उपदेशों में जमा हैं और जिनकी ज्योति से हमारे दिलों में रोशनी है.

हज़ार डेढ़ हज़ार वर्ष तक यह नदी बड़े जोश ख़रोश के साथ बहती रही. फिर इसकी चाल मद्धिम पड़ी, इसका निर्मल जल गन्दा होने लगा. महाभारत की भयानक लड़ाई के बाद इसकी तह घास फूस से भर गई. अब निराई की ज़रूरत हुई. वह लोग जिन्होंने इस तमद्दुन को तरक़्क़ी दी थी, पूरब और दक्खिन में फैल चुके थे. इनमें नये ख़ूनों की शुरूआत हो चुकी थी. पुरानी समाजें ज़माने की टक्करों से घिस चुकी थीं. पुराने राज मिट चुके थे. हिन्दुस्तान इन्क़लाब के लिये तैयार था. महावीर और गौतम बुद्ध ने पुरानी दुनिया को पलट दिया और उस नई दुनिया का सन्देश दिया, जिसकी ज़मीन नई और आसमान नया था. ईसा से 600 वर्ष पहले वैदिक बुनियादों पर नई सभ्यता की इमारत बननी शुरू हुई. इसके हर खंड में नये और पुराने का मेल था. इसका मसाला एशिया और योरुप से इकट्ठा हुआ. ईरान, यूनान, और रोम, चीन, तूरान और ख़ुरासान से ईंट और चूना, लकड़ी और लोहा आया. इन सब मुल्कों से आदमियों के गिरोह के गिरोह ठट के ठट हिन्दुस्तान में आये, और यहां आकर बसे. हून और शक, कुशान और बख़्तरी, जाट और गूजर सब ने यहां पनाह ली. इनसे हिन्दुस्तानी क़बीलों की खींचतान हुई जिसका फल हिन्दू तहज़ीब के रूप में दिखाई दिया. इस ज़माने में मौर्यों, सतवाहनों और गुप्तों के साम्राज क़ायम हुए. पहली मर्तबा यह कोशिश हुई कि सारे देस को एक छत्र की छाया में लाया जाय. लेकिन देस का फैलाव बहुत था और फ़िरक़ों

اندر کی سیر کی طرف جھکی تھیں، سانس کو روک، دھیان باندھ، اندریوں کو قابو میں کر، کرموں کے اٹل قانون، آوا گمن کے اٹوٹ چکر سے چھٹکارا پانا، اِس میں آدمی کی خیر سمجھتے تھے۔ اِن کی زبان منھ میں قلابازیاں کھاتی تھی، مڑتی تالو کی چھت کو چھوتی، لہراتی، انوکھی دھنیں نکالتی تھی۔

اِن دونوں دھاروں کے ملنے سے جو سبھیتا پیدا ہوئی اِس کا ویدوں اور براھمنوں میں پرچھاواں دکھائی دیتا ھے۔ اِس کی بنیاد وہ سماج تھی، جو ذاتوں میں بنٹی ہوئی تھی۔ اتری ھندستان میں اِس قسم کی کتنی ہی سماجیں تھیں۔ ہر ایک کا انتظام اور راج الگ تھا۔ اور اِن میں آپس میں لاگ ڈانٹ رھتی تھی۔ اِن راجیوں میں سوریہ ونشی اور چندرونشی راجے حکومت کرتے تھے۔ اِن فرقوں میں کوشلوں اور پورووں کا نام سب سے زیادہ مشہور تھا۔ ایودھیا اور ھستناپور اِن کے تمدن کے گہوارے تھے۔ رام اور کرشن، جنھیں آج بھی ھم پریم اور بھکتی سے یاد کرتے ھیں، اِس سبھیتا کے آدرش تھے۔ اِسکی کوکھ سے درشن، فلسفہ کے وہ جواہر نکلے جو اُپنشدوں کے امر اُپدیشوں میں جمع ھیں اور جن کی جیوتی سے ھمارے دلوں میں روشنی ھے۔

ھزار ڈیڑھ ھزار ورش تک یہ ندی بڑے جوش خروش کے ساتھ بہتی رھی۔ پھر اِسکی چال مدھم پڑی، اِسکا نرمل جل گندا ھونے لگا۔ مہا بھارت کی بھیانک لڑائی کے بعد اِس کی تہ گھاس پھوس سے بھر گئی۔ اب نرائی کی ضرورت ھوئی۔ وہ لوگ جنھوں نے اِس تمدن کو ترقی دی تھی، پورب اور دکھن میں پھیل چکے تھے۔ اِن میں نئے خونوں کی شروعات ھو چکی تھی۔ پرانی سماجیں زمانے کی ٹکروں سے گھس چکی تھیں۔ پرانے راج مٹ چکے تھے۔ ھندستان اِنقلاب کے لئے تیار تھا۔ مہاویر اور گوتم بدھ نے پرانی دنیا کو پلٹ دیا اور اس نئی دنیا کا سندیش دیا، جسکی زمین نئی اور آسمان نیا تھا۔ عیسیٰ سے 600 ورش پہلے ویدک بنیادوں پر نئی سبھیتا کی عمارت بننی شروع ھوئی۔ اِس کے ھر کھنڈ میں نئے اور پرانے کا میل تھا۔ اِس کا مصالحہ ایشیا اور یورپ سے اکٹھا ھوا۔ ایران، یونان، اور روم، چین، توران اور خراسان سے اینٹ اور چونا، لکڑی اور لوھا آیا۔ اِن سب ملکوں سے آدمیوں کے گروہ کے گروہ ٹھٹ کے ٹھٹ ھندستان میں آئے، اور یہاں آ کر بسے۔ ھن اور شک، کوشان اور بختری، جاٹ اور گوجر سب نے یہاں پناہ لی۔ اِن سے ھندستانی قبیلوں کی کھینچ تان ھوئی جس کا پھل ھندو تہذیب کے روپ میں دکھائی دیا۔ اِس زمانے میں موریوں، ستواھنوں اور گپتوں کے سامراج قائم ھوئے۔ پہلی مرتبہ یہ کوشش ھوئی کہ سارے دیس کو ایک چھتر کی چھایا میں لایا جائے۔ لیکن دیس کا پھیلاؤ بہت تھا اور فرقوں

हिन्दुस्तानी कलचर और नया समाज

डाक्टर ताराचन्द एम. ए., डी. फ़िल. (आक्सन)

हमारा देश पुरानी लकीरों को छोड़ कर नये रास्तों पर चल रहा है. यह राहें किधर जाती हैं, और हमें कहां ले जायंगी, हर एक के दिल में इसके समझने और जानने की ख़्वाहिश है. पर हम अपने देश के आने वाले रूप को इस तरह जान सकते हैं जब गये ज़माने की तब्दीलियों को जानें. हमारे जीवन का झुकाव किस तरफ़ है, हमारे समाज का कैसा संगठन बनने वाला है, और इस समाज की सभ्यता किस ढङ्ग की होगी, इस सभ्यता की भाषा का कैसा रूप रंग होगा, इसके जानने के लिये हमें गुज़रे ज़माने की जांच करनी चाहिये.

आइये हिन्दुस्तान की तारीख़ के पन्नों पर निगाह डालें. पहले सफ़े पर हम देखते हैं कि आर्य क़बीले उत्तर पच्छिम की घाटियों से इस देश में घुस रहे हैं. वह पंजाब की नदियों के किनारे बस्तियां बसाते हैं, और गङ्गा, जमुना और सरस्वती की वादियों में फैल जाते हैं. उत्तरी हिन्दुस्तान में इनकी समाजें और राज क़ायम होते हैं. आर्यों और हिन्दुस्तान के पुराने निवासियों में लड़ाइयां होती हैं. लेकिन आख़िर में आर्य, द्राविड़ और मुन्डा नस्लें एक दूसरे में घुल मिल जाती हैं और इससे हिन्दुस्तान के पहले तमद्दुन की दाग़-बेल पड़ती है.

इस तमद्दुन की ख़ूबी यह है कि इसमें सभ्यता की दो धारें इस तरह से मिल गयी हैं, जैसे गङ्गा और जमुना की नदियां. आर्यों की निगाह दुनिया के बाहरी रंग रूप पर मोहित थी—धन दौलत, दूध पूत की चाह इनकी तबीयतों को गुदगुदाती थी. यह मनचले बहादुर और लड़ाके लोग सच्चाई और निडरता को आदमी का असली जौहर मानते थे. गल्लाबानों की ज़िन्दगी बसर करते थे. दिल चौंचाल थे. हिम्मतें बढ़ी हुई थीं. यह न देवताओं से डरते थे, न आदमियों से दबते थे; हंसमुख, खुले दिल और आज़ाद थे. नाच गाने के शौक़ीन थे. देवी देवताओं के भजन और गीत बनाते और गाते थे. इनकी भाषा करारी पर लचकदार और रसीली थी. इनके ख़्याल में गहराई और दिलेरी थी.

हिन्दुस्तान के पुराने निवासी खेती का पेशा करते थे. इनके मिज़ाज में नरमी और ज़माने के थप्पड़ों को सहने की आदत थी. इस दुखभरी दुनिया से मुंह मोड़, आंखें

هندستانی کلچر اور نیا سماج

ڈاکٹر تارا چند ایم . اے .' ڈی . فل . (آکسن)

ہمارا دیش پرانی لکیروں کو چھوڑ کر نئے راستوں پر چل رہا ہے . یہ راہیں کدھر جاتی ہیں' اور ہمیں کہاں لے جائیں گی' ہر ایک کے دل میں اِس کے سمجھنے اور جاننے کی خواہش ہے . پر ہم اپنے دیش کے آنے والے روپ کو اِس طرح جان سکتے ہیں جب گئے زمانے کی تبدیلیوں کو جانیں . ہمارے جیون کا جھکاؤ کس طرف ہے' ہمارے سماج کا کیسا سنگٹھن بننے والا ہے' اور اِس سماج کی سبھیتا کس ڈھنگ کی ہوگی ' اِس سبھیتا کی بھاشا کا کیسا روپ رنگ ہوگا' اِس کے جاننے کے لئے ہمیں گذرے زمانے کی جانچ کرنی چاہئے .

آیئے ہندستان کی تاریخ کے پنوں پر نگاہ ڈالیں . پہلے صفحے پر ہم دیکھتے ہیں کہ آریہ قبیلے اتر پچھم کی گھاٹیوں سے اس دیش میں گھس رہے ہیں . وہ پنجاب کی ندیوں کے کنارے بستیاں بساتے ہیں' اور گنگا' جمنا اور سرسوتی کی وادیوں میں پھیل جاتے ہیں . اتری ہندستان میں اِن کی سماجیں اور راج قائم ہوتے ہیں . آریوں اور ہندستان کے پرانے نواسیوں میں لڑائیاں ہوتی ہیں . لیکن آخر میں آریہ' دراوڑ اور منڈا نسلیں ایک دوسرے میں گھل مل جاتی ہیں اور اس سے ہندستان کے پہلے تمدن کی داغ بیل پڑتی ہے .

اِس تمدن کی خوبی یہ ہے کہ اِس میں سبھیتا کی دو دھاریں اِس طرح سے مل گئی ہیں' جیسے گنگا اور جمنا کی ندیاں . آریوں کی نگاہ دنیا کے باہری رنگ روپ پر موہت تھی—دھن دولت' دودھ پوت کی چاہ اُن کی طبیعتوں کو گدگداتی تھی . یہ منچلے بہادر اور لڑاکے لوگ سچائی اور نڈرتا کو آدمی کا اصلی جوہر مانتے تھے . گلہ بانوں کی زندگی بسر کرتے تھے . دل چونچال تھے . ہمتیں بڑھی ہوئی تھیں . یہ نہ دیوتاؤں سے ڈرتے تھے' نہ آدمیوں سے دبتے تھے؛ ہنس مکھ' کھلے دل اور آزاد تھے . ناچ گانے کے شوقین تھے . دیوی دیوتاؤں کے بھجن اور گیت بناتے اور گاتے تھے . اِن کی بھاشا کراری پر لچک دار اور رسیلی تھی . اِن کے خیال میں گہرائی اور دلیری تھی .

ہندستان کے پرانے نواسی کھیتی کا پیشہ کرتے تھے . اِن کے مزاج میں نرمی اور زمانے کے تھپیڑوں کو سہنے کی عادت تھی . اِس دکھ بھری دنیا سے منہ موڑ' آنکھیں

है, उस बेअन्त से इन्कार का नाम ही नास्तिकता है. यही हमारी महदूद हस्ती है.

यूरोप के एक विद्वान ने कहा है कि :—

"किसी मजहब के अनोखेपन या ख़ुसूसियत को समझना हो तो उन चीजों से नहीं समझना चाहिये जो उस मजहब में दूसरे मजहबों से मिलती हुई हैं. बल्कि उस चीज से समझना चाहिये जो उन मिलती जुलती चीजों के ऊपर उस मजहब की अपनी ख़ास मुहर है." बात सच है और जाहिर है. अगर हम हर मजहब के अनोखेपन को ही समझना चाहें तो सचमुच हमें सब मजहबों को टटोलकर देखना चाहिये और मजहब मजहब के फ़र्क़ पर ही जोर देना चाहिये, एक सी बातों पर नहीं. पर क्या सचमुच हमें इसकी जरूरत है ? क्या यह अच्छा है ? क्या इससे फ़ायदा है ? क्या इससे दुनिया का भला हो सकता है ? हर आदमी का रूप रंग हर दूसरे आदमी से अलग होता है. उठना बैठना और सोचने के तरीक़े भी अलग अलग होते हैं. हर कुनबे का अपना अपना ढंग होता है—हर क़ौम का, हर क़बीले का. बहुत सी बातों में सब एक दूसरे से अलग अलग होते हैं. पर क्या इन अलग अलग बातों पर जोर देना जरूरी है और मुफ़ीद है ? क्या यह काफ़ी नहीं है कि हम इन अलग अलग फ़र्क़ों को सिर्फ़ समझ लें और गवारा कर लें ? हर आदमी की आवाज अलग होती है जिस से वह अंधेरे में भी पहचाना जा सकता है. इसलिये अगर दो आदमी एक ही बात कहें तो क्या हम उनकी आवाजों के फ़र्क़ की वजह से इस बात को मानने से इन्कार कर दें कि उन दोनों का मतलब एक ही है ? दुनिया की आजकल की हालत में क्या इसकी जरूरत नहीं है कि हम फ़र्क़ों को बिल्कुल मिटाने की कोशिश किये बग़ैर उन्हें जहां तक हो सके नर्म करने की कोशिश करें. बिल्कुल मिटाने की कोशिश करना तो क़ुदरत के भी ख़िलाफ़ होगा क्योंकि क़ुदरत के अन्दर कसरत में वहदत और अनेकता में ही एकता है. पर क्या मैं और तू, मेरा कुनबा, मेरी नस्ल, मेरा क़बीला, मेरी क़ौम और मेरे रंग के लोग, यह सब आवाजें हद से ज्यादा नहीं बढ़ चुकी हैं ? क्या अब इस बात की जरूरत नहीं है कि हम अपनी मुश्तरका इन्सानियत पर जोर दें, यह समझें कि हम सब इन्सान हैं, सब आदम की औलाद हैं ? कसरत में वहदत देखने का यही एक तरीक़ा है. इसी निगाह को जगाने और बढ़ाने से समाज, समाजी जिन्दगी, सच्चा समाजवाद और इन्सानी भाईचारा मुमकिन हो सकते हैं. सूफ़ी कहता है :—

"जिस किसी के दिल में सच्चा कुफ़्र पैदा हो गया वह फिर इस ऊपर के इस्लाम से बेजार हो गया. उसे उसकी जरूरत नहीं रही."

ہے . اس بے انت سے انکار کا نام ہی ناستکتا ہے . یہی ہماری محدود ہستی ہے .

یورپ کے ایک ودوان نے کہا ہے کہ :—

" کسی مذہب کے انوکھے پن یا خصوصیت کو سمجھنا ہو تو ان چیزوں سے نہیں سمجھنا چاہئے جو اس مذہب میں دوسرے مذہبوں سے ملتی ہوئی ہیں . بلکہ اس چیز سے سمجھنا چاہئے جو ان ملتی جلتی چیزوں کے اوپر اس مذہب کی اپنی خاص مہر ہے ." بات سچ ہے اور ظاہر ہے . اگر ہم ہر مذہب کے انوکھے پن کو ہی سمجھنا چاہیں تو سچ مچ ہمیں سب مذہبوں کو ٹٹول کر دیکھنا چاہئے اور مذہب مذہب کے فرق پر ہی زور دینا چاہئے' ایک سی باتوں پر نہیں . پر کیا سچ مچ ہمیں اس کی ضرورت ہے ؟ کیا یہ اچھا ہے ؟ کیا اس سے فائدہ ہے ؟ کیا اس سے دنیا کا بھلا ہو سکتا ہے ؟ ہر آدمی کا روپ رنگ ہر دوسرے آدمی سے الگ ہوتا ہے . اٹھنا بیٹھنا اور سوچنے کے طریقے بھی الگ الگ ہوتے ہیں . ہر کنبے کا اپنا اپنا ڈھنگ ہوتا ہے—ہر قوم کا' ہر قبیلے کا . بہت سی باتوں میں سب ایک دوسرے سے الگ الگ ہوتے ہیں . پر کیا ان الگ الگ باتوں پر زور دینا ضروری ہے اور مفید ہے ؟ کیا یہ کافی نہیں ہے کہ ہم ان الگ الگ فرقوں کو صرف سمجھ لیں اور گوارا کر لیں ؟ ہر آدمی کی آواز الگ ہوتی ہے جس سے وہ اندھیرے میں بھی پہچانا جا سکتا ہے . اس لئے اگر دو آدمی ایک ہی بات کہیں تو کیا ہم ان کی آوازوں کے فرق کی وجہ سے اس بات کو ماننے سے انکار کر دیں کہ ان دونوں کا مطلب ایک ہی ہے ؟ دنیا کی آج کل کی حالت میں کیا اس کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم فرقوں کو بالکل مٹانے کی کوشش کئے بغیر انہیں جہاں تک ہو سکے نرم کرنے کی کوشش کریں . بالکل مٹانے کی کوشش کرنا تو قدرت کے بھی خلاف ہوگا کیونکہ قدرت کے اندر کثرت میں وحدت اور انیکتا میں ہی ایکتا ہے . پر کیا میں اور تو' میرا کنبہ' میری نسل' میرا قبیلہ' میری قوم اور میرے رنگ کے لوگ' یہ سب آوازیں حد سے زیادہ نہیں بڑھ چکی ہیں ؟ کیا اب اس بات کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم اپنی مشترکہ انسانیت پر زور دیں' یہ سمجھیں کہ ہم سب انسان ہیں' سب آدم کی اولاد ہیں ؟ کثرت میں وحدت دیکھنے کا یہی ایک طریقہ ہے . اسی نگاہ کو جگانے اور بڑھانے سے سماج' سماجی زندگی' سچا سماج واد اور انسانی بھائی چارہ ممکن ہو سکتے ہیں . صوفی کہتا ہے :—

" جس کسی کے دل میں سچا کفر پیدا ہو گیا وہ پھر اس اوپر کے اسلام سے بیزار ہوگیا . اسے اس کی ضرورت نہیں رہی ."

यह फ़रेब ठीक उलटा है इस ऊंची सच्चाई का, इस बुलन्द ख्याली का कि सब सच्चाई, सब नेकी और सब सुन्दरता उसी एक आत्मा, परम आत्मा या रूहे कुल में हैं जो असल 'मैं' हूं. सचमुच यह असल "मैं" ही दुनिया को बचा सकता है. इस ऊंची घट घट व्यापी "मैं" का मजहब ही अकेला सच्चा मजहब है. लेकिन यह "मैं" और यह मजहब तो सब मजहबों के अन्दर फैला हुआ है. सब इसी से क़ायम हैं. इसी के कारन यह सब मजहब आदमी के मददगार बन सकते हैं. यही सब में सुलह कराने वाली चीज है. यही सब को बांधने वाला सुनहरा धागा है. यह न हो तो सब टुकड़े टुकड़े हो जावें. इसी को तो जगाना और जानना है. घट घट के अन्दर व्यापक आत्मा से बड़ी और कौन चीज हो सकती है. यही तो "मैं" है. यही तो "मैं" हूं. इसी के अन्दर तो सारी दुनिया है. हमारी इस छोटी ख़ुदी से ज्यादा छोटी कौन सी चीज हो सकती है जो मन दो मन हाड़ मांस तक महदूद है और बराबर जन्म, मरन, जवानी और बुढ़ापा, सेहत और बीमारी के चक्करों में फंसी रहती है. फिर भी यह छोटी सी ख़ुदी उस बेअन्त लामहदूद आत्मा को अपनी बालिश्त से नापने की कोशिश करती है! उसकी यह कोशिश भी ठीक ही तो है क्योंकि आख़िर असलियत में यह वही है.

हमारी आत्मा हमारे सब अलग अलग मजहबों से ऊपर और बड़ी है. यह इस बात से भी साबित है कि हर आदमी चाहे वह बड़ा विद्वान हो और चाहे बिल्कुल अनपढ़, जब चाहे अपनी अन्दर की आवाज पर अपना ऊपरी मजहब बदल सकता है और बदलता रहता है और उसकी जगह जिस मजहब को चाहे अख़्तयार कर सकता है. इस से जाहिर है कि उसके अन्दर कोई चीज ऐसी है जो सब अलग अलग मजहबों से ऊंची और बालातर है. एक सूफ़ी ने कहा है :—

चूं हक़ीक़त रा मुजव्वज हम तुई
ऐन हक़ ईनस्त ऐनुलहक़ तुई

यानी—चूंकि असलियत को पहचानने वाला तुही है इसलिये ऐन सच यही है कि असली सच्चाई भी तुही है.

सूफ़ी कहता है कि "उम्मुलकिताब" यानी "सब किताबों की वह मां जो अल्लाह के पास बताई जाती है आदमी की रूह ही है."

असल असलियत को समझने में यानी असल आत्मा को पहचानने में आदमी ग़लती इसलिये करता है कि उसने अपने को इस धोके में डाल रक्खा है कि वह यही मुट्ठी भर हाड़, मांस और ख़ून की पोटली है. बेअन्त यानी लामहदूद को महदूद बनाकर वह महदूद को लामहदूद बनाने की कोशिश करता है. ख़ुदा का उल्टा ही ख़ुदी यानी शैतान है. ब्रह्म से इन्कार ही जीव है. सच्चाई की घटिया नक़ल कूट

یہ فریب ٹھیک اُلٹا ہے اِس اُونچی سچائی کا، اِس بلند خیالی کا کہ سب سچائی، سب نیکی اور سب سندرتا اُسی ایک آتما، پرم آتما یا روحِ کل میں ہیں جو اصل 'میں' ہوں. سچ مچ یہ اصل "میں" ہی دنیا کو بچا سکتا ہے. اِس اُونچی گھٹ گھٹ ویاپی "میں" کا مذہب ہی اکیلا سچا مذہب ہے. لیکن یہ "میں" اور یہ مذہب تو سب مذہبوں کے اندر پھیلا ہوا ہے. سب اِسی سے قائم ہیں. اِسی کے کارن یہ سب مذہب آدمی کے مددگار بن سکتے ہیں. یہی سب میں صلح کرانے والی چیز ہے. یہی سب کو باندھنے والا سنہرا دھاگا ہے. یہ نہ ہو تو سب ٹکڑے ٹکڑے ہوجاویں. اِسی کو تو جگانا اور جاننا ہے. گھٹ گھٹ کے اندر ویاپک آتما سے بڑی اور کون چیز ہو سکتی ہے. یہی تو "میں" ہے. یہی تو "میں" ہوں. اِسی کے اندر تو ساری دنیا ہے. ہماری اُس چھوٹی خودی سے زیادہ چھوٹی کون سی چیز ہو سکتی ہے جو من دو من ہاڑ مانس تک محدود ہے اور برابر جنم، مرن، جوانی اور بڑھاپا، صحت اور بیماری کے چکروں میں پھنسی رہتی ہے. پھر بھی یہ چھوٹی سی خودی اُس بےانت لامحدود آتما کو اپنی بالشت سے ناپنے کی کوشش کرتی ہے! اُسکی یہ کوشش بھی ٹھیک ہی تو ہے کیونکہ آخر اصلیت میں یہ وہی ہے.

ہماری آتما ہمارے سب الگ الگ مذہبوں سے اوپر اور بڑی ہے. یہ اس بات سے بھی ثابت ہے کہ ہر آدمی چاہے وہ بڑا ودوان ہو اور چاہے بالکل اَن پڑھ، جب چاہے اپنی اندر کی آواز پر اپنا اوپری مذہب بدل سکتا ہے اور بدلتا رہتا ہے اور اُسکی جگہ جس مذہب کو چاہے اختیار کر سکتا ہے. اِس سے ظاہر ہے کہ اُس کے اندر کوئی چیز ایسی ہے جو سب الگ الگ مذہبوں سے اونچی اور بالاتر ہے. ایک صوفی نے کہا ہے :—

چوں حقیقت را مجوز هم توئی
عین حق اینست عین‌الحق توئی

یعنی—چونکہ اصلیت کو پہچاننے والا تو ہی ہے اِس لئے عین سچ یہی ہے کہ اصلی سچائی بھی تو ہی ہے.

صوفی کہتا ہے کہ "اُم‌الکتاب" یعنی "سب کتابوں کی وہ ماں جو اللہ کے پاس بتائی جاتی ہے آدمی کی روح ہی ہے."

اصل اصلیت کو سمجھنے میں یعنی اصل آتما کو پہچاننے میں آدمی غلطی اس لئے کرتا ہے کہ اس نے اپنے کو اس دھوکے میں ڈال رکھا ہے کہ وہ یہی مٹھی بھر ہاڑ، مانس اور خون کی پوٹلی ہے. بےانت یعنی لامحدود کو محدود بناکر وہ محدود کو لامحدود بنانے کی کوشش کرتا ہے. خدا کا اُلٹا ہی خودی یعنی شیطان ہے. برہم سے انکار ہی جیو ہے. سچائی کی گھٹیا نقل جھوٹ

सब को दबाना या मिटाना ज़रूरी है !" यह लोग इस खुली सच्चाई को भूल जाते हैं कि सबके जिस्म एक प्रकृति या माद्दे के बने हुए हैं और सब की आत्माएं या रूहें एक ही परम आत्मा या रूहे कुल से निकली हैं.

(बौद्ध मन्दिरों में रिवाज है कि पूजा के वक़्त लोग तीन तरह की 'पनाह' लेते हैं और कहते हैं:—"मैं बुद्ध की शरन (पनाह) लेता हूं, मैं धर्म की शरन लेता हूं और मैं संघ (जमाअत) की शरन लेता हूं." चीनी बौद्ध मन्दिरों में लोग यह बात अपनी तरफ़ से भी कहते हैं और जानवरों की तरफ़ से भी कहते हैं, और यह कहकर कुछ पकड़े हुए जानवरों और पंछियों को रिहा कर देते हैं. इस रस्म में साफ़ पानी और किसी दरख़्त की हरी शाख़ें काम में लाई जाती हैं.)

"रिहाई की रस्म"

"साफ़ पानी की बूंदें
"हरी शाखों से टपकती हुई
"कितनी अच्छी और ठंडी लगती हैं !
"सब सब तरह के दुखों से छुटकारा पाजाएं !
"सब ज्ञान (मारफ़त) के राजा बुद्ध की शरन में आ जाएं !"

इस संग्रह में ऐसी बहुत सी कविताएं हैं जो संस्कृत साहित्य की कविताओं से या जिनकी कहानी संस्कृत कहानियों से मिलती हुई हैं. एक कविता में रेशम का कपड़ा पहनने को भी रेशम के कीड़ों की हिंसा की वजह से बुरा कहा गया है. अहिंसा के सवाल पर भारत और चीन के विचारों की समता की दृष्टि से यह संग्रह बहुत ही अच्छा और क़ीमती है. हम चाहते हैं कि देश की हर अच्छी लाइब्रेरी में यह किताब रखी जाये.

—सुन्दरलाल

अहिंसा धर्म का तक़ाज़ा है कि हम दूसरों को अधिक से अधिक सुविधाएं प्राप्त करा देने के लिये स्वयं अधिक से अधिक असुविधाएं सहें—यहां तक कि अपनी जान भी जोखम में डाल दें.

—महात्मा गांधी

اھنسا پر چینی کویتائیں

(14)

(بودھ مندروں میں رواج ھے کہ پوجا کے وقت لوگ تین طرح کی ' پناہ ' لیتے ھیں اور کہتے ھیں : —" میں بدھ کی شرن (پناہ) لیتا ھوں، میں دھرم کی شرن لیتا ھوں اور میں سنگھ (جماعت) کی شرن لیتا ھوں ." چینی بودھ مندروں میں لوگ یہ بات اپنی طرف سے بھی کہتے ھیں اور جانوروں کی طرف سے بھی کہتے ھیں، اور اور یہ کہہ کر کچھ پکڑے ھوئے جانوروں اور پنچھیوں کو رھا کر دیتے ھیں . اِس رسم میں صاف پانی اور کسی درخت کی ھری شاخیں کام میں لائی جاتی ھیں .)

" رھائی کی رسم "

" صاف پانی کی بوندیں
" ھری شاخوں سے ٹپکتی ھوئیں
" کتنی اچھی اور ٹھنڈی لگتی ھیں !
" سب سب طرح کے دکھوں سے چھٹکارا پا جائیں !
" سب گیان (معرفت) کے راجا بدھ کی شرن میں آ جائیں !"

اِس سنگرہ میں ایسی بہت سی کویتائیں ھیں جو سنسکرت ساھتیہ کی کویتاؤں سے یا جن کی کہانی سنسکرت کہانیوں سے ملتی ھوئی ھیں . ایک کویتا میں ریشم کا کپڑا پہننے کو بھی ریشم کے کیڑوں کی ھنسا کی وجہ سے برا کہا گیا ھے. اھنسا کے سوال پر بھارت اور چین کے وچاروں کی سمتا کی درشٹی سے یہ سنگرہ بہت ھی اچھا اور قیمتی ھے . ھم چاھتے ھیں کہ دیش کی ھر اچھی لائبریری میں یہ کتاب رکھی جائے .

سندرلال

اھنسا دھرم کا تقاضا ھے کہ ھم دوسروں کو ادھک سے ادھک سویدھائیں پراپت کرا دینے کے لئے سویم ادھک سے ادھک اسویدھائیں سہیں—یہاں تک کہ اپنی جان بھی جوکھم میں ڈال دیں .

—مہاتما گاندھی

"जान हर वक़्त खतरे में है.
"क्योंकि दिल सबके चीते के दिल हैं.
"मत कहो कि दूसरों का मांस चरबीला और ताक़तवर होता है,
"कि उससे तुम्हारे बदन में ताक़त आ जायगी !
"ज़िन्दगी आनी जानी है जैसे सुबह की ओस !
"हमारे दिलों में सबके लिये दया होनी चाहिये.
"आदमियों में और जानवरों में किसी में भी चीते का दिल नहीं होना चाहिये.
"छोटे और बड़े सब जानदारों की तरफ़ अपने अन्दर अहिंसा की ऊंची भावना पैदा करो."

---

(12)

"फुसला कर भगा ले जाना"

"जिसमें जान है उसमें जीने की ख्वाहिश भी है.
"इस में आदमी और जानवरों में कोई फ़रक़ नहीं.
"किसी की जान लेना सब से बड़ा अन्याय है.
"किसी ज़िन्दा जानवर को काटना सबसे अधिक दर्दनाक है.
"किसी पंछी को पकड़ लो और अभी मारो मत
"तब भी वह सहमकर अधमरा हो जाता है.
"जब उसका गला काटा जाता है तब वह दर्द से तड़पता है.
"आदमी जब इस बात पर सोचे
"तो किसका दिल गवारा कर सकता है कि वह मांस खाए."

---

(13)

"खाना पकाने की पाक जगह और जानवरों का क़त्ल"

"ज़िन्दा ग़रीब जानवरों को सताया जाता है और काटा जाता है.
"वह फड़फड़ाते हैं, तड़पते हैं और आख़ीर सांस तक जान बचाने की कोशिश करते हैं.
"फिर उनके टुकड़े टुकड़े किये जाते हैं.
"इसके बाद उन्हें पकाया जाता है, देगची में भूना जाता है.
"आदमी केवल अपनी दावत के मज़े के लिये उन पर यह ज़ुल्म ढाता है.
"और फिर आदमी कहता है कि इसमें कोई गुनाह नहीं !
"तो फिर भगवान जाने कि गुनाह है क्या चीज़ !"

" جان هر وقت خطرے میں هے .
" کیونکه دل سب کے چیتے کے دل هیں .
" مت کہو که دوسروں کا مانس چربیلا اور طاقتور هوتا هے،
که اُس سے تمہارے بدن میں طاقت آ جائے گی !
" زندگی آنی جانی هے جیسے صبح کی اُوس !
" همارے دلوں میں سب کے لئے دیا هونی چاهئے .
" آدمیوں میں اور جانوروں میں کسی میں بھی چیتے کا دل نہیں هونا چاهئے .
" چھوٹے اور بڑے سب جانوروں کی طرف اپنے اندر اهنسا کی اونچی بھاؤنا پیدا کرو ."

---

(12)

" پھسلا کر بھگا لے جانا "

" جس میں جان هے اُس میں جینے کی خواهش بھی هے .
" اِس میں آدمی اور جانوروں میں کوئی فرق نہیں .
" کسی کی جان لینا سب سے بڑا انیائے هے .
" کسی زندہ جانور کو کاٹنا سب سے ادهک دردناک هے .
" کسی پنچھی کو پکڑ لو اور ابھی مارو مت
" تب بھی وہ سہم کر ادھ مرا هو جاتا هے .
" جب اُس کا گلا کاٹا جاتا هے تب وہ درد سے تڑپتا هے .
" آدمی جب اِس بات پر سوچے
" تو کس کا دل گوارا کر سکتا هے که وہ مانس کھائے ."

---

(13)

" کھانا پکانے کی پاک جگه اور جانوروں کا قتل "

" زندہ غریب جانوروں کو ستایا جاتا هے اور کاٹا جاتا هے .
" وہ پھڑپھڑاتے هیں، تڑپتے هیں اور آخیر سانس تک جان بچانے کی کوشش کرتے هیں .
" پھر اُن کے ٹکڑے ٹکڑے کئے جاتے هیں .
" اس کے بعد انہیں پکایا جاتا هے، دیگچی میں بھونا جاتا هے .
" آدمی کیول اپنی دعوت کے مزے کے لئے اُن پر یه ظلم ڈھاتا هے .
" اور پھر آدمی کہتا هے که اِس میں کوئی گناہ نہیں !
" تو پھر بھگوان جانے که گناہ هے کیا چیز !"

---

(9)

"लालच देकर मारना"

"वह आदमी पानी के किनारे फ़ुरसत से बैठा हुआ मछलियां फंसा रहा है.
"उसकी ख़ुशी दूसरों की जान लेने में है !
"अपने दिल में वह यह महसूस नहीं करता
"कि मैं दूसरों का गला काट रहा हूं.

---

(10)

"जानवर को काटना"

"जब किसी की उंगली पकड़ कर खौलते पानी में डबो दी जाय
"तो उसे ऐसा लगता है कि उसका सारा बदन जल रहा है.
"जब किसी के कहीं सुई चुभो दी जाय
"तो उसे ऐसा लगता है कि उसका सारा बदन टुकड़े टुकड़े हुआ जा रहा है.
"जब कोई आदमी किसी जिन्दा मछली को काटने लगता है तो वह मछली आदमी से रहम की दरख़्वास्त करती है !
"छुरी की तेज धार को देखकर मुर्गी का बच्चा सहम जाता है !
"जाहिर है उन्हें भी तकलीफ़ होती है.
"पर बेरहम इन्सान यह सब देखता है और परवाह नहीं करता !"

---

(11)

"मारने की कला"

"आदमी का सिर ऊपर को और आंखें दाएं बाएं को होती हैं.
"जानवरों की आंखें नीचे को देखती हैं और उनके बदन पीछे को होते हैं.
"आदमी बड़े बड़े हथियारों से बहादुरी के साथ लड़ाइयां लड़ता है.
"जानवर केवल अपने दांतों और पंजों से लड़ते हैं.
"अफ़सोस ! यही दुनिया है.
"जीवन में अमन आमान कहीं नहीं !
"बस्ती में चीता आ जाता है तो लोग डर के मारे भागने लगते हैं.

(9)

" لالچ دے کر مارنا "

" وہ آدمی پانی کے کنارے فرصت سے بیٹھا ہوا مچھلیاں پھنسا رہا ہے .
" اُس کی خوشی دوسروں کی جان لینے میں ہے !
" اپنے دل میں وہ یہ محسوس نہیں کرتا
" کہ میں دوسروں کا گلا کاٹ رہا ہوں ."

---

(10)

" جانور کو کاٹنا "

" جب کسی کی اُنگلی پکڑ کر کھولتے پانی میں ڈبو دی جائے
"تو اُسے ایسا لگتا ہے کہ اُس کا سارا بدن جل رہا ہے .
" جب کسی کے کہیں سوئی چبھو دی جائے
" تو اُسے ایسا لگتا ہے کہ اُس کا سارا بدن ٹکڑے ٹکڑے ہوا جا رہا ہے .
" جب کوئی آدمی کسی زندہ مچھلی کو کاٹنے لگتا ہے تو وہ مچھلی آدمی سے رحم کی درخواست کرتی ہے !
" چھری کی تیز دھار کو دیکھ کر مرغی کا بچہ سہم جاتا ہے !
" ظاہر ہے اُنھیں بھی تکلیف ہوتی ہے .
" پر بے رحم انسان یہ سب دیکھتا ہے اور پرواہ نہیں کرتا !"

---

(11)

" مارنے کی کلا "

" آدمی کا سر اوپر کو اور آنکھیں دائیں بائیں کو ہوتی ہیں.
" جانوروں کی آنکھیں نیچے کو دیکھتی ہیں اور ان کے بدن پیچھے کو ہوتے ہیں .
" آدمی بڑے بڑے ہتھیاروں سے بہادری کے ساتھ لڑائیاں لڑتا ہے .
" جانور کیول اپنے دانتوں اور پنجوں سے لڑتے ہیں .
" افسوس ! یہی دنیا ہے .
" جیون میں امن آمان کہیں نہیں !
" بستی میں چیتا آ جاتا ہے تو لوگ ڈر کے مارے بھاگنے لگتے ہیں .

(6)

"जंगों का कारन"

"हमारे दिलों में नफ़रत का समन्दर हिलोरें ले रहा है !
"हम पीढ़ी दर पीढ़ी एक दूसरे को पके हुए मांस के प्याले खाते खिलाते देखते हैं !
"अगर तुम दुनिया की जंगों का कारन जानना चाहते हो,
"तो आधी रात के वक़्त जानवर कटने की जगह जाकर उनकी दर्दनाक आवाज़ों को सुनो."

---

(7)

"क़ैदी चिड़िया"

"किसी आदमी को पकड़कर क़ैद कर दिया जाय
"तो वह दिन भर दुखी और उदास रहता है,
"तब फिर वह पंछी जिसे
"पिंजरे में बन्द कर दिया गया है
"दिन भर क्या महसूस करता होगा ?
"अगर आदमी पिंजरे के पंछी की आवाज़ों को प्रेम से और ध्यान लगाकर सुन सके,
"तो उसका दिल चूर चूर हो जावे.
"इसलिये उस पंछी को छोड़ दो और जहां वह चाहे आज़ादी के साथ उड़ने दो."

---

(8)

"सबको अपनी जान प्यारी है"

"अगर तुम बहुत दिनों जीना चाहते हो तो मेरी बात ध्यान से सुनो.
"जब भी कोई काम करो तो अच्छी तरह सोच विचार कर करो.
"अगर तुम्हें अपनी जान प्यारी है तो तुम्हें चाहिये कि दूसरों की जान की भी हिफ़ाज़त करो.
"यही एक दूसरे की तरफ़ हमारा सच्चा धर्म यानी फ़र्ज़ है.
"अगर तुम दूसरों की मुसीबत में उनके काम आओ
"तो दूसरे भी तुम्हारे काम आवेंगे."

---

(6)

"جنگوں کا کارن"

"ھمارے دلوں میں نفرت کا سمندر ھلوریں لے رھا ھے !
"ھم پیڑھی در پیڑھی ایک دوسرے کو پکے ھوئے مانس کے پیالے کھاتے کھلاتے دیکھتے ھیں
"گر تم دنیا کی جنگوں کا کارن جاننا چاھتے ھو'
"تو آدھی رات کے وقت جانور کٹنے کی جگہ جاکر اُن کی دردناک آوازوں کو سنو ."

---

(7)

" قیدی چڑیا "

" کسی آدمی کو پکڑ کر قید کر دیا جائے
" تو وہ دن بھر دکھی اور اُداس رہتا ھے'
" تب پھر وہ پنچھی جسے
" پنجرے میں بند کر دیا گیا ھے
" دن بھر کیا محسوس کرتا ھوگا ؟
" اگر آدمی پنجرے کے پنچھی کی آوازوں کو پریم سے اور دھیان لگا کر سن سکے'
" تو اس کا دل چور چور ھو جاوے .
" اِس لئے اس پنچھی کو چھوڑ دو اور جہاں وہ چاھے آزادی کے ساتھ اُڑنے دو ."

---

(8)

"سب کو اپنی جان پیاری ھے"

" اگر تم بہت دنوں جینا چاھتے ھو تو میری بات دھیان سے سنو .
" جب بھی کوئی کام کرو تو اچھی طرح سوچ وچار کر کرو .
" اگر تمھیں اپنی جان پیاری ھے تو تمھیں چاھئے کہ دوسروں کی جان کی بھی حفاظت کرو .
" یہی ایک دوسرے کی طرف ھمارا سچا دھرم یعنی فرض ھے .
" اگر تم دوسروں کی مصیبت میں اُن کے کام آؤ
" تو دوسرے بھی تمھارے کام آوینگے ."

"इन बेजबान जानवरों को अपने प्यारों से बिछड़ने का
वैसा ही दुख होता है जैसा आदमी को.
"पर आदमी को अपना रोना दिखाई देता है, उनका
नहीं दिखाई देता !"

---

(3)

"सबज़ी में ताक़त"

"मुबारक हैं वह लोग जो साग सबजी खाकर रहते हैं.
"क्योंकि उन्हें खाना भी अच्छा मिलता है और उनका
जमीर यानी अन्तर आत्मा भी गुनाह से पाक रहती है.
"बरसात के बाद की ओस जब खेतों में भर जाती है
"तरह तरह की साग सबजियां फूलती और फलती हैं,
"हम पेट भरकर खा सकते हैं.
"हैरान हूं कि लोग जानवरों का मांस क्यों खाते हैं !"

---

(4)

"चिड़ियों का शिकार"

"कौन कहता है कि जानवरों में जान दूसरी तरह की है ?
"उनकी हड्डियां, उनका मांस और उनकी खाल सब
वैसी ही हैं जैसी हमारी.
"इसलिये हमें चाहिये कि दरख्तों के ऊपर बैठी चिड़ियों
का शिकार न करें.
"उनके घोंसलों के अन्दर उनके बच्चे अपनी माओं के
लौटने का इन्तज़ार कर रहे हैं."

---

(5)

(एक आदमी एक भेड़ को काटने के लिये खींचकर ले जा रहा है. भेड़ के बच्चे जो बाड़े में बंद हैं कवि के शब्दों में मां से कुछ कहते हैं.)

"मां ! हमें छोड़कर मत जाओ."

"दुनिया में सबसे दर्दनाक चीज है
"मां का बच्चों से अलग किया जाना.
"मां बड़े दुख भरे दिल से बच्चों से अलग होती है
"और कहती है :—
"बच्चो ! मैं अब हमेशा के लिये तुम्हें छोड़कर जा रही हूं."

"ان بے زبان جانوروں کو اپنے پیاروں سے بچھڑنے کا ویسا ہی
دکھ ہوتا ہے جیسا آدمی کو .
"پر آدمی کو اپنا رونا دکھائی دیتا ہے، اُن کا نہیں دکھائی
دیتا !"

---

(3)

"سبزی میں طاقت"

"مبارک ہیں وہ لوگ جو ساگ سبزی کھاکر رہتے ہیں .
"کیونکہ اُنہیں کھانا بھی اچھا ملتا ہے اور اُن کا ضمیر یعنی
انتر آتما بھی گناہ سے پاک رہتی ہے .
"برسات کے بعد کی اُوس جب کھیتوں میں بھر جاتی ہے
"طرح طرح کی ساگ سبزیاں پھولتی اور پھلتی ہیں،
"ہم پیٹ بھرکر کھا سکتے ہیں .
"حیران ہوں کہ لوگ جانوروں کا مانس کیوں کھاتے ہیں!"

---

(4)

"چڑیوں کا شکار"

"کون کہتا ہے کہ جانوروں میں جان دوسری طرح کی ہے؟
"اُن کی ہڈیاں، اُن کا مانس اور اُن کی کھال سب ویسی
ہی ہیں جیسی ہماری .
"اِس لئے ہمیں چاہئے کہ درختوں کے اُوپر بیٹھی چڑیوں کا
شکار نہ کریں .
"اُن کے گھونسلوں کے اندر اُن کے بچے اپنی ماؤں کے لوٹنے
کا اِنتظار کررہے ہیں ."

---

(5)

(ایک آدمی ایک بھیڑ کو کاٹنے کے لئے کھینچ کر لے جا رہا ہے . بھیڑ کے بچے جو باڑے میں بند ہیں کوی کے شبدوں میں ماں سے کچھ کہتے ہیں)

"ماں ! ہمیں چھوڑکر مت جاؤ"

"دنیا میں سب سے دردناک چیز ہے
"ماں کا بچوں سے الگ کیا جانا .
"ماں بڑے دکھ بھرے دل سے بچوں سے الگ ہوتی ہے
"اور کہتی ہے :—
"بچو ! میں اب ہمیشہ کے لئے تمہیں چھوڑکر جارہی ہوں."

परहेज़ करने वाले मिलते हैं. शायद इसकी वजह यही है कि वहां आम तौर पर सब जानवरों का मांस मिला जुला रहता है और मुसलमानों को एक ख़ास जानवर के मांस से परहेज़ है.

डाक्टर रघुबीर की इस विद्वत्तापूर्ण किताब से मालूम होता है कि बौद्ध धर्म के दूसरे विचारों के साथ साथ अहिंसा का विचार यानी निरामिष भोजन या मांस से परहेज़ करने का विचार भी भारत से चीन पहुंचा और वहां के कुछ लोगों, ख़ासकर वहां के लेखकों और कवियों, पर इसका ख़ासा असर पड़ा. अब हम इस किताब की कविताओं में से नमूने के तौर पर कुछ का हिन्दुस्तानी अनुवाद नीचे देते हैं.

❀ ❀ ❀

(1)

(लोग कुछ सूअर काटने के लिये ले जा रहे हैं. उन्हें देखकर यह कविता लिखी गई है.)

"हमारे मांस का मांस"

"इन सूअरों के भी जान है.
"इन के बदन भी उन्हीं पांच तत्त्वों (पानी, मिट्टी, आग, हवा और प्रकाश) से बने हैं जिन से हमारे बदन बने हैं.
"इनके दुख और इनकी बेबसी को देखकर,
"दिल दया से पानी पानी होने लगता है.
"अपनी बेज़बान भाशा में
"यह आदमी से चिल्ला चिल्ला कर कह रहे हैं—
"दूसरे जानदारों की जान बचाओ. उन्हें मारो मत !
"आदमी अगर जानवरों का मांस न खावे
"तो आदमी आदमी में प्रेम बढ़ाने के लिये भी यह एक बहुत बड़ा क़दम होगा."

---

(2)

"दुखिया मां"

"जानरों में भी मां और बच्चों में प्रेम होता है.
"कुतिया अपने बच्चों की किस तरह हिफ़ाज़त करती है.
"गाय अपने बछड़े को कैसा चाहती है.
"मुर्गी अपने बच्चों की किस तरह देख भाल करती है.
"मछली अपने बच्चों को रात दिन ख़तरे से बचाती रहती है.
"पर आदमी केवल अपनी ज़बान के सवाद के लिये
"बच्चों को मार कर मां से और मां को मारकर बच्चों से जुदा कर देता है.

پرهیز کرنے والے ملتے هیں. شاید اِس کی وجه یهی هے که وهاں عام طور پر سب جانوروں کا مانس ملا جلا رهتا هے اور مسلمانوں کو ایک خاص جانور کے مانس سے پرهیز هے.

ڈاکٹر رگھوبیر کی اِس ودوتاپورن کتاب سے معلوم هوتا هے که بودھ دھرم کے دوسرے وچاروں کے ساتھ ساتھ اهنسا کا وچار یعنی نرامش بھوجن یا مانس سے پرهیز کرنے کا وچار بھی بھارت سے چین پهونچا اور وهاں کے کچھ لوگوں، خاص کر وهاں کے لیکھکوں اور کویوں، پر اِس کا خاصه اثر پڑا. اب هم اِس کتاب کی کویتاؤں میں سے نمونے کے طور پر کچھ کا هندستانی انوواد نیچے دیتے هیں.

❀ ❀ ❀

(1)

(لوگ کچھ سور کاٹنے کے لئے لے جارهے هیں. اُنهیں دیکھ کر یه کویتا لکھی گئی هے.)

"همارے مانس کا مانس"

"اِن سوروں کے بھی جان هے.
"اِن کے بدن بھی اُنهیں پانچ تتوں (پانی، مٹی، آگ، هوا اور پرکاش) سے بنے هیں جن سے همارے بدن بنے هیں.
"اِن کے دکھ اور اِن کی بےبسی کو دیکھ کر،
"دل دیا سے پانی پانی هونے لگتا هے.
"اپنی بے زبان بھاشا میں
"یه آدمی سے چلا چلا کر کهه رهے هیں—
"دوسرے جانداروں کی جان بچاؤ. اُنهیں مارو مت !
"آدمی اگر جانوروں کا مانس نه کھاوے
"تو آدمی آدمی میں پریم بڑھانے کے لئے بھی یه ایک بهت بڑا قدم هوگا."

---

(2)

"دکھیا ماں"

"جانوروں میں بھی ماں اور بچوں میں پریم هوتا هے.
"کتیا اپنے بچوں کی کس طرح حفاظت کرتی هے.
"گائے اپنے بچھڑے کو کیسا چاهتی هے.
"مرغی اپنے بچوں کی کس طرح دیکھ بھال کرتی هے.
"مچھلی اپنے بچوں کو رات دن خطرے سے بچاتی رهتی هے.
"پر آدمی کیول اپنی زبان کے سواد کے لئے
"بچوں کو مارکر ماں سے اور ماں کو مارکر بچوں سے جدا کردیتا هے.

"अहिंसा पर चीनी कविताएं और तसवीरें"

"اہنسا پر چینی کویتائیں اور تصویریں"

सुन्दरलाल

سندر لال

नागपुर की इन्टरनेशनल एकेडमी आफ़ इन्डियन कलचर ने "चाइनीज़ पोएम्स ऐंड पिक्चर्स आन अहिंसा" (अहिंसा पर चीनी कविताएं और तसवीरें) नाम से एक बड़े काम की और बड़ी सुन्दर किताब हाल में निकाली है. इस किताब में अहिंसा पर पचास चीनी कविताएं चीनी भाशा और सुन्दर चीनी अक्षरों में छपी हुई हैं. हर कविता के सामने वाले पन्ने पर उस कविता से सम्बन्ध रखने वाली एक तसवीर है. तसवीर भी चीनी चित्रकार की खींची हुई है. साथ साथ हर कविता का अंग्रेज़ी अनुवाद और संस्कृत अनुवाद भी दिया गया है. दोनों अनुवाद मशहूर विद्वान डाक्टर रघुवीर के किये हुए और बहुत ही अच्छे हैं. जिल्द बहुत सुन्दर है.

चीन के लोग आम तौर पर मांस खाते हैं और किसी ख़ास जानवर के मांस से भी परहेज़ नहीं करते. मांस से परहेज़ करने वाले और केवल साग सबज़ी पर गुज़ारा करने वाले लोग भी वहां हैं. ख़ासकर बौद्ध पुरोहितों और महंतों में इस तरह के लोग बहुत मिलते हैं. इनमें कुछ ऐसे भी हैं जो दूध को मांस में शुमार करते हैं और इसीलिये दूध और दूध से बनी चीज़ों से भी परहेज़ करते हैं. लेकिन इस तरह के लोगों की तादाद चीन भर में बहुत कम है. शायद हज़ारों में इक्का दुक्का होगी. हमारे देश में भी कुल मिलाकर मांस खाने वालों की तादाद न खाने वालों से बहुत ज़्यादा है. पर चीन के मुक़ाबले में हमारे देश में मांस से परहेज़ करने वालों की तादाद भी बहुत ज़्यादा है. चीन में बहुत से लोग ऐसे ज़रूर हैं जो कभी कभी मांस खाना छोड़ देते हैं या ख़ास ख़ास दिनों में मांस नहीं खाते. बहुत से लोग अपनी सालग्रह के दिन मांस नहीं खाते. बहुत से पूर्नमाशी के दिन मांस नहीं खाते. बहुत से और ख़ास ख़ास मौक़ों और त्योहारों पर नहीं खाते. शंघाई में और पीकिंग में दोनों जगह इस तरह के भोजनालय और होटल मौजूद हैं जहां मांस नहीं पकता और बिना मांस का खाना आसानी से मिल सकता है. वहां आम तौर पर जिस जानवर से देश के किसी सूबे में खेती का काम लिया जाता है उसका मांस उस सूबे में नहीं खाया जाता. इस तरह पर कहीं गाय बैल के मांस से परहेज़ किया जाता है, कहीं भैंस के मांस से और कहीं ऊंट के मांस से वग़ैरा. उस देश में यह एक अजीब बात है कि वहां बहुत से मुसलमान मर्द और औरतें निरामिष भोजी यानी मांस से

ناگپور کی انٹرنیشنل اکیڈمی آف انڈین کلچر نے "چائنیز پوئمس اینڈ پکچرس آن اہنسا" (اہنسا پر چینی کویتائیں اور تصویریں) نام سے ایک بڑے کام کی اور بڑی سندر کتاب حال میں نکالی ہے . اس کتاب میں اہنسا پر پچاس چینی کویتائیں چینی بھاشا اور سندر چینی اکشروں میں چھپی ہوئی ہیں . ہر کویتا کے سامنے والے پنے پر اس کویتا سے سمبندھ رکھنے والی ایک تصویر ہے . تصویر بھی چینی چترکار کی کھینچی ہوئی ہے. ساتھ ساتھ ہر کویتا کا انگریزی انوواد اور سنسکرت انوواد بھی دیا گیا ہے . دونوں انوواد مشہور ودوان ڈاکٹر رگھوویر کے کئے ہوئے اور بہت ہی اچھے ہیں . جلد بہت سندر ہے .

چین کے لوگ عام طور پر مانس کھاتے ہیں اور کسی خاص جانور کے مانس سے بھی پرہیز نہیں کرتے . مانس سے پرہیز کرنے والے اور کیول ساگ سبزی پر گزارہ کرنے والے لوگ بھی وہاں ہیں . خاص کر بودھ پروہتوں اور مہنتوں میں اس طرح کے لوگ بہت ملتے ہیں . ان میں کچھ ایسے بھی ہیں جو دودھ کو مانس میں شمار کرتے ہیں اور اسی لئے دودھ اور دودھ سے بنی چیزوں سے بھی پرہیز کرتے ہیں . لیکن اس طرح کے لوگوں کی تعداد چین بھر میں بہت کم ہے . شاید ہزاروں میں اکا دکا ہوگی . ہمارے دیش میں بھی کل ملاکر مانس کھانے والوں کی تعداد نہ کھانے والوں سے بہت زیادہ ہے . پر چین کے مقابلے میں ہمارے دیش میں مانس سے پرہیز کرنے والوں کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے . چین میں بہت سے لوگ ایسے ضرور ہیں جو کبھی کبھی مانس کھانا چھوڑ دیتے ہیں یا خاص خاص دنوں میں مانس نہیں کھاتے . بہت سے لوگ اپنی سالگرہ کے دن مانس نہیں کھاتے . بہت سے پورن ماشی کے دن مانس نہیں کھاتے. بہت سے اور خاص خاص موقعوں اور تیوہاروں پر نہیں کھاتے . شنگھائی میں اور پیکنگ میں دونوں جگہ اس طرح کے بھوجنالیہ اور ہوٹل موجود ہیں جہاں مانس نہیں پکتا اور بنا مانس کا کھانا آسانی سے مل سکتا ہے . وہاں عام طور پر جس جانور سے دیش کے کسی صوبے میں کھیتی کا کام لیا جاتا ہے اس کا مانس اس صوبے میں نہیں کھایا جاتا . اس طرح پر کہیں گائے بیل کے مانس سے پرہیز کیا جاتا ہے، کہیں بھینس کے مانس سے اور کہیں اونٹ کے مانس سے وغیرہ . اس دیش میں یہ ایک عجیب بات ہے کہ وہاں بہت سے مسلمان مرد اور عورتیں نرامش بھوجی یعنی مانس سے

ऊपर तेज़ सूरज तड़क रहा था और उसके माथे का पसीना चू चू कर लाल मिट्टी पर कीच के लेसड़ बना रहा था.

मैं घबराकर कटीले घेरे से बाहर निकला लेकिन भर्राई हुई आवाज़ में प्रभु ईसा के चरनों में उसकी याचना की प्रतिध्वनि बराबर मेरे कानों में गूंजती रही.

❀ ❀ ❀

अगले रविवार को सवेरे बेनब्रिज से ब्लैक्ले जाने वाली बस में मैं सवार हुआ. सुबह की ताज़ा हवा फ़र्र-फ़र्र करके मोटर बस की खिड़कियाँ चीर कर निकल जाती थी. मोटर समतल चौड़ी सड़क पर भन्नाटे के साथ दौड़ रही थी.

बस में मेरी बग़ल में ही एक दया-मूर्ति पादरी बैठे हुये थे जो अगले पड़ाव पर अपना धर्मोपदेश देने जा रहे थे.

"क्या यह सही है" मैंने उनसे पूछा "कि इन उम्दा सड़कों को निग्रो क़ैदियों की चेन-गैंगों ने बनाया है और क्या आप बता सकते हैं इन गैंगों के साथ कैसा सलूक किया जाता है ?"

उसने हैरत भरी निगाहों से मेरी तरफ़ देखा.

"मुझे सचमुच नहीं मालूम" उसने आजिजी से भरी मुस्कराहट के साथ कहा "क्योंकि मुझे यहां रहते अभी सिर्फ़ छै बरस ही तो हुये हैं !❀

❀लेख के चित्रों और सामग्री के लिये मैं श्री जे० एल० स्पाइवाक का अहसानमंद हूं—लेखक.

ईसा का सन्देश

लेखक—डाक्टर जे. सी. कुमारप्पा.

अनुवादक—सुरेश रामभाई.

इस किताब में हज़रत ईसा के सन्देश की व्याख्या ऐसे लाजवाब ढंग से की गई है कि पढ़ने वाला बड़ी आसानी से यह समझ जायगा कि ईसाई धर्म की ख़ास तालीम क्या है और हज़रत ईसा ने इनसान-इनसान की बराबरी, भाई चारे, प्रेम और अहिंसा पर कितना ज़ोर दिया है.

महात्मा गांधी ने इस किताब के बारे में कहा है कि

"हर आस्तिक से, चाहे वह ईसाई हो या किसी और धर्म का मानने वाला हो, मेरी सिफ़ारिश है कि इसे पढ़े... "

सुन्दर जिल्द, बढ़िया काग़ज़, क़रीब सवा सौ सफ़े की किताब का दाम सिर्फ़ एक रुपया.

मिलने का पता.

मैनेजर, 'नया हिन्द', 145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

اوپر تیز سورج تڑک رہا تھا اور اس کے ماتھے کا پسینہ چو چو کر لال مٹی پر کیچ کے لیسڑ بنا رہا تھا .

میں گھبرا کر کٹیلے گھیرے سے باہر نکلا لیکن بھرائی ہوئی آواز میں پربھو عیسیٰ کے چرنوں میں اس کی یاچنا کی پرتی دھونی برابر میرے کانوں میں گونجتی رہی .

❀ ❀ ❀

اگلے رویوار کو سویرے بین برج سے بلیکلے جانے والی بس میں میں سوار ہوا . صبح کی تازہ ہوا فر - فر کرکے موٹر بس کی کھڑکیاں چیر کر نکل جاتی تھی . موٹر سمتل چوڑی سڑک پر بھنناتے کے ساتھ دوڑ رہی تھی .

بس میں میری بغل میں ہی ایک دیامورتی پادری بیٹھے ہوئے تھے جو اگلے پڑاؤ پر اپنا دھرم اپدیش دینے جا رہے تھے .

" کیا یہ صحیح ہے " میں نے اُن سے پوچھا " کہ اِن عمدہ سڑکوں کو نیگرو قیدیوں کے چین گینگوں نے بنایا ہے اور کیا آپ بتا سکتے ہیں اِن گینگوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا جاتا ہے؟"

اُس نے حیرت بھری نگاہوں سے میری طرف دیکھا .

" مجھے سچ مچ نہیں معلوم " اُس نے عاجزی سے بھری مسکراہٹ کے ساتھ کہا " کیونکہ مجھے یہاں رہتے ابھی صرف چھ برس ہی تو ہوئے ہیں !"

* لیکھ کے چتروں اور سامگری کے لئے میں شری جے. ایل اسپائی واک کا احسانمند ہوں — لیکھک .

عیسیٰ کا سندیش

لیکھک — ڈاکٹر جے . سی . کمارپا.

انوادک — سریش رام بھائی.

اِس کتاب میں حضرت عیسیٰ کے سندیش کی ویاکھیا ایسے لاجواب ڈھنگ سے کی گئی ہے کہ پڑھنے والا بڑی آسانی سے یہ سمجھ جائیگا کہ عیسائی دھرم کی خاص تعلیم کیا ہے اور حضرت عیسیٰ نے انسان انسان کی برابر بھائی چارے، پریم اور اہنسا پر کتنا زور دیا ہے .

مہاتما گاندھی نے اِس کتاب کے بارے میں کہا ہے کہ

"ہر آستک سے، چاہے وہ عیسائی ہو یا کسی اور دھرم کا ماننے والا ہو، میری سفارش ہے کہ اِسے پڑھے..."

سندر جلد، بڑھیا کاغذ، قریب سوا سو صفحے کی کتاب کا دام صرف ایک روپیہ .

ملنے کا پتہ .

مینیجر، 'نیا ہند'، 145 مٹھی گنج، الہ آباد .

मैंने लड़के के पास जाकर देखा, वह आंख मूंदे धीमी आवाज़ में कह रहा था—"हे प्रभु ! देख तेरे बच्चों के साथ ये लोग किस तरह का सलूक कर रहे हैं !!"

ज़मीन से तीन इञ्च ऊपर उसकी कमर लटक रही थी. हाथ पैरों की नसें सूज गई थीं और खून का दौर रुक गया था. उसकी देह का बोझ उसकी रीढ़ की हड्डी को मानो फाड़े डाल रहा था.

पसीना धारोंधार माथे से चू रहा था और आंसुओं की बूंदें टप टप उसकी आंखों से ढुलक रही थीं.

मैंने पूछा—"कब तक आप इन्हें इस तरह 'स्टाक' में रखते हैं ?

वार्डन जे० डी० विलियम्स ने जवाब दिया—"एक वक़्त में एक घंटे से ज़्यादा नहीं. जब ये बेहोश हो जाते हैं तब हम इन्हें खोल देते हैं. जब ये होश में आकर ज़रा स्वस्थ होते हैं तो हम इन्हें फिर इसी तरह कस देते हैं."

"और इसने क़ुसूर क्या किया था ?" मैंने पूछा.

"यह खाने के लिये नखरे कर रहा था"—वार्डन ने तैश में जवाब दिया.

"क्या बेतों की सज़ा इससे ज़्यादा बारहम नहीं है ?"—मैंने पूछा. विलियम्स ने जवाब दिया—"मुझे पता नहीं ! अब जो कड़ी से कड़ी सज़ा हम दे सकते हैं वह "रैक" में इन्हें ज़रा 'तान' देते हैं."

मैं सोचने लगा यह "रैक" में "तानना" क्या बला है !

जार्जिया की पागल कर देने वाली गर्मी में सुबह से शाम तक अथक परिश्रम करने से कभी कभी ये निग्रो क़ैदी पहरेदारों के हुक्म की नुक्ताचीनी कर बैठते हैं. मेरे सामने एक इसी तरह की घटना घटी और उस 'बदतमीज़' क़ैदी के हाथों में हथकड़ी पहना दी गई और हथकड़ी में रस्सी बांध कर उसे "रैक" के खम्भे के पास लाया गया. उसे टखनों से कमर तक रस्सियों से कस कर उस खम्भे में जकड़ कर बांध दिया गया और गोरे वार्डन के हुक्म से हथकड़ी से बंधी रस्सी ख़ूब खींच तान कर सामने के दूसरे खम्भे में बांध दी गई.

क़ैदी का धड़ आगे खिंचता चला गया और उसके दोनों हाथ कस गये. वह तकलीफ़ के मारे चीख़ने लगा !

उसके दोनों फैले हुये हाथों के बीच में उसका सिर लटक गया !

उधर उसके हाथ, गर्दन और चेहरे पर पसीने की बूंदें उभर आईं और इधर मेरे सारे बदन में सिहरन दौड़ गई.

उसके हाथ मानो कंधों पर से उखड़े जा रहे थे.

बदक़िस्मत क़ैदी भर्राई आवाज़ में "लार्ड जीजज़ क्राइस्ट !" की टेर लगाने लगा.

میں نے لڑکے کے پاس جا کر دیکھا، وہ آنکھ موندے دھیمی آواز میں کہہ رہا تھا—" ہے پربھو ! دیکھ تیرے بچوں کے ساتھ یہ لوگ کس طرح کا سلوک کر رہے ہیں !!"

زمین سے تین انچ اوپر اس کی کمر لٹک رہی تھی. ہاتھ پیروں کی نسیں سوج گئی تھیں اور خون کا دور رک گیا تھا. اُس کی دیہہ کا بوجھ اُس کی ریڑھ کی ہڈی کو مانو پھاڑے ڈال رہا تھا.

پسینہ دھاروں دھار ماتھے سے چو رہا تھا اور آنسوؤں کی بوندیں ٹپ ٹپ اس کی آنکھوں سے ڈھلک رہی تھیں.

میں نے پوچھا—" کب تک آپ انھیں اس طرح 'اسٹاک' میں رکھتے ہیں ؟

وارڈن جے. ڈی. ولیمس نے جواب دیا—" ایک وقت میں ایک گھنٹہ سے زیادہ نہیں. جب یہ بےہوش ہو جاتے ہیں تب ہم انھیں کھول دیتے ہیں. جب یہ ہوش میں آکر ذرا سوستھ ہوتے ہیں تو ہم انھیں پھر اسی طرح کس دیتے ہیں."

" اور اس نے قصور کیا کیا تھا ؟ " میں نے پوچھا.

" یہ کھانے کے لئے نخرے کر رہا تھا "—وارڈن نے طیش میں جواب دیا.

" کیا بیتوں کی سزا اس سے زیادہ بارحم نہیں ہے ؟ "—میں نے پوچھا. ولیمس نے جواب دیا—"مجھے پتہ نہیں ! اب جو کڑی سے کڑی سزا ہم دے سکتے ہیں وہ ' ریک ' میں انھیں ذرا ' تان ' دیتے ہیں."

میں سوچنے لگا یہ " ریک " میں ' تاننا " کیا بلا ہے!

جارجیا کی پاگل کر دینے والی گرمی میں صبح سے شام تک اتھک پریشرم کرنے سے کبھی کبھی یہ نیگرو قیدی پہریداروں کے حکم کی نقطہ چینی کر بیٹھتے ہیں. میرے سامنے ایک اسی طرح کی گھٹنا گھٹی اور اُس ' بدتمیز ' قیدی کے ہاتھوں میں ہتھکڑی پہنا دی گئی اور ہتھکڑی میں رسی باندھ کر اُسے " ریک " کے کھمبے کے پاس لایا گیا. اُسے ٹخنوں سے کمر تک رسیوں سے کس کر اُس کھمبے میں جکڑ کر باندھ دیا گیا اور گورے وارڈن کے حکم سے ہتکڑی سے بندھی رسی خوب کھینچ تان کر سامنے کے دوسرے کھمبے میں باندھ دی گئی.

قیدی کا دھڑ آگے کھنچتا چلا گیا اور اُس کے دونوں ہاتھ کس گئے. وہ تکلیف کے مارے چیخنے لگا !

اُس کے دونوں پھیلے ہوئے ہاتھوں کے بیچ میں اُس کا سر لٹک گیا !

ادھر اُس کے ہاتھ، گردن اور چہرے پر پسینے کی بوندیں اُبھر آئیں اور ادھر میرے سارے بدن میں سہرن دوڑ گئی.

اُس کے ہاتھ مانو کندھوں پر سے اُکھڑے جا رہے تھے.

بدقسمت قیدی بھرائی آواز میں " لارڈ جیجز کرائسٹ! " کی ٹیر لگانے لگا.



निग्रो युवक के हाथ पैर बांध कर कड़ी धूप में जलती रेत पर डाल दिया गया है
نیگرو یووک کے ہاتھ پیر باندھ کر کڑی دھوپ میں جلتی ریت پر ڈال دیا گیا ہے



स्टाक की सजा दी जा रही है
سٹاک کی سزا دی جا رہی ہے



एक निग्रो बन्धु को न्यूयार्क में पेड़ पर लिंच किया गया था
ایک نیگرو بندھو کو نیویارک میں پیڑ پر لنچ کیا گیا تھا



रैक के शिकंजे में ताना जा रहा है
ریک کے شکنجے میں تانا جا رہا ہے

(4)

कई सप्ताह बाद मैं सेमिनल काउन्टी कैम्प के स्टाकेड (कटीले बाड़े) में था. गरमी से तपी हुई हवा हुमस बनकर मौसम का दम घोंट रही थी. टीन की छत और लकड़ी के तख्तों की दीवारें तेज सूरज की तपिश से तप कर बैरकों को भट्टी में तब्दील कर रही थीं. टूटी हुई जाली के भीतर भोजनालय में थक की थक मक्खियां भिनभिना रही थीं और जंग लगे कटीले बाड़ों की चहारदीवारी अपनी बारीक परछाईं लाल मिट्टी पर फेंक रही थी कि जिसके दायरे में धूप की झुलस से बचने के लिये दुर्गा चीटियों की क़तारें बिल तलाश कर रही थीं.

इसी कड़कड़ाती धूप में हाथ पैर बंधा हुआ 16-17 बरस का एक बालक क़ैदी खम्भे से जकड़ा हुआ पड़ा था. उसकी आंखें बन्द थीं और उसका सर जमीन पर इस तरह लटक गया था मानो गर्दन की हड्डी टूट गई हो.

मैंने उसके पास जाकर पूछा—"बच्चे! तुम्हें बहुत तकलीफ़ है?"

प्यास से जले होंठों को सूखी जबान से चाटकर गीला करते हुये उसने धीरे से आंखें खोलीं और फिर मींच लीं. मैंने वार्डन से पूछा—"इस लड़के ने क्या क़ुसूर किया था?"

वार्डन ने कहा—"इसने उलटकर पहरेदार की बात का जवाब दिया था. आप यक़ीन रखिये," वार्डन ने जोर देकर कहा, "जब ये लड़के बेहोश हो जाते हैं तो हम इन्हें खोल देते हैं."

मैंने पूछा—"इन लोगों को सजा देने का क्या यही तरीक़ा है?"

"नहीं, और दूसरी सजायें 'स्टाक' और 'रैक' की भी हैं," वार्डन ने इत्तला के तौर पर कहा.

मैं मन में सोचने लगा तीन सौ बरस पहले मजहबी खूंरेजियों के दिनों में यह "स्टाक" की सजा दी जाती थी. लकड़ी के फ्रेम में मुजरिम के दोनों हाथ और दोनों पैर डाल कर कस दिये जाते थे. वह उसमें लटके लटके बेहोश हो जाता था. लेकिन वेब्स्टर डिक्शनरी तक में लिखा है कि यह खौफ़नाक सजा सौ बरस पहले हमेशा के लिये बन्द हो चुकी है. पर जब बरली काउन्टी स्टाकेड में मैंने एक 19 बरस के निग्रो लड़के को "स्टाक" में लटके देखा तो मेरे अचरज का ठिकाना न रहा. तीन सौ बरस पहले कम से कम मुजरिम को एक तख्ते पर बैठाकर स्टाक में कसा जाता था. पर तीन सौ बरस बाद इस सजा में इतनी तब्दीली हुई है कि हाथ पैर कस कर नीचे से तख्ता खींच लिया जाता है और क़ैदी अधर में लटकता रहता है!

(4)

کئی سپتاہ بعد میں سیمینل کاؤنٹی کیمپ کے اسٹاکیڈ (کٹیلے باڑے) میں تھا۔ گرمی سے تپی ہوئی ہوا ہمس بنکر موسم کا دم گھونٹ رہی تھی۔ ٹین کی چھت اور لکڑی کے تختوں کی دیواریں تیز سورج کی تپش سے تپ کر بیرکوں کو بھٹی میں تبدیل کر رہی تھیں۔ ٹوٹی ہوئی جالی کے بھیتر بھوجنالیہ میں تھک کی تھک مکھیاں بھنبھنا رہی تھیں اور زنگ لگے کٹیلے باڑوں کی چہاردیواری اپنی باریک پرچھائیں لال مٹی پر پھینک رہی تھی کہ جس کے دائرے میں دھوپ کی جھلس سے بچنے کے لئے دُرگا چیونٹیوں کی قطاریں بل تلاش کر رہی تھیں۔

اِسی کڑکڑاتی دھوپ میں ہاتھ پیر بندھا ہوا 16-17 برس کا ایک بالک قیدی کھمبے سے جکڑا ہوا پڑا تھا۔ اُس کی آنکھیں بند تھیں اور اُس کا سر زمین پر اِس طرح لٹک گیا تھا مانو گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی ہو۔

میں نے اُس کے پاس جا کر پوچھا—"بچے! تمہیں بہت تکلیف ہے؟"

پیاس سے جلے ہونٹھوں کو سوکھی زبان سے چاٹ کر گیلا کرتے ہوئے اُس نے دھیرے سے آنکھیں کھولیں اور پھر میچ لیں۔ میں نے وارڈن سے پوچھا—"اس لڑکے نے کیا قصور کیا تھا؟"

وارڈن نے کہا—"اِس نے اُلٹ کر پہریدار کی بات کا جواب دیا تھا۔ آپ یقین رکھئے" وارڈن نے زور دے کر کہا "جب یہ لڑکے بیہوش ہو جاتے ہیں تو ہم اِنہیں کھول دیتے ہیں۔"

میں نے پوچھا—"ان لوگوں کو سزا دینے کا کیا یہی طریقہ ہے؟"

"نہیں، اور دوسری سزائیں 'اسٹاک' اور 'ریک' کی بھی ہیں" وارڈن نے اطلاع کے طور پر کہا۔

میں من میں سوچنے لگا تین سو برس پہلے مذہبی خونریزیوں کے دنوں میں یہ "اسٹاک" کی سزا دی جاتی تھی۔ لکڑی کے فریم میں مجرم کے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر ڈال کر کس دیے جاتے تھے۔ وہ اس میں لٹکے لٹکے بیہوش ہو جاتا تھا۔ لیکن ویبسٹر ڈکشنری تک میں لکھا ہے کہ یہ خوفناک سزا سو برس پہلے ہمیشہ کے لئے بند ہو چکی ہے۔ پر جب برلی کاؤنٹی اسٹاکیڈ میں میں نے ایک 19 برس کے نیگرو لڑکے کو "اسٹاک" میں لٹکے دیکھا تو میرے اچرج کا ٹھکانا نہ رہا۔ تین سو برس پہلے کم سے کم مجرم کو ایک تختے پر بیٹھا کر اسٹاک میں کسا جاتا تھا پر تین سو برس بعد اس سزا میں اتنی تبدیلی ہوئی ہے کہ ہاتھ پیر کس کر نیچے سے تختہ کھینچ لیا جاتا ہے اور قیدی ادھر میں لٹکتا رہتا ہے!

बस—करो ! बस—करो ! बस—करो ! या ख़ुदा !

हर "बस" पर बेलचा मिट्टी के अन्दर धंस जाता था और हर "करो" पर ठेले के भीतर पहुंच जाता था.

इन बदक़िस्मतों के इस गीत में, कि जिन्हें मौत या निजात तक झुकने और उठने की सजा मिली थी—एक ऐसी कसक और दिल को पिघला देने वाली एक ऐसी टीस थी कि जो बरबस प्रानों में घुसकर कलेजे में अटक कर रह जाती थी—

हे—प्रभू ! हे—प्रभ ! बस—करो ! हे—प्रभू !
बस—करो ! हे—प्रभू ! हे—प्रभू ! बस—करो !
जिस्म—हुआ ! चूर—चूर ! चूर—चूर ! जिस्म—हुआ !
हे—प्रभू ! बस—करो ! हे—प्रभू ! बस—करो !

वार्डन बीठले ने हंसी का ठहाका लगाकर कहा—"कम्बख़्तो ! क्या तुम लोग इससे और अधिक जल्दी जल्दी गीत नहीं दोहरा सकते ताकि काम ज्यादा हो सके ?"

× × ×

अटलान्टा के दफ़्तर में जो डाक्टरी रिपोर्टें पड़ी हुई थीं उनमें दर्ज था—

(1) क्लार्क काउन्टी कैम्प स्टाकेड का निग्रो क़ैदी बिल हैरिस 13 जून, सन 1931 को चार घंटे की बीमारी के बाद पांच बजे शाम को मिरगी के दौरे से मर गया. (मैं अचम्भे से सोच रहा था कि जलती दोपहरी मे सुबह से लेकर शाम तक बिना आराम काम करने की बीमारी का नाम ही क्या मिरगी है !!!).

(2) जार्जिया की सड़क बनाते हुये जार्ज जॉनसन नामक निग्रो क़ैदी, उम्र 27 वर्ष, ऊंचाई 5 फ़ुट 10½ इंच, वज़न 161 पौंड, 23 फ़रवरी, सन 1931 को तीन बजे सुबह तपेदिक़ से मर गया !

(3) चैथम काउन्टी चेन-गैंग का जार्ज नील, उम्र 20 वर्ष, तेजाब, तारपीन और साबुन मिलाकर पीने से मर गया ! (मैं सोचने लगा इन जंजीरी टोलियों में काम करने की बनिस्बत मौत का ख़्याल इन लोगों को कितना अच्छा लगता होगा !).

अटलांटा के दफ़्तर में क़ैदियों की मौत के ढेरों सर्टिफ़िकेट ख़ूबसूरत मोटे लिफ़ाफ़ों में लाल फ़ीतों से बंधे हुये और क़रीने से सहाये हुये रखे थे, जिनमें मिरगी, तपेदिक़, हार्टफ़ेल, लू और इसी तरह की कई बीमारियों की ख़ानापुरी से लैस, कार्डों से भी गई बीती मौत की कहानियां दर्ज पड़ी थीं ! और देश के कोनों कतरों में काले रंग की कुछ अभागी मांयें, बहनें और बीवियां रो रोकर अपनी आंखें सुजा रही थीं !

بس—کرو ! بس—کرو ! بس کرو ! یا خدا .

ہر "بس" پر بیلچہ مٹی کے اندر دھنس جاتا تھا اور ہر "کرو" پر ٹھیلے کے بھیتر پہونچ جاتا تھا .

اِن بدقسمتوں کے اِس گیت میں، کہ جنھیں موت یا نجات تک جھکنے اور اُٹھنے کی سزا ملی تھی—ایک ایسی کسک اور دل کو پگھلا دینے والی ایک ایسی ٹیس تھی کہ جو بربس پرانوں میں گھس کر کلیجے میں اٹک کر رہ جاتی تھی—

ہے—پربھو ! ہے—پربھو ! بس—کرو ! ہے—پربھو !
بس—کرو ! ہے—پربھو ! ہے—پربھو ! بس—کرو !
جسم—ہوا ! چور—چور ! چور—چور ! جسم—ہوا !
ہے—پربھو ! بس—کرو ! ہے—پربھو ! بس—کرو !

وارڈن وھیٹلے نے ہنسی کا ٹھاکا لگاکر کہا—"کمبختو ! کیا تم لوگ اِس سے اور ادھک جلدی جلدی گیت نہیں دوہرا سکتے تاکہ کام زیادہ ہوسکے؟"

× × ×

اٹلانٹا کے دفتر میں جو ڈاکٹری رپورٹیں پڑی ہوئی تھیں اُن میں درج تھا—

(1) کلارک کاؤنٹی کیمپ اسٹاکیڈ کا نیگرو قیدی بل ہیرس 13 جون، 1931 کو چار گھنٹے کی بیماری کے بعد پانچ بجے شام کو مرگی کے دورے سے مرگیا. (میں اچنبھے سے سوچ رہا تھا کہ جلتی دوپہری میں صبح سے لیکر شام تک بنا آرام کام کرنے کی بیماری کا نام ہی کیا مرگی ہے !!!).

(2) جارجیا کی سڑک بناتے ہوئے جارج جانسن نامک نیگرو قیدی، عمر 27 ورش، اونچائی 5 فٹ 10½ انچ، وزن 161 پونڈ، 23 فروری، سن 1931 کو تین بجے صبح دق سے مر گیا !

(3) چیتھم کاؤنٹی چین - گینگ کا جارج نیل، عمر 20 ورش، تیزاب، تارپین اور صابن ملا کر پینے سے مر گیا ! (میں سوچنے لگا اِن زنجیری ٹولیوں میں کام کرنے کی بہ نسبت موت کا خیال اِن لوگوں کو کتنا اچھا لگتا ہوگا !) .

اٹلانٹا کے دفتر میں قیدیوں کی موت کے ڈھیروں سرٹیفکیٹ خوبصورت موٹے لفافوں میں لال فیتوں سے بندھے ہوئے اور قرینے سے تھائے ہوئے رکھے تھے، جن میں مرگی، دق، ہارٹ فیل، لو اور اِسی طرح کی کئی بیماریوں کی خانہ پوری سے لیس، کارڈوں سے بھی گئی بیتی موت کی کہانیاں درج پڑی تھیں ! اور دیش کے کونوں کتروں میں کالے رنگ کی کچھ ابھاگی مائیں، بہنیں اور بیویاں رو رو کر اپنی آنکھیں سجا رہی تھیں !

भरी पड़ी हैं ? क्या इन काग़ज़ों में बीमारियों, चोटों और मौतों पर डाक्टरों की लम्बी लम्बी रिपोर्टें नहीं हैं ? क्या इन धूल से ढकी हुई फ़ाइलों के भीतर निराश ज़िन्दगियों की अनेक दर्दनाक कहानियां नहीं बन्द पड़ी हैं ?"

कमिश्नर ज़रा नरम होकर बोला—"हमारे पास पैसा कहां है ! सरकार हमें इतना कम पैसा देती है कि हमारे लिये सब कैम्पों की जांच पड़ताल कर सकना नामुमकिन है. हमारे दफ़्तर में क़ैदियों के पास से शिकायतें आती हैं लेकिन पैसों की कमी से हम उनकी छानबीन नहीं कर सकते !"

मैंने कहा—"मैं आपके कैम्पों को देखना चाहता हूं. क्या आप मुझे इसकी इजाज़त देंगे ?"

कमिश्नर ने मुझे अनुमति-पत्र देते हुये कहा—"आप शौक़ से जाइये पर आप को हैवानी ज़ुल्म देखने को न मिलेंगे !"

بھری پڑی ھیں؟ کیا اِن کاغذوں میں بیماریوں' چوٹوں اور موتوں پر ڈاکٹروں کی لمبی لمبی رپورٹیں نہیں ھیں؟ کیا ان دھول سے ڈھکی ھوئی فائلوں کے بھیتر نراش زندگیوں کی انیک دردناک کہانیاں نہیں بند پڑی ھیں؟"

کمشنر ذرا نرم ھوکر بولا—"ھمارے پاس پیسہ کہاں ھے! سرکار ھمیں اتنا کم پیسہ دیتی ھے کہ ھمارے لئے سب کیمپوں کی جانچ پڑتال کرسکنا ناممکن ھے. ھمارے دفتر میں قیدیوں کے پاس سے شکائتیں آتی ھیں لیکن پیسوں کی کمی سے ھم اُن کی چھان بین نہیں کرسکتے!"

میں نے کہا—"میں آپ کے کیمپوں کو دیکھنا چاھتا ھوں. کیا آپ مجھے اِس کی اِجازت دینگے؟"

کمشنر نے مجھے انومتی پتر دیتے ھوئے کہا—"آپ شوق سے جائیے پر آپ کو حیوانی ظلم دیکھنے کو نہ ملیں گے!"

(3)

इसके कई दिनों बाद मैं जार्जिया की एक सड़क दुरुस्त करते हुए एक चेन-गैङ्ग के सामने खड़ा था. इस गैंग का वार्डन कालिज का निकला हुआ सी० एच० वीठले नामक एक नौजवान था. सड़क जगह जगह से टूटी हुई थी और उसके दोनों किनारों पर लाल कंकरीली मिट्टी के बहुत से ढेर लगे हुये थे, जिसे बेलचों से ठेलों में भर कर सड़क की टूटनों में गिराया जा रहा था. सारे बेलचे एक साथ ही मिट्टी के भीतर धंसते थे और एक साथ ही उठकर ठेलों के भीतर गिरते थे. एक सुर ताल के साथ क़ैदियों की कमर झुकती थी और उठती थी. क़ैदियों में से ही एक कामदार "हे जवान !" की धुन लगा रहा था और उसी की आवाज़ पर बेलचे उठते और गिरते थे. सूरज की तेज़ किरनें उनके नंगे बदन को भेद रही थीं और कभी कभी उन्हें मुंह खोलकर सांस लेने की कोशिश करनी पड़ती थी. उनके माथे और उनकी पीठ से पसीने की धारें बह रही थीं. उनका धारीदार जांघिया गीला होकर बदन से चिपक गया था. वह झुकते और उठते थे; एक मिनिट में चौदह बार झुकते और उठते थे. मिनिट के बाद मिनिट और घन्टे के बाद घन्टे गुज़रते थे और वे उसी तरह जलती दोपहरी मे, सुबह से शाम तक झुकते और उठते थे, मिनिट में चौदह बार झुकते और उठते थे.

धूल उड़ उड़कर बादल बनकर हवा में छा रही थी और उनके नथनों, फेफड़ों और कानों में चादर की तहों की तरह लिपटी जा रही थी.

मेरे कानों में रह रहकर क़ैदियों के पुरदर्द गीत की धुन पड़ रही थी.

(3)

اِس کے کئی دنوں بعد میں جارجیا کی ایک سڑک درست کرتے ھوئے ایک چین - گینگ کے سامنے کھڑا تھا. اِس گینگ کا وارڈن کالج کا نکلا ھوا سی. ایچ. وھیٹلے نامک ایک نوجوان تھا. سڑک جگہ جگہ سے ٹوٹی ھوئی تھی اور اُس کے دونوں کناروں پر لال کنکریلی مٹی کے بہت سے ڈھیر لگے ھوئے تھے' جسے بیلچوں سے ٹھیلوں میں بھرکر سڑک کی ٹوٹنوں میں گرایا جا رھا تھا. سارے بیلچے ایک ساتھ ھی مٹی کے بھیتر دھنستے تھے اور ایک ساتھ ھی اُٹھ کر ٹھیلوں کے بھیتر گرتے تھے. ایک سر تال کے ساتھ قیدیوں کی کمر جھکتی تھی اور اُٹھتی تھی. قیدیوں میں سے ھی ایک کامدار "ھے جوان!" کی دھن لگا رھا تھا اور اسی کی آواز پر بیلچے اُٹھتے اور گرتے تھے. سورج کی تیز کرنیں اُن کے ننگے بدن کو بھید رھی تھیں اور کبھی کبھی انھیں منھ کھولکر سانس لینے کی کوشش کرنی پڑتی تھی. اُن کے ماتھے اور اُن کی پیٹھ سے پسینے کی دھاریں بہہ رھی تھیں. اُن کا دھاریدار جانگھیا گیلا ھوکر بدن سے چپک گیا تھا. وے جھکتے اور اُٹھتے تھے؛ ایک منٹ میں چودہ بار جھکتے اور اُٹھتے تھے. منٹ کے بعد منٹ اور گھنٹے کے بعد گھنٹے گزرتے تھے اور وے اُسی طرح جلتی دوپہری میں' صبح سے شام تک جھکتے اور اُٹھتے تھے' منٹ میں چودہ بار جھکتے اور اُٹھتے تھے.

دھول اُڑ اُڑ کر بادل بن کر ھوا میں چھا رھی تھی اور اُن کے نتھنوں' پھیپھڑوں اور کانوں میں چادر کی تہوں کی طرح لپٹی جا رھی تھی.

میرے کانوں میں رہ رہ کر قیدیوں کے پردرد گیت کی دھن پڑ رھی تھی.

मैं उठकर सामने के बैरक के दरवाज़े के पास आया. दरवाज़े के पास रखे हुये पेशाब के टब से उठती हुई भयङ्कर सड़ायन हवा के झोंके के साथ मेरे दिमाग़ में घुस गई. मैं हटकर बैरक के बग़ल में टहलने लगा. धारीदार जांघिया पहने हुये निग्रो क़ैदियों की एक क़तार ज़मीन पर चटाइयों पर लेटी हुई थी. फीकी रोशनी में पसीने की बूंदें रह रहकर उनकी नंगी छातियों पर चमक उठती थीं.

एक क़ैदी ने थके हुये हाथों से अपनी जांघ खुजलाई, दूसरे ने कन्धे पर काटते हुये खटमल को हथेली से मसल दिया और एक, जिसकी आंखों में नींद नहीं थी, कोहनी पर सर रखे हुये उदास आंखों से शून्य में देख रहा था.

मैंने पहरेदार से पूछा—"आखिर इन लोगों ने ऐसा क्या क़ुसूर किया है जो इस तरह ज़ंजीर में कसकर कटघरे में बन्द किये गये हैं ?"

"यह कुछ न पूछिये ! आवारागर्दी से लेकर ये लोग क़त्ल तक के मुजरिम हैं !"

तीस दिन और तीस बरस के सज़ायाफ़्तों में कोई फ़र्क़ नहीं किया गया था. एक लड़का जो मुशकिल से 17 बरस का था अपने गरम माथे को बेड़ियों के ठंडे लोहे से सेहला रहा था; उसके बग़ल में रह रहकर दमे से खोंखता हुआ एक दुबला पतला बूढ़ा पड़ा हुआ था जो पचासे को पार कर चुका था.

पहरेदार ने कहा—"यह क़ातिल है !"

(2)

अमरीका में क़ैदियों के इन कैम्पों का इन्तज़ाम स्टेट प्रिज़न कमीशन के द्वारा मुक़र्रर वार्डन करते हैं. इस कमीशन मे तीन मेम्बर होते हैं जिन्हें छै बरस के लिये जनता चुनती है. कमीशन का हैड क्वार्टर अटलान्टा शहर में है जहां बहुत सी फ़ाइलों और ख़तों के ढेर के बीच कमिश्नर विवियन ई० स्टेनली बाज़ाब्ता आफ़िस के समय बैठते हैं.

मिलने पर कहने लगे—"ये चेन-गैङ्ग (ज़ंजीरी टोलियां) अच्छी भी हैं और बुरी भी हैं. हम कोशिश कर रहे हैं कि बुरे क़ैदियों से जल्द से जल्द हमारा पिंड छूट जाये."

मैंने पूछा—"सुना है क़ैदी बहुधा जान से मार डाले जाते हैं. हैबतनाक जुल्मों के क़ुसूर में कभी कभी वार्डरों को भी बर्ख़ास्त कर दिया जाता है ?"

कमिश्नर स्टेनली ने ग़ुस्से से भरकर जवाब दिया—"आपको इन सब बातों से मतलब ? अपने क़ैदियों की देखभाल का काम हमारा है."

मैंने आजिज़ी से कहा—"लेकिन क्या आपकी इन फ़ाइलों में हैवानी ज़ुल्मों के लिये क़ैदियों की शिकायतें नहीं

میں اُٹھکر سامنے کے بیرک کے دروازے کے پاس آیا. دروازے کے پاس رکھے ہوئے پیشاب کے ٹب سے اُٹھتی ہوئی بھینکر سڑائن ہوا کے جھونکے کے ساتھ میرے دماغ میں گھس گئی. میں ہٹ کر بیرک کے بغل میں ٹہلنے لگا. دھاریدار جانگھیا پہنے ہوئے نیگرو قیدیوں کی ایک قطار زمین پر چٹائیوں پر لیٹی ہوئی تھی. پھیکی روشنی میں پسینے کی بوندیں رہ رہ کر ان کی ننگی چھاتیوں پر چمک اُٹھتی تھیں.

ایک قیدی نے تھکے ہوئے ہاتھوں سے اپنی جانگھ کھجلائی، دوسرے نے کندھے پر کاٹتے ہوئے کھٹمل کو ہتھیلی سے مسل دیا اور ایک، جس کی آنکھوں میں نیند نہیں تھی، کہنی پر سر رکھے ہوئے اُداس آنکھوں سے شونیہ میں دیکھ رہا تھا.

میں نے پہریدار سے پوچھا—"آخر اِن لوگوں نے ایسا کیا قصور کیا ہے جو اِس طرح زنجیر میں کس کر کٹگھرے میں بند کئے گئے ہیں؟"

"یہ کچھ نہ پوچھئے! آوارہ گردی سے لیکر یہ لوگ قتل تک کے مجرم ہیں!"

تیس دن اور تیس برس کے سزا یافتوں میں کوئی فرق نہیں کیا گیا تھا. ایک لڑکا جو مشکل سے 17 برس کا تھا اپنے گرم ماتھے کو بیڑیوں کے ٹھنڈے لوہے سے سہلا رہا تھا؛ اُس کے بغل میں رہ رہ کر دمہ سے کھونکھتا ہوا ایک دبلا پتلا بوڑھا پڑا ہوا تھا جو پچاسے کو پار کرچکا تھا.

پہریدار نے کہا—"یہ قاتل ہے!"

(2)

امریکہ میں قیدیوں کے اِن کیمپوں کا اِنتظام اِسٹیٹ پریزن کمیشن کے دوارا مقرر وارڈن کرتے ہیں. اِس کمیشن میں تین میمبر ہوتے ہیں جنہیں چھ برس کے لئے جنتا چنتی ہے. کمیشن کا ہیڈ کوارٹر اٹلانٹا شہر میں ہے جہاں بہت سی فائلوں اور خطوں کے ڈھیر کے بیچ کمشنر وویَن ای. اسٹینلی باضابطہ آفس کے سمے بیٹھتے ہیں.

ملنے پر کہنے لگے—"یہ چین گینگ (زنجیری ٹولیاں) اچھی بھی ہیں اور بری بھی ہیں. ہم کوشش کر رہے ہیں کہ برے قیدیوں سے جلد سے جلد ہمارا پنڈ چھوٹ جائے."

میں نے پوچھا—"سنا ہے قیدی بہودھا جان سے مار ڈالے جاتے ہیں. ہیبتناک ظلموں کے قصور میں کبھی کبھی وارڈروں کو بھی برخاست کردیا جاتا ہے؟"

کمشنر اسٹینلی نے غصے سے بھرکر جواب دیا—"آپ کو اِن سب باتوں سے مطلب؟ اپنے قیدیوں کی دیکھ بھال کا کام ہمارا ہے."

میں نے عاجزی سے کہا—"لیکن کیا آپ کی اِن فائلوں میں حیوانی ظلموں کے لئے قیدیوں کی شکایتیں نہیں

पेश करता था जब कि बौद्ध तर्क-शास्त्री क़ुरान और हदीस दोनों से इनकार करता था. इसके बाद बहस ख़ुदापरस्ती पर शुरू हो गई और बौद्ध लाजवाब होने लगा और उसने हार की शर्म से बचने के लिये, कहते हैं, एक दिन उस मुसलमान विद्वान को ज़हर देकर मरवा डाला. लेकिन इस नाख़ुशगवार वाक़ये से यह धर्म-चर्चा रुकी नहीं और उस ज़माने की किताबों में इनके ऐसे ज़िक्र मिलते हैं जिन से ज़ाहिर होता है कि हिन्दू मुसलमानों की मिली जुली धर्म-चर्चा बराबर चलती रहती थी.*

پیش کرتا تھا جب کہ بودھ ترک شاستری قرآن اور حدیث دونوں سے اِنکار کرتا تھا . اِس کے بعد بحث خدا پرستی پر شروع ہوگئی اور بودھ لاجواب ہونے لگا اور اس نے ہار کی شرم سے بچنے کے لئے' کہتے ہیں' ایک دن اُس مسلمان ودوان کو زہر دیکر مروا ڈالا . لیکن ناخوشگوار واقعہ سے یہ دھرم چرچا رکی نہیں اور اُس زمانے کی کتابوں میں اِن کے ایسے ذکر ملتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندو مسلمانوں کی ملی جلی دھرم چرچا چلتی رہتی تھی .*

चेन-गैङ्ग !

چین گینگ !

विश्वम्भरनाथ पांडे

وشومبھر ناتھ پانڈے

बारिश का चांद रह रहकर कुहासे की चादर हटाने की कोशिश कर रहा था. चांदनी ओस की बूंदों से अलसाई आंखों को धोकर कटीले तारों से घिरी हुई दुनिया की एक दर्जन बैरकों पर कभी कभी अपनी उदास निगाह डाल लेती थी !

एक बैरक के आगे लकड़ी की ख़स्ता सीढ़ियों पर बैठे हुये हम धीमे सुरों में बातें कर रहे थे. रात की ख़ामोशी जब तब बैरक के भीतर से उठते हुये ख़र्राटों से टूट जाती थी. ऐसा लगता था मानो कटघरों में बन्द जंगली जानवर गुर्रा रहे हों. बैरक की धन्नियों में लटकी हुई दो कलूटी लालटेनें अपने पज़मुर्दा चेहरों से फीकी पीली रोशनी चारों ओर फेंक रही थीं !

ख़र्राटों के कोरस को एक हल्की सी झंकार इस तरह सुर ताल में बांधने की कोशिश कर रही थी, मानो बांसों की झाड़ियों से रगड़ खाता हुआ कोई बनैला पशु जा रहा हो !

"यह क्या है ?" मैंने पूछा.

"ये मूंज की चटाइयां हैं" पहरेदार ने जवाब दिया. "जब ये लोग करवट बदलते हैं तो....आप समझे ?"

"हां", मैंने कहा, "और यह झंकार ?"

"ये उनकी बेड़ियों में पड़ी हुई ज़ंजीरें हैं."

एक मच्छर भुनभुना कर मेरी गर्दन पर बैठ गया. मैंने हथेली से उसे दबोच दिया. एक मक्खी भिनभिना कर मेरी नाक के चारों ओर घूमने लगी !

بارش کا چاند رہ رہ کر کوھاسے کی چادر ہٹانے کی کوشش کر رہا تھا. چاندنی اُوس کی بوندوں سے السائی آنکھوں کو دھوکر کٹیلے تاروں سے گھری ہوئی دنیا کی ایک درجن بیرکوں پر کبھی کبھی اپنی اُداس نگاہ ڈال لیتی تھی !

ایک بیرک کے آگے لکڑی کی خستہ سیڑھیوں پر بیٹھے ہوئے ہم دھیمے سروں میں باتیں کر رہے تھے . رات کی خاموشی جب تب بیرک کے بھیتر سے اُٹھتے ہوئے خراٹوں سے ٹوٹ جاتی تھی. ایسا لگتا تھا مانو کٹگھروں میں بند جنگلی جانور غرا رہے ہوں . بیرک کی دھنیوں میں لٹکی ہوئی دو کلوٹی لالٹینیں اپنے پژمردہ چہرے سے پھیکی پیلی روشنی چاروں اُور پھینک رہی تھیں !

خراٹوں کے کورس کو ایک ہلکی سی جھنکار اِس طرح سرتال میں باندھنے کی کوشش کر رہی تھی' مانو بانسوں کی جھاڑیوں سے رگڑ کھاتا ہوا کوئی بنیلا پشو جا رہا ہو !

"یہ کیا ہے؟" میں نے پوچھا .

"یہ مونج کی چٹائیاں ہیں" پہریدار نے جواب دیا . "جب یہ لوگ کروٹ بدلتے ہیں تو...... آپ سمجھے؟"

"ہاں" میں نے کہا' "اور یہ جھنکار؟"

"یہ اُن کی بیڑیوں میں پڑی ہوئی زنجیریں ہیں ."

ایک مچھر بھنبھناکر میری گردن پر بیٹھ گیا . میں نے ہتھیلی سے اُسے دبوچ دیا . ایک مکھی بھنبھناکر میری ناک کے چاروں اور گھومنے لگی !

---

* इस लेख के लिखने में स्व० मौलवी ज़ियाउद्दीन की अप्रकाशित पुस्तक से मदद ली गई है.—लेखक

* اس لیکھ کے لکھنے میں سورگیہ مولوی ضیاالدین کی پرکاشت پسنک سے مدد لی گئی ہے .—لیکھک

के दरबार में ज्योतिश और वैद्यक के सब से ऊंचे पदों पर हिन्दू पंडित ही मुक़र्रर थे. मुसलमानों के दिलों में हिन्दुस्तान के ज्ञान की रहस्यमय गहराई की थाह लेने की, ज्ञानी, ध्यानी और सृजनशील भारत को जानने की बेहद जिज्ञासा पैदा हुई. अरब के विद्वान ज्ञान के सच्चे उपासक थे और अनगिनत तादाद में अरब यात्री, विद्वान, मुवर्रिख़ और भौगोलिक भारत में आ आकर ज्ञान के इस अटूट भंडार से मालामाल होने लगे. हारूं-अर-रशीद के वज़ीर यहवा बरमकी ने एक विद्वान को इस बात के लिये मुक़र्रर किया कि वह हिन्दुस्तान में प्रचलित विविध धर्मों, और हिन्दुस्तान की जड़ी बूटियों के बारे में अपनी मुफ़स्सिल रिपोर्ट पेश करे. इब्न अन-नजीम का कहना है कि उसने बतारीख़ 349 हिजरी की अलकिन्दी के हाथ की लिखी हुई इस रिपोर्ट की एक कापी देखी है. इब्न अन-नजीम के मुताबिक़ इस रिपोर्ट में बल्लभराय की राजधानी महानगर के देव मन्दिरों और मुलतान और भारत के विविध धर्मों और मतमतान्तरो का भी बयान था. इब्न अन-नजीम ने पूरी किताब का ख़ुलासा भी दिया है. जिन मत मतान्तरो का इसमे बयान है उनमें से कुछ यह हैं—महाकालिया, आदित्यभक्तिया, चन्द्रभक्तिया, वक्रान्तिया (जिसके अनुयायी जंजीर पहनते थे), गंगायात्रिया, राजपुत्रिया और एक और फ़िरक़ा जिसके मानने वाले लम्बे बाल रखते थे, शराब से परहेज़ करते थे, और औरतों से बचते थे.*

हिन्दुस्तान के पश्चिमी किनारे में जगह जगह हिन्दू मुसलमानों की जिस तरह की मिली जुली आबादियां उस समय बस गई थीं और जिस तरह दोनों फ़िरके एक दूसरे मे दिलचस्पी ले रहे थे उससे साफ़ है कि दोनों एक दूसरे के धर्म की अध्यात्मिक और नैतिक गहराइयों में ग़ोता लगाने की कोशिश कर रहे थे. उनकी यह जिज्ञासा आपस के गहरे ताल्लुक़ात और मेल जोल से ही पूरी हो सकती थी.‡

उस समय के एक राजा की बाबत लिखा है कि उसने ख़लीफ़ा हारूं-अर-रशीद को ख़त लिखकर किसी ऐसे मुसलिम विद्वान को भेजने की दरख़्वास्त की जो राजा के हिन्दू पंडितों से मज़हबी बहस कर सके. इसी घटना का एक दूसरा बयान यह है कि राजा ने मुसलमान विद्वान को इसलिये बुलाया ताकि वह एक बौद्ध तर्कशास्त्री से तर्क कर सके. यह सही भी हो सकता है. बहरहाल वह मुसलिम विद्वान भारत आया, लेकिन उस बौद्ध तर्क-शास्त्री के सामने उसकी एक न चली. कई दिन तक बहस होती रही. मुसलमान तार्किक क़ुरान और हदीस को आख़री सनद कह कर

کے دربار میں جیوتش اور ویدیک کے سب سے اونچے پدوں پر ھندو پنڈت ھی مقرر تھے. مسلمانوں کے دلوں میں ھندستان کے گیان کی رھسیہ مئے گہرائی کی تھاہ لینے کی، گیانی، دھیانی اور سرجن شیل بھارت کو جاننے کی بیحد جگیاسا پیدا ھوئی. عرب کے ودوان گیان کے سچے اُپاسک تھے اور انگنت تعداد میں عرب یاتری، ودوان، مورخ اور بھوگولک بھارت میں آ آ کر گیان کے اِس اٹوٹ بھنڈار سے مالا مال ھونے لگے. ھاروں الرشید کے وزیر یحیٰی برمکی نے ایک ودوان کو اِس بات کے لئے مقرر کیا کہ وہ ھندستان میں پرچلت وودھ دھرموں، اور ھندستان کی جڑی بوٹیوں کے بارے میں اپنی مفصل رپورٹ پیش کرے. ابن النعیم کا کہنا ھے کہ اُس نے بتاریخ 349 ھجری کی الکندی کے ھاتھ کی لکھی ھوئی اِس رپورٹ کی ایک کاپی دیکھی ھے. ابن النعیم کے مطابق اِس رپورٹ میں والبھ رائے کی راجدھانی مہانگر کے دیومندروں اور ملتان اور بھارت کے وودھ دھرموں اور مت متانتروں کا بھی بیان تھا. ابن النعیم نے پوری کتاب کا خلاصہ بھی دیا ھے. جن مت متانتروں کا اِس میں بیان ھے اُن میں سے کچھ یہ ھیں—مہاکالیا، آدتیہ بھکتیا، چندر بھکتیا، وکرانتیا (جس کے انویائی زنجیر پہنتے تھے)، گنگا یاتریا، راج پتریا اور ایک اور فرقہ جس کے ماننے والے لمبے بال رکھتے تھے، شراب سے پرھیز کرتے تھے، اور عورتوں سے بچتے تھے.*

ھندستان کے پچھمی کنارے میں جگہ جگہ ھندو مسلمانوں کی جس طرح کی ملی جلی آبادیاں اُس سمئے بس گئیں تھیں اور جس طرح دونوں فرقے ایک دوسرے میں دلچسپی لے رھے تھے اُس سے صاف ھے کہ دونوں ایک دوسرے کے دھرم کی آدھیاتمک اور نیتک گہرائیوں میں غوطہ لگانے کی کوشش کر رھے تھے. اُن کی یہ جگیاسا آپس کے گہرے تعلقات اور میل جول سے ھی پوری ھوسکتی تھی.‡

اُس سمئے کے ایک راجا کی بابت لکھا ھے کہ اُس نے خلیفہ ھاروں الرشید کو خط لکھکر کسی ایسے مسلم ودوان کو بھیجنے کی درخواست کی جو راجا کے ھندو پنڈتوں سے مذھبی بحث کر سکے. اِسی گھٹنا کا ایک دوسرا بیان یہ ھے کہ راجا نے مسلمان ودوان کو اِس لئے بلایا تاکہ وہ ایک بودھ ترک شاستری سے ترک کرسکے. یہ صحیح بھی ھوسکتا ھے. بہر حال وہ مسلم ودوان بھارت آیا، لیکن اُس بودھ ترک شاستری کے سامنے اُس کی ایک نہ چلی. کئی دن تک بحث ھوتی رھی. مسلمان تارکک قرآن اور حدیث کو آخری سند کہہ کر

---

* Fibrist, pp. 355-359.

‡ अरब और हिन्द के ताल्लुक़ात. ‡ عرب اور ھند کے تعلقات.

से प्रेम करने और एक दूसरे के धर्म का ज्यादा से ज्यादा ज्ञान हासिल करने की ख्वाहिश भी बढ़ी. मिसाल के तौर पर मसूदी लिखता है—"खम्भात का राजा मुसलमानों और दूसरे मजहब वालों के साथ, जो उसके दरबार में आते थे, धार्मिक विचारों का आदान प्रदान करता था."*

इसी तरह से बुजुर्ग बिन शहरयार लिखता है कि अलौर के राजा महरुग ने, जिसका राज्य उपरले और निचले काश्मीर के बीच में था, मनसूरा के राजा को लिखा कि वह किसी ऐसे आदमी को भेजे जो हिन्दवी भाशा में इसलाम के उसूलों को उसे समझा सके. मनसूरा के शासक ने अब्दुल्ला नामी एक क़ाबिल शख्स को, जो तीन बरस तक मन्सूरा में रह चुका था, अलौर भेजा. उसने क़ुरान का हिन्दी में तर्जुमा करके रोज राजा को सुनाना शुरू किया. राजा पर उसका गहरा असर पड़ा.† इस तरह के असर पड़ने उस वक़्त क़ुदरती थे. इसके बाद मुसलिम देशों में हिन्दुओं की आमद रफ़्त शुरू हुई और दोनों के बीच के सामाजिक ताल्लुक़ात और अधिक गहरे और दिलचस्प होते गये. सुलेमान लिखता है—

"इराक़ के बन्दरगाह सैराफ़ में बहुत से हिन्दू रहते हैं और जब कोई अरब सौदागर उनकी दावत करता है तो उनकी तादाद सौ तक पहुंच जाती है. उनमें से हर शख्स का खाना अलग अलग रकाबियों में परसा जाता है क्योंकि एक ही रकाबी में कोई एक दूसरे के साथ नहीं खाता.‡ इन्हीं हिन्दुओं के मुताल्लिक़ बुजुर्ग बिन शहरयार कहता है—

"ये लोग बोल चाल की अरबी इस क़दर सफ़ाई से और धारा-प्रवाह (फ़साहत से) बोलते हैं कि हमारे आलिम फ़ाज़िल मौलवी दंग और हैरान रह जाते हैं. इन लोगों में आम तौर पर सिन्धी, गुजराती और मुलतानी हैं जो अनन्त काल से हमारे मुल्कों के साथ तिजारत करते आ रहे हैं."§

इस तिजारती सम्बन्ध से हिन्दुस्तान मुसलिम मुल्कों के गहरे ताल्लुक़ में आया और इसलामी दुनिया पर अपने ज्ञान (इल्म), विज्ञान (साइन्स), अध्यात्म और धर्म का असर डाल पाया. अरब और ईरानी सौदागर हिन्दुस्तान से तिजारती माल के साथ साथ कला और विज्ञान के खेवे भी ले जाते थे.

दूसरी तरफ़ अब्बासी खलीफ़ाओं के दरबार की मानसिक उदारता और धार्मिक मेल जोल से खिंचकर हिन्दू पंडित बड़ी तादाद में बग़दाद में इकट्ठा होने लगे. खलीफ़ा

سے پریم کرنے اور ایک دوسرے کے دھرم کا زیادہ سے زیادہ گیان حاصل کرنے کی خواہش بھی بڑھی۔ مثال کے طور پر مسعودی لکھتا ہے—"کھمبات کا راجا مسلمانوں اور دوسرے مذہب والوں کے ساتھ، جو اُس کے دربار میں آتے تھے، دھارمک وچاروں کا آدان پردان کرتا تھا۔"*

